حکومت پاکستان سے منظور شدہ

طبی فارماکوپیا (یونانی)

جلد اول

حکیم رضوان حفیظ ملک

ستارہ امتیاز، تمغہ امتیاز

چیئرمین فارماکوپیا کمیٹی

ایڈمنسٹریٹر نیشنل کونسل فار طب

نیشنل کونسل فار طب۔ اسلام آباد۔ پاکستان

کثیر الاستعمال ادویات

الف

- ارنڈ
- انب ہلدی
- افسنتین
- اقاقیا
- انار
- اندرجو
- اسطوخودوس
- ایسڈ کاربالک
- انجیر
- ابقر
- انیسون
- ایفیڈرین (سوماکلپہ)
- اتیس
- اپی کاک
- اسپغول
- اجوائن دیسی
- اجوائن خراسانی

- افتیمون ولایتی
- اسگند
- املی
- آلوبخارہ
- اصل الیاسمین
- آک
- اننت مول
- اذخر
- اثمد
- اصل السوس
- ابریشم مقرض
- آبنوس
- آش جو
- اُرڈ
- آم
- آملہ
- آہن

- آلو
- ادرک
- آملج
- آب لیموں
- آبکامہ
- ابہل
- اترج
- اسقند
- اسگند ناگوری
- اشخار
- اشق
- اشنہ
- اصل الکبر
- اظفار الطیب
- افشردہ شکر
- اقلیمیائے طلاء
- اکاس بیل
- اگرترکی
- الائچی خورد
- الائچی کلاں

- اکلیل الملک
- اگر
- السی
- انجبار
- انگبین
- اجمود
- اذاراقی
- اکھتی اول
- اگاراگار
- اولیو آئل
- اودری
- ایسڈ لیکٹک
- ارہر سیاہ
- اسپغول مسلم
- اسپند

اقاقیامغ دں
املتاس
اندرجوشیریں
آرومنڈوا
آروباجرہ
آرونخود
آلوچہ
آروخرما
آب نیشکر
آب لیموں کاغذی
آب گذر
آب کدودراز
اسپغول سیاہ
استخوان بُز
اونٹ کٹارا
انگور
انگوزہ
اشنہ
انناس
ایرسا
انزروت
ایلوا
الماس

امرلتہ
امرود
اناردانہ
ان بجھا چونا
اناس پھل
انجدان
انجیردشتی
اندرائن
انڈا
انڈے کا چھلکا
اسپت
اقلیمیائے فضہ
ام مغیلان اٹنگن
اٹنگن
اسفنج
اشترمول
اخروٹ
اڑوسہ
ارگوٹین

ب

باقلہ
بابونہ
بادآورد
بادام تلخ
بادرنجبویہ
بادنجان
بادیان خطائی
بارتنگ سبز
بارہ سنگھا
باسوم
بوزیدان
بلخ
بسلوچن
بزرکتاں
بزرقطونہ
بن تلسی
بلوط
بلادر
بقلہ الحمقاء
بصل
بُسد
بزرشبت
بڑ

بانجی
باجرہ
بادام شیریں
بادرنج
بارتنگ
بادیان
بیخ بادیان
بادنجان دشتی
ببول
باقلائے ہندی
بندق ہندی
بنفشہ
بسباسہ
بزرالبنج
بزرالخشخاش
بلیلہ
بلی لوٹن
بکائن
بقلہ الابصار
بسکھپرا
بیل کلاں
برھل
برہمی

بہروزہ
برنج کابلی
برم ڈنڈی
برگ گسوندی
بید مشک
بانسہ
بالچھڑ
بارہ سنگھا
بارانی قند
بہوپھل
بوٹی فرید
بورۂ ارمنی
بھٹ کٹائی
بھلاواں
بہمن سرخ
بہمن سفید
بھنگرہ
بھوپھلی
بہی
بہی دانہ
بہیڑہ
بجہند
بیخ بنفشہ
بیخ کاسنی
بیخ کبر

برنج
برنجاسف
برگد
برگ مورد
بانس
بالنگو
بالنگوے خورد
بارتنگ
بنولہ
بھنگ
بورق
بوزیدان
برگ لفاح
بسمتھ
بلسان
بھنڈی
بید سادہ
برگ شبت
بط
بالائی
بھنگرہ
بنسلوچن
بیخ دارفلفل
باؤ کھنمبا
بیخ مرجان

بیدانجیر
بسفائج
ببول
بیری
بیش
بیضہ
بیش ناک
بینگن
باؤبڑنگ
برادۂ صندلین
بیخ ککڑی
بوزیدان ولایتی

پ

پارہ
پاہ گجراتی
پھٹکوی
پرسیاؤشان
پلاس پاپڑا
پنبہ دانہ
پنیر مایہ
پنیر
پوست ترنج
پوست بیضہ مرغ

پیپ سیین
پیلوڈرین
پائے حلام
پوکھر مول
پیارنگا
پرول
پالک

پوست ...ن
پوست بیخ کبر
پودینہ کوہی
پودینہ خشک
پوست انار
پیاز دیسی
پیاز انگا
پھلی ببول
پوست ہلیلہ زرد
پیخال کبوتر
پیہ مرغ
پیہ شیر
پوست اندرون بیضہ مُرغ

پپیتہ
پوکھر مول
پوست املتاس
پیٹھہ
پیاز دشتی
پرول
پوست سنگدانہ مُرغ
پوست ہلیلہ کابلی
پیہ سانڈا
پیہ شیر
پیپر منٹ واٹر

ت

تال مکھانہ
تج قلمی
تخم اسپت
تخم اسپند
تخم اوٹنگن
تخم بارتنگ ولایتی
تخم باقلا مقشر
تخم بالنگو

تخم سنبھالو
تخم فرنجمشک
تخم لیموں
تخم ہلیون
تربد مجوف
ترنجبین خراسانی
تمر ہندی مقشر
تخم بھوا

تخم پالک
تخم پنواڑ
تخم پیاز
تخم کتاں
تخم تُرب
تخم ترہ تیزک
تخم حماض
تخم کنوچہ
تخم کرفس
تخم کریلا
تخم کاہو
تخم کاسنی
تخم قرطم
تخم شبت
تخم شاہترہ
تخم خیارین
تخم دھتورہ
تخم خطمی
تخم خربزہ
تخم خباری
تخم حنظل
تخم حنا
تخم جرجیر

تھائی مول
تمریخ کافور
تمریخ تارپین
تُرب
تربوز
ترمس
تخم چقندر

ٹ

ٹاٹ سوختہ
ٹنکچر آف ایکونائٹ
ٹنکچر کونین ایمونی ایٹا
ٹنکچر آف مرہ
ٹنکچر زنجیرس

جومقشر
جوہی
جوہر درمنہ
جوہر سیکراں
جیلے ٹمن
جوہر ایلوا

جوار
جوز ہندی
جھینگا
جھاؤ
جوز ماثل
جنشن وائلٹ

ث

ثعلب مصری
ثافیا

ج

جاکفل
جلاپا
جنجر
جواکھار
جوہر لفاح
جیلپ
جاؤشیر
جدوار شیریں
جند بیدستر
جنطیانہ رومی

جست
جمال گوٹہ
جوزبوا
جوہر پودینہ
جوہر پپیتہ
جاوتری
جدوار تلخ
جست محرق
جند بیدستر سیاہ
جامن

چ

چاک کیچر
چال موگرا آئل
چندن کا تیل
چرائتہ
چینی
چائنہ کافور
چھوٹی چندن
چوب چینی
چنا
چقندر
چائے
چھوہارا

چنا گوند
چوب بلساں
چھڑیلہ
چلغوزہ
چھالیہ
چونا
چکور
چولائی
چوہیا
چاکسو
چرونجی

ح

حاشا
حب الملوک

حب العلیل	حب ریوند مرکب	حبہ	حماحق
حشیش	حمص الحلیک	خراطین مصفی	خربق سفید
حب الآس	حب الخضراء	خلاصہ جگر سیال	خلاصہ سورنجان تلخ
حب الصنوبر	حب القلت	خربزہ شیریں	خردل
حب المحلب	حب ایارج	خس	خس ہندی
حب بلسان	حب قلقل	خستہ انبہ	خشخاش سفید وسیاہ
حب کاکنج	حجر الیہود	خیار سبز	خولنجان
حسن یوسف	حلبہ	خوبانی	خرمہرہ
حلتیت خالص	حلوہ جوزی	خرفہ کا ساگ	خمر
حلوہ زعفرانی	حلوہ گذر	خستہ آم	خیار وشتی
حلوہ میدہ	حوت	خروع	خرنوب نبطی
حفض مکی	حلام	خیارزہ	خبازی
حناء	حبۃ الخضراء	خراطین	خرگوش
حب الغار	حب السلاطین	خلاصہ غدہ نخامیہ مقدم	خلاصہ غدہ نخامیہ مؤخر
حب السفرجل	حجر الدم	خالق الذئب	خلاصہ غدہ درقیہ
حب الزلم	حجر الاعرابی	خلاصہ خصیہ مرد	خیارین
حب السمنہ	حماض	خطمی	خرما

خ

خارخسک خورد	خرفہ سیاہ
خارخسک کلاں	خارشتر
خاکسی	خربق
خاکسی مدبر	خبث الحدید مدبر

د

دار فلفل	دار ہلد
دار چینی	دار چکنہ
درمنہ ترکی	دم الاخوین
دودھ	دوقو
دھتورہ	دہی
دھنیا	دودھی

دردنج عقربی
دارچوب
دانہ ہیل
دھاسہ
ذاریج
ذباب
ڈھاک
ڈایورین
ڈنڈی کچنال
ڈودس پاؤڈر
رال سفید
رب السوس ولایتی
رتن جوت
رسکپور
رسوت زرد
رصاص محرق

دندان فیل
دیمک
دال ماش
دھایا

ذ

ذہب

ڈ

ڈھیلا
ڈنڈی ہارسنگھار
ڈامیانہ

ر

روغن بلسان
رائی
رازیانج
رصاص ابیض
رصاص اسود
روماں

ردا
ریٹھہ
ریش برگد
ریش نارجیل
ریگ گلخن
ریوند چینی
روغن آملہ
روغن بابونہ
روغن بادام تلخ
روغن بادام شیریں
روغن بلسان
روغن بنفشہ
روغن بیدانجیر
روغن تخم کتاں
روغن تلخ
روغن چنبیلی
روغن خشخاش
روغن دارچینی
روغن زیتون
روغن سرسوں
روغن کافور
روغن کنجد سفید
روغن گاؤ
روغن مصطگی
روغن کدو

روپا مکھی
رودنتی
ریشہ خطمی
روغن یاسمین
روغن کباب چینی
روغن صندل
روغن شبت
راؤلفیا
روبرب
روغن جمال
ریحاں
رس بھری
راتیانج
رانگہ
رسوت
روغن زرد
روغن قرنفل
روغن کتاں
روغن گل
روغن مالکنگنی
روغن موم
روغن نارجیل

ز

زاج
زب الجر
زراوند مدحرج
زردچوب
زرنب
زنجبیل
زرنیخ طبقی
زعفران
زقوم
زمین قند
زوفا
زیرہ خشک
زیبق
زردی بیضہ مرغ
زنجی بیری
زہر مہرہ خطائی
زغن

زاج اصفر
زبیب
زراوند طویل
زرشک
زرنباد
زرنیخ احمر
زرورد
زفت رومی
زمرد
زنجبار
زہر مہرہ
زیرہ دشتی
زبرجد
زیرہ سیاہ
زنگ اور اس کے مرکبات
زنگار
زیتون

س

ساذج ہندی
ساگوان
سرپسنی

سابودانہ
سرپنیا
سانپ

سونٹھ
سبوس اسپغول
سپستان
ست پودینہ
ستیاناسی
سحاب الخیر
سرخس
سرش
سرشف
سرکہ
سرد
سریش
سریشم ماہی
سفرجل
سفیدہ کاشغری
سنگ سرماہی
سداب
سقنقور
سکھ درشن
سلارس
سلیخہ
سماق
سمک السمک
سمندر جھاگ
سنبھالو

سبوس گندم
سپاری
ستاور
ست گلو
سجی
سدا سہاگن
سرپھوکہ
سرسوں
سرطان نہری
سرمہ
سروالی
سریش پھلی
سعد کوفی
سفیداب
سقمونیا
سنگ یشب
سنگھار بوٹی
سکر
سلاجیت
سلطان الاشجار
سم الفار
سمک
سمندر پھل
سناء
سنبھالو کے بیج

سلجیونی
سندوری
سرپھوکہ
سنگ جراحت
سنگ سماق
سنگ دانہ مُرغ
سنگ مرمر
سنگ یہود
سورج مکھی
سورنجان شیریں
سوسن
سونا مکھی
سونچل نمک
سہانجنہ
سیب
سیم
سیندور
سمندر سوکھ
سوم کلپا
سنکونا
سلفون
ست اجوائن
سیاہ دانہ

سندروس
سنگھ
سنگ بصری
سنگ جمو والی
سنگ دانہ
سنگ سرماہی
سینگ گاؤ
سنگھاڑہ
سورنجان
سوسمار
سونا
سونف
سہاگہ
سنبل
سیماب
سیندھا نمک
سیم تر
سقمونیا
سیسہ
سٹرکنین
سلفر
سپرٹ کیمفر

سوڈیم بائی کارب
سوڈیم سیلی سیلاس
سوڈیم کلورائیڈ
سیندور
سنگ راسخ
سرطان نہری
سیم
سنبھل
سلفر

سٹارچ
سیکران
سہاگہ چوکیہ
سام ابرص
سانڈا
سوسن
سنگھاڑا
سداب

ش

شحم حنظل
شیر خشت
شہد
شقاقل مصری
شکر لبنی
شربت کوڈین
شربت نارنج
شیر خاص
شیاف مامیثا
شیر آملہ

شنجرف
شکر تیغال
شونیز
سلیم
شیاف گلیسرین
شربت آہن کونین وکچلہ
شیطرج ہندی
شہتوت
شیر آکھ
شیر گیاہ

شیشم
شاخ گوزن
شاخ مرجان
شادنج عدسی
شاہ بلوط
شاہ پسند
شیطرج
شبت
شب یمانی
شترمرغ
شحم
شفتالو
شقاقل ہندی
شکاعی
شکر تیغال
شکر سفید
شلغم
شلغم کے بیج
شاہترہ
شنگرف
شوکت البیضہ
شوکراں

ص

صابن ولایتی و دیسی
صبر
صبر سقوطری
صدف
صعتر
صعتر فارسی
صمغ پلاس
صمغ عربی
صمغ بطم
صندل ابیض
صندل سرخ
صندل کا تیل
صنوبر
صمغ ڈھاک

ض

ضفدع

ع

عاقرقرحا
عدس
عذبہ
عرعر
عروس احمر
عرق الخیال
عرق لیموں
عسل
عسل بلادر
عشبہ
عشق پیچہ
عصارہ مہک
عصارہ ببول
عصارہ ریوند
عصارہ مامیثا
عصی الراعی
عقرب
عقیق
علق
علق اعظم
عناب
عنب
عنب الثعلب
عنبر
عنبر بید
عنصل البصل
عود
عود البرق
عود الحیہ
عود بلسان
عود صلیب
عین الدیک
عنکبوت
عنبر شہب
عقیق یمنی
عسل مصفیٰ
عشبہ مغربی
عود غرقی
عصارہ ازاراقی

غ

غار — غاریقون
غافث — غری السمک
غوک — غورہ خرما
غسول اقلیما

ف

فیری ایٹ امونیا سائٹراس — فیرم
فادانیا — فادزہر
فالسہ — فان
فراش — فرفیون
فرنجمشک — فضہ
فلفل احمر — فلفل اسود
فلفل دراز — فلفل سیاہ
فلفل السماء — فلفل گرد
فلفل موبہ — فندق
فودنج — فوفل
فولاد — فوہ
فیروزج — فیل گوش
فیل — فودنج نہری
فرید بوٹی — فندق

ق

قانہ — قاقلہ صغار
قاقلہ کبار — قند
قراصیا — قرطم
قرن الایل — قرنفل
قسط تلخ — قسط شیریں
قسط المر — قشر الخشخاش
قشر الرماں — قصب الزیرہ
قصب الشکر — قطرات
قلعی — قندسیاہ
قنطوریون صغیر — قونیون
قیصرم — قلمی شورہ
قیمولیا مصفی — قرنفل
قندسیاہ

ک

کاپرسلفیٹ — کالچی سائی
کالادانہ — کاردے موم
کاموکوئن — کروکس
کبریت خالص
کات
کافور
کباب چینی

کیسٹر آئل
کیمفر
کات سفید
کدو دراز
کرکس
کندر
کہرباشمعی
کپور کچری
کچلہ
کائفل
کف دریا

کیلوئل
کیلشم اور اس کے مرکبات
کاکڑا سینگھی
کدو شیریں
کمیلہ
کندر سیاہ
کتیرا
کچور
کرمالہ
کرم عرہوک

کھریامٹی
کریلہ
کڑا چھال
کیچوا
کشوث
کبابہ خنداں
کسیس
کرفس
کرم شب تاب
کرم گل خورد

کرنجوہ
گکروندہ
کنول گٹہ
کھجور
کاشم روحی
کرمدانہ
کلتھی

گ

کاک جھنگا
کشمش سبز

کسیر دتازہ
کچنال
کھریامٹی
کبریت مدبر
کاکن
کانخ
کالی تلسی
کاہو
کبابہ خنداں
کبوتر کا گوشت
کٹائی خورد
کنگی

کز نارج
کھلی سرسوں
کندش
کالی زیری
کاسنی
کالا نمک
کالی مرچ
کائی
کبر
کپور ہلدی
کٹائی کلاں
کوڑی

گوشت
گوگرد
گوار
گوند بطم
گوکھچی
گیاہ زیریں
گیرو
گندھک آملہ سار
گل سُرخ
گلوکوز
گندھک
گوکھرو

گوگل
گڑمال
گوندل
گھیکوار
گیاہ اصغر
گل ارمنی
گیہوں
گارڈنیال
گلیسرین
گزر
گل ارمنی
گلاب
گل اڑوسہ
گوکھرو
گل فوفل
گل حناء

گرین سوپ
گل داؤد

گل نیلوفر
گل چاندنی

ل

گل زوفا
گل بابونہ
گلپستہ
گیرو
گل داغستانی
گل سورج مکھی
گل گاؤزبان
گل مختوم
گل نیلوفر
گل کیوڑہ
گھڑیال
گانجہ
گلنار
گوند بلم
گھیکوار
گل سرخ

گذر مغز
گل ملتانی
گل ٹیسو
گوشت
گل چنبیلی
گل سورج مکھی
گل خطمی
گل جوہی
گل بنفشہ
گل چکوترہ
گل داؤدی
گل دھاوا
گل غافث
گل لالہ
گل نارنج
گل نیم
گوبھی
گوہ
گڑہل
گندنا
گوکھچی
گل جوہی
گل مچکن

لاجورد
لازن
لم
لفاح
لک مغسول
لوکاٹ
لونگ
لیچی
لیموں ولایتی
لال مرچ
لک خالص
لوکی
لکھوٹ

لاکھ
لالہ
لسان العصافیر
لودھ پٹھانی
لولو
لہسن
لیموں دیسی
لٹوکری
لائی زول
لائم واٹر
لونگ کا تیل
لیمن جوس
لیچی
لوا
لوبچون

م

ماؤ شعیر
ماؤ الجبن شیرنر
مرارہ بقر
مازخشیث
ماؤ الجبن شیرگاؤ
عارسیاہ
مازدے سبز

ماش
مائیا
ماہی روبیان
مایہ شتر عرابی
مٹر
مرچ سُرخ
مرزنجوش
مرکی
مشک خالص
مشک طرامشیع
مغز اخروٹ
مغز بادام شیریں
مغز پنبہ دانہ
مغز بیدانجیر
مغز جمال گوٹہ مدبر
مغز حب الرلم
مغز خستہ جامن
مغز فندق
مغز کرنجوہ
مغز گھیکوار
مقل ارزق
موچرس
موصلی سفید
مولسری خام
میدہ لکڑی

مالکنگنی
مامیراں چینی
مایہ بز
مرارہ ماکیاں
مرچ سبز
مردار سنگ
مرمر
مروارید محلول
مسی خوشبودار
مصطگی رومی
مغز بادام تلخ
مغز بیدانہ
مغز لکائی
مغز کدو شیریں
مغز چلغوزہ
مغز حب السمنہ
مغز خستہ انبہ
مغز کرنجوہ
مغز ناز جیل
منڈی
موصلی سنبھل
موصلی سیاہ
مومیائی خالص
مونگ

مویز منقی
مین پھل
میعہ بابسہ
موچرس
ملک شوگر
ملٹھی
مرکری
مائیں خورد
مٹی
ماء الجبن
ماء لارنب
مصطگی

میعہ سائلہ
میسل
میدہ گندم
مویز کوہی
معصر
میل فرن
میپا کرین
میگنیشیا
مشک
مائیں کلاں
مکھن خالص
مُرغ
موتیا
مامیراں چینی
موچرس

ن

نمک شیشہ
نمک سیاہ
نمک سونچل
نملہ
نوشادر
نیل
نیلم

نمک لاہوری
نمک سانبھر
نمک ترب
نمل
نیشکر
نیل کنٹھی
نعناع

نمک شور
وسم
درد
ورق الخیال

نیلاتھوتھا
نوودوکین
ناس تمباکو
ناگیسر
نارجیل دریائی
نیم
نربسی
ناگرموتھ
نرل
نارمشک
نسپال
نگمیز بابری
نیلوفر

ناشپاتی
نخود سیاہ
نارنگی
نبات سفید
نشاستہ
نرگس
نظرون
نمک چرچرہ
نرکچور
نقرہ
نمک سیندھا
نمک شیشہ

ہ

ہارسنگھار
ہڑ
ہفت برگ
ہلیلہ
ہیل خور
ہیل بوا
ہلیلہ سیاہ
ہلیلہ زرد
ہڑتال طبقی
ہلیون
ہالی بٹ آئل

ہارمون
ہڑتال
ہلدی
ہیرا کسیس
ہیل کلاں
ہینگ
ہندوانہ
ہتھ جوڑ

و

وج ترکی
ورق نقرہ
ویجانین
وائیوفارم
وٹامن بی
وٹامن ڈی

ورق طلاء
وائنم کالیچی سائی
وینوی لین
وٹامن اے
وٹامن بی۱۲
وٹامن کے

ی

یاقوت رمانی
یخنی
یشب کافوری
یاسمین

یوفلین
یبروج الصنم
یشب انگوری
یاقوت

اصطلاحات

Medical Terms

انحلال Solution کسی جامد مادہ کو قابل العمل Solvent میں حل کرنا Unbinding، ایسے محلول کو سالیوشن کہتے ہیں جو مادہ اس میں حل ہو چکا ہو اس کو Solute کہتے ہیں۔

آبزن Sitz Bath بڑے برتن میں مریض کو جوش دیئے ہوئے پانی میں بٹھانا۔

انکباب Vapour Bath ایسے گرم جوش دیئے پانی جن میں دوا ڈالی گئی ہو کے بخارات بدن یا کسی حصہ بدن کو پہنچانا

اکال Corrosive وہ دوائیں جو عضو کو کھا جاتی ہیں اور عضو کو خشک اور تباہ کر کے انسجہ کو برباد کرتی ہیں۔ ایسی دوائیں صرف زائد خراب گوشت کو زخم سے ہٹانے کی غرض سے لگاتے ہیں تاکہ مردار اور غیر ضروری گوشت کو بدن سے الگ کیا جائے جیسا زنگار، نیلا تھوتھا، ایسڈز، سلور نائٹریٹ وغیرہ۔

احراق Burn کسی معدنی دوا کو اس حد تک چلانا کہ راکھ بننے کے قریب ہو۔ حکما کشتہ بنانے کو بھی احراق سے لکھتے ہیں۔

کحل Collyrium آنکھوں میں خشک ڈالنے کا مرکب سرمہ وغیرہ۔

انجکشن، زراقہ یا پچکاری Injection سے مراد کسی سیال کو مناسب آلہ کے ذریعے جسم میں داخل کرنے کا طریقہ۔

بندقہ Bolus اخروٹ کے برابر گولیاں جیسے بنادق البروز وغیرہ۔

بخور Fumication دوا کو آگ پر ڈال کر اس کا دھواں جسم یا کسی حصہ جسم پر پہنچانا۔

برود کسی سرد مادہ یا برف کو تھیلی میں ڈال کر سرد کرنے کے لئے استعمال کرنا۔

پاشویہ وہ دوا جس میں بوٹیوں کو جوش دے کر اس میں مریض کے پاؤں گھٹنوں تک رکھ جائیں۔ یا پنڈلی کو اوپر سے نیچے کی طرف مالش کرنا۔ یہ امالہ کے لئے مستعمل ہے جیسے سرسام۔

تصعید Sublimation جامد ادویہ کو بذریعہ حرارت بخارات میں تبدیل کرنے کو کہتے ہیں اور ماحصل کو اوپر کے برتن میں جمع کر لیتے ہیں اُڑے ہوئے حصہ کو جوہر ست پھول یا اصطلاحاً Sublimate کہتے ہیں۔

تبخیر Evaporation کوئی سیال مادہ جس سے قلمدار مادہ الگ کرنا ہو۔ بذریعہ بخارات اُڑاتے ہیں۔ برتن کے پیندے میں جو قلمی مادہ رہ جاتا ہے اسے Crystal اور اگر دانہ دار ہو تو Grainual حبیب کہتے ہیں۔

تقطیر Distillation اس طریقے سے عرقیات یعنی آب مقطر کشید کئے جاتے ہیں۔

تصویل Elutriation جس میں معدنی دوا مثلاً مردہ سنگ، لاجورد وغیرہ کو خوب پیس کر کھرل کر لیتے ہیں۔ ایک شب و روز رکھنے

کے بعد اس کا پانی نتھارتے ہیں اس دُھلی ہوئی شے کو مغسول کہتے ہیں۔

ترشیح Filteration کسی سیال دوا کو فلٹر پیپر، روئی یا کپڑے وغیرہ سے اس طرح چھاننا کہ محسل اجزاء الگ ہو جائیں۔

تعفین Maceration کسی دوا کو پانی یا دیگر محسل سیال میں کچھ عرصہ تک بھگو کر رکھنا جو اجزائے محللہ حاصل ہوں انہیں چھان لیں۔

تخیل Sifting کسی دوا کو چھلنی وغیرہ سے چھان کر استعمال کے قابل بنانا۔ اس چیز کو مغربل، Sifted کہتے ہیں۔

تقشر Scaling کسی دوا کو پانی یا کسی اور سیال میں حل کر کے قوام کو غلیظ بنا لیتے ہیں۔ اسے برتن میں ڈال کر پھیلاتے ہیں۔ پھیلنے کے بعد اس کے پرت بن جاتے ہیں۔ جیسے خمیرہ، صندل یا فیری ایٹ کو ٹین کا بنایا جاتا ہے۔

تذویب Fusion کسی جامد دوا کو آگ پر پگھلانا۔

ترویق Straining بوٹیوں یا پتوں کا نچوڑا ہوا پانی جسے آگ پر جوش دے کر کسی دوا (نوشادر یا لیموں وغیرہ سے) پھاڑ کر چھان لیتے ہیں۔ اسے آبِ مروق کہتے ہیں۔

تشویہ Roasting کسی دوا کو گرم بھوبل میں دبا کر اس کا پانی نکالنا۔ جیسے آب کدو۔ اس عمل میں کدو پر آٹا لپیٹ کو بھوبھل میں رکھتے ہیں۔ آٹا سرخ ہونے پر نکال کر کدو میں سوراخ کر لیتے ہیں اور اس کا پانی استعمال کیا جاتا ہے۔

تحمیص Torrefaction کسی دوا کو آگ پر رکھ کر شگفتہ کر لینا جیسے توتیا، سوہاگہ وغیرہ کو شگفتہ۔

تقلیہ Frying دوا کو کسی روغن میں یا بلا روغن کسی خاص غرض کے لئے بھوننا جیسے بادیان بریاں۔

تکلیس Calcination کسی دوا کو اتنا تپانا کہ راکھ کے درجے سے بڑھ کر چونہ بن جائے جیسے کشتہ مرجان۔

تسحیق Trituration کسی دوا کو سحق یعنی کوٹ پیس کر سفوف کی شکل میں لانا تاکہ قابل استعمال بن جائے۔

تمریخ Ambrocation تیل یا مالش کی دوا جو اسی غرض کے لئے تیار کی جائے۔

تریاق السم یا فاد زہر Antidote وہ دوا جو کسی دوا کے اثر کو کیمیاوی جسمانی طریقوں سے بے اثر کر دیتی ہے، ہر زہر کے لئے الگ الگ تریاقات ہیں۔

جرعہ Haustus (Draugh) ایسی دوا کی خوراک جو صرف ایک بار دی جائے۔ خوش مزہ یا خواب آور ہو۔

جور طلائے مطفی Collutory وہ نرم دوا جو حلق میں لگانے کے لئے تیار کی جائے۔

جاذب Absorbent وہ دوائیں جو مواد کو لطیف بنا کر اور عضو کو خشک کر کے رطوبت فضلیہ کو دور کرتی ہیں۔ یہ دوائیں زخموں سے زائد رطوبات کو دور کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں۔ جیسے گندہ بیروزہ، لہسن، بورک، زنک اوکسائیڈ وغیرہ۔

جالی Cleaner Detergent جلد یا دیگر مقامات جہاں پر لیسدار مادے موجود ہوں اور ان کو صاف کرنا مطلوب ہو تو اس وقت اس قسم کی ادویات استعمال کی جاتی ہیں جیسے، ماء العسل، مصری نمک، کف دریا، زنک بورک ایسڈ وغیرہ۔

جامد Solid وہ دوائیں جو پتلے خلطوں کو جما کر سخت بناتے ہیں جیسے گل ارمنی، کے اولین، کتیرا وغیرہ۔

حمول Pessary کسی دوا سے کپڑا یا بتی آلودہ کر کے اندام نہانی میں رکھنا۔

حلاق Depilator وہ دوائیں جو بالوں کو اڑاتی ہیں، جیسے بیرم سلفائیڈ، راکھ، ہڑتال، چونا وغیرہ۔

حابس الدم Styptic وہ دوائیں جو رگوں کے منہ بند کر کے یا آس پاس کی رطوبت کو منجمد کر کے جریان خون روکتی ہیں جیسے کہرباء۔ کافور، افیون، مصطگی، دم الاخوین۔ وٹامن کے اور پی، کاغذ سوختہ۔ ایلم وغیرہ۔

حقنہ۔ دستور۔ Enema کسی سیال دوا کو مناسب آلہ کے ذریعے مبرز میں پہنچانا۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔ چنانچہ کبھی قابض کبھی طین، کبھی دافع تشنج اور کبھی غذائی حقنہ دینے کی ضرورت ہوتی ہیں۔

دافع تشنج Anti Spasmotic وہ دوائیں جو تشنج کو دور کرتی ہیں۔ یہ تشنجی امراض میں نوبت کے وقت استعمال ہوتی ہیں، مثلاً دمہ میں ہینگ، کلوروفارم ایفیڈرین، لفاح، بروما ئیڈز وغیرہ۔

دافع تعفن Disinfectant وہ دوائیں جو کسی مقام کی سڑاندھ کو دور کرتی ہیں جیسے پودینہ، زنک کلورائیڈ، شہد، پوٹاس، وغیرہ۔

دابق Clammy وہ دوائیں جو اپنی لیس کی وجہ سے اعضا پر چپک جاتی ہیں جیسے سریش۔ لاکھ۔ پلاسٹر آف زنک۔

دافع خمار Anti Inebriety وہ دوائیں جو نشہ کو دور کرتی ہیں جیسے آلو بخارا، املی، سنگترہ، بادام تلخ، سائٹرک ایسڈ وغیرہ۔

دافعات بدبو Deodorants ہو جو بدبو کو دور کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں جیسے کوئلہ، پودینہ، چونہ، تھائی مول، آیوڈین، زنک وغیرہ۔

رض Contusion اس عمل میں بعض دواؤں کو نیم کوب کر کے کچلا جاتا ہے تاکہ اجزائے موثرہ اچھی طرح پانی میں نکل جائیں کیوں کہ بعض اجزائے موثرہ جوش دینے سے ضائع ہو جاتے ہیں۔

رادع Repalant وہ دوائیں جو کسی مقام پر اس غرض سے لگائی جائیں کہ وہاں مواد کا آنا بند کرنا مقصود ہو۔ ایسی دوائیں مواد کو واپس کرتی اور اجتماع مواد کو دور کرتی ہیں جیسے گل انار۔ اجوائن خراسانی۔ خطمی۔ کشنیز وغیرہ۔

ذرور Dusting Powder باریک سفوف بنا کر زخم پر چھڑکنا۔

سنون Tooth Powder جو دانتوں کو صاف کرنے یا اس کی بدبو رفع کرنے کی غرض سے سفوف بنا کر استعمال کی جاتی ہیں اسے منجن کہتے ہیں۔

سکوب Douche (تریڑا) کسی اونچی جگہ سے کسی دوا کو جوشاندے یا خیساندے کو دھار باندھ کر جسم کے کسی حصے پر ڈالنے کو کہتے ہیں۔

شافہ Suppository کپڑے یا دوا کی بتی جو مقامی اثر کے لئے مقعد یا دوسری جگہ رکھی جاتی ہے۔

شموم سونگھنے کی دوا۔ جو کہ تر بھی ہو سکتی ہے اور خشک بھی۔

شیرہ یا مستحدب دوا کو پانی میں بھگو کر اس کو گھوٹ کر شیرہ نکالنا۔

ضد الحموضۃ Antacid وہ دوائیں جو تیزابی مادہ کو کم یا معتدل کرتی ہیں، جیسے سوہاگہ، نوشادر، جوا کھار سپرٹ، ایمونیا، سوڈا پوٹاش وغیرہ۔

ضد الکلی Antalkaline وہ دوائیں جو الکلیت یعنی کھاری پن کو معتدل کرتی ہیں جیسے انار دانہ، سماق ایسڈ سائٹرک، ایسڈ نائٹرک وغیرہ۔

ضماد Paste گاڑھا لیپ جس کا قوام عضو پر ٹھہر سکے۔

طلا Paint تر یا پتلی دوا جو کسی مقام پر لگانے کے لئے ہو۔

عطوش وہ دوا جو چھینک لائے مرکب ہو یا مفرد۔

عاصر Expressive وہ دوائیں جو اپنی قوت قابضہ و عاصرہ سے عضو کو سمیٹ کر نچوڑ کے طریق پر عضو کے موجودہ فاسد مادے کو نکالتی ہیں اور نکالنے کے بعد قبض پیدا کرتی ہیں جیسے ہلیلہ۔ بلیلہ، آملہ۔ کیٹی کوٹینک ایسڈ۔ ناسپال وغیرہ۔

غسول العین Eye Lotion وہ محلول جو آنکھوں کے دھونے کی غرض سے تیار کی جاتی ہے۔

غرغرہ Gargle منہ کے کلی کرنے کی دوا یا حلق میں غرغرہ کرنے کی دوا۔

غسال Cleanser وہ دوائیں جو عضو کی سطح کو فاسد مادوں سے دھو ڈالتی ہیں، جیسے گرم پانی، بورک لوشن، زنک لوشن وغیرہ۔

فتیلہ شیاف کی شکل کی بتیاں مقامی اثر کے لئے مخصوص جگہ پر رکھنا۔

فرزجہ ampon بتی بنا کر اندام نہانی میں رکھنے کی چیز ہے۔

قطور Eye Drop Collyria وہ محلول جو آنکھوں میں ڈالنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

قاتل دیدان حب القرع Tap Worm Killer وہ دوائیں جو خاص دیدان حب القرع کو ہلاک کرتی ہیں، مثلاً میل فرن، (سرخس الذکر) پوست، بیخ انار، باؤبڑنگ، کمیلہ وغیرہ۔

قاتل دیدان الخل Thread Worm Killer وہ دوائیں جو چنونوں کو ہلاک کرتی ہیں جیسے سینٹونین، روغن تارپین، افسنتین، پودینہ وغیرہ۔

قاتل دیدان حیات Round Worm Killer وہ دوائیں جو دیدان حیات یعنی کیچواؤں کو ہلاک کرتی ہیں، مثلاً باؤبڑنگ، سینٹونین، کمیلہ، شلجم، حنظل وغیرہ۔

قابض Astringent وہ دوائیں جو قوت قابضہ سے رطوبت کو منجمد کر کے قبض و کثافت کا باعث بنتی ہیں یا مادوں کو لوٹا کر خشکی پیدا کر کے قبض کا باعث بنتی ہیں۔ ایسی دوائیں بطور حابس الاسہال مستعمل ہیں یہ خون کو بند کرنے یا رطوبت کو کم کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً طباشیر، گل نار، مازو، افیون، اصل السوس وغیرہ۔

قابض Astringent وہ دوائیں جو اپنی قوت قابضہ سے آس پاس کی رطوبت کو منجمد کرتیں یا آنے والے مواد کو واپس کرتی یا رگوں کو

سبب کر قبض پیدا کرتی ہیں جیسے طباشیر، گل نار، مازو، افیون۔

قاتل دیدان Vermicide وہ دوائیں جو اپنی ضد اور تاثیر سے دیدان شکم کو ہلاک کرتی ہیں جیسے پوست بیخ، انار، سفٹونین، چینیاپوڈ، فسلیتین، میل فرن، ٹرپن ٹائن وغیرہ

قاتل جراثیم Parsiticide وہ دوائیں جو جراثیم کو قتل کرتی ہیں جیسے جوہر پودینہ، جوہر اجوائن، تمباکو، سیماب، سلفر، ایسڈ کاربالک، وغیرہ۔

ضماد Formentation تر یا خشک چیز جس سے عضو کو ٹکور دیا جاتا ہے۔

کاسر الریاح Carminative وہ دوائیں جو ریاح کو معدہ اور آنتوں سے خارج کرتی ہیں اور حرارت غریزی کو قوی کر کے اخراج ریح میں مد ہوتی ہیں جیسے حتیت، سونٹھ، بالچھڑ، مرچ سیاہ، سپرٹ ایمونیا، سپرٹ کلوروفارم، ٹنکچر زنجبیرس۔

کاوی Caustic وہ دوائیں جو اعضاء کو اپنی تیزی سے داغ دیتی یا جلا ڈالتی ہیں جیسے سلور نائٹریٹ، ان بجھا چونا۔ ہڑتال۔ سنکھیا وغیرہ۔

لاذع حکاک Irritant وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر معمولی خراش پیدا کر کے کھجلی پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً برگ بھنڈی، تھائی مول، لٹوکری وغیرہ۔

لخلخہ Inhalation خشک یا تر دوا کا وہ مرکب جو سونگھنے کے لئے استعمال ہو۔

مسہلات صفرا Cholagogue وہ دوائیں جو صفرا کا اخراج کرتی ہیں یہ جگر میں تحریک پیدا کر کے صفرا کا ادرار کرتی ہیں۔ اس لئے ان کو محرک کبد بھی کہتے ہیں جیسے لوبان۔

مسہلات بلغم Phlegmagogue وہ دوائیں جو بلغم کو خارج کرتی ہیں مثلاً غاریقون، مصبر، تربد، حب النفیل، سنا وغیرہ۔

مسہلات سودا Melanagogue وہ دوائیں جو سوداوی مواد کو خارج کرتی ہیں جیسے افیون، برادہ صندل سرخ، اسطوخودوس، سناء ایلوزاکیشیا، جلاپا ٹرپی تخم کیموج وغیرہ۔

مشتھی Appetizer ایسی دوائیں جو اشتہاء کو بڑھاتی ہیں جیسے کچلہ، زنجبیل، اجوائن، مرچ سیاہ، ایسڈ ہائیڈروکلورک۔

مطفی یا مبرد Refregerent وہ دوائیں جو شدت کی پیاس کم کرتی یا بجھاتی ہیں۔ گرمی کو زائل کرتی اور بدن میں سردی اور تری پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً کدو۔ کیمفر۔ بنفشہ۔ آلو بخارا۔ املی۔ لیمن جوس۔ سائٹرک ایسڈ۔ کاہو وغیرہ۔

مضعف باہ Anaphrodisiac وہ دوائیں جو اپنی مخصوص خاصیت سے قوت باہ کو کمزور کرتی یا ناقص و باطل کرتی ہیں۔ جیسے بزرا لبنج۔ دھنیا۔ کافور۔ بھنگ۔ ترشیاں وغیرہ۔

مصلح Corigent وہ دوائیں جو دوسری دواؤں کے ساتھ اصلاح کی غرض سے شامل کی جاتی ہیں تاکہ اس کے مضر پہلو کی اصلاح ہو جائے یا اس کا مزہ بدل جائے۔ جیسے کلوروفارم۔ میگنیشیا کے ذائقہ کی اصلاح کیلئے اور بنفشہ اور بادیان سناء کے ضرر کے لئے ملایا جاتا ہے۔

مصدع Cephalilgic وہ دوائیں جو معدے میں بخارات پیدا کر کے دردسر کا باعث بنتے ہیں۔ یا اس کی تیز بو سے دردسر پیدا ہو

جاتا ہے جیسے چھوہارا لائیکوار، ایمونیا فورٹس، عدس، مدار، ہینگ وغیرہ

مقشر Peeling ادویات کے ناقابل استعمال چھلکوں کو الگ کر کے دوا کو قابل استعمال بنانا جیسے اصلی لسوں مقشر۔

مطبوخ Decoration کسی دوا کو جوش دے کر اسکے اجزائے موثرہ کو پانی میں حاصل کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس غرض کے لئے کسی سیال دوا کی کثافتیں جھاگ کی صورت میں جوش دے کر نکالنا پڑتا ہے جیسے شہد کو جوش دے کر کف گیر سے اس کا جھاگ اتارتے ہیں۔

منضج Concoctive یہ اصطلاح مواد کو پکا کر نکالنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے مثلاً منضج بلغم جو بلغم کے اخراج کے لئے دی جاتی ہے۔

مسکن مقامی Local Sedative ایسی دوا کسی جگہ لگانے سے اعصاب کے بے حس کر کے تسکین درد کا باعث ہو۔ جیسے افیون، کوکین، کریازوٹ، کاربالک ایسڈ وغیرہ۔

مسکن عمومی General Sedative وہ دوائیں جو عام بدن کے اعصاب پر اثر کر کے بے حس بنادیں جیسے شراب، کلوروفارم وغیرہ۔

مسمن Fatening جو قوت مغیرہ کو تحریک دے کر یا خون کی مقدار بڑھا کر بدن میں اجزائے غذائی زیادہ کر کے بدن کو موٹا بناتی ہیں جیسے انجیر، مویز، نخود اگِ فلپ وغیرہ۔

مدر حیض Emmagogue ایسی دوائیں جو اپنی خصوصیت سے حیض جاری کرتی ہیں۔ ایسی دوائیں یا مقامی تحریک پیدا کرتی ہیں یا تاثر بعیدہ سے حیض جاری کرتی ہیں یا خون کی کمی کو پورا کر کے حیض کے اجراء کا سبب بنتی ہیں جیسے فولاد مرمکی پر سیاوشان۔ جاوتری۔ کارنکس ریلوائن وغیرہ۔

مدمل یا ملحم Cecatrizive Plastic ایسی دوائیں جو زخم کو بھرلاتی ہیں یا گوشت صالح پیدا کرتی ہیں۔ سنگ جراحت۔ انزردت۔ ویزلین۔ رتن جوت۔ موم بوریکس زنگ وغیرہ۔

مرخی Emolient ایسی دوائیں جو اپنی ذاتی رطوبت سے جلد و دیگر اعضاء کی خشکی دور کر کے اسے نرم بناتی اور ڈھیلا کرتی ہیں۔ جیسے روغن گل موم۔ چربیاں۔ خطمی۔ بیدانہ۔ اولیم اولیو۔ ایمگڈلی گلیسرین وغیرہ۔

مرطب Demulcent وہ دوائیں جو اپنی ذاتی رطوبت سے اعضاء کو نرم کرتی اور اس کی خشکی کو دور کرتی ہیں جیسے روغن کدو، بنفشہ، گلیسرین۔ ٹراکا کتھ، برونم ایمائل لن سیڈ۔ روغن زیتون وغیرہ۔

مرقق Ateneuant وہ دوائیں جو اپنی حرارت وقوت ذاتی سے اخلاط میں بہاؤ پیدا کر کے اسے رقیق بناتی ہیں جیسے ماء العسل شکر وغیرہ۔

مسدد Obstruant وہ دوائیں جو اپنی کثافت وغلظت کی وجہ سے مجاری یا اس کی رطوبت کو منجمد کر کے راہ کو مسدود کر دیں، جیسے افیون، گوبھی، کاہو، کچالو وغیرہ۔

مزلق Lubrecant وہ دوائیں جو اپنی لعابیت وغرذیت کی وجہ سے عضو کی سطح کو چکنا کر کے اس کی خشکی دور کرتی ہیں جیسے اسپغول۔ گلیسرین۔ تخم ریحان، بیدانہ وغیرہ۔

مسکر Narcotic وہ دوائیں جو اپنی تیز کیفیت سے اعصاب کو سُن کرتی یا نشہ پیدا کرتی ہیں جیسے شراب وستورہ، نفاخ، افیون، شوگراں وغیرہ۔

منوم Hypnotic وہ دوائیں جو اعصاب کو سرد کرتی ہیں اور دماغی دوران خون کو سست کر کے نیند لاتی ہیں جیسا، افیون، خشخاس، کاہو، سلفونال وغیرہ۔

منفث Expectorant وہ دوائیں جو بلغم براہ راست یا بالواسطہ غلیظ کر کے نکالتی ہیں جیسے اپی کاک تپاس آیوڈائیڈ۔ ٹنکچر سلا۔ ایمونیم کارب۔لوبان۔اصل السوس۔گاؤزبان وغیرہ۔

مانع قے Antiemetic وہ دوائین جو اپنے مخصوص اثر سے معدہ پر مسکن اثر کر کے قے روکتی ہیں مثلاً انار دانہ، مصطگی، پودینہ، مرکبات باربی ٹون، اوپیم، بیرم آکسی لیٹ وغیرہ۔

مقویات رحم Uterine Tonic وہ دوائیں جو رحم کو طاقت دیتی عضلات واعصاب رحم کی قوی کرتی ہیں جس سے رحم کی کمزوری کے امراض طبعًا اچھے ہو جاتے ہیں۔کیلشیم۔آئرن مغز نارجیل، مغز پستہ۔ ضمع عربی۔ ضمغ پلاس۔سنگھاڑہ مغز بادام وغیرہ۔

مضعفات رحم Uterine Depressants وہ دوائیں جو رحم کو کمزور کرتی ہیں جیسے کیفے بس۔انڈیکا۔اوپیم، کلورل برومائیڈ، املی، آلو بخارا، کافور وغیرہ۔

مقویات خون Heamati جیسے فولاد، سنکھیا، کونین، نکس وامیکا، خبث الحدید وغیرہ۔

معطر Aromatic وہ دوائیں جو خوشبو کی غرض سے مکسچروں یا دیگر دواؤں میں شامل کی جاتی ہیں۔طبیعت کی مرغوبیت کی وجہ سے خوشبودار ادویہ ملاتے ہیں جیسے ابہل، چھڑیلہ، زرنب، خولنجان۔سنبل۔الطیب، جوزا الطیب، نارنج، کارڈیم سیڈ، لیونڈر سنے من کلوز وغیرہ۔

دافع نوبت Anti periodic وہ دوائیں جو نوبت کے رفع کرنے کی غرض سے استعمال کرتے ہیں جیسے کرنجوہ، اتیس، کونین اینٹی پائرین، گلو، چرائتہ، اینٹی فیبرین، اجوائن، سنکھیا وغیرہ۔

مدرلعاب Siala Gogue وہ دوائیں جو گلٹیوں میں تحریک پیدا کر کے ان کے افرازات بڑھاتی ہیں جیسے نارنج، پودینہ، عاقرقرعا، سرکہ، سائٹرک ایسڈ، پیلوکارپین، تمباکو، مرچ وغیرہ۔

مانع ادبار العاب Antisiala Gogue جو گلٹیوں کے عمل کو سست کر کے لعاب دار گلٹیوں کے افرازات کو کم کرتی ہیں جیسے پوست کیکر۔پوست جھڑبیڑی، بوریکس، پوٹاسیم کلوریس وغیرہ۔

مضاد الحمی Anti Pyreti وہ ادویہ جو بخار میں حرارت کو کم کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں۔مثلاً اکونائٹ، اینٹی فیرین، اینٹی پائرین، کونین زنجبیل، جائفل، مرچ سیاہ، قہوہ، زعفران، لونگ، ابریشم وغیرہ۔

مانعات عرق Anhydrotic وہ دوائیں جو پسینے کی کثرت کو روکتی ہیں، جیسے شلیم ایٹروپین، مازو، اجوائن خراسانی دھتورہ وغیرہ۔

محرکات نخاع Spinal Stimulant وہ دوائیں جو نخاع کو تحریک دیتی ہیں اور اسے پیدا کرتی اور اس کے افعال کو تیز کرتی ہیں، مثلاً نوشادر، کچلہ، بیلیم، ہرمکنین، ایتھر وغیرہ۔

مضعف نخاع Spinal Depresant وہ دوائیں جو نخاع کے فعل کو سست کرتی ہیں، مثلاً بھنگ، افیون، کافور، ایتھر وغیرہ۔

مجدد Restorative وہ دوائیں جو نہایت ضعیفی کے وقت یعنی ارتخاء عظیم میں قوت بحال کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں۔ جیسے مشک عنبر۔ مروارید۔ جند بیدستر۔ اسپرٹ ایمونیا۔ انڈے کی زردی۔

مولد شیر Galacta Gogue ایسی دوائیں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر خون پیدا کرکے مولد شیر بنتی ہیں۔ تحریک پیدا کرکے دودھ کے افراز کو بڑھاتی ہیں۔ مثلاً زیرہ۔ بادیان ہنول۔ آکل افسی سائی وغیرہ۔

مقویات قلب Cardiac Tonic وہ دوائیں جو دل کی انقباضی او انبساطی رفتار کو اصلی حالت پر رکھ کر قوت دیتی ہے جیسے۔ برانڈی۔ کیفین۔ مشک۔ زعفران۔ جند بیدستر۔ مروارید۔ طباشیر وغیرہ۔

مقویات دماغ Cerebral Tonics وہ دوائیں جو دماغ کو قوی کرتی یا تحریک دیتی ہیں جیسے الکحل، سپرٹ۔ ایمونیا وغیرہ

مقویات معدہ Gastric Tonics وہ دوائیں جو معدے اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہیں جیسے، سنکونہ ننگھر زنجبیل زرنباد۔ اجوائین۔ الائچی۔ مرچ سیاہ۔

محللات اورام Anti Inflamatic ایسی دوائیں جو ورم کو پکانے کے لئے مستعمل ہیں جیسے لنسیڈ، ایمونیکم پیاز۔ رتن جوت۔ صابن۔ گلیسرین کے اولین وغیرہ۔

مفرح Exhilarant ایسی دوائیں جو اپنی خاص کیفیت سے دل و دماغ کو خوش رکھتی ہیں چاہے یہ اثر بالخاصہ ہو یا بالکیفیت جیسے کونین۔ ڈیجی ٹیلس۔ الکحل۔ سپرٹ ایمونیا۔ مربہ سیب۔ مربہ بہی۔ مربہ اورک۔ دارچینی۔ کافور۔ صندل۔ گلاب وغیرہ۔

مغری Glutinous ایسی دوائیں جو اپنی خاص کیفیت غروبت سے اعضا کو متاثر کرکے رگوں کا منہ بند کردیتی ہیں۔ جیسے تخم ریحان کنوچہ۔ لسوڑہ۔ خطمی وغیرہ۔ یہ دوائیں پیچش میں خون اور آؤں کے آنے کو روکتی ہیں۔

مقرح منفط: Vebicant Epispastic وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر زخم ڈالتی ہے جیسے اولیم رائی کینتھرائیڈس۔ پیاز۔ چونہ۔ جل۔ دصنیا وغیرہ۔

مقئی Emetic وہ دوائیں جو اپنی مخصوص کیفیت سے براہ راست یا بالواسطہ قے لاتی ہیں جیسے اپی کاک، اینٹی منی، پھٹکڑی۔ تخم مولی۔ نیلا تھوتھا وغیرہ۔

مبثر Pustulant وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر باریک دانے یعنی پھنسیاں پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً سم الفار، ترپن ٹائن، پودینہ،

شیر مدار، شیر سداب وغیرہ۔

مصفی خون معدل **Alterative** ایسی دوائیں جوخون کو صاف کرتی اور اس کے زہریلے مادے کو بذریعہ اپنے طبعی راستے نکالتی ہیں یا زہریلے مادے کے ساتھ مل کر کیمیاوی طور پر بے اثر کرتی ہیں۔ جیسے سارسپریلا، فولاد کے نمکیات، سنکھیا اور اس کے مرکبات۔ سلفر منڈی، چرائتہ وغیرہ۔

ملذذ **Delicious** ایسی دوائیں جو جماع کے وقت عضو مخصوص لذت کے لئے لگاتے ہیں جیسے آئل گلوز، پودینہ، آئل سنامن، کبوتر کی بیٹ، سونٹھ وغیرہ۔

مضیق **Contractive** وہ دوائیں جو اندام نہانی کے ڈھیلے اور پلپلے پن کو دور کر کے تنگ کرتی ہیں۔ جیسے کیکر، مائیں، کتھہ، پوست انار، گیلک ایسڈ، ایلم ڈوش، گل انار، بورک ایسڈ وغیرہ۔

ممسک **Overecious** وہ دوائیں جو سرعت انزال کو دور کرتی اور زمانہ انزال کو بڑھاتی ہیں۔ مثلاً افیون لوبان، کوڈین، زنجبیل زعفران، شنگرف، جوز بوا، ہایوسین، مارفین، یوہمبین وغیرہ۔

منبت شعر **Hair Grower** بال اگانے والی دوائیں روزمیری، کینتھریڈین، روغن آملہ، کوکونٹ آئل، روغن بیضہ مرغ وغیرہ۔

محددات الحدقہ **Mydriaties** پتلی کو پھیلانے والی ادویہ جیسے دھتورہ، ایٹروپین، ہائیوسائمس، برگ نفاح، کوکین وغیرہ۔

مغذی **Nutritive** وہ دوائیں جو بدن میں جذب ہو کر غذائیت بخشتی ہیں، جیسے روغن جگر ماہی، شکر، مغزیات، دودھ، شہد، اولیو آئل۔ وغیرہ۔

مقابل التہاب **Couter irritant** وہ ادویہ جو سوزش کے مقابلہ میں لگائی جاتی ہیں تا کہ سوزش مادہ کو بخارات بنا کر نکال دیا جائے جو کسی مقام پر تکلیف کا باعث بنتا ہے، جیسے رائی، جمال گوٹہ، پودینہ، سرخ مرچ، آئیل ٹرپن ٹائن، آیوڈین، اشق، آئل کیموپٹ وغیرہ۔

مسکنات تنفس **Respiratory Sedative** وہ دوائیں جو تنفس کی تیزی کو تسکین دیتی ہیں۔ جیسے افیون، نفاح، دھتورہ، جیلسی مم، کونائم ہائیوسائمس وغیرہ۔

محرک اعصاب **Nervine Stimulant** وہ دوائیں جو اعصاب کو بیدار کر کے روح نفسانی کو قبول کرنے پر آمادہ کرتی ہیں۔ جیسے ہینگ، نوشادر، سپرٹ ایمونیا، الکحل، کافی، مشک عنبر، سنبل الطیب، جائفل، وغیرہ۔

مسکنات قلب **Cardiac Sedative** وہ دوائیں جو دل کی بدنظمی کو اعتدال پر لاتی ہیں یا اس کی بے چینی دور کرتی ہیں۔ جیسے بیش، بیبروج، عنصل، ہائیوسائمس، ڈیجی ٹیلس، سپرٹ ایتھر، سپرٹ، ایمونیا وغیرہ۔

محرک دوران خون **Cerculatory Stimulant** وہ دوائیں جو دوران خون کو تحریک دیتی ہیں اور اس کی طبعی رفتار کو قائم رکھتی

ہیں۔ جیسے کافور، کف الدزنب، الکحل، سپرٹ ایتھر، سپرٹ ایمونیا وغیرہ۔

مانع عفونت Antiseptic وہ دوائیں جو سڑاندھ کے عمل کو روکتی ہیں جیسے پودینہ، نمک، شہد، برف، الکحل۔

مبہی مقوی باہ Aphrodisiac وہ دوائیں جو بالواسطہ قوتِ مردمی بڑھاتی ہیں جیسے تخم ترب، مغز بادام، فولاد، سنکھیا، پیاز، توری، خصیۃ الثعلب، الکحل، اگ فلپ، خصیۃ گاؤ وغیرہ۔

ملینات Laxative Aperients وہ دوائیں جو امعاء کی حرکت دودیہ کو تیز کر کے قبض توڑتی ہیں۔ جیسے اولیو آئل، روغن بادام، روغن بیدا نجیر، سوڈا سلفاس، ملٹھی، شیر خشت، املی، آلو بخارا، گل قند وغیرہ۔

مجفف ناشف Desicant وہ جو رطوبات کو خشک کرتی ہیں جیسے کیٹی کیو، ایلم ڈرائیڈ، پوست انار، کیلشیم ٹیلکم پاؤڈر وغیرہ۔

محلل Resolvent وہ دوائیں جو اپنی قوت محللہ سے مواد کو تحلیل کر کے ورم کو دور کر دیتی ہیں یا لیس دار مواد کاٹ کر بذریعہ بخارات اڑاتی ہیں جیسے زرادند، اکلیل الملک، بابونہ، چاک، کشنیز، ہلدی، اولیم آلیو، کے اولین وغیرہ۔

محمر Rubefacient وہ دوائیں جو اپنی قوت جاذبہ سے عضو کی جانب زیادہ خون جذب کرتی ہیں اور اسے سرخ بنا دیتی ہیں جیسے رائی، پودینہ، فلفل احمر، آئل گلوز، آئل سنامن وغیرہ۔

مخدر Anaes Thetic وہ دوائیں جو روح کو کثیف کر کے اعصاب کے رخنوں میں نفوذ کرنے سے باز رکھتی ہیں اور روح نفسانی کے عدم نفوذ کی وجہ سے بے حس ہو جاتی ہیں جیسے شوکران، افیون، کلورل پوٹاشیم برومائیڈ وغیرہ۔

مخرجات جنین ومشیمہ Esbolic وہ دوائیں جو عضلات رحم پر عمل کر کے مانی الرحم کا اخراج کرتی ہیں۔ مثلاً ارگٹ خنظل، پچوڑی وغیرہ۔

محشن Roug Hener وہ دوائیں جو اپنی تاثیر سے سطح عضو کے فضلی رطوبات کو دور کر کے اس کو کھردرا بنا دیتی ہیں جیسے رائی، اکلیل الملک، تھائی مول، مینتھول وغیرہ۔

مخرج دیدان Anthelmentic وہ دوائیں جو اپنی خاصیت سے دیدان شکم کو خارج کرتی ہیں یا ان کی رہائش کو ناممکن بنا دیتی ہیں جیسے کیلومل، اولیم، ریسی نائی، سقمونیا، چلاپہ وغیرہ۔

مدر بول Diuratic ایسی دوائیں جو پیشاب کے بہاؤ کو تیز کرتی اور زیادہ لاتی ہیں جیسے افیون، بادیان، کباب چینی، کرفس، پوٹاس، ایسی ٹاس، پوٹاس سائٹرس، پوٹاس آیوڈائیڈ، کیفین وغیرہ۔

مقویات اعصاب Nervine Tonics وہ دوائیں جو اعصاب کی ساخت میں طاقت پیدا کرتی اور ان کو قوی کر کے تمام افعال محسوسہ اور غیر محسوسہ کے لئے تیار کرتی ہیں۔ جیسے مغز بادام، زعفران، آملہ، زنک، فاسفورس، کونین، کاپر سفیٹ، وغیرہ۔

مسہر Vigilant وہ دوائیں جو اعصاب کو گرم کر کے روح کے نفوذ کو آسان بناتی ہیں اور دماغی جریان، خون کو تیز کر کے بیداری کا باعث بنتی ہیں، جیسے قہوہ، زعفران، مشک، مرچ سیاہ سرخ، کونین، ایٹروپین وغیرہ۔

مفتت حصاۃ **Lithon Triptic** وہ دوائیں جو پتھری کو توڑتی یا اس کی تکوین کو روکتی ہیں۔ یا اس کو آہستہ آہستہ تحلیل کرتی ہیں مثلاً حب القلت، دوقو، پٹاش آیوڈائیڈ، پٹاس سائٹراس، سنگ یہود، آب ترب، روغن زیتون وغیرہ۔

معرق **Diaphoratic** وہ دوائیں جو پسینے کی گلٹیوں میں تحریک پیدا کر کے پسینہ لاتی ہیں جیسے کٹنیز، کافور، لوبان، قرنفل، جائفل، زنجبیل، وغیرہ

معطش **Ptarmicerphine Sternutatory** وہ دوائیں جو اپنی تیزی کی وجہ سے ناک غشاء مخاطی میں سوزش پیدا کر کے چھینک لاتی ہیں، جیسے لائکور ایمونیا فورٹس، ایمونیا کارب، مرچ سیاہ، تمباکو، مدار وغیرہ۔

مفتح **Deobstroant** وہ دوائیں جو اپنی قوت مفتحہ سے رگوں اور مجاری کو کشادہ کر کے سدہ کھولتی ہیں یا بالواسطہ رطوبت زیادہ پیدا کر کے افتتاح کا سبب بنتے ہیں جیسے ٹریکزی سائی، کاسنی، بادیان، انیسیون، سری ون، اجوائن، انیسون کا تیل، روغن زیتون وغیرہ۔

محرک یا مہیج **Stimulant** وہ دوائیں جو بدنی قوی کو برانگیختہ کرتی، طبیعت کو ابھارتی اور بیدار کرتی ہیں۔ جیسے زنجبیل، تازہ پھل، شراب، سپرٹ ایمونیا، ایمونیا ایرومیٹک، سپرٹ ایتھر وغیرہ۔

نقوع **Infusion** دواؤں کو گرم یا سرد پانی میں بھگو کر رکھنا تا کہ اس کے اجزائے موثرہ نکل آئیں۔ کیونکہ بعض اجزائے موثرہ جوش دینے سے ضائع ہو جاتے ہیں۔

نفاخ **Flatulant** ایسی دوائیں ریاح کثرت کی وجہ سے حرارت عزیزی کو کمزور کر کے پیٹ کو اپھار دیتی ہیں اور اس طرح پیٹ میں گڑ گڑاہٹ نفخ اور درد کرتی ہیں جیسے لائم جوس، گوبھی، کرم کلہ، لوبیا، بھنڈی، کچالو وغیرہ۔

ہاضم **Digestive** وہ دوائیں جو غذا کے انہضام میں مدد دیتی ہیں اور بھوک بڑھاتی ہیں جیسے سائٹرک ایسڈ، ٹنکچر زنجبیرس، ٹنکر جنشن، چرائتہ، اجوائن وغیرہ۔

دواسازی کی اصطلاحات

اپ دھات: سونا مکھی، روپا مکھی، مردار سنگ، خبث الحدید، توتیا، سفیدہ کاشغری، سندور وغیرہ اپ دھات کہلاتی ہیں۔

اُپلے: انہیں پا چک دستی بھی کہتے ہیں۔ گائے بیل اور بھینس کے گوبر کو ہاتھ سے تھاپ کر دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں یہی اُپلے کہلاتے ہیں۔

ایرنے اُپلے: جنگل میں گائے، بیل، بھینس جو گوبر کرتے ہیں، وہاں پڑا خشک ہو جاتا ہے ان کو اٹھا کر کام میں لاتے ہیں، یہی ایرنے اپلے یا پا چک دشتی کہلاتے ہیں۔

بدرقہ: اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ساتھ اصل دوا کھائی جاتی ہے۔ مثلاً کوئی دوا، شہد یا ملائی یا مکھن میں ملا کر کھائی جاتی ہے تو یہ چیزیں دوا کا بدرقہ کہلاتی ہیں یا کوئی دوا کھا کر اوپر سے دودھ یا عرق پیا جائے تو دودھ یا عرق کو بھی بدرقہ کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام انوپان بھی ہے۔

پنج لون (پانچوں نمک، نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک شورہ رکھاری، نمک شیشہ، کچ لون) یہ پانچ نمک مراد ہیں۔

پنج مول کلاں: بیل سونا پاٹھا دار بو، کٹاری، پاؤل اور ارنی ان پانچوں درختوں کی جڑوں کو پنج مول کلاں کہتے ہیں۔

پنج مول خورد: سال پرنی، برسٹ پرنی، کٹائی خورد، کٹائی کلاں اور گھوکھر دان پانچ بوٹیوں کی جڑوں کو پنج مول خورد کہتے ہیں۔

ترپھلا: ہرڑ، بہیڑہ، آملہ، ان تینوں پھلوں کا نام ترپھلا ہے۔

ترکٹا: سونٹھ، کالی مرچ، پیپل، ان تینوں چرپری چیزوں کا نام ترکٹا ہے۔

چارتخم: تخم کنوچہ، تخم ریحان۔ تخم بارتنگ، تخم اسپغول کو چارتخم کہتے ہیں۔ ویدک میں میتھی، ہالون، کلونجی، اجوائن کو چارتخم بولتے ہیں۔

چارمغز: اس سے مراد مغز تخم خربزہ، مغز تخم تربوز، مغز تخم ککڑی، مغز تخم کدو ہیں۔

چٹکی: ایک خاص سفوف کا نام ہے جو بچوں کے لئے بنایا جاتا ہے۔ اس کی مقدار چٹکی بھر (جو کہ انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے پوروں میں دبائی جا سکے) اس لئے اسے یہ نام دیا گیا۔

پہلبند: چاندی قلعی سیسہ وغیرہ دھات کو پگھلا کر اس کے ساتھ پارہ ملا کر دستہ سے رگڑیں دونوں مل کر سفوف ہو جائیں اسے اس کو پہلبند کہتے ہیں۔

دشمول: دشمول سے پنج مول خورد اور پنج مول کلاں، دس جڑیں مراد ہے۔

دھات: دھاتوں سے سونا، چاندی، تانبا، لوہا، قلعی، جست، اور سیسہ یہ ساتھ چیزیں مراد ہیں، انہیں کو فلزات اور ذوی الاجساد بھی کہتے ہیں۔

ذوی الارواح: ان معدنی چیزوں کو کہتے ہیں جو حرارت پہنچنے پر بخارات بن کر اڑ جاتی ہیں۔ مثلاً گندھک، پارہ، شنگرف، ہڑتال، سنکھیا وغیرہ۔

ذوی النفوس: ان چیزوں کو کہتے ہیں، جس کے ذریعہ فلزات دھاتوں، اور ذوی الارواح میں ربط پیدا کیا جاتا ہے۔ مثلاً نوشادر، شورہ، قلمی، پھٹکڑی۔

رس: خواہ ان کو کچل کر نکالا جائے، خواہ کولھو میں پیڑ کر جیسے گنے کا رس۔ اس کے علاوہ ویدک میں بھی رس پارہ کا نام بھی ہے۔ نیز یہ رس دوا کو بھی کہتے ہیں۔ جس میں پارہ شامل کیا جائے۔

رابطہ: خشک دواؤں کے سفوف میں جو سیال ملا کر لبدی بنائی جاتی ہے (یعنی جس سیال چیز میں سفوف گندھا جاتا ہے) وہی رابطہ کہلاتی ہے۔ مثلاً ادرک کا رس، پان کا رس، لعاب بیدانہ، لعاب اسپغول وغیرہ۔

صندلین: اس سے مراد دونوں صندل سرخ وسفید ہیں۔

فلفلین: اس سے مراد دونوں فلفل سیاہ وزرد ہیں۔

قاقلتین: اس سے مراد قاقلہ کلاں اور قاقلہ مغار (الاچئی بڑی، اور قاقلہ خورد الاچئی چھوٹی) ہیں۔

قوام شکر: اس سے چینی کا قوام مراد ہے جو کسی دوا یا دوا کے پانی کی آمیزش کے بغیر سادہ پانی کی آمیزش سے شربت جیسا قوام بنایا جاتا ہے۔ اس قوام کو سادہ شربت بھی کہتے ہیں۔

کجلی: گندھک اور پارہ کو باہم کھرل کرنے سے سرمہ کی مانند سیاہ رنگ کا سفوف بن جاتا ہے یہی کجلی کہلاتا ہے۔

لُبدی: جب خشک دواؤں کے سفوف کو کسی سیال چیز میں گوندھ لیا جاتا ہے تو اس نیم منجمد سفوف کو لبدی کہتے ہیں۔

محلوب: یہ لفظ ابرک کے ساتھ بطور صفت کے استعمال کیا جاتا ہے اس سے ابرک دھناب مراد ہے۔

محلول: گاہے کوئی خشک چیز پانی یا کسی دوسرے سیال میں گھول دی جاتی ہے۔ اس کو محلول کہتے ہیں۔ جیسے نمک کو پانی میں گھول دیا جائے تو محلول نمک کہلائے گا۔ لیکن گاہے حجریات یاقوت زمرد وغیرہ کو نہایت باریک کھرل کیا جاتا تو یہ بھی محلول کہاتے ہیں مثلاً یاقوت محلول، زمرد محلول وغیرہ۔

مدبر: گاہے کسی دوا کی کوئی خرابی دور کردی جاتی ہے تو وہ دوائے مدبر کہلاتی ہے۔ مثلاً سیماب مدبر گندھک مدبر وغیرہ مدبر کو شدھ بھی کہتے ہیں۔

مروق: کسی سبز بوٹی کے نچوڑے ہوئے پانی کو جوش دے کر اُس میں نوشادر وغیرہ ڈال کر اُسے پھاڑ کر صاف پانی نتھار لیا جاتا ہے یہی آب مروق ہے۔

مصفیٰ: لفظ مصفیٰ گاہے مدبر کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً گندھک مصفیٰ بھی کہتے ہیں۔ گاہے اس سے کوئی صاف کی ہوئی چیز مراد ہوتی ہے۔ مثلاً شہد مصفیٰ جس کو آگ میں پگھلا کر پانی میں چھان کر صاف کیا جاتا ہے۔ یا خراطین مصفیٰ جن کے اندر سے مٹی نکال کر صاف کیا جاتا ہے۔

مقرض: اس سے قینچی سے ریزہ کی ہوئی چیز مراد ہے۔ مثلاً ابریشم مقرض۔

مقشر: اس سے چھلکا اتری ہوئی شے مراد ہے۔ مثلاً بادام مقشر۔

معکس: کشتہ کی ہوئی شے کو کہتے ہیں، مثلاً ابرک معکس۔

منقیٰ: یہ اس چیز کو کہتے ہیں۔ جس کی بیج نکال دی گئی ہو۔ مثلاً آملہ منقیٰ۔

موصلین: اس سے مراد دونوں موصلی سیاہ و سفید ہے۔

نغدہ: کوئی سبز بوٹی یا کسی درخت کے پتوں کو کوٹ کر موٹی ٹکیہ یا گولہ سا بنا لیتے ہیں اس میں دھات رکھ کر کشتہ کی جاتی ہے۔ اسی ٹکیہ کو گولہ یا نغدہ یا لگدہ کہتے ہیں۔

نیم کوب: کسی دوا کو تھوڑا سا کوٹ لیا جائے۔ اسی کو نیم کوب کرنا یا جوکوب کرنا کہتے ہیں۔ جو دوائی کوٹی جاتی ہے وہ نیم کوفتہ کہلاتی ہے۔ مثلاً ملٹھی نیم کوفتہ وغیرہ۔

ہلیلہ جات: اس سے مراد ہلیلہ کابلی، ہلیلہ زرد اور ہلیلہ سیاہ ہیں۔

ہلیلہ: اس سے مراد صرف ہلیلہ زرد ہوتی ہے۔

اوزان اور پیمانے

جدید عشری اوزان

۱۰ ملی گرام	۱ سینٹی گرام	۱۰ گرام	۱ ڈیکا گرام
۱۰ سینٹی گرام	۱ ڈیسی گرام	۱۰ ڈیکا گرام	۱ ہیکٹو گرام
۱۰ ڈیسی گرام	۱ گرام	۱۰ ہیکٹو گرام	۱ کلو گرام

عشری اور انگریزی اوزان کا مقابلہ

۱ گرین	۶۵ ملی گرام	۱ ملی گرام	۱۵ء گرین
۱۵ء۴۳۲ گرین	۱ گرام	۱ گرام	۱۵ء۴۲۳ گرین
۶۰ گرین ۱ ڈرم	۳ء۹ گرام	۱ گرام	۲۵ء ڈرام
۴۳۷ء۵ گرین	۲۸ء۳۵ گرام	۱ گرام	۰۳ء اونس
	۱ اونس	۱ کلو گرام	۲ پونڈ ۳۴/۱۱ اونس
		۱ اسٹون	۶ء۳۵ کلو (۱۴ پونڈ)
۴۵۴ـ۶۰۰ گرین	۲۹ء۵۷۰ گرام		
۷۰۰۰ گرین (پونڈ)	۴۵۴ گرام		

سیالات کے عشری پیمانے

۱۰ ملی لٹر	۱۰ سینٹی لٹر	۱۰ لٹر	۱ ڈیکا لٹر
۱۰ سینٹی لٹر	۱ ڈیسی لٹر	۱۰ ڈیکا لٹر	۱ ہیکٹو لٹر
۱۰۰ ڈیسی لٹر	۱ لٹر	۱۰ ہیکٹو لٹر	۱ کلو لٹر

خانگی پیمانوں کا مقابلہ

پیمانہ/ڈراپ		متروکہ مقدار	مروجہ مقدار
چائے کا چمچہ	(ٹی اسپون فل)	۱ فلوئڈ ڈرام	۴ ملی لٹر
کھیر کا چمچہ	(ڈی زرٹ سپون فل)	۲ فلوئڈ ڈرام	۸ ملی لٹر
کھانا کھانے کا چمچہ	(ٹیبل سپون فل)	۴ فلوئڈ ڈرام	۱۵ ملی لٹر
شراب کا گلاس	(وائن اسپون فل)	۲ فلوئڈ اونس	۶۰ ملی لٹر
چائے کی پیالی	(ٹی کپ فل)	۶ فلوئڈ اونس	۱۸۰ ملی لٹر

ڈاکٹری پیمانوں اوراوزان کا مقابلہ

ایک منم پانی کا وزن	(۶۲ درجہ فارن ہیٹ پر)	=	۱۱۹ء گرین
ایک فلوئڈ ڈرام	(۶۰ منم) // // //	=	۴۳ء۶۷۷ گرین
ایک فلوئڈ اونس	(۸۰ منم) // // //	=	۴۳۷ء۵ گرین
ایک پائنٹ	(۲۰ فلوئڈ اونس) //////	=	۸۷۵۰ گرین

انگریزی اوزان اور عشری اوزان کا مقابلہ

۱/۶۰ گرین	=	۱ء۰ ملی گرام	۱/۵ گرین	=	۱۲ ملی گرام
۱/۵۰۰ گرین	=	۱۲ء۰ ملی گرام	۱/۴ گرین	=	۱۶ ملی گرام
۱/۴۰۰ گرین	=	۱۵ء۰ ملی گرام	۱/۳ گرین	=	۲۰ ملی گرام
۱/۳۲۰ گرین	=	۲ء۰ ملی گرام	۲/۵ گرین	=	۲۵ ملی گرام
۱/۲۴۰ گرین	=	۲۵ء۰ ملی گرام	۱/۲ گرین	=	۳۰ ملی گرام
۱/۲۰۰ گرین	=	۳ء۰ ملی گرام	۳/۵ گرین	=	۴۰ ملی گرام
۱/۱۶۰ گرین	=	۴ء۰ ملی گرام	۳/۴ گرین	=	۵۰ ملی گرام
۱/۱۲۰ گرین	=	۵ء۰ ملی گرام	۱ گرین	=	۶۰ ملی گرام
۱/۱۰۰ گرین	=	۶ء۰ ملی گرام	۱ ۱/۴ گرین	=	۷۵ ملی گرام
۱/۸۰ گرین	=	۸ء۰ ملی گرام	۱ ۱/۳ گرین	=	۸۰ ملی گرام
۱/۶۰ گرین	=	۱ء۰ ملی گرام	۱ ۱/۲ گرین	=	۱ء۰ ملی گرام
۱/۵۰ گرین	=	۲ء۱ ملی گرام	۲ گرین	=	۱۲ء۰ ملی گرام
۱/۴۰ گرین	=	۵ء۱ ملی گرام	۲ ۱/۲ گرین	=	۱۵ء۰ ملی گرام
۱/۳۰ گرین	=	۲ ملی گرام	۳ گرین	=	۲ء۰ ملی گرام
۱/۲۴ گرین	=	۵ء۲ ملی گرام	۴ گرین	=	۲۵ء۰ ملی گرام
۱/۲۰ گرین	=	۳ ملی گرام	۵ گرین	=	۳ء۰ ملی گرام
۱/۱۶ گرین	=	۴ ملی گرام	۶ گرین	=	۴ء۰ ملی گرام
۱/۱۲ گرین	=	۵ ملی گرام	۷ گرین	=	۴۵ء۰ ملی گرام
۱/۱۰ گرین	=	۶ ملی گرام	۷ ۱/۲ گرین	=	۵ء۰ ملی گرام
۱/۸ گرین	=	۸ ملی گرام	۱۰ گرین	=	۶ء۰ گرام

۱/۶ گرین	=	۱۰ ملی گرم	۱۲ گرین	=	۰ء۷۵ گرام
گرین	=	۱ ملی گرم	۷۵ گرین	=	۵ گرام
۲۰ گرین	=	۱ء۳ ملی گرم	۹۰ گرین	=	۶ گرام
گرین	=	۱ء۶ ملی گرم	۱۲۰ گرین	=	۸ گرام
۳۰ گرین	=	۲ ملی گرم	۱۵۰ گرین	=	۱۰ گرام
۴۰ گرین	=	۲ء۶ ملی گرم	۴ ڈرام	=	۱۵ گرام
۴۵ گرین	=	۳ ملی گرم	۱ اونس	=	۳۰ گرام
۶۰ گرین	=	۴ ملی گرم			

انتباہ: یہ واضح رہے کہ انگریزی اوزان کے مقابلہ میں جو عشری اوزان لکھے گئے ہیں وہ تقریبی ہیں تا کہ معالج کو دواؤں کی مقدار خوراک مقرر کرنے میں آسانی ہو۔

متروکہ پیانوں اور مروجہ عشری پیانوں کا مقابلہ

متروکہ پیانے		مروجہ پیانے	متروکہ پیانے		مروجہ پیانے
۱/۲ منم	=	۰ء۰۳ ملی لٹر	۱۲ منم	=	۰ء۷۵ ملی لٹر
۳/۴ منم	=	۰ء۰۵ ملی لٹر	۱۵ منم	=	۱ ملی لٹر
۱ منم	=	۰ء۰۶ ملی لٹر	۳۰ منم	=	۲ ملی لٹر
۱ ۱/۲ منم	=	۰ء۱ ملی لٹر	۴۵ منم	=	۳ ملی لٹر
۳ منم	=	۰ء۲ ملی لٹر	۱ فلوئڈ درام	=	۴ ملی لٹر
۴ منم	=	۰ء۲۵ ملی لٹر	۱ ۱/۴ فلوئڈ درام	=	۵ ملی لٹر
۵ منم	=	۰ء۳ ملی لٹر	۲ فلوئڈ درام	=	۸ ملی لٹر
۸ منم	=	۰ء۵ ملی لٹر	۲ ۱/۲ فلوئڈ درام	=	۱۰ ملی لٹر
۱۰ منم	=	۰ء۶ ملی لٹر	۴ فلوئڈ درام	=	۱۵ ملی لٹر
*		*	۱ فلوئڈ اونس	=	۳۰ ملی لٹر

انتباہ: مندرجہ بالا جدول میں متروکہ پیانوں کے مقابلہ میں جو جدید عشری پیانے لکھے گئے ہیں وہ تقریبی ہیں۔

قدیمی طبی اوزان

حبہ	=	۱ رتی	مثقال	=	ساڑھے چار ماشہ
قمحہ	=	۱/۲ رتی	دام خام	=	۱۴ ماشہ

دانگ روانق	=	۳٫۴۴ رتی	دام پختہ	=	۲۱ ماشہ
شعیرہ	=	۲٫۱ رتی	اوقیہ	=	اڑھائی تولہ تقریباً
قیراط	=	۲ رتی	رطل	=	نصف سیر تقریباً
درہم	=	ساڑھے تین رتی			

متروکہ دیسی اوزان

۸ چاول	=	۱ رتی	۲ چھٹانک	=	آدھ پاؤ
۸ رتی	=	۱ ماشہ	۴ چھٹانک	=	۱ پاؤ
۱۲ ماشہ	=	۱ تولہ	۸ چھٹانک	=	آدھ سیر
۵ تولہ	=	۱ چھٹانک	۱۶ چھٹانک	=	ایک سیر

دیسی اوزان کا عشری اوزان سے مقابلہ

ایک چاول	=	۵٫۸۱۵ ملی گرام	۱ تولہ	=	۱۱ء۶۶۴ گرام
ایک رتی	=	۱۲۵ گرام	۵ تولہ	=	۵۸ء۳۱۹ گرام
ایک ماشہ	=	۱ گرام تقریباً	۱ سیر	=	۹۳۳ء۱۰۴ گرام

عشری پیمانہ ہائے طول

۱۰ ملی میٹر	=	۱ سینٹی میٹر	۱۰ میٹر	=	۱ ڈیکا میٹر
۱۰ سینٹی میٹر	=	۱ ڈیسی میٹر	۱۰ ڈیکا میٹر	=	۱ ہیکٹو میٹر
۱۰ ڈیسی میٹر	=	۱ میٹر	۱۰ ہیکٹو میٹر	=	۱ کلو میٹر

عشری پیمانہ ہائے طول کا انگریزی پیمانہ ہائے طول سے مقابلہ

۱ ملی میٹر	=	۰ء۰۳۹۴ انچ	۱ میٹر	=	۳۹ء۳۷۰ انچ
۱ سینٹی میٹر	=	۰ء۳۹۳۷ انچ	۱ ڈیکا میٹر	=	۱۰ء۹۳۶۱ گز
۱ ڈیسی میٹر	=	۳ء۹۳۷ انچ	۱ ہیکٹو میٹر	=	۱۰۹ء۳۶۱ گز
			۱ کلو میٹر	=	۰ء۶۲۱۴ میل

متروکہ انگریزی پیمانہ ہائے طول کا عشری پیمانہ ہائے طول سے مقابلہ

۱ انچ	=	۲۵ء۴ میٹر	۱ گز	=	۰ء۹۱۴۴ میٹر
۱ فٹ	=	۳۰ء۴۸ میٹر	۱ میل	=	۱ء۶۰۹۳ کلو میٹر

مرکبات

مرکبات کی حفاظت

مرکبات میں بعض کو پھپھوندی لگ جاتی ہے بعض میں کیڑے پیدا ہو جاتا ہیں یا کوئی اور فساد پیدا ہو جاتا ہے۔اس قسم کی خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے کچھ تدابیر عمل میں لانے کی ضرورت ہے۔مختلف گروہ کی مرکب دواؤں کے لیے حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

اطریفلات: ۔ان کا جزو اعظم ہڑ، بہڑہ، آملہ ہوتے ہیں یہ تینوں ٹین ،لوہے، تانبے وغیرہ کے برتن میں رکھنے سے برتن کو سیاہ کر دیتے ہیں اور خود بھی ان کا اثر قبول کر لیتے ہیں اس لیے ان کو شیشے جیسی یا دھات کے قلعی شدہ مرتبان میں رکھنا چاہیئے۔

۲۔ اطریفلات کو جہاں تک ممکن ہو شہد میں بنایا جائے ،شہد نہ ملنے پر شکر استعمال کی جائے۔

۳۔ اطریفلات کو تیار کرنے کے کم از کم چالیس روز بعد استعمال کی جائے ، جتنے پرانے ہوں اتنے ہی قوی الاثر سمجھے جاتے ہیں۔

۴۔ کچھ دنوں تک رکھا رہنے سے اگر خشک ہو جائے تو اس میں شہد مصفی یا قوام شکر ملا کر رکھ سکتے ہیں۔

خمیرہ جات: ۔خمیروں میں گھوٹتے وقت اجزاء ہوائیہ زیادہ مقدار میں مل کر ان کو سفید یا سفیدی مائل کر دیتے ہیں اور ان میں خمیر سا پیدا ہو جاتا ہے اس لیے ان کی حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل تدابیر پر عمل کریں۔

۱۔ خمیرہ کو اتنی مقدار میں بنانا بہتر ہے کہ جس موسم کا بنا ہوا اسی موسم میں ختم ہو جائے۔

۲۔ خمیروں کو شیشے کے مرتبان میں رکھا جائے ،خمیرہ رکھنے سے پہلے ان کو اچھی طرح دھو کر خشک کر لیا جائے۔

۳۔ خمیرے کو مرتبان میں منہ تک نہ بھرا جائے۔کم از کم مرتبان کا چوتھائی حصہ ضرور خالی رہنا چاہیئے۔

۴۔ خمیرہ بھرنے کے بعد مرتبان کو ٹھنڈی جگہ ڈھک کر رکھیں۔

۵۔ خمیرے میں بیرونی نمی ہرگز نہ پہنچے۔یہاں تک کہ نہ اس میں ایک قطرہ پانی گرے نہ گیلا ہاتھ لگے۔

۶۔ جب مرتبان سے خمیرہ نکالنے کی ضرورت پیش آئے تو پاک صاف چمچہ سے نکالیں

۷۔ خمیروں کو خراب ہونے سے محفوظ رکھنے کے لیے ان میں قوام بناتے وقت ست لیموں اور نظرون بنجادی بھی ملائے جاتے ہیں۔ جن کی مقدار خمیروں کے نسخہ میں درج ہے۔

سفوفات: سفوفات کی صورت میں دواؤں کے اجزاء متفرق ہو جاتے ہیں۔اس لیے دوسروں کے مقابلہ میں ان کی عمریں کم ہوتی ہیں۔ یعنی جلدی خراب ہو جاتے ہیں۔اس لیے ان کی حفاظت کے لیے حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔

۱۔ سفوفات زیادہ مقدار میں نہ رکھے جائیں خصوصاً جن میں نشاستہ ،مغز سنگھاڑہ اور دیگر مغزیات ہوں ان کو صرف اتنا بنایا جائے جو دو تین ماہ کے لیے کافی ہوں۔

شربت:۔ کبھی کبھی شربت سڑ جاتے یا ان میں جیلی جم جاتی ہے۔ اس لیے حسب ذیل ہدایات کی پابندی ضروری ہے۔

۱۔ قوام درست بنایا جائے۔

۲۔ شربت کو سڑنے یا ان میں دانہ پڑنے سے روکنے کے لیے شکر کے ساتھ لیموں ملا کر قوام بنائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو سوڈیم بینزوویٹ تھوڑے پانی میں حل کر کے اضافہ کریں اور جب قوام درست ہو جائے تو آگ سے اتار لیں اور چھان کر بوتلوں میں محفوظ کر لیں۔ ست لیموں اور سوڈیم بینزوویٹ کی مقدار مختلف شربتوں میں مختلف ہوتی ہے۔

۳۔ شربتوں کے تحفظ کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ جن بوتلوں یا برتنوں میں شربت رکھا جائے بالکل خشک ہوں اس بات کی احتیاط ہو کہ شربت میں بیرونی نمی نہ پہنچے اور بوتلوں پر ہمیشہ کارک لگا رہے۔

۴۔ جس شربت کے نسخہ میں بہدانہ، اسپغول، گاؤزبان وغیرہ لعاب دار دوائیں ہوں تو اس کا قوام بنانے میں احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ ایسے شربتوں میں لعابات کی وجہ سے جلد ہی قوام کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ ایسی حالت میں قوام کو کچھ زیادہ دیر تک پکانے کی ضرورت ہے۔

عرقیات: زیادہ دیر رکھا رہنے اور ضروری احتیاط نہ کرنے سے عرقیات میں جالا پڑ جاتا ہے، یا ان کو ہلا کر دیکھنے سے ان میں باریک ریشے یا پھٹکیاں سی تیرتی نظر آنے لگتی ہیں۔ ایسی صورت میں سمجھ لیں کہ عرق صحیح حالت میں نہیں رہا اور ایسا عرق ناقابل استعمال ہو جاتا ہے۔

عرقیات کو اس خرابی سے محفوظ رکھنے کی تدبیر یہ ہے کہ عرق کشید کرنے کے بعد اس میں ایک بوتل عرق پتیلی میں ڈال کر جوش دیں، کل عرق جتنی بوتل ہو۔ فی بوتل 3/4 گرام کے حساب سے ست لوبان لے کر اس عرق میں حل کر دیں۔ پھر اس تمام عرق کو ملا کر صاف شفاف خشک بوتلوں میں بھر کر اور ڈاٹ لگا کر محفوظ رکھیں۔ اب عرق ہر قسم کی خرابی سے محفوظ رہے گا۔

گولیاں:۔ ۱۔ شیشی میں رکھنے سے پہلے گولیوں کو خشک کر لیں، گیلی گولیوں کو پھپھوند لگ جاتی ہے۔

۲۔ بعض گولیوں میں ایسے لیسدار اجزاء ہوتے ہیں کہ خشک رکھنے کے باوجود ہوا کی نمی سے نم ہو کر چمٹ جاتے ہیں۔ ایسی گولیوں پر ان کے رکھنے سے پہلے ہی نشاستہ یا صاف کھریا مٹی باریک پیس کر چھڑک دی جاتی ہے۔

۳۔ جن گولیوں میں نمک اور شورہ جیسی نمی کو جذب کرنے والی چیزیں ہوں یا کافور جیسے اڑنے والی دوائیں ہوں یا کڑوی گولیاں ہوں تو ان پر چاندی کے ورق چڑھا دیتے ہیں۔ یا شکر کا غلاف چڑھا کر شیشی میں ڈال کر ڈاٹ لگا کر رکھتے ہیں۔

معجونات

جوارشات، لبوبات، مفرحات وغیرہ سب کو معجونات ہی میں شمار کرتے ہیں ان کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے حسب ذیل تدابیر پر عمل کیا جائے۔

۱۔ معجونوں کا قوام درست ہو۔

۲۔ جب معجون تیار ہو جائے تو اس کو شیشے یا چینی کے پاس صاف خشک برتن میں سر پوش سے ڈھک کر رکھیں۔ اگر کسی دھات کے برتن میں رکھا جائے تو اس پر قلعی کرا لیں۔

۳۔ معجون کو نمی پہنچنے سے محفوظ رکھا جائے پانی کے چند قطرے بھی اسے خراب کر سکتے ہیں۔

۴۔ صاف اور خشک چمچہ کے ذریعہ مرتبان سے نکالیں۔

۵۔ معجون کا قوام بناتے وقت شکر کے ساتھ ست لیموں شامل کر کے قوام بنایا جائے۔ جب قوام درست ہونے کے قریب ہو تو سوڈیم بینزوویٹ (ست لوبان) پانی یا عرق میں گھول کر ملا دیں ایک جوش آنے کے بعد آگ سے نیچے اتار کر دوائیں ملا کر معجون تیار کریں۔ ایسا کرنے سے معجون ہر قسم کی خرابیوں سے محفوظ رہے گی۔

۶۔ اگر تیار شدہ قوام شکر سے معجون بنانا ہو تو ست لیموں یا سوڈیم بینزوویٹ ملانے کی ضرورت نہیں۔ ست لیموں اور سوڈیم بینزوویٹ کی مقدار مختلف معجونوں میں مختلف ہوتی ہے۔ بعض میں اس کے ملانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

دواؤں کی مقدار و خوراک

فارما کوپیا میں دواؤں کی مقدار خوراک ایک اوسط آدمی کی درج کی گئی ہے۔ زیادہ جسیم وقوی کو کچھ زیادہ مقدار بھی دی جاسکتی ہے۔ مختلف عمروں کے لیے مقدار خوراک کا تعین حسب ذیل اصول سے کیا جاتا ہے۔

ایک سے دو سال تک کے بچوں کے لیے بڑوں کی مقدار خوراک کا چھٹا حصہ۔

تین سے چار سال تک کے بچوں کے لیے بڑوں کی مقدار خوراک کا چوتھا حصہ۔

چھ سال تک کے بچوں کے لیے بڑوں کی مقدار خوراک کا تیسرا حصہ۔

نو سال تک کے بچوں کے لیے بڑوں کی مقدار خوراک کا نصف حصہ۔

چودہ سال تک کے بچوں کے لیے بڑوں کی مقدار خوراک کا تین چوتھائی حصہ۔

زہریلی دوائیں جیسے افیون وغیرہ بچوں کو استعمال نہیں کرانا چاہیئے اگر کوئی ایسا مرکب استعمال کرانا ضروری ہو تو اسے مذکورہ بالا خوراک کے قاعدے سے مستثنیٰ سمجھا چاہیئے اور کم از کم صرف اس حد تک دیں جتنا ضروری ہو اور ایسی خوراک مزید کم کردی جاتی ہے۔ اور یہ معالج کی ہدایت اور مرض کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے۔

مُفردات

مفردات کا تحفظ

مفرد دوائیں چاہے وہ کسی نوع (حیوانی، نباتاتی، معدنی) سے متعلق ہوں ان کی قوت تاثیر یا عمروں کے کم و بیش ہونے کا انحصار ان کے رکھ رکھاؤ پر ہے۔ اگر ان کو بیرونی آب و ہوا سے بچا کر کسی شیشہ کے جار میں رکھا جائے۔ تو زیادہ صحیح حالت میں رہیں گی۔ بے احتیاطی سے رکھنے میں ان کی قوت، تاثیر پہلے ہی ضائع ہو جائے گی، مثلاً کافور، مشک جیسی چیزیں جن سے لطیف، خوشبودار اجزاء ہمیشہ اڑتے رہتے ہیں۔ ان کو شیشی میں مضبوطی سے بند کر کے رکھنا چاہیے اور اس پر مزید احتیاط کے لئے کپڑا باندھ دیں۔

پودینہ، سنبل وغیرہ خوشبودار چیزوں کو بھی ہوا سے محفوظ ڈبوں میں بند رکھیں ورنہ ان کی بُو اُڑ جانے سے قوت تاثیر کم ہو جائے گی۔ نمی سے بھی دواؤں کی قوت تاثیر متاثر ہوتی ہے۔ کوئی دوا ہوا سے کھلا ہرگز نہ رکھیں۔ کپڑے یا ٹاٹ کی تھیلی میں بھی دوا محفوظ نہیں رہتی۔ مختلف دواؤں کو ایک ہی ڈبہ میں علیٰحدہ علیٰحدہ پڑیاں بنا کر رکھنا بھی نامناسب ہے۔

دواؤں کا ذخیرہ

مرکبات کے لئے دواؤں کا ذخیرہ نہایت ضروری ہے۔ ہماری طب کا زیادہ تر انحصار نباتاتی دواؤں پر ہے۔ اس لئے ہر معالج اور دواساز کو ان کے متعلق مکمل معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ کسی مفرد دوا کے بہتر ہونے کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ اپنی ظاہر شکل وصورت میں قائم ہو۔ اس کے علاوہ اس کی بُو، مزہ اور رنگت وغیرہ تمام علامتیں پورے طور پر اس میں موجود ہوں اور وہ کسی دوسری چیز کی ملاوٹ سے بالکل پاک صاف ہو۔

مفرد دواؤں کی شناخت کے علاوہ ان کے مقام پیدائش سے بھی واقفیت ضروری ہے۔ کیونکہ ایک ہی دوا ایک مقام پر پیدا ہونے والے اجزاء موثرہ کے اعتبار سے قوی ہوتی ہیں۔ لیکن دوسرے مقام پر پیدا ہونے والی وہی دوا اپنے افعال واثرات کے لحاظ سے پہلی دوا کے مقابلہ میں ضعیف ہوتی ہے۔ مثلاً جواسرول یو۔ پی اور بہار کے اضلاع میں ہوتی ہے اس کے اجزاء ڈیرہ دون میں پیدا ہونے والی دوا سے زیادہ قوی ہوتے ہیں۔ اسی طرح فتح پور ہسوہ یوپی بھارت کے علاقے میں پیدا ہونے والی روائتی بوٹی دوسرے علاقوں میں پیدا ہونے والی بوٹی سے قوی ہوتی ہے۔

مُضر و مصلح

بعض مفید ادویہ کو ہم کسی خاص غرض کے لئے استعمال کرتے ہیں تو اس میں نفع کے ساتھ مضرت کا دوسرا پہلو بھی ہوتا ہے۔ اس وقت دانشور معالج کا فرض ہے کہ مضرت کے اس پہلو کو فراموش نہ کرے، یعنی اس دوا سے فائدہ بھی حاصل کرے اور اس کے ضرر کی کسی طرح اصلاح بھی کر ڈالے تاکہ ایک مرض کے ازالہ کے ساتھ دوسری مرض کی حالت نہ پیدا ہو جائے۔

اصلاح کی صورتیں: اصلاح ادویہ کی مختلف صورتیں ہیں:۔

(۱) بعض اوقات دوا کی اصلاح اس کی کیفیت اور شکل بدلنے سے حاصل ہو جاتی ہے۔ مثلاً بریاں کرنا، سوختہ کرنا، مدبر کرنا، دھونا گرم کرنا، ٹھنڈا کرنا وغیرہ۔

(۲) بعض دفعہ دوا کے طریق استعمال بدل دینے سے مضرت کا پہلو بدل جاتا ہے۔ مثلاً ایک دوا منہ کے راستے کھانے سے قے لاتی ہے اور معدہ میں کرب پیدا کرتی ہے۔ مگر جب بصورت حقنہ استعمال کی جاتی ہے تو ضرر کا پہلو دور ہو جاتا ہے۔ ضروری صورت میں ایسی دوا کیپسول میں بھر کر کھلا دی جاتی ہے۔

(۳) بعض دواؤں کو دوسری دواؤں کے ساتھ ملانے سے اصلاح ہو جاتی ہے۔ اس قسم کی دوا کو مصلح کہا جاتا ہے۔ اس کی صورتیں یہ ہیں۔

(الف) بعض اوقات دوا مصلح اصلی دوا کے ساتھ مل کر اس کے جزو موثر کی حدت کو خفت سے بدل دیتی ہے۔ مثلاً اگر ایک ترش یا کھاری دوا کو پانی کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے تو اس کا ترش و کھاری پن کم ہو جاتا ہے اور نقصان کا خطرہ نہیں رہتا۔ پانی کے علاوہ روغن اور شکر سادہ مائیات مثلاً لعاب صمغ غربی کتیرا یا لیموں کا شربت، شراب میں پانی ملانا اسی گروہ میں شامل ہیں۔

(ب) بعض اوقات دواء مصلح متضاد ہونے کی وجہ سے اصلی دوا کے ساتھ مل کر اپنا مزاج پیدا کر لیتی ہے اس کے اصلی اور نوعی خواص کو کم و بیش بدل دیتی ہے اواس کی درج ذیل صورتیں یہ ہیں:

(ا) دوا مصلح اس مضر جز پر عمل کرتی ہے جو کہ مرکب القویٰ ہیں۔ اصلی جوہر فعال کے ساتھ پایا جاتا ہے اس سے اس مضر کی ترکیب مزاجی ٹوٹ جاتی ہے اور جوہر فعال کی قوت قائم رہتی ہے۔

(ب) دواء مصلح براہ راست اصلی دوا کے جز فعال پر عمل کرتی ہے مثلاً ایک دوا کا جز فعال ضرورت سے زیادہ ترش ہے۔ جب ایسی دوا کے ساتھ نمک ملا دیا جاتا ہے تو اس کی ترشی ٹوٹ کر حسب منشا کمزور ہو جاتی ہے۔

(ج) بعض اوقات دواء مصلح نہ سادہ طور پر دوا کی حدت کم کرتی ہے نہ دوا کے مزاج میں نہ صرف وتغیر پیدا کرتی ہے بلکہ وہ محض بدنی اور

مخصوص تاثیر کے لحاظ سے متضاد عمل کرتی ہے مثلاً تسکین درد کے لئے ایک دوا مسکن درد کے لئے تو مفید ہے مگر ضعف قلب ہے، اس لئے اس کے ساتھ مقوی قلب ومحرک دوا دیں گے تو یہ دوا محرک مصلح کہلائے گی۔

بعض دفعہ خون بند کرنے یا کسی رطوبت کے سیلان کو روکنے کے لئے دوائے حابس وقابض کی ضرورت ہوتی ہے، چنانچہ اس سے جریان ورطوبت کی بندش کے ساتھ آنتوں میں قبض ہو جاتا ہے ایسی حالت میں دوائے ملین سے قبض رفع کی جائے گی۔

ادوّیہ کا بدل

بعض ادویہ کسی مجبوری سے اگر استعمال نہیں کر سکتے تو اس مقصد کے لئے دوسری دوا دی جاتی ہے۔ اس قسم کی قائم دواؤں کو بدل کہتے ہیں۔ اس کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب وہ نایاب ہو یا زیادہ قیمتی ہو یا اس میں کوئی مضرت کا پہلو ہو۔ کوئی دوا حقیقی معنوں میں دوسری کا بدل نہیں ہوتی۔ بلکہ بعض کا تو بدل معلوم ہی نہیں۔ بعض ادویہ کا بعض افعال میں بدل ممکن ہے۔ بعض ادویہ کی مختلف قسمیں ایک دوسرے کا بدل ہیں۔

بدل کا مسئلہ نہایت پیچیدہ ہے مثلاً جب ایک دوا کسی مقصد میں دوسری کا بدل ہے تو ضروری نہیں دوسری دوا اس مقصد میں پہلی دوا کے لئے بدل اور قائم مقام ہو مثلاً دہی کا بدل اگر پیٹھا ہے تو ضروری نہیں پیٹھا کا بدل دہی ہو۔ حالانکہ پیٹھے کا بدل کدوئے دراز کو بتایا گیا ہے۔ اس طرح مصطگی کا بدل اذخر قرار دیا گیا ہے اور اذخر کی کا بدل قسط ہے اور قسط کا بدل عاقرقرعا اور عاقرقرعا کا بدل فلفل اور دار فلفل کا بدل زنجبیل۔ ہاں بعض جگہ دار فلفل کا بدل اگر زنجبیل ہے تو زنجبیل کا بدل دار فلفل ہے۔ اصل میں یہ مسئلہ کیمیا کی طرح پیچیدہ ہے۔ مثلاً جس طرح یہ بتانا مشکل ہے کہ کسی معمولی سے معمولی دھات کا رنگ کیوں بدل جاتا ہے اسی طرح ہر دوا کے لئے بتانا آسان نہیں ہے البتہ قیاس وتجربہ کی رہبری سے اتنا بتایا جا سکتا ہے کہ بعض ادویہ میں کوئی جز وافعال مشترکہ پایا جائے۔ مثلاً تخم کدوئے شیریں مغز تربوز، مغز تخم پیٹھہ اور اکثر مغزیات میں چند اجزاء مشترک طور پر پائے جاتے ہیں اس لئے یہ ایک دوسرے کا قائم مقام ہیں۔ املی، آلو بخارا، الائچی چھوٹی اور بڑی، ترنجبین اور شیر خشت انیسون اور بادیان اسی قسم کی دوسری چیزیں ایک دوسری کا بدل ہیں۔ اس طرح وہ چیزیں بھی بدل بن سکتی ہیں جس کے اجزاء افعال گو ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ مگر ان کی نوعیت عمل تقریباً یکساں ہے۔ لیکن اس کے باوجود چونکہ ہر دوا کے مخصوص اجزاء ترکیبی دوسری ادویہ سے الگ ہوتے ہیں۔ اس لئے بعض نازک فرق وامتیاز نکل آتے ہیں اور بدلیت کے مسئلہ میں دقت پیش آتی ہے۔ بہر حال ادویہ کے بدل سے توقعات محدود رکھنے چاہیں۔

ادویہ کی عمریں

اس کا مطلب یہ ہے کہ دوائیں کتنی مدت تک ایسی حالت میں رہتی ہیں کہ وہ اپنے مخصوص افعال واعمال صحیح انجام دیتی رہیں۔ اور یہ ایک طے شدہ امر ہے کہ دوا اسی حالت میں اپنے مطلوبہ افعال واثرات سرانجام دے سکتی ہے۔ جب تک اس کی ظاہری شکل رنگ وبو، مزہ، وزن وغیرہ پر قائم رہے۔ اسی اصول پر دوا کی عمروں کا تعین کیا جاتا ہے۔ چنانچہ مذکورہ بالا اصول وقواعد کی روشنی میں بارہا تجربات کے بعد نباتی، حیوانی اور معدنی ادویہ جو حیوانی ہوتی ہیں۔ معمولی فضا میں سڑ جاتی ہیں۔ مگر اسباب عفونت سے بچا کر رکھنے میں زیادہ مدت تک کام دے سکتی ہیں۔

اس طرح کافور جیسی اشیاء فضا میں اُڑ جاتی ہیں۔ ایسی چیزوں کو شیشے میں بند کر کے ٹھنڈے اور محفوظ مقام پر رکھا جائے تو زیادہ پر قائم رہتی ہیں۔

گلاب کے پھول کی تازہ پتیاں جلد مرجاتی ہیں، مگر ماحول وفضا بدلنے سے تازگی تادیر قائم رہتی ہے۔ بہر حال ادویہ کی عمر معلوم کرنے کا کلی اصول یہ ہے کہ جب تک دوا کے ظاہری صفات رنگ وبُو، مزہ، شکل وصورت، وزن، صفائی، جلد وغیرہ قائم ہیں اور اس کی ہیت ترکیبی قائم ہے۔ اس سے مطلوبہ امر صادر ہوسکتے ہیں یہ قانون معدنی، نباتاتی وحیوانی جملہ اقسام پر نافذ ہے۔ ان خواص میں جس قدر کمی آئے گی اسی قدر اثرات میں ضعف آتا رہے گا۔

نباتاتی دواؤں کی عمریں

اس میں نباتات کے پھول، تخم، جڑ، چھال کے علاوہ گوند، دودھ، عصارے اور روغن شامل ہیں۔

پھول: یہ نہایت نرم ونازک ہوتے ہیں ان کے اجزائے موثرہ چھ ماہ بعد اپنی قوت زائل کرنے لگتے ہیں اور ایک سال تک قطعی ناقابل استعمال ہوتے ہیں۔

پتے: پتے کی قوت اگرچہ پھولوں سے زیادہ ہوتی ہے تاہم یہ بھی ایک سال بعد قابل استعمال نہیں رہتے۔

پھل: ان تمام کے حالات ایک جیسے نہیں، بعض اپنے موسم میں ہی اثرات دکھاتے ہیں اور دوسرے موسموں میں قابل استعمال نہیں ہوتے۔ بعض ذخیرہ کرنے پر جلد ہی خراب ہوجاتے ہیں۔

تخم: (بیج) مثلاً بادیان زیرہ، سویا دھنیہ، تخم کاہو، تخم خشخاش، تخم خیارین، تخم خربزہ، تخم تربوز، تخم میتھی، تخم السی، بابچی وغیرہ بعض تخموں میں روغنی اجزا نسبتاً کم ہیں مثلاً بادیان، زیرہ، میتھی ان کی قوت دو تین سال تک قائم رہتی ہے۔ زیادہ روغنی اجزاء والے جیسے تخم کدو، تخم تربوز، تخم

خشخاش ان کی عمر دو سال سے زیادہ نہیں ہوتی۔ ایک سال بعد انکی طاقت کمزور ہونے لگتی ہے۔ بابچی میں تو ایک سال کے اندر ہی کیڑا لگ جاتا ہے اور بطور دوا قابل استعمال نہیں رہتی۔

جڑیں، شاخیں اور چھالیں: شاخیں مثلاً عود بلسان، چیتہ لکڑی، شکاعی، باد آورد وغیرہ، جڑیں مثلاً بیخ کاسنی، بیخ بادیان، بیخ کبر، بیخ انجبار، زراوند دونج حرج، درونج عقربی، عاقر قرحا، بہمن، زرنباد، سونٹھ، ہلدی قسط، کنگی وغیرہ ایک سال تک قائم رہتی ہیں۔ جڑوں کی عمریں دو سال تک ہیں اور ایک سال کے اندر بعض کو گھن لگ جاتا ہے مثلاً سونٹھ، چوب چینی بہمن وغیرہ، البتہ بعض چیزوں کی عمر دس سال تک ہے مثلاً قسط ہلدی، کنگی وغیرہ۔

چھال: چھالوں میں سے اکثر چھالوں کی عمر دو سال تک ہے۔ بعض کی عمر اس سے بہت زیادہ ہے مثلاً دارچینی، وتج کئی سال تک صحیح سالم حالت میں رہتی ہے۔

دودھ: بعض نباتات کے تازہ دودھ استعمال کیے جاتے ہیں اس لیے ان کے ذخیرہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ بعض منجمد دودھ خاص ناموں سے موسوم کیے جاتے ہیں مثلاً سقمونیا۔ فرفیون وغیرہ یہ سالہا سال تک کام دیتے ہیں اور قابل استعمال رہتے ہیں چنانچہ سقمونیا کی قوت تاثیر بیس سال اور فرفیون کی چالیس سال باقی رہتی ہے اور رافیون کی پچاس سال باقی رہتی ہے۔

گوند: نباتات کے گوند مثلاً گوند ببول، گوند کتیرا، اشق، جاؤشیر، لاکھ دم الاخوین وغیرہ کی قوت تین سال تک قائم رہتی ہے۔

عصارے: نباتات کے عصاروں سے مراد وہ خشک رب ہیں جو بعض درختوں کی لکڑیوں، چھالوں وغیرہ کے جوشاندوں کو خشک کر کے بناتے ہیں جیسے اقاقیا، رسوت، کتھ، ان کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔

روغن: بعض نباتات کے بیجوں سے بذریعہ مشین یا کولہو روغن نکالے جاتے ہیں ان میں بعض سرد ہوتے ہیں۔ جیسے روغن کاہو، روغنِ کدو، روغن خشخاش، انکی عمریں بہت کم ہوتی ہیں۔ بہت جلد نا قابل استعمال ہو جاتے ہیں۔ بعض گرم ہوتے ہیں مثلاً روغن زیتون، روغن کنجد، روغن سرسوں، روغنِ السی، روغن نارجیل، انکی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔ روغن بلسان کی عمر زیادہ ہے یہ پرانا زیادہ اچھا سمجھا جاتا ہے۔

حیوانی ادویہ کی عمریں

وہ دوائیں جو جانوروں سے حاصل کی جاتی ہیں مثلاً چربیاں، مغز وغیرہ، چربیوں کو آگ پر گرم کرنے کے بعد صاف رکھا جاتا ہے تو ایک سال تک صحیح حالت میں قائم رہتی ہیں۔ پتہ دو سال تک خشک کر کے صحیح حالت پر رکھا جا سکتا ہے۔ پنیر مایہ ایک سال تک قابل استعمال ہے۔ مغز کنجشک ہمیشہ تازہ استعمال کرنا چاہیئے۔ مشک عنبر، جند بیدستر جیسی حیوانی ادویہ زیادہ دیر صحیح حالت میں رہتی ہیں جب تک خوشبو دیں ان کو قابل استعمال سمجھیں۔

معدنی ادویہ کی عمریں

ان میں دو مختلف قسم کے پتھر اور مٹیاں شامل ہیں۔

حجریات: (پتھر) مثلاً یاقوت، زمرد، ہیرا، پکھراج، عقیق اور لاجورد۔ انکی قوت لمبی مدت تک قائم رہتی ہے۔

فلزات: (دھاتیں) ان کی عمروں میں کمی بیشی ہوتی ہے، بعض دھاتیں آب و ہوا سے کم متاثر ہوتی ہیں۔ مثلاً سونا، چاندی، جست، تانبہ اور سیسہ، ان کی عمریں بہت زیادہ ہوتی ہیں ہی لامحدود مدت تک قابل استعمال رہتی ہیں۔ لیکن بعض آب و ہوا سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں مثلاً لوہا، ان کی عمریں کم ہوتی ہیں سونے کے مقابلہ میں دوسری دھاتیں کمزور ہیں۔ سونا، آب و ہوا سے بالکل متاثر نہیں ہوتا۔ اس لیے سب دھاتوں سے افضل ہے، پھٹکڑی، مردار سنگ، روپا مکھی، سونا مکھی ان کی عمریں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ سفیدہ اور سیندور کی قوت پانچ چھ سال قائم رہتی ہے۔ زنگار کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔ ہیرا کسیس ایک سال کے اندر ہی خراب ہو جاتا ہے۔

مٹی: ۔ گیرو، ملتانی مٹی، گل ارمنی وغیرہ کی قوت تاثیرہ کئی سال تک قائم رہتی ہے مگر حجریات کے مقابلے میں کمزور ہیں۔

حجریات: ۔ کھرل شدہ حجریات کی قوت تاثیرہ بغیر کھرل کیے ہونے کے مقابلہ میں کچھ مدت کے بعد کم ہو جاتی ہے۔ البتہ معدنیات خواہ وہ دھاتیں ہوں یا پتھر کشتہ کرنے کی صورت میں قوت تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ پرانے کشتے جتنے پرانے ہوتے ہیں اتنی ہی ان کی قوت تاثیر بڑھتی رہتی ہے۔

نباتاتی دواؤں کے ذخیرہ کے اوقات

نباتاتی دواؤں کے پتے، پھول، پھل، بیج، چھال اور جڑیں حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔

پتے: ۔ نبات کے پتوں کو بطور دوا استعمال کرنے کے لیے ان کے پک جانے پر رنگ بدلنے سے پہلے ہی توڑ کر سکھا کر ذخیرہ کرنا چاہیئے۔ لیکن بعض خستہ نرم و نازک کونپلیں زیادہ مفید کارآمد سمجھی جاتی ہیں مثلاً برگد۔

پھول: ۔ (گل) نباتات کے پھول حاصل کرنے کا بہتر وقت وہ ہے جب ان کا زیادہ حصہ کھل کھلا ہو جو پھول پورے طور پر کھل کر مرجھا گئے ہوں اور زمین پر گر چکے ہوں ان کے دوائی اثرات کمزور ہوتے ہیں۔ البتہ بعض پھولوں کی کلیاں ہی زیادہ دوائی اثرات رکھتی ہیں مثلاً غنچہ انار، غنچہ یاسمین۔

پھل اور تخم: ۔ پھلوں اور پھولوں کو جمع کرنے کے لیے بہتر وقت وہ ہے جب کہ وہ اچھی طرح پک چکے ہوں لیکن بعض پھل کچے لینا ہی مناسب ہے مثلاً ببول کی پھلیاں اور کالی مرچوں کو نیم پختہ حالت میں توڑ لینا مناسب ہے۔

چھال: ۔ (پوست) درختوں کی چھال اس وقت اتار کر خشک کر کے ذخیرہ کرنی چاہیئے جبکہ ان پر بہار آنے والی ہو یا بہار آئی ہوئی ہو البتہ

جھاڑیوں کی چھال کو اس وقت اتار کر خشک کرنا بہتر ہے جب کہ ان کی بہار ختم ہو چکی ہو۔ خشک کرتے وقت خیال رکھیں کہ وہ بارش میں بھیگنے سے محفوظ رہیں۔

جڑیں:۔(بیخ) نباتات کی جڑیں ہمیشہ جاڑوں کے شروع میں پھول آنے سے پہلے آنے سے کاٹ کر خشک کر کے جمع کرنا چاہیئے۔

گوند:۔(صمغ) گوند اس وقت حاصل کرتے ہیں جبکہ ان کے پھول گرتے ہوں۔ اس کو صبح کے وقت طلوع آفتاب سے قبل یا تھوڑی دیر بعد اتارنا بہتر ہے۔

بوٹیاں:۔ ان کو تر و تازہ حالت اور پوری طرح نشو و نما پانے کے بعد اتارنا مناسب ہے۔

شناخت ادویہ

اس کے لیے چند اصول تحریر کیے جاتے ہیں۔

دواؤں کی ظاہری شکل:۔ یہ دواؤں کی شناخت میں مدد دیتی ہے داو ساز کو معلوم ہو کہ دوا جامد شکل میں ہے یا سیال یا سفوف ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ کسی درخت کا پھول ہے یا پتی یا جڑ یا چھال یا بیج۔ حیوانی یا معدنی کی قسم سے متعلق ہے۔

رنگ:۔ بعض ادویہ رنگ سے شناخت ہوتی ہے مثلاً عصارہ، ریوند زرد ہوتا ہے۔ دم الاخوین سرخ، طوطیا نیلا طباشیر سفید

وزن:۔ یہ بھی شناخت میں مدد دیتا ہے مثلاً شنگرف، مردار سنگ، رسکپور وزنی ہوتے ہیں۔ طباشیر اور کتھ وغیرہ ہلکے ہیں۔

بُو:۔ بُو ان کی شناخت میں مددگار ہوتی ہے مثلاً مشک عنبر، کافور، ہینگ، افیون، ایلوا اپنی مخصوص بو کے ذریعے آسانی سے شناخت ہو سکتے ہیں۔

مزہ:۔ یہ بھی شناخت میں مدد دیتا ہے۔ بعض دوائیں میٹھی ہوتی ہیں مثلاً ملٹھی، بعض تلخ اور کڑوی مثلاً چرائتہ، گلو، ایلوا، بعض چرپری مثلاً پپل اور مرچ سیاہ، بعض کیسلی جیسے مازو اور ہلیلہ وغیرہ۔

مختلف دوائیں کس طرح اثر کرتی ہیں

ایسی دوائیں جو آلات ہضم پر بذریعہ اعصاب (لسانی، حلقی، حسی) اثر کرتی ہیں۔

(ا) زبان پر اثر کرنے والی دوائیں:

حامضات (نباتی و معدنی تیزاب) لیموں، تمر ہندی، سرکہ، آلو بخار، سکنجبین۔

خوشبودار دوائیں: انیسوں، بادیان، سویا، الائچی، کشنیز، جائفل، دار چینی، زنجبیل، قرنفل، نعناع، پودینہ، ان میں خوشبودار تلخ ادویہ گل بابونہ، پوست نارنج، چرائتہ شامل ہیں۔

تلخ دوائیں: ایلوز (ایلوا) کچلہ اور اس کا جوہر نیم کی چھال۔

لعاب دار: صمغ عربی، کتاں، بادام، نشاستہ، اسپغول، شہد بیضہ مرغ۔

جی متلانے والی: حلتیت، بالچھڑ۔

لذاع: (تیز یا چرپری) سرخ مرچ، فلفل سیاہ، خردل کبابہ۔

سپرٹ دار ادویہ: وہ ادویہ جن میں روح الخمر پڑی ہوئی ہو، ہر قسم کے الکحل، کلوروفارم اور ایتھر وغیرہ

حلویات یا شیرینی: شکر، شہد، شیرہ، انگور، گلیسرین، شربت انار وغیرہ

(ب) دانتوں اور مسوڑھوں پر اثر کرنے والی دوائیں

سنونات یا منجن Tooth Powder

ان کا جز و اعظم کھریا مٹی یا کوئلہ ہوتا ہے اور یہ تین اقسام پر مشتمل ہے۔

دافع تعفن مثلاً! کونین، کاربالک ایسڈ، ست سہاگہ، ست اجوائن، تھائی مول وغیرہ

سنونات قابضہ، کتھہ، چھالیا، ہیرا کسی، پھٹکڑی، مرہ، ببول کی چھال

سنونات کھاری، چاک سوڈا یا میگنیشیا، مازو، پوست انار گلنار

مسکنات، افیون، کوکین کاربالک ایسڈ، کریازوٹ، کافور، منتھال، کلورل، یہ دوائیں دانتوں کے سوراخ میں لگائی جاتی ہیں۔

(ج) غدد لعابیہ پر اثر کرنے والی ادویہ:

افراز لعاب دہن کو زیادہ کرنے والی ادویہ جن سے دوران خون تیز اور سیکری شن کے لیے مواد مطلوبہ مہیا ہوتا ہے۔

(ا) وہ جو اعصاب کو تحریک دے کر لعاب دہن کی پیدائش کو زیادہ کرتی ہیں یہ دو اقسام پر مشتمل ہیں۔ تمام معدنی اور نباتاتی تیزاب،

چرپری اشیاء مثلاً زنجبیل، رائی وغیرہ، وہ جو معدہ میں جا کر معدہ وشش کی شاخوں کو تحریک پہنچا کر اور وہاں سے منعکس ہو کر غدد لعابیہ پر اثر کرتی ہیں مثلاً جی متلانے والی اور قے لانے والی دوائیں جیسے اثمد اور اپی کاک کوائنا وغیرہ، غصہ یا کسی مکروہ دوا کے دیکھنے سے بھی جی متلانے لگتا ہے۔

(ب) وہ جو اعصاب کے اختتامی سروں پر اثر کر کے لعاب دہن زیادہ کرتی ہیں جیسے پارہ کے مرکبات، تمباکو، پیلو وغیرہ،

(ج) وہ جو کریات دضوعصبی یا مرکز عصب پر اثر انداز ہو کر افراز زیادہ کرتی ہیں جیسے نکوٹین (جوہر تمباکو)

2۔ **مانعات افراز لعاب** Antisiala Gogue یہ چار طریق پر اثر کرتی ہیں۔

(ا) خراش دہن کو رفع کر کے عصاب کے حسی سروں پر مضعف اثر کرنے والی مثلاً بوریکس، سہاگہ، پوٹاشیم کلورائیڈ۔ یہ منہ کی سوزش کو رفع کر کے لعاب دہن کی کثرت کو کم کرتی ہیں۔

(ب) جو اعصاب کی حسی شاخ کے فعل کو کم یا سست کرتی ہیں مثلاً افیون یا جوہر افیون۔

(ج) وہ جو غدود کے عروق کو تنگ کرتی ہیں۔

(د) وہ دوائیں جو سیک ریٹنگ نروز کی انتہائی شاخوں کو مفلوج کر دیتی ہیں۔ جیسے مگر بخارات، ذیابطس، سوزش گردہ، اور دھتورہ وغیرہ کی سمیت میں منہ خشک ہو جاتا ہے اور لعاب دہن کی پیدائش بہت کم ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں اشربہ مفرح یا مبردہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کے پینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے اور طبیعت ہشاش بشاش اور تفریح محسوس کرتی ہے۔ مثلاً شربت، لائم جوس اور آب میوہ جات وغیرہ مگر ذیابطیس وغیرہ میں اس سے فائدہ نہیں ہوتا ایسی حالت میں افیون فائدہ دیتی ہے۔ اسی طرح کی سمیت میں جب منہ خشک ہوتا ہے تو جے بورینڈائی کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔ یا بدہضمی کی صورت میں غذا کی اصلاح کی جاتی ہے اور پارہ کے مرکبات کی سمیت میں سبب اصلی رفع کرنا ضروری ہے۔

(د) **معدہ پر اثر کرنے والی دوائیں**

معدہ کی رطوبت کا جزو داعظم، جوہر ہاضم (پیپ سین) ہے۔ اور ہائیڈروکلورک ایسڈ جوہر ہضم کی کیفیت کو تیزابی کرتا ہے اور اس کے فعل میں مدد کرتا ہے اور کسی قدر دافع تعفن ہے۔ اس طرح رطوبات معدہ میں قدرے بلغم اور چند نمکیات ہوتے ہیں۔

(ا) وہ دوائیں جو رطوبت معدہ کی پیدائش پر اثر کرتی ہیں۔ اور ان کو Stomachic یعنی مقویات معدہ کہتے ہیں۔ ایسی دوائیں دو طریق پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

(۱) اعصاب دہن کو تحریک دے کر

(۲) معدہ میں پہنچ کر اس کی اعصابی شاخوں کو تحریک دے کر عروق وموی کو کشادہ کرتی ہیں۔ چنانچہ خوشبودار اور تلخ ادویہ اور چرپری دوائیں اور روح الخمر والی دوائیں یہ کام کرتی ہیں اور یہ چار اقسام پر مشتمل ہیں۔

-1	مہکتی ادویات	Aromatic	مقویات معدہ خوشبودار، اینسون، بادیان، جائفل، کشنیز وغیرہ
-2	چبھتے ذائقے والی ادویات	Bitter	مقویات معدہ تلخ گل بابونہ، پوست نارنج
-3	کڑوی ادویہ	Pungent	مقویات معدہ حریف، جنجر، رائی
-4	روح کو خوش کرنے والی ادویہ	Spirituous	مقویات معدہ روح والی روح نوشادر، ایتھر وغیرہ

یہ دوائیں سوہضم، بدہضمی نیز شدید امراض کے بعد کمزوری میں استعمال ہوتی ہیں اور اس سے بھوک بڑھتی ہے اور رطوبت معدی زیادہ تراوش پاتی ہے۔

(ب) وہ دوائیں رطوبت معدی کو کم کرتی ہیں۔ کھانے کا سوڈا، پوٹاشیم بائی کارب، سہاگہ جوکھار، نوشادر زیادہ مقدار میں رطوبات معدی کو اگرچہ زیادہ کرتی ہیں تاہم لعاب دہن کم کر دیتی ہیں۔ لیکن کھاری دوائیں اور روح الخمر والی دوائیں زیادہ مقدار میں دینے سے رطوبت معدی کی پیدائش کو کم ہو جاتی ہے۔

مخصوص قسم کی بدہضمی میں حامض ادویہ قبل از غذا دیتے ہیں جو رطوبت معدی کے رسنے کو روکتی ہے لیکن معدہ کی خصوصیت میں کھاری ادویہ قبل از غذا دیتے ہیں۔ اسی طرح افیون، جوہر بازو، کتھہ وغیرہ عروق معدہ کو سکیڑتی ہیں اور چاندی اور سیسہ کے نمکیات بھی یہ کام کرتے ہیں۔ اس طرح □ Gastric یعنی مسکن اثر کرتی ہیں۔

(ج) وہ دوائیں جو معدہ کی رطوبات کی ترکیب اور مشمولات معدہ میں تغیر پیدا کرتی ہیں۔

(۱) جو ترشی کی کو بڑھاتی ہیں ایسی حالت میں کسی معدنی تیزاب کے محلول خصوصاً محلول نمکین کو ہلکا کر کے دیتے ہیں اور اس سے فائدہ ہوتا ہے۔

(۲) جو ترشی معدہ کو کم کرتی ہیں ایسی حالت میں سوڈا خوردنی دینے سے فائدہ ہوتا ہے ان کو جدید ادویہ میں اینٹی ایسڈ (Antacid) دافع ترشی کہتے ہیں۔ کھٹی ڈکاروں یا ترشی کیفیت میں ایسی دوائیوں کو بعد از غذا دیتے سے فائدہ ہوتا ہے مثلاً نوشادر، سہاگہ جوا کھار۔

(۳) ایسی دوائیں جو Gestri Fherment خمیرات معدی کی کمی کو پورا کرتی ہیں۔ ایسی حالت میں پیپتہ یا جوہر پیپتہ یا جوہر ہاضم (جو معدہ سے لیا جاتا ہے) اور حامض نمکین سے فائدہ ہوتا ہے۔

(۴) ایسی دوائیں جو خمیر اور تعفن سے روکتی ہیں۔ حامض بورتی، اجوائن، کیو کے ٹپن، زیرہ سیاہ وغیرہ

وہ دوائیں جو عروق معدہ کو پھیلاتی ہیں:

معمولی تحریک سے جبکہ غذا معدہ میں موجود عروق معدہ کھل جاتی ہیں اس طرح عروق معدی کے پھیل جانے سے رطوبت زیادہ رستی ہے۔ ہضم شدہ غذا خون میں جلد جذب ہو جاتی ہے تمام مقیات معدہ سوائے کھاری دواؤں اور معدنی تیزاب محلول کے عروق معدہ کو

کشادہ کرتے ہیں۔ان میں کچھ دوائیں معدہ کی جھلی پر زیادہ خراش پیدا کرتی ہیں۔مثلاً سم الفار،فولاد، پارہ زنگار سورنجان کو پائیاد وغیرہ۔

وہ دوائیں جو عروق معدہ کو سکیڑتی ہیں

مثلاً کتھ ،دارچینی ،پھٹکڑی ،چاک ،بسمتھ تیزاب گندھک

ایسی دوائیں جن کا اثر معدہ کے اعصاب وعضلات پر ہوتا ہے

ایسی دوائیں جن کا تعلق Gastric Stimulant یعنی محرکات معدہ سے ہوتا ہے۔

(ا)۔ایسی دوائیں حرکات معدہ کو تیز کرتی اور رطوبات کی پیدائش کو بڑھاتی ہیں ان کو مقیات معدہ بھی کہتے ہیں۔جیسے جو ہر کچلہ۔لطیف روغن اور فراری روغن اور معدنی تیزاب وغیرہ۔ان کو ایسے ضعف ہضم میں دینا چاہیے جو کمزوری معدہ سے ہو۔مسکنات معدہ حسب ذیل ہیں۔

کاربالک ایسڈ۔افیون۔بیروج۔دھتورہ۔جوہرافیون

معدہ سے گیس دریاح خاج کرنے والی دوائیں:۔

زیرہ سفید۔سنبل الطیب۔حلتیت خالص۔اشق۔

قے لانے والی دوائیں:۔ یہ دو(۲)قسم پر مشتمل ہیں ایسی دوائیں جن کا اثر مقامی ہوتا ہے ان سے کسی قسم کا ضعف لاحق نہیں ہوتا۔رائی۔ توتیا سفید۔گرم پانی۔ایلم۔نمک زیادہ مقدار میں (سوڈیم کلورائیڈ) ۲۔پھٹکڑی،ایمونیم کاربونیٹ وغیرہ۔

مسکنات معدہ: وہ دوائیں جو اعصاب معدہ کو سست کر کے تسکین دیتی ہیں۔مارفین۔روح الخمر (کلوروفارم) کاسر ریاح جو معدہ سے ریاح کو خارج کرتی ہیں۔پودینہ۔کافور۔بالچھڑ۔حلتیت خالص۔اشق۔چرپری ادویہ مثل فلفل خوشبو دار ادویہ مثلاً اینسون۔بادیان۔ جائفل۔گل بابونہ۔کالی مرچ۔رائی وغیرہ۔

مقیات بعیدہ: Indirect Emeties یہ خون میں جذب ہو کر بذریعہ دوران خون مرکز قے کو تحریک دیتی ہیں۔اس کے ساتھ رال بہتی۔جی متلاتا اور پسینہ آتا ہے۔مری سے بلغم عترشح ہوتی ہے اور ضعف محسوس ہوتا ہے۔ان کے نام یہ ہیں اپے کے کواٹنا۔اسقیل۔ نمک۔انٹاموں۔مندرجہ ذیل امراض میں قے ممنوع ہے۔

فتق۔شریانی رسولی۔نتو الرحم۔فرج مقعد۔سوزش امعا۔سوزش باریطون۔حاملہ کو بھی قے آور ادویہ نہیں دینا چاہیے۔

دافع قے:۔ جو معدہ پر مسکن اثر کر کے قے آنے کو روکتی یا بند کرتی ہیں۔سلفا گوناڈین۔لارج الکحل۔ٹوڑی کان۔مارفین۔افیون۔ برف۔دانتم اپی کاک کا ایک قطرہ۔ایتھر۔

مندرجہ ذیل دوائیں دافعات، قے بعیدہ یا مانعات قے مرکز یہ ہیں۔

افیون۔ایمونیم برومائیڈ۔پوٹاشیم برومائیڈ۔برف۔

وہ دوائیں جو اثنا عشری پر اثر کرتی ہیں۔

ایسی دوائیں حامضات مثلاً تیزاب نمک محلول یا تیزاب شورہ محلول یا فاسفورک ایسڈ ہیں جو براہ راست اثر کرتی ہیں۔ ان ڈائریکٹ اثر کرنے والی مثلاً رطوبت لبلبہ کی زیادتی کرنے والی ادویہ جن میں ایتھر اور کیلومل شامل ہیں۔ یہ تازہ رسے ہوئے مواد کا اخراج کرتی ہیں۔

حامض نمکین کے استعمال سے کیموس کی تیزابی یا ترش کیفیت کو بڑھا کر کھاری اثنا عشری کی رطوبت کو بڑھا سکتے ہیں۔
حامضات کا غذا کی نالی میں ایک یہ بھی کام ہے کہ وہ لبلبہ کی رطوبت کی پیدائش کو تحریک دیتی ہیں۔

کیموس جب چھوٹی انتڑیوں میں سے گزرتا ہے تو بذریعہ ورید باب الکبد اور عروق جاذبہ اس میں سے کیموس اور دیگر قابل انحلال اجزاء جذب ہو جاتے ہیں اور بقایا بڑی آنتوں سے فضلہ کے ذریعے خارج ہو جاتا ہے۔ اگر امعاء کی قوت جاذبہ تیز ہو اور دافعہ سست ہو تو اجابت سخت ہوگی اگر اس کے خلاف قوت جاذبہ سست اور قوت دافعہ تیز ہو تو اجابت نرم ہوگی۔

امعاء پر اثر کرنے والی ادویہ چار اقسام پر مشتمل ہیں: مسہلات، قابضات۔ دافع تعفن۔

منبہات معدہ و امعاء

(ا) وہ ادویہ جو امعاء کی حرکات دودیہ کو تیز کرتی اور ان کی پیدائش کو بڑھاتی ہیں، ایسی ادویہ امعاء کو خالی کرتی ہیں ان کو مسہلات کہتے ہیں۔ یہ فعل کے اعتبار سے پانچ جماعتوں میں منقسم ہوتے ہیں۔

(ل) ایسی ادویہ امعاء کے عضلاتی طبق میں کسی قدر تحریک پہنچا کر ان کی حرکات دودیہ کو ذرا تیز کر دیتی ہیں۔ جس سے اجابت ملائم ہوتی ہے ان کے نام یہ ہیں۔ روغن بادام۔ روغن زیتون، شیر خشت، خیار شنبر، تمر ہندی، انجیر۔ آلوچہ۔ شہد۔ سبز ترکاریاں۔ ساگ، میوہ جات۔

(ب) مسہلات خفیف ان سے حرکت دودیہ تیز ہوتی اور رطوبت زیادہ ہوتی ہے۔ مثلاً ہلیلہ زرد۔ سناء مکی، روغن ریوند، کیس گارا، سگریڈا، میگنیشیا۔

(ج) مسہلات شدید Drastic Purgatevis یعنی تیز مسہلات، ایسے مسہل امعاء کی حرکت کو تیز کرتے اور ان کی رطوبت بھی زیادہ کرتے ہیں اس طرح پتلے دست آتے ہیں۔ بعض دفعہ آؤں اور خون شامل ہو جاتے ہیں۔ اس طرح ان کی اصلاح کے لئے بیرج وغیرہ شامل کرتے ہیں۔ جو یہ ہیں:۔

روغن حب الملوک۔ عصارہ ریوند۔ شحم حنظل۔ کالا دانہ۔ بیخ جلاپہ۔ سقمونیا وغیرہ۔ ایسے مسہلات برائے قبض یا برائے اخراج امعاء استعمال ہوتے ہیں۔

مسہلات نمکین: جو امعاء کی رطوبت زیادہ کرتے ہیں۔ ان کا اثر مقامی ہوتا ہے اس لئے یہ تھوڑے سے پانی میں حل ہو دیتے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں:۔

قدرتی چشموں کے مسہلات آبیہ۔

(۱) میگ سلفیٹ Mag Sulphate

(۲) سوڈیم سلفیٹ Sodium Sulphate

(۳) سوڈیم فاسفیٹ Sodium Phasphate

(۴) Eholagocue Purgatives

ایسے مسہلات یا تو جگر کو تحریک اور صفرا کی تراوش کو بڑھا کر یا اثنا عشری اور چھوٹی آنتوں کی حرکت دودیہ کو تیز کر کے اسہال لاتے ہیں۔ اور اس طرح جو صفرا پیدا ہوتا ہے اس کو دوبارہ جذب نہیں ہونے دیتے۔ ایسی ادویہ درج ذیل ہیں۔ ریوند۔ رسکپور۔ جو سیماب ریونا، گرے ڈوز۔

(۲) وہ دوائیں جو امعاء کی حرکت دودیہ کو سست اور ان کی رطوبت کو کم کرتی ہیں۔

(ا) وہ قابضات جو امعاء کی عروق کو سکیٹر کر قابضہ تاثیر کرتی ہیں۔ مثلاً پھٹکڑی۔ نمکیات نقرہ۔ نمکیات رصاص۔ خلول گندھک۔

(ب) وہ دوائیں جو امعاء کی میوکس ممبرین کی باریک رگوں کے گرد رطوبت بیضہ کو منجمد کر کے اپنی قابضہ تاثیر پیدا کرتی ہیں۔ دارچینی۔ کتھ۔ سیسہ۔ جست اور لوہے کے نمک۔

(ج) وہ قابضات امعاء جو کہ آنتوں کی تراوش کم کر کے اپنی قابضہ تاثیر پیدا کرتی ہیں وہ دوائیں یہ ہیں۔ یبروجHyocymus افیون۔ دہتورہ۔ لائم۔Bismuth Salts

امعاء معدہ میں ہیجان و خراش پیدا کرنے والی دوائیں:

ایسی دوائیں گیسٹرک انٹیسٹائل اری ٹینٹ یعنی سمیات معدہ و امعاء کہلاتی ہیں۔ ان میں سے بعض تھوڑی مقدار میں تو بطور دوا مفید ہیں مگر زیادہ مقدار سے سمی اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ایسی دوا اگر کاوی یا اکال یا کاسٹک ہے تو اس کے کھانے سے ہونٹ۔ منہ لیرنکس، ہویم، ایسافے گس (مری) میں سوزش و درد ہونے لگتا ہے۔ جلد سرخ و متورم ہو جاتی ہے ایسی دوائیں معدہ میں سخت خراش پیدا کرتی ہیں۔ جی متلاتا ہے اور قے آنے لگتی ہے۔ پیٹ میں شدت کا درد ہوتا ہے آنتوں میں پہنچ کر خراش و سوزش پیدا کرتی ہیں۔ اسہال آنے لگتے ہیں۔ بعض دفعہ اسہال و قے اس طرح اچانک شروع ہوتے ہیں کہ ہیضہ کا گمان ہوتا ہے ایسے اسہال و قے اکثر خون آمیز ہوتے ہیں۔ عام ضعف، نبض کا سست پڑ جانا۔ انحطاط کلی یا کولیپس خاص علامات ہیں۔ ایسا مریض اگر چند روز زندہ رہے تو سوزش بارِ بطون۔ قروح معدہ۔ قروح امعاء اور سٹرکچر آف دی ایسا باق المری) کا شکار ہو جاتا ہے اور فوری طور پر میوکس ممبرین (غشا مخاطی، سرخ و متورم ہوتی ہے۔ دافع تعفن دوا بھی دی جاتی ہے۔ مثلاً سلفا گوناڈین۔

وہ دوائیں جو انٹوزوا پر اثر کرتی ہیں جو کہ غذا کی نالی میں خلل انداز ہوتے ہیں۔

(ا) قاتل دیدان یعنی پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے والی دوائیں۔ یہ دو قسم کی ہیں۔ بالواسطہ اور بلاواسطہ۔

(۱) مخرج دیدان آنتوں کے کیڑوں کو ہلاک نہیں کرتیں بلکہ نکال دیتی ہیں۔ جیلپ (بیخ جلاپہ) سقمونیا۔ ریوند عصارہ۔

(۲) قاتل دیدان جو افعال کے لحاظ سے مندرجہ ذیل اقسام پر مشتمل ہیں۔

وہ جو راؤنڈ ورم یعنی حیات یا کیچوے کو آنتوں سے خارج کرتی ہیں۔ مثلاً سین ٹونین (جوہر افسنتین خراسانی) نیم کی چھال

بیوٹیا، سیڈز (پلاس پاپڑہ۔ ڈھاک کے بیج)۔

وہ دوائیں جو تھریڈ ورم یعنی دود دالفعل کو ہلاک کرتی ہیں۔ یہ ادویہ بذریعہ پچکاری استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً آب نمک طعا

((تیز خسانده ءخشب المر) سٹرانگ ان فیوزن آف کواشیا) سٹرانگ سولیوشن آف کولسباء نمکیات اسبن کے محلول۔ محلول ٹرپن ٹائن

مطبوخ صبر۔ ان میں سے ٹرپن ٹائن کرم کش ہے۔

(۳) ٹیپ ورم یا کدو دانہ کو ہلاک کرنے والی دوائیں۔ سرخس۔ عشبہ۔ پوست بیخ انار۔ باوبڑنگ۔ کمیلہ۔ فوفل۔

(۴) وہ دوائیں جو اثناء عشری کے کرم پر اثر کرتی ہیں۔ جنگلی پودینہ۔ یوکلپٹس آئل۔ الکوپار۔ اینٹی پاروغیرہ۔

راؤنڈ ورم اور ٹیپ ورم کی دوائیں خالی معدہ دینی بہتر ہیں۔ بعد میں ان دواؤں کا مسہل مفید ہے۔ سقمونیا، کیسٹر آئل

رسکپور (کیلومل)۔

وہ دوائیں جو غشاء مخاطی کو تقویت دے کر ایسی بلغم کی تراوش کم کرتی ہیں جس سے کرم پرورش پاتے ہیں۔ مثلاً نمکیات فولاد

مقویات۔ کواشیاء کلبا۔

جگر پر اثر انداز ہونے والی ادویہ:

(۱) وہ دوائیں جن کا اثر صفراء کی پیدائش پر ہوتا ہے۔

(ا) Cholagogues مدارت صفراء۔ یہ دو اقسام پر مشتمل ہیں۔ براہ راست اثر کرنے والی۔ بالواسطہ اثر کرنے والی۔

براہ راست اثر کرنے والی ادویہ یہ ہیں۔

رو برب۔ ایلوز۔ جلاپہ۔ نوشادر۔ سوڈا یسلی سیلاس۔ سوڈیم سلفیٹ۔ اپی کے کوانٹا۔

امراض جگر مثلاً یرقان، سوء ہضم کبدی میں مدرات صفراء زیادہ مفید ہیں۔ خصوصاً جبکہ بلاواسطہ اور بلواسطہ دونوں دواؤں کو ملایا جائے۔

جگر سے صفراء کے اخراج کو کم کرنے والی دوائیں۔

افیون، جوہر افیون، رسکپور۔ روغن بیدانجیر۔

صفراوی پتھری کو حل کرنے والی دوائیں۔

روغن زیتون۔ گلیسرین۔ چشموں کا پانی۔

شکر کبدی کی پیدائش پر اثر انداز ہونے والی ادویہ۔ سوڈا بائی کارب۔

شکر کم کرنے والی یا بند کرنے والی۔ فاسفرس افیون۔ مارفین۔ کونین۔

لبلبہ یا پنکریاس کی دوائیں۔ رطوبت بان قریاسی۔ چربی اور آئلز کے استعمال سے ہو جاتی ہے اور کھاری ادویہ کے دینے سے

اس میں کمی ہو جاتی ہے۔

اعضائے تنفس پر اثر کرنے والی ادویہ۔

(ا) وہ دوائیں جو سنگھائی جاتی ہیں۔

(۱) صبغہ لوبان مرکب نصف اونس، کبانہ نصف اونس۔ روغن صنوبر ۵ بوند۔

(۲) لخلخات مہیجہ : irritant تمباکو۔ ایمونیا۔ کلورین۔ آئیوڈین۔ تیزاب شورہ کے انجرات۔

(۳) دافع تشنج لخلخات :۔ ایسی دوائیں برانکائی کے عضلات کو ڈھیلا کرتی ہیں۔ ان کو دمہ اور ایسے دیگر تشنجی دوروں میں روکنے کے لئے

دیتے ہیں۔ کلوروفارم۔ دوددھتورہ۔ دود کاغذ شور۔ ایمائل نائیٹریٹ۔

(۴) دافع تعفن لخلخات : یوکلپٹس آئل۔ جونی پر آئل وغیرہ۔

ناک پر اثر کرنے والی دوائیں:

سرخ مرچ۔ تمباکو۔ سیاہ مرچ۔ سنیکا۔ سفید گٹکی۔ اپی کے کوانا۔

ان امراض میں چھینک کا استعمال منع ہے۔ نتو الرحم۔ فتق۔ خروج مقعد۔ اتھی روما آف بلڈ ویسلز۔ جبکہ شرائن کے طبقات

میں مرضی مادہ کی پیدائش کی وجہ سے وہ پھٹنے کی طرف مائل ہو اور دماغ سے خون آنے کا احتمال ہو۔

وہ دوائیں جو ناک کی میوکس ممبرین کی خراش کو رفع کر کے اس پر اثر کرتی ہیں :۔

یہ دوائیں دو قسم کی ہیں۔

مقامی طور پر مستعمل ادویہ: مثلاً بسمتھ سالٹس۔ تنہا یا مارفین اور کوکین وغیرہ کے ہمراہ۔ دوسرے جنرل مثلاً اپی زیٹا اور ایکونائٹ ابیش، وغیرہ۔

قابضات انف: ایلم۔ ٹے نک ایسڈ فولاد، برف۔ وغیرہ۔

مرکز تنفس پر اثر کرنے والی ادویہ: براہ راست تیز کرنے والی ادویہ۔ جوہر ازاراقی۔ دھتورہ۔ ڈجی ٹیلس۔ ہائیوسائمس، ایمونیا، جوہر

جائفیون مقی (ایپو مارفین) ایمی ٹین (جوہر اپی کاک)

مرکز تنفس کو سست کرنے والی ادویہ:۔ افیون، جوہر افیون۔ روح خمر۔ کونین۔ کےفین (قہوین) بیش۔

بلغمی رطوبت کو بڑھانے والی دوائیں: اسقیل۔ کافور۔ پیاز۔ لہسن۔ تمباکو۔ سینگا۔ گندھک۔

بلغم کوکم کرنے کی دوئیں: ۔جموضات ۔ یبروج ۔دھتورہ۔بنج۔

بلغم کی عفونت کوکم کرنے والی دوائیں: تمام دافع تعفن ادویہ نیز کوپائبا۔کبابہ۔اشق۔روغنیات فراری۔

مخرجات بلغم: بیلاڈونا۔افیون۔کلوروفارم۔شوکراں۔بھنگ۔تمباکو۔دھتورہ۔اپی کوائنا۔پوٹاشیم آئیوڈائیڈ۔مرکبات۔افیون ہلا۔تچھ کیمفرکو۔نوشادر۔کھاری نمکیات۔گندھک۔بلسان۔صمغ عربی۔نمک لاہوری۔نمک سانبھر۔یبروج۔شکر تیغال۔کتیرا۔

خون پر اثر انداز ہونے والی دوائیں:

(ا) سیال دموی پر اثر انداز ادویہ:۔ ہر قسم کے نمکیات۔قدرتی چشموں کے پانی۔

(ب) **سیال حصہ خون کے کھاری پن کوکم کرنے کی دوائیں:**۔بینزوئک ایسڈ۔

(ج) جو پانی اور نمک کی مقدار کم کر کے اس کی ترکیب کو بدل دیتی ہیں۔اس کے لئے معرقات۔مسہلات۔مدرات۔تین قسم کی ادویہ دی جاتی ہیں۔مدرات مسہلات بول جو ورم رخو،استسقائی ورم میں مستعمل ہیں۔

خون کے ذرات پر اثر انداز ہونے والی دوائیں:Haeamatics

(۱) براہ راست اثر کرے۔فولاد۔سم الفار خاص طور پر مشہور ہیں۔

(۲) بالواسط مقویات خون جیسے کونین۔پارہ کے مرکبات۔

وہ ادویہ جو سُرخ ذرات خون پر اثر کرتی ہیں:۔

(ا) **وہ دوائیں جو ہیموگلوبین کم کردیتی ہیں:** فاسفورس۔سینکھیا۔سلفر زیادہ مقدار میں دینے سے۔

(ب) **وہ دوائیں جو خون کی رنگت سرخ کرتی ہیں اور طاقتور بناتی ہیں:** فولاد۔مرکبات فولاد۔شربت فولاد۔

(ج) **خون کے سرخ دانوں کے حجم کوکم کرنے والی دوائیں:** کونین۔مارفین وغیرہ۔

(د) **سرخ دانوں کو زیادہ کرنے والی دوائیں:** سیماب کے مرکبات۔

(ر) **قوت منجمدہ کو بڑھانے والی دوائیں:** صدف سوختہ سرطان محرقہ۔سنگ جراحت۔کیلشیم لیک ٹیٹ۔کیلشیم کلورائیڈ یا لیک ٹیٹ اور دودھ وغیرہ۔

قوت انجماد کوکم کرنے والی دوائیں: روغن جگر ماہی یہ ٹھوس اجزاء کو زیادہ کرتا ہے۔برخلاف اس کے پارہ کے مرکبات زیادہ تعداد میں دینے سے ٹھوس اجزاء کم ہوجاتے ہیں۔

عروق دمویہ کو کشادہ کرنے والی دوائیں: ان سے زیادہ تر شرائین متاثر ہوتی ہیں۔جس کے نتیجہ میں عروق شعریہ اور وریدیں کھل جاتی ہیں۔

(ا) بیرونی استعمال کی دوائیں۔کافور۔سنکھیا۔جمال گوٹہ،خردل،قرنفل،دار چینی

(ب) سخت مالش۔
(ج) اندرونی استعمال کی دوائیں: چائے۔قہوہ۔شراب۔بیخ لفاح۔یبروج۔افیون۔دھتورہ۔تمباکو۔

قابضات دم:

(ا) مقامی استعمال کرنے والی دوائیں۔پھٹکڑی گیرو۔سنگ جراح۔مرکبات فولاد۔ مازو۔ بلیلہ جات۔ پوست انار۔ کتھہ توتیا۔
ہیراکسیس۔دم الاخوین۔

(ب) دل پراثر کرنے والی دوائیں۔وہ دوائیں جن سے قلب مضبوط ہوکر حرکت قلب قوی ہوتی ہے۔

مقویاتِ قلب۔پیاز دیسی۔چائے۔قہوہ۔

ایسی دوائیں جن سے حرکت قلب اور نبض قوی ہوتی ہے۔کافور۔زنک۔

محرکات قلب۔برانڈی۔جوہر کچلہ۔کلوروفارم۔مشک۔سنکھیا۔

رفتارقلب کوتیز کرنے والی ادویہ: یبروج۔دھتورہ۔

وہ دوائیں جو ویگس نرد کے مرکز کوتیز کرتی مگر رفتار نبض سست ہوتی ہے۔نیکوٹین۔ارجن۔

وہ دوائیں جوعصبی عقود قلبی پراثر کرتی ہیں۔نیکوٹین۔لوبیلیا۔

عروق شعریہ پراثر کرنے والی دوائیں:۔

(۱) کادیات،جلانے والی دوائیں،مثلاً تیزابات۔

(۲) آبلہ گیر۔ضماد۔ذر۔

(۳) مثبرات۔سم الفار۔جمال گوٹہ۔یہ پھنسیاں پیدا کرکے عروق کوکشادہ کرتی ہیں۔

(۴) محمرات۔ضماد خردل۔دلک۔

(۵) کالات۔توتیا۔

(۶) مقرحات۔جمال گوٹہ۔سم الفار۔

(۷) مجیلات،جاذبات،جیسے کافقر،یاخردل کاضماد جگر پرہوتاہے۔

آلات بول پراثر کرنے والی دوائیں اوران کے اثرات:۔

گردوں پراثر کرنے والی ادویہ: (۱) وہ جو پیشاب کے ترشیح کوزیادہ کرتی ہیں۔یہ دوطرح اثر کرتی ہیں:

(۱) گردوں میں امتلاء موی پیدا کرکے دوران خون زیادہ کرتی ہیں۔مثلاً زرار یح یاعام بدن کے عروق اور قلب میں اثر کرکے جیسے شراب۔

(۲) پیشاب بنانے والی ساختوں کوتحریک دے کرجیسے شورہ قلمی جواکھار۔چائے۔کباب چینی۔زیادہ پانی سے بھی ایسا عارضی طورپر ہوتاہے۔

پیشاب کے ترشیح کرنے والی ادویہ: کندر۔

پیشاب کو ترش کرنے والی ادویہ: لوبان۔(بینزوائیٹ)

جوہر لیموں اور ٹارٹارک ایسڈ زیادہ مقدار میں دینے سے بھی خفیف سی ترشی آ جاتی ہے۔

پیشاب کو کھاری کرنے والی ادویہ: شورہ قلمی۔ جوا کھار۔ پوٹاشیم۔ سوڈیم کے مرکبات۔

مفتت حصات: حجر الیہود۔ سنگ سرماہی۔

مانع تعفن بول۔ روغن صندل۔ کباب چینی۔ سیلی۔

ترکیب کو متغیر کرنے والی ادویہ: مثلاً ریوند اور سناء کے استعمال سے قارورہ گاہے ارغوانی گاہے بنفشی ہو جاتا ہے۔

سنکھیا کے استعمال سے سیاہی آ جاتی ہے۔ فاسفورس کے زیادہ استعمال سے یوریا بڑھ جاتا ہے۔

کباب چینی کو مائبا سے قارورہ میں خاص بو بس جاتی ہے۔ کئی ایک سکیات سے شکر آنے لگتی ہے۔

مثانہ اور مجری بول پر براہِ راست اثر کرنے والی ادویہ: مثلاً افیون۔ اجوائن خراسانی۔ یبروج۔ دھتورہ۔ مکو۔

نظام جلد پر اثر کرنے والی دوائیں: مختلف طریق سے۔

(۱) وہ دوائیں جو پسینہ کی مقدار کو زیادہ کرتی ہیں۔ افیون۔ جوہر تمباکو۔ ڈورس پوڈر۔ اپی کے کوائنا، کافور، اینٹی منی ایکونائٹ۔ سنیگا۔ لوبیلیا۔

پسینہ کی پیدائش کو کم کرنے والی ادویہ:۔ عصبی مرکزوں سے سبب تہیج کو دور کر کے یا اختتامی سروں کو سست کر کے پسینے کی پیدائش کو روکنے کا باعث ہوتی ہیں۔ ڈورس پوڈر یا اجوائن خراسانی۔

پسینہ کو روکنے والی دوائیں:۔ کچلہ۔ کونین۔ تیزاب۔ زنک آکسائیڈ۔

پسینہ کی ترکیب میں تغیر پیدا کرنے والی ادویہ:۔ آئیوڈین۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ۔ ٹارٹارک ایسڈ۔

عضو کو ملائم یا ڈھیلا کرنے والی ادویہ:۔ روغنی و چربیلی ادویہ مثلاً گلیسرین۔ ویزےلین۔ گرم پانی وغیرہ۔

جلد کو خراش سے محفوظ کرنے والی دوائیں:۔ السی۔ زردی بیضہ مرغ۔ شہد۔ نشاستہ۔ اسپغول۔

جلد پر پھنسیاں پیدا کرنے والی دوائیں:۔ سنکھیا۔ بورک ایسڈ۔

بالوں کو بڑھانے والی دوائیں:۔ مراہم سیماب۔

نظامِ عضلات پر اثر کرنے والی ادویہ:۔ فولاد۔ اینٹی منی (اثمد) سیسہ۔ کوکین۔

دواؤں کی تاثری اعصاب نخاع اور دماغ پر: اعصاب پر اثر دو طرح ہوتا ہے۔ تحریک کر کے یا سست کر کے یہ تین طرح ہوتا ہے، گاہے اعصاب حس میں گاہے اعصاب حرکت میں گاہے نس اعصاب اور اس کے تنوں میں ہوتا ہے مقامی مسکن درد ادویہ، بیش، لفاح افیون،

اعصاب حسیہ کی آخری شاخوں کے عمل کو سست کرتی یا عصبی مرکز تک اثر کرتی ہیں یہ سن و بے حس کرتی ہے مثلاً برف کافور وغیرہ طرق نعل، لذاعہ ضماد خردل وغیرہ اس سے رگیں اور جگہ سرخ ہو جاتی ہے جو اعصاب حرکت کے آخری آخری سروں کو اپنے استعمال سے سست کرتی ہیں اجوائن خراسانی، دہتورہ، شوکراں کافور، لفاح جو اعصاب کے آخری سروں کو تحریک دیتی ہیں بیش اور کچلہ وغیرہ، جو نخاع کو تحریک دیتی ہیں کچلہ، شلجم، افیون جو نخاع کے عمل میں ضعف پیدا کرتی ہیں افیون پارہ سم الفار، کافور بھنگ افیون کا ابتدائی اثر تحریک آخری خفیف ہوتا ہے اس سے یہ دو قوتیں آتی ہیں دماغ پر اثر کرنے والی دواؤں سے بعض دفعہ دماغی افعال سست ہو جاتے ہیں ان میں بعض منوم بعض مسکنات عمومی، مخدرات کلی ہوتی ہیں دافعات تشنج، کافور ہینگ طبقہ ملتحمہ پر قابض اثر کرنے والی ادویہ، پھٹکڑی، ترپھلہ، رسوت، مسکن، افیون، لفاح، ورم تعفن کافور سرمہ، مخرش، نیلا توتیا، گھوکھی غدود معا پر اثر کرنے والی ادویہ، مثلاً یبروج آنکھ کی پتلی پر اثر کرنے والی ادویہ قابض، تمباکو کا جوہر، افیون باسط، جوہر یبروج بصارت پر اثر کرنے والی بھنگ کان پر ادویہ کی تاثیر، نزلہ کی صورت میں تسکین درد کے لیے افیون، کافور، روغن بادام، سیلان اذان کی صورت میں قابض ادویہ، مازو وازنزورت، پھٹکڑی، بورہ ارمنی، سہاگہ، آب برگ سیب، بنفشہ دافع عفونت اذن، کافور، سہاگہ، بورہ ارمنی، آب برگ نیم محرکات سامعت، مرکبات ازارقی، دواؤں کا اثر ناک پر: معطشات مثلاً نسوار، سرخ وسیاہ مرچ، سونٹھ، سفید کنکی مسکنات غشاء مخاطی انف: پیٹھہ، بلیلہ قابضات انف: پھٹکڑی، دم الاخوین، مازو، برف وغیرہ عصب شامہ اثر کرنے والی ادویہ: یہ اثر دو طرح ہوتا ہے، ضعیف اور سست کر کے تحریک پہنچا کر، تحریک کی صورت میں مثلاً چونا، نوشادر، ست کرنے والی ہینگ ومشک۔

اعضائے تناسل پر اثر

(۱) خواہش جماع کو بڑھانے والی ادویہ جو قوت باہ اور اعضائے تناسل کے مرکز کو تحریک دیتی ہیں مثلاً کچلہ

(۲) آلات بول و اعضائے تناسل اور اس کی شاخوں میں تحریک پیدا کرنے والی جو مقامی دوران خون کو تیز کر کے خواہش جماع بڑھاتی ہیں مثلاً تیلنی مکھی، مالش۔

(۳) مرکز اعصاب میں تحریک کر کے خواہش جماع بڑھانے والی ادویہ: بھنگ اور تھوڑی سی شراب

مضعفات باہ، اعصاب کو ضعیف کرنے والی شوگران، افیون، خراسانی، دہتورہ، وہ ادویہ جن کا اثر رحم پر ہوتا ہے (۱) ایسی دوائیں جو جنین وغیرہ کے اخراج کا سبب بنتی ہیں، ایسی دوائیں رحم کے ریشوں کو مستقیماً کرتی ہیں۔

براہ راست حمل کو گرانے والی ادویہ: شیلم (آرگٹ) رو (سداب) سوپرانیل ایکسٹرکٹ، کونین (بیخ زریں گیاہ) مسہلات شدید، کاٹن روٹ بارک، ابہل، بوریکس کپاس کی جڑ کی چھال، وہ دوائیں جو درار حیض کو بڑھاتی یا بحال کرتی ہیں: یہ دوائیں دو قسم کی ہیں براہ راست اثر کرنے والی اور کسی دوسرے طریق سے اثر کرنے والی براہ راست اثر کرنے والی دوائیں: ایسا فے ٹیڈا، گوائیکم، اپی اول، مرہ، تیلنی مکھی، جوہر کرفس (۲) مدرات حیض غیر مستقیمہ: (ا) کیفیت خون کو بہتر بنانے والی، آئرن، مسی سیاہ، روغن جگر ماہی۔

نظام عصب کو بہتر بنا کرادرارلانے والی کچلہ، (ب) رحم کی کیفیت دموی کو بڑھا کر کرادرارلانے والی: آبزن خردلی، رائی کی پلٹس، ران پر جونکیں لگوانا۔

(ج) عضائے متصلہ کو خراش وتحریک دینے والی جیسے ایلوا، (د) خون میں سمیت دور کرنے والی مدر حیض ادویہ جیس: جیسے کونین وآئرن، ۳۔ وہ دوائیں جو رحم کے سکڑنے کو کم کرتی ہیں: جیسے افیون کینبس اڈیکا، کلورل۔ برماڈس۔ ۴۔ وہ ادویہ جو پستانوں پر اثر کرتی ہیں: یعنی دودھ کی افزائش کو زیادہ کرتی ہیں، جیسے روغن شبت، شراب، روغن انیسون۔ ۵۔ وہ دوائیں جو دودھ کی پیدائش کو کم کرتی ہیں یا موقوف کرتی ہیں۔ ۶۔ وہ ادویہ جو دودھ کی ترکیب کو بدل دیتی ہیں: جیسے ریوند۔ سناء۔ جیلپ۔ سلفر۔ سقمونیا۔ کیسٹر آئل۔ گوپا جا۔ لہسن۔ اسا فٹیڈا۔ روغن تارپین۔ ایسی دوائیں جن کی تاثیر مائیکرو آرگینزم پر پڑتی ہے:

(۱) **مانعات تعفن** **Antiseptic** فاسد مادہ کو روکنے والی دوائیں یعنی ایسی دوائیں جو جراثیم کی افزائش کو روکتی ہیں

(۲) **مطاہرات:** مثل ہائیڈروجن پراوکسائیڈ۔ مرکیورک کلورائیڈ۔ سلور نائٹریٹ۔ توتیا۔ کرومک ایسڈ اینی بائیوآئیک۔

(۳) **دافع بدبو** **DEODDENTS** مثلاً پوٹاسیم پرمیگنیٹ۔ ایڈوفارم۔ خشک کوئلہ۔ روغنیات

(۴) **قاتل جراثیم حیوانی ونباتی** **Antiparacitics** وہ دوائیں جو انتڑیوں کے پیراسائیٹ پر اثر کرتی ہیں۔ یعنی قاتل دیدان یا کڑے ہلاک کرنے والی ادویہ ان میں اینٹی پاراکلوپار۔ دیناپار جلیبی دوائیں۔

(۵) وہ دوائیں جو جراثیم خارش کو ہلاک کرنے والی: مثلاً نبز واک۔ یمشن۔

(۶) جوؤں کو ہلاک کرنے والی دوائیں: مرہم سیمابی۔ مرہم کاک ماری۔

(۷) جراثیم دق وسل کو ہلاک کرنے والی دوائیں

(۸) جراثیم عفقودیہ، صدیدیہ، سٹفلو کاکس، اسٹریٹپو کاکس پر انداز ہونے والی دوائیں۔

(۹) **دافع پیچش وذخیر مزمن:** کرچی۔ آئیوڈین۔ بسمتھ کے مرکبات۔

ادویہ برائے امراض چشم:

آب برگ بادیان سبز۔ آب برگ تمر ہندی۔ آب کتھ سبز۔ آب چشم زغن۔ آب پتہ ہرطار۔ افیون خالص۔ ایٹروپین۔ ایسرین۔ اقلیمیائے طلاء۔ انزوت۔ بلیلہ۔ بورک ایسڈ۔ برادہ جست۔ تخم کتاں۔ تخم نیل۔ توتیا سبز بریاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی پھٹکری خالص جست عرق پیخال کبوتر۔ خستہ عناب۔ رسوت زرد۔ زعفران خالص۔ انجبار۔ سرمہ اصفہانی۔ سرگس۔ سنگ بصری، سفیدی بیضۂ مرغ۔ سفیدی بیضہ کبوتر۔ شہد خالص۔ عقیق یمنی۔ قرنفل گلدار۔ کف دریا۔ کاجل روغن کاہو کاجل روغن خشخاش۔ کوکین۔ کاجل روغن پیٹھ۔ کاجل روغن چنبیلی۔ کاجل روغن بادام شیریں۔ کاجل روغن گاؤ۔ گل ارضی۔ لودھ پٹھانی مارقشیشا، مامیران چینی، مرکی، مروارید محلول، نبات سفید، ہلیلہ سیاہ۔ یبروج الصنم۔ ارجیرال۔ پروٹارگول کے مرکبات۔ شباب۔ بیض احمر۔ گلیسریں۔ سلور نائٹریٹ۔

ناک کے امراض کی ادویہ:

سوسن آزاد، خون کبوتر، کاغذ خام سوختہ، گل ارمنی، مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم پیٹھہ، می، موئے آدم سوختہ۔

ادویہ برائے امراض راس:

آب برگ چنبیلی سبز۔ اسطوخودوس۔ اسارون۔ اُشنہ۔ برنجاسف۔ برہمی بلیلہ۔ بیخ اذخر۔ بیخ بادیان۔ بیخ کرفس۔ بگر بادرنجویہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ تخم کاہو۔ چوب چینی۔ خشخاش سفید۔ خشخاش سیاہ، خوبانی ریٹھہ، روغن گل، روغن چنبیلی، روغن کاہو، روغن مغز پیٹھہ، روغن خشخاش، روغن بنفشہ روغن بادام شیریں، روغن بادام تلخ، روغن بیدانجیر، سرگل بنفشہ، سرکہ خالص، سفیدی بیضہ مرغ، شہید خالص، شونیز، صبر زرد، صندل سفید، صندل سرخ، عود بلسان عود صلیب عطر خس، عطر کیوڑہ، عرق قرنفل گلدار، اسطوخودوس، قرنفل گلدار، قشر ہیلن کلاں کشیز خشک، کشمش سبز، کچلہ مدبر۔ کندش، گل مچکن، گلاب خالص، مغز تخم پیٹھہ، مغز خیار، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز تخم کدو شیریں، مغز حب الزلم، مرکی، مغز نارجیل، مغز حب اسمنہ، مغز چلغوزہ، مغز تخم بیدانجیر، مغز فندق، رز جوش، ہندی مویز منقیٰ ناصح تمباکو، ہلیلہ سیاہ کابلی مرکبات اطریفل، اطریفل کشنیز، اطریفل کبیر، حب ایارج، بنفشہ، نیلوفر۔

کان کے امراض کی ادویہ:

آب برگ نیم سبز، آب برگ صد برگ سبز، آب برگ ترب، ابھل، انذروت، برگ تنبول بنگلہ سبز، برگ تمباکو سبز، پوست مسلم، تخم کتاں، تخم خطمی، چائے کشمیری، رتن جوت، روغن گل، روغن محلول، شہد خالص صبر زرد، مرزنجوش گلیسرین، بورک، کاربالک۔

مسوڑھوں، زبان اور منہ کے امراض کی ادویہ:

اسپغول مسلم، انذروت، استخوان بز سوختہ، برگ انبہ نورستہ، برگ امرود سبز، برگ چنبیلی سبز، برگ سرس، برگ کشنیز سبز، گاؤزبان سوختہ، برگ انار سبز، بنسلوچن، تخم سرس، توتیا سبز بریاں، تخم کاہو خوردنی، چھال انار سبز، چھال انبہ سبز، چھال جامن، چھال کچنال، چھال مولسری، چھال نیم، چھال بکائن، چھال گوندنی، چھال فالسہ، چھال سلسلہ، خرمہرہ سوختہ، زرد بریاں، زہرمہرہ خطائی، سنگ جراحت، شب یمانی، عاقرقرحا، عذبہ، فلفل سیاہ، نوفل کہنہ، قشر انار ولایتی، قشر بادام سوختہ، کباب چینی، کبابہ خنداں، کزمازج کات سفید، گل کیوڑہ، گل سیوتی سوختہ، مصطگی رومی، مسی خوشبودار، ہیراکسیس، ہلیلہ سیاہ، بورک گلیسرین۔

حلق کے امراض کی ادویہ:

اکلیل الملک، برگ توت سبز، برگ املتاس، تخم خطمی، رسوت زرد، سبوس گندم، شربت توت، صندل سرخ، عدس مسلم، عذبہ، عناب ولایتی، عنب الثعلب خشک، قشر اخروٹ، قشر بادام، قشر ہیل کلاں، قشر فلوس خیار شنبر، کشنیز خشک، کزمازج، گل سرخ گل ارمنی

پستان کے امراض کی ادویہ:

آرد خرما، بادیان، برگ شبت سبز، تودری زرد، زیرہ سیاہ، ستاور، گل ارمنی، گل سرخ، مائیہ بز، نخود سیاہ۔

سینہ اور پھیپھڑوں کے امراض کی ادویہ:

اقاقیا مغسول، ابریشم خام مقرض، افیون خالص، اصل السوس مقشر، انجیر ولایتی، برگ اڑوسہ سبز، برگ گاؤزبان، برگ تنبول بنگلہ سبز، برگ ڈھاک، برگ مدار، برگ زرد سلسلہ، بارہ سنگھا محلول، بسد احمر، بنسلوچن کبود، بیخ سوسن، آسمانجوئی، پائے حلام پوست مسلم، تخم باقلائے مقشر، تخم خطمی خبازی، تخم کتاں، جدوار خطائی، حب المحلب، خوبانی، خاکسی دم الاخوین، رب السوس روغن بادام شیریں، روغن مصطگی، روغن موم، روغن بنفشہ، گل بنفشہ اور برگ، زہر مہرہ خطائی، زراوند طویل نخود بریاں، سرس زراوند، حرج ست لوبان شبان، ریشم ماہی، سوم کلیا (ایفیڈرین) سندروس، سنگ جراحت، شادنج عدسی، شاخ مرجان، شکر تیغال، صمغ عربی، عناب ولایتی، عنب الثعلب خشک، کاغذ خام سوختہ، کاکڑاسینگی، کائفل، کتیرا کہرباء شمعی، گانجہ، گل مدار گل اڑوسہ، گل زوفا گل پستہ سوختہ، گل ارمنی، گل مختوم، گل داغستانی، گوشت ماہی روہو، گولر خام، گور پختہ، گوندنی خام و پختہ، بہیدانہ شیریں، مویز منقیٰ، میعہ سائلہ اور دیگر وافع جراثیم۔

ادویہ برائے امراض قلب:

ابریشم خام مقرض، آب سیب شیریں، آب انگور، آب لیموں شیریں، انار شیریں، انگور ولایتی، برگ گاؤزبان بیخ کیوڑہ، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، تخم شرنبی، تخم ریحان، تراشہ سیب، جند بیدستر، جدوار شیریں، خس ہندی مقرض، درونج عقربی، زبرجد، زہر مہرہ خطائی، زمرد سبز، زعفران خالص، شیر گاؤ خالص، صندل سفید، عقیق یمنی، فیروزہ نیشاپوری گل جری گل چاندنی، گل گاؤزبان، گل لیموں، گل نارنج گل کمرک، گل گڑہل سرخ، گل جوہی، گل کیوڑہ، گل سرخ، گل چنبیلی، گل نازنگی، گل چکوترہ، گل امرود، گل ناشپاتی، گل رنگترہ، گل نیلوفر، مرداربد محلول، مشک خالص نیلم محلول، ورق نقرہ، ورق طلاء یاقوت رمانی، یشب انگوری، یشب کافوری، عنبر اشہب، کیفین، کورامین۔

خمیرہ گاؤزبان خمیرہ صندل، خمیرہ ابریشم، دواء لمسک بارد، دواء المسک، معتدل جواہر دار، شربت انار شیریں، شربت انار ترش، شربت نیلوفر، شربت کیوڑہ، شربت سیب، شربت انگور، شربت لیموں، شربت شیریں گل گڑہل، شربت صندل، عرق نیلوفر، عرق بید مشک، عرق گلاب، عرق کیوڑہ، عطر بیلہ، عطر جوہی، عطر چنبیلی، عطر چمپا، عطر صندل عطر موتیا مربہ سیب، مربہ گزر، مربہ پیٹھہ۔

ادویہ برائے امراض معدہ و جگر:

آب انار شیریں آب آملہ سبز، آب اناس، آب برگ بتھوا مروق، آب بارتنگ سبز مروق، آب برگ پودینہ سبز مروق، آب لیموں کاغذی، آب برگ سبز مروق، آب برگ تنبول بنگلہ سبز مروق، آب برگ عنب الثعلب سبز مروق، آب برگ کاسنی سبز مروق آب برگ گکروندہ سبز مروق، آب کمرک، آب نارنج، آب نیشکر، آب ترب مشوی آب پپیتہ، آرد مندوا، آرد باجرہ، آرد موٹھ، ارنڈ خربوزہ ارہر سیاہ، اشق، اشنہ افسنتین رومی، اکلیل الملک، املی، آملہ خشک، انار دانہ شیریں، انار دانہ ترش، انیسون، انجیر ولایتی، بادیان برادہ آہن، اسپات، برگ سداب، برگ ترمئہ سبز، برگ سنبھالو سبز، برگ شبت سبز، بورہ ارمنی بیخ بادیان بیخ کرفس، بیخ اذخر بیارنگہ، پودینہ خشک، پوست سنگدانہ مرغ، پوست سنگدانہ تیتر، پوست سنگ دانہ بٹیر، پوست زرد ترنج، پوست بیرون پستہ، پوست بیخ کاسنی [illegible] مرغابی، تخم

تخم لیموں کاغذی، تخم کرفس، تخم قرطم، تخم کنوث، تخم چولائی، تخم بارتنگ ولایتی، تخم منقیٰ بریاں، تخم کریلا، تخم شیت تخم خیارین، تخم قلمی، تخم حماض، تخم خربوزہ، تراشہ اناس، تراشہ پیاز، تراشہ پپیتہ، جاوتری جوز، حلبہ، حلتیت خالص، خاکستر چوب انگور، خاکستر چوب ارنڈ، کاسنی، تخم خاکستر باچلدبتی، خبث الحدید، خرنوب نبطی، دارچینی، دانہ ہیل خورددانہ ہیل کلاں، دارفلفل، رائی ریوند چینی، ریٹھہ، ریگ گاھن، زرنباد، زنجبیل، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، زرشک، بہیدانہ، مدارزیرہ جاروب، زرنب زرورد بریاں، زفت رومی، ساذج ہندی، ست پودینہ، ست لیموں ست نارنگی، ست لوبان بجی گلابی، سرگین گاؤ، سعد کوفی، سکبینج سنبل الطیب، سہاگہ چوکیہ، سیماب، شہد خالص، شیر مادۂ شتر، صابن دیسی، صبرزرد، صعتر فارسی، عنبر بید، عودغرقی، فلفل سیاہ، فلفل مویا، فولاد، قرنفل گلدار، قسط شیریں قسط شیریں، قسط تلخ، کشم رومی، کالی زیری، کبریت خاص، کبریت مدبر، کھلی سرسوں، کپورکچری، کشنیز خشک، گردسماق، گل غافث، گل بابونہ، گل سرخ، گل قند، آفتابی، موم خام، نانخواہ، نارجیل دریائی، نمک ترب، نمک سانبھر، نمک سلیمانی نمک سیندھا، نمک سیاہ، نمک لاہوری، نک شور، وج ترکی، ہیل خورد مسلم، ہیل کلاں مسلم، سوڈابائی کارب، سوڈا سلف امیمونیم کلورائیڈ، ایمونیم کارب،، حیاتین ب ۱۲ اور دیگر حیاتین، جوارش کمونی جوارش عودترش، جوارش مصطگی، جوارش آملہ، دواءالکلکرکم، دوراءاکبریت، دواءاللک، روغن گل، روغن بابونہ، روغن ریتون، روغن بلسان، روغن سکنجبین، نعنائی سکنجبیں لیمونی سکنجبین بزوری، شربت تمر ہندی، شربت لیموں کاغذی، شربت بزوری بارد، شربت بزوری حار، شربت بزوری معتدل، شربت زرشک، شربت نارنج، عرق بادیان، عرق برنجاسف، عرق پودینہ، عرق صعتر، عرق مکوہ، عرق ہیل خورد، عرق نعناع، عرق گلاب، مربہ ادرک، مربہ بہی شیریں، مربہ پپیتہ، مربہ اناس، مربہ تمر ہندی، مربہ کروندہ، مربہ کریلہ، مربہ ہلیلہ، مرہم داخلیون، مصطگی رومی، ۔

ادویہ برائے امراض طحال:

اشق، برگ جھاؤ، بیخ کبرتخم ترب تخم شبت، تخم سنبھالو، پیۂ مرغابی، پیۂ مرغ پیۂ بط، پیۂ کبوتر صحرائی، گاؤ شیر، جواکھار، چونا، حلبہ، حلتیت خالص، خردل، راتیانج، زفت رومی، سرکہ خالص سرکہ جامن، سرکہ عنصلی، سکبینج، سہاگہ چوکیہ، شیرزقوم، عذبہ، کزمازج، فوہ گل غافث، مغز گھیکوار، مغز شفتالو، مغز فلوس خیارشنبر، نوشادر، مدبر سکنجبین سادہ، سکنجبین نعنائی، سکنجبین اصولی، عرق نعناع۔

ادوایہ برائے امراض امعاء

اسپغول مسلم، برگ گاؤزبان بنسلوچن کبود، بیخ انجبار، بیلگری، تخم بارتنگ ولایتی، تخم خرفہ سیاہ، تخم منقیٰ بریاں، تخم کنوچہ، تخم ریحان، جفت بلوط، گلنار فارسی، جومقشر، حب الآس، خرنوب نبطی، ریشہ خطمی، روغن گل، روغن بادام، ریشہ برگد، زردود، زہرمہرہ خطائی، آب پپیتہ۔ سلفاگوناڈین، سوڈابائی کارب، سلفاٹرائیڈ، سفیدی بیضۂ مرغ، سفیدۂ کاشغری، گلاب خالص، مغز بہیدانہ شیریں، مربہ بہی شیریں، مربہ بیل، سوڈا سلف، جلیپ، سلفا کے دیگر مرکبات، انٹروڈایا مارم، انٹراگوناڈین، سپازول، کے اولین وغیرہ

ادویہ برائے امراض مقعد:

آب برگ ترب سبز، آب برگ شریفہ سبز، آب برگ شفتالو سبز، آب برگ گکروندہ، باؤ بڑنگ، برگ ترب سبز، برگ صد برگ سبز، برگ سداب، برگ بھنگ سبز، برگ کنگھی سبز، برنگ کابلی، برگ انار ترش، پلاس پاپڑا، تخم گندنا، تربد مجوف، تراشہ ترب، شلجم، حب الملل، رسوت زرد، روغن مغز نیمکولی، روغن تلخ، ریوند چینی، سفیدی بیضہ مرغ، شاخ ہار سنگھار، فارسی، صابن دیسی، صبر زرد، کمیلہ گل صد برگ تازہ، مغز تخم نیم مغز، تخم بکائن، مقل ازرق مصطگی رومی، مغز کرنجوہ۔

ادویہ امراض گردہ ومثانہ:

آب برگ پودینہ سبز مروق، آب برگ تو تیا سبز مروق، آب برگ جواسہ سبز مروق آب بیخ کیلہ، آجر کہنہ، اجوائن خراسانی، آردش، آرد گذر، آرد سنگھاڑہ، آرد خوکا، آرد کسیرد، مقشر آلو بالو، اسگند ناگوری، آرد جو شیریں بچھناگ، بلادر، بھوپھلی، بٹ گشیا، برادہ دندان فیل، برگ دودھی سبز، بہمن سفید، بہمن سرخ بیخ بھنڈی، بیخ نرگس، بیخ کنیر، بیخ خربوزہ، بیر بہوٹی، بیج بند تخم، اٹنگن، تخم است، تخم اسپند، تخم پیاز تخم ترہ تزک، تخم تمر ہندی مقشر، تخم جرجیر، تخم چقندر، تخم خربوزہ، تخم خیارین، تخم دھتورہ، تخم سروالی تخم شلجم، تخم قرطم، تخم گذر، تخم ہلبون، تال مکھانہ خورد، تال مکھانہ کلاں، ترنجبین خراسانی، تودری، زرد، تودری سرخ، تودری سفید، پھلی ببول، پیہ سانڈا، پیہ شیر، پیہ غوک، ثعلب مصری، جند بید ستر، حنبطیا نارومی، چھال ارجن، چرم بودار سوختہ، حب القلت، حب قلقل، حب کاکنج، حب الخضراء، حجر الیہود، خار شتر، خارخسک خورد، خارخسک کلاں، خاکستر عقرب سوختہ، خراطین مصفی، خشت کہنہ، خولنجان، دوقو، درونج عقربی، رال سفید، روغن بازود، روغن بلسان، روغن قرنفل، روغن دارچینی، روغن مال کنگنی، ریگ ماہی، زبان سگ سوختہ ردی بیپہ مرغ زلوخشک زبر تیلیا زبر شیریں سانڈا سنکھیا سبوس اسپغول، ست بارزد، ست سلاجیت، ستاور، سم اسپ، سمندر سوکھہ، سنگ سرماہی، شاہ دیمک، شورہ قلمی، شراب برانڈی، شنگرف مدبر، شیر گاؤ، شیر میش، شیر برگد، شیر گولر، شیر مدار، شقاقل مصری، صمغ حنا، صمغ ڈھاک، صمغ سینبھل، صمغ انبہ، طحلب سبز عطر اگر، عطر مشک، عطر موتیا، عطر ناگسیر، عطر گل حنا، عاقر قرحا عنبر اشہب، غوک، فطر اسالیون، فوفل سفید، فوفل چکنی، قشر خربوزہ، قضیب ریچھ، قضیب گاؤ، قضیب گھڑیال، پوٹاش بائی کارب، سوڈا بائی کارب، سلفا ڈرگ، کدو دراز، کائفل، کنجد سفید کنجد سیاہ، کندر، کمرکس، گرد کیوڑہ، گل کھجور، گل داؤدی، گوہ گھونگچی سفید گھونگچی سرخ گیا چین، لہسن مقشر، مارسیاہ، مال کنگنی، ماہی رو بیان، مایہ شتر اعرابی، مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز فندق، مغز سر سمولا، مغز سر کنجشک نر، مغز کرنجوہ، مغز حب السلاطین، مغز خستہ انبہ، مغز خستہ جامن، مستی غواک، مشک خالص، مورچہ کلاں موصلی سینبھل، موصلی سیاہ، میدہ لکڑی، میل گوش خر، میل گوش آدمی مین پھل، ناگیسر گجراتی نور برگد،

ادویہ برائے امراض انثیین:

اصل بید، برگ جیت سبز، برگ تمباکو سبز، برگ بیدانجیر سبز مکوہ، سبز بیضہ کچھوا، پوکھر مول، سریش، عنبر بید، کھریا مٹی، گل بابونہ، گل ٹیسو، گل ملتانی، مغز کرنجوہ۔

ادویہ برائے امراض اوجاع ظاہرہ:

اہیل،انذروت،رباؤ بڑنگ، باؤ کھمبا، برگ تنبول، برگ انار سبز، برگ بانس سبز، برگ خطمی سبز، برگ سنبھالو سبز، برگ مکوہ سبز، برگ عنب الثعلب سبز، بیخ بادبان، بیخ سینٹھ، بیخ پتاور، بنداد، پاہ گجراتی، پرسیاؤ شان، پلنگ توڑ، پوٹاس، پوست انار، پھلی ببول، پھٹکری خالص، ٹاٹ سوختہ، جواکھار، چرم بدبودار سوختہ، چویا، چھال ببول، چھال، تمر ہندی، چھال انار، چھال جامن، چھال کچنال، چھال میوہ خاکی، خارخسک خورد وکلاں، خاکستر استخوان کبوتر، کچنال رتن جوت، رماص محرق، ریشہ نارجیل، زراوند طویل، زراوند مدحرج، سرمہ اصفہانی، سن خام سوختہ، سیسہ محلول، شحم حنظل، عذبہ، فرفیون، فودنج نہری، قشر فلوس خیار سبز، قند سیاہ، کاغذ خام سوختہ، کز مازج، کمرکس، گل نوفل، گل پستہ، گل دہاوا، گل ببول، گل ترئی تلخ، لوہ چون، مازو سبز، مشک طرامشیع، موچرس، مولسری خام، مغز نارجیل کہنہ، نبات سفید، نمک لاہوری، ہیراکسیس، ارگٹ کے مرکبات۔

ادویہ برائے امراض اوجاع ظاہرہ:

آب برگ حنا سبز، اسپرین، حیاتین، سوڈا اسلی سیلاس، باپچی، بیخ نے برگ دھتورہ سبز، برگ، سداب بنفانج فتقی، بوزیدان ولایتی، تخم دھتورہ، تراشہ شلجم، چوب دیودار، چوب زردانبہ، خاکسی، روغن بابونہ، روغن تخم کتاں، روغن مصالحہ، روغن مال کنگنی، روغن منطگی، سورنجان شیریں، سورنجان تلخ، شیطرج ہندی، قسط تلخ، کچلہ، موم خام، مونج سبز، نمک شور، ارگاپائرین۔

اعضائے رئیسہ کی تقویت کی ادویہ:

گوشت آہو، گوشت بٹیر، گوشت چکور، گوشت حلام، گوشت فاختہ، گوشت کنجشک نر، گوشت کلۂ نر، گوشت لوا، گوشت مرغ جوان، گوشت مور۔

ادویہ برائے امراض جلد:

آب ادرک، آب پیاز، آب لیموں کاغذی، آملہ خشک، برگ گل بنفشہ، باپچی، بورک ایسڈ، زنک اکسائیڈ، برگ شاہترہ، برگ سیم سبز، برگ حنا سبز گٹھلی انبہ، برنج ساٹھی، پالک جوہی، پوست زردترنج، تخم معصفر، تخم پنواڑ، تخم حنا، چوب چینی، حسن یوسف، خردل بنارسی، ختہ جامن، خشخاش سفید، ڈنیڈی ہارسنگھار، رال سفید، رسوت زرد، رسکپور، روغن چنبیلی، زہرمہرہ خطائی، سیماب، سبوس گندم، سفیدہ کاشغری، سہاگہ چوکیہ، سیندور، شیطرج ہندی، شنگرف، صدف صادق، صندل سرخ، صندل سفید، عطر گیندا، عطر نارنگی، عطر مولسری، فرفیون، فلفل سیاہ، قشر نارنگی، قشر کمیلہ دیسی، قشر رنگترہ، کافور خالص، کمیلہ، گابھ نیم گل ارمنی، گل حنا، گل معصفر، گل سرخ، گل ملتانی، لسان العصافیر، مغز تخم کدو شیریں، مردار سنگ، برادہ صندل، مکھن گاؤ، ہڑتال طبقی، روغن گل۔

بالوں کے امراض کی ادویہ

زرزنخود، آملہ سبز، آملہ خشک، افیون خالص، آب پتہ گاؤ، آب پتہ بز، برگ سداب، برگ چقندر سبز، برگ بھنگرہ سیاہ، برگ حنا سبز، بیضۂ عنکبوت، جبل بیل، چونا، حب الصنوبر، خون چمگاڑ، دال ماش، روغن بادام تلخ، روغن زیتون، روغن سرسوں، روغن نارجیل، روغن آملہ، روغن

کنجد سیاہ، زلودریائی سم بز سم شتر، سنام ابرص، سعد کوفی، سنگ راسخ، سنگ مرمر، سنبھل الطیب، سعد کوفی سلح الحیہ، قشر الصنوبر، کنجد سفید، کلا سرسوں، کھلی چنبیلی گل لالہ، مغز بادام تلخ، مغز نارجیل، مویز ج کوہی۔

ادویہ برائے ضرب وسقطہ:

انبہ ہلدی، اسپرٹ، بارونجان، برگ بیدانجیر سبز، برگ برگد سبز، برگ تنبول بنگلہ سبز، برگ عجوبہ سبز، پھٹکڑی خالص، تخم سرس، ٹنکچر آیوڈین، ٹنکچر ایسٹل، ٹنکچر آف اکونائیٹ، چین سر، حلوا میدہ، روغن کافور، روغن کنجد سفید، شیر گاؤ شراب برانڈی کنجد سیاہ، مغز نارجیل کہنہ، موم خام مومیائی خالص، میدہ لکڑی، ہتھ چوڑ ٹنکچر آیوڈین۔

ادویہ برائے حمیات:

اسپغول مسلم، ابریشم خام مقرض، افسنتین رومی، اصل السوس مقشر، آلو بخارا، آب کدو دراز، آب پیٹھا، آب خرفہ، آب خیار مشوی، آب نارنج، آب زلال، آلو بخار، آب زلال تمر ہندی، آب تربوز، آب نیلوفر تازہ، آب گندر مشوی، آب برگ ترب سبز، آب نارنج آب انارین، آب برگ پالک سبز، آب برگ کاسنی سبز مروق، آب چقندر سبز، افتیمون ولایتی، افسنتین ولایتی، انیسون انجیر ولایتی، بادآورد، بادیان، برادہ صندل سفید، برگ سداب، برگ گاؤزبان، برگ شاہترہ، برگ پالک سبز، برگ بید سادہ سبز برگ کشنیز سبز، بنسلوچن کبود، پوست بیخ کاسنی، پوست مسلم، تخم خیارین، تخم کاہو مقشر، تراشہ خیار، تراشہ خیارزہ، تراشہ کدو دراز، تمر ہندی مقشر، جو مقشر چرائتہ، خاکسی، خس ہندی، خشخاس سیاہ، زہر مہرہ خطائی، سرطان نہری، ست گلو، شب یمانی، شیر بز، شیر زن، شیر خشت انگریزی، شیر خشت صمغی، شکاعی نیم کوب فلفل سیاہ، کافور خالص، کشنیز خشک، گلوئے نیم، گل خطمی، گل غافث، گل بنفشہ، گل نیلوفر، گل سدر، مویز منقیٰ، مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم پیٹھہ، مغز تربوز، مغز بہیدانہ شیریں، مغز کنول گٹہ، ماء الشعیر، مغز کرنجوہ، نشاستہ، نمک لاہوری، کونین، سپاکرین، کلوروکین، دیگر دافع ملیریا، ادویات خمیرہ بنفشہ، سکنجبین نعناعی، سکنجبین لیمونی، سکنجبین بزوری، شربت بزوری بارد، شربت بزوری معتدل، شربت نارنج، شربت، نبفشہ، شربت آلو، شربت نیلوفر، عرق بید خشک، عرق کیوڑہ، عرق گاؤزبان، عرق نیلوفر، عرق بید سادہ، عرق بادیان، عرق سرطان نہری، گلقند، آفتابی۔

ادویہ برائے احتراق خون:

آب برگ شاہترہ سبز مروق، افتیمون ولایتی، صرہ بستہ برادۂ آبنوس، برادہ شیشم، برادۂ صندل سرخ، برادۂ صندل سفید برگ شاہترہ، برگ حنا، برگ نیم سبز، برگ تمر ہندی سبز، برگ کتھہ سبز، برگ نارنگی سبز، برگ جامن، برگ فالسہ، برگ انار شیریں، برگ لیموں ترش، برگ بکائن سبز، برم ڈنڈی، پوست ہلیلہ زرد، تخم شاہترہ، تخم حنا، ثمر نیم چرائتہ، چوب چینی، چھال نیم، چھال فالسہ سبز، چھال بکائن، چھال جھڑبیری، چھال شیشم، چھال انبہ، چھال کچنال منڈی سبز، دھمایا، رسوت زرد، سرپھوکہ، شہد خالص، شیطرح ہندی، عناب ولایتی، عشبہ مغربی مقرض، گل حنا، گل نیم، لاجورد مغسول، منڈی، مستی نیم، مغز تخم کپاس، شیر گاؤ نیل کنٹھی، ہلیلہ سیاہ، ماء الجبن، شیر گاؤ۔

ادویہ معدلہ:

آلو، آڑو، انبہ پختہ، انبہ خام، انار قندھاری، بیہدانہ انناس، انگور ولایتی، دروی، آرد نخود، اچار ارنڈ، خربوزہ، اچار گذر، اچار شلجم، پیاز، اچار لیموں، آلوچہ، بڑیل بھنڈی بیل، بادنجان دیسی، بادنجان ولایتی، بہی شیریں، برنج کہنہ، برنج ولایتی، پھلی مٹر، تخم سیم تکونہ، توت شیریں، جوار، جفرات چقندر، چولائی پودینہ، چٹنی پیاز، چٹنی لہسن، چٹنی لیموں، چٹنی کشنیز، چٹنی نورتن، چٹنی چچنڈ، چٹنی چولائی، چٹنی پودینہ، چٹنی لہسن، چڑوا، چائے انگریزی، حلوائے گزر، حلوہ جوزی، حلوہ زعفرانی، حلوائے گذر، حلوہ جوزی، حلوہ حبشی، حلوہ زعفرانی، حلوۂ زردی بیضہ مرغ، خربزہ شیریں، خیار سبز، دوغ دلیلہ دال، موٹھ رام دانہ ردا، ربڑی، روغن زرد، رس بھری، زردی بیضہ مرغ، سنگترہ، سیب شیریں، سیو سیم سبز، شکر سفید، شیر خالص، شلجم، عدس، فالودہ فالسہ، قند سفید، کمیلہ، کھٹائی، کاکن کیرو تازہ، کرم کلہ کگروندہ، کچنال، کدو شیریں، کریلہ، گندم، گوبھی گذر دیسی، گزر ولایتی، لیچی، لوکی، لچھے، لہسن، لکھوٹ، مکھن گاؤ مٹر، ماش مونگ، مونگ پھلی بریاں، میدہ گندم، مرچ سبز، مرمرا، نارنگی، ناشپاتی، نمک پارہ، نیشکر، نخود، نخود سبز، بیہدانہ، ہلدی کچی۔

ادویہ برائے مسہلات:

آب برگ ترب سبز، آب برگ چقندر سبز، آب برگ ملو سبز، آب برگ کاسنی، آب برگ پالک سبز، افسنتین، افتیمون ولایتی، آلو بخارا، ایارج فیقرا، برگ سنا مکی، بسفائج فستقی، بورۂ ارمنی، پوست ہلیلہ زرد کابلی، تربد مجوف، ترنجبین خراسانی تمر ہند مقشر، تخم شاہ پسند، جلاپا حب النیل، حب ایارج، روغن بید انجیر، روغن گل، رسوت زرد، ریوند چینی، زنجبیل، سقمونیاء، مشوی، شلجم حنظل، شیر خشت انگریزی، شیر خشت صمغی، شربت ورد مکرر، شکر سرخ، صبر زرد، عرق مکوہ، عصارہ ریوند، غاریقون مغربل، گلاب خالص، گل آفتابی، گل سرخ، لاجورد، لاجورد مغسول، مغز فلوس خیار شنبر، مغز جمال گوٹہ، مغز بید انجیر، مقل ارزق، نمک لاہوری، ہلیلہ سیاہ، ایلوا کیلٹوفس، کیلول۔

قے آور ادویہ

آب برگ شبت سبز آب کدو تلخ، آب گرم، اصل السوس غیر مقشر، برگ ترب سبز، بورۂ بیج گکڑی، تخم ترب تخم حنظل، تخم شبت، تخم خربوزہ، حب النیل، خربق ساہ، سکنجبین سادہ صبر زرد، غاریقون مغربل، کندش، میں پھل۔

ادویہ قتالہ

اسپغول سیاہ، اسپغول مدقوق، ارنب بحری، افیون خالص، بچھناک، بھنگ بھٹ کٹیا بھنگر، بیج کدو در پارہ، پیپہ، نپ، پپیہ تندوا، پھیں چھتر، پیاز دشتی، تخم دھتورہ، جند بید ستر سیاہ، جدوار تلخ چرس، چونہ، حسن یوسف رسکپور، دانگہ زاج، اصفر انجار زہر تیلیا، زہر شیریں، زنگ حدید، رنبور، سرمہ سیاہ، سفید کاشغری، سقمونیا غیر مشوی، سورنجان تلخ، سم الفار، سنگ کج مسانہہ کریا سیسر شبت مغرق، شنگرف، شیر مدار، شوکراں، صابن، طوطیا، عقرب، غاریقون، غیر مغربل، غوک فرفیون، قسط تلخ قردان سنبل، کچلہ غیر مدبر، کف دریا، کجاہ سیاہ، مردار سنگ بین سل، مغز جمال گوٹہ، ہڑتال طبقی، ہیرا کسیس۔

مفردات مکمل تفصیل

اکلیل الملک Coumarium (Coumarin)

ہندی پرنگ ہندی شاہ افسر ناخونہ گیاہ صغیر

انگریزی co marins comarium

لاطینی melilotus officianlis

مقام پیدائش پاک و بھارت خصوصاً بنگال و گجرات میں موسم سرما میں بویا جاتا ہے

ماہیت: ایک خودرو پھل ہے جس کی دو قسمیں ہیں اور یہ دونوں ایک دوسرے سے مشابہ ہوتی ہیں یہ پھل ہلالی شکل کے غلاف میں لپٹا ہوتا ہے بیج گول گول مولی کے بیجوں کی طرح اور رائی کے دانے سے چھوٹے ہوتے ہیں، دوسری قسم کے پھل نسبتاً پیلے اور ہالیت بھی نسبتاً کم ہوتی ہے، پتے گول شاخیں باریک کھردری اور سخت زمین پر پھیلی ہوئی ایک گز تک لمبی ہوتی ہیں بعض پھولوں کا رنگ سفید اور بعض بنفشی ہوتے ہیں پتے بھی بعض بارتنگ کے پتوں سے مشابہ اور بعض قدرے چھوٹے ہوتے ہیں یہ پتے میتھی کے پتوں سے چھوٹے اور دندانہ دار ہوتے ہیں پیاز روغن کے ہمراہ اسے میتھی کی مانند بریاں کر کے استعمال کرتے ہیں، گجرات و بنگال میں عام طور پر ایسا کرتے ہیں۔

کیمیاوی صفات

اکلیل الملک کا ایک جوہر کوئے رائنم یا کویرین کہلاتا ہے جو شراب خالص اور چربی میں حل ہو جاتا ہے البتہ پانی میں نا قابل حل ہے اور مرہم اور خوشبو کے لیے ملاتے ہیں۔

افعال و خواص: محلل، منصبح قابض و مجفف قوت قابضہ قوت محللہ سے کم ہے اس لیے منصبح ملطف اور مقوی احشا ملین اورام ہے مدر بول وحیض، ادخاء تحلیل ورم امراض معدہ حار تحلیل وتیلین ورم حار سکن درد نطول جوشاندہ کی صورت میں مختلف امراض میں مستعمل ہے،

مضر: انثین کو مضر ہے۔

مصلح: شہد اور انجیر۔

بدل: بابونہ ہم وزن فراسیون نصف وزن انجیر۔

مقدار پانچ ماگرام

Esphand اسپند

عربی: حرمل۔ فارسی: اسپند۔ بنگالی: البند۔ سندھی: حرمرو۔ اردو: حرمل۔

انگریزی SYRIAN Syrian

لاطینی HENA SEED PEGANIUM HARMOLA

صفت و ماہیت ایک پودا ہے گز بھر کے قریب لمبا پتیاں لمبی گول اور بیج رائی جیسے ہوتے ہیں پھول چنبیلی کی طرح رنگت سفید ہوتی ہے خوشبودار اور پھلیاں لمبی لمبی ان کے اندر اسپند کے دانے ہوتے ہیں دوسری قسم کا اسپند جو حرمل کہلاتا ہے اس کا درخت بالشت برابر لمبا اور ٹہنیوں میں تکونہ غلاف ہوتے ہیں جن کا رنگ قدرے سرخ اور رائی کے دانوں کے برابر بیج ہوتے ہیں جن کی بو سخت اور بھاری ذائقہ بدمزہ اور تلخی لئے ہوتا ہے مقام پیدائش ہندو پاک میں عام پایا جاتا ہے۔

مزاج درجہ سوم میں گرم خشک بعض درجہ اول میں خشک مانتے ہیں تخم دفع استرخاء وتقویت باہ اعصاب مفید برائے امراض باردہ سینے وپھیپھڑے کو غلیظ رطوبت سے پاک کرتا ہے ریحی مواد کو تحلیل کرتا، مدر بول وحیض روغن زیتون جوش مقوی دماغ واعصاب مفید برائے امراض باردہ۔

مضر: سردرد پیدا کر سکتا ہے معدہ میں کرب کی صورت پیدا ہو سکتی ہے۔ زیادہ استعمال عادی بناتا ہے۔

مصلح ترش میوے سکنجبین

بدل تخم سداب مناسب وزن

مقدار ۵ سے ۹ گرام

فالج، لقوہ، رعشہ، استرخا، صرع اختلاج کو مفید ہے مقوی اعصاب حبوب بخور معجون روغن مستعمل ہیں۔

OPIUM افیون

نام فارسی تریاک، ہندی افیون، بنگالی اپھن اور رہی پھن، یونانی ابیون، عربی لبن الخشخاش، گجراتی: اپو۔ تامل: ابنی۔ مرہٹی بھاشا میں اُنو۔ سندھی میں آفیم اور انگریزی میں اوپیم کہتے ہیں۔ ایشیائے کوچک، چین، ایران، **ماہیت**: خشخاش کے پھلوں اور اس کی چھال کا منجمد رس ہے جو نبات مذکور کے پتوں اور تنوں میں شگاف دینے سے نکلتا ہے اور بعد میں خشک ہو کر منجمد ہوتا ہے، بہترین افیون گاڑھی اور اس کی بو ناگوار، ذائقہ کڑوا، آسانی سے نگلنے والی اور چکنی ہوتی ہے دھوپ میں رکھنے سے پگھل جاتی اور چراغ کے نزدیک آنے پر جلنے لگتی ہے لیکن شعلہ نہیں دیتی۔

افیون تازہ حالت میں ملائم نمدار اور دانہ دار اور رنگت میں سرخی مائل بھوری ہوتی ہے عرصہ تک پڑے رہنے سے سخت اور رنگت میں سیاہی

مائل بھوری ہو جاتی ہے پانی میں حل کرنے پر کیولک ایسڈ کی موجودگی کی وجہ سے سیال ہو کر قدرے ترش ہوتی ہے، **آمیزش** اس میں کنکریاں مٹی اینٹ کی سرخی نشاستہ آٹا مختلف قسم کے پھل پتے، پانی وغیرہ خالص افیون میں مارفین ۵ء۹ فیصد ہو سکتی ہے۔

کیمیاوی صفات: اس کی کیمیاوی ترکیب پیچیدہ ہے مندرجہ ذیل الکلائیڈ ہوتے ہیں، مارفین، کوڈین، تارکوئین، تھے بے تین، پے پے رین، نارسی این، سیوڈو، مارفین، کرب ٹوپین، ہائیڈ وکوٹاٹین، لاڈے فین، لاڈے نوسین میوگونی ڈس، لین تھونین، ربی اے ڈین، سیوڈو کوڈے ٹین، اکسی ڈائی ٹارس، اپیوکوڈاس، تھے بے ٹین، پرفانی رو کیس کوٹارس۔

موادمعتدلہ ارپونین، میگوس، میکونالے ڈین، حسہو ضات بنائینہ، میکونک ایسڈ ایکٹک پانی ۶۴ فیصدی افیون درال، گلوکوس ڈشکر انگوری فیٹس چربی، کارشکوکدر بڑ، لطیف روغن خوشبودار اجزا اور انیومنم کیلشیم اور میگنیشیم وغیرہ مختلف قسم کی افیون میں تراکیب بالا مختلف ہوتی ہیں نقصانات نے تک ایسڈ اور نباتاتی مرکبات قباضہ زنک کا پرآئرن ارسٹیک اور سلور کے نمکیات کھاری دوائیں اور ان کے کاربونیٹس ایمونیا۔

افعال اعضا کو سن کرتی قبض اور سدے پیدا کرتی نیند لاتی اور مسکن او جاع ہے دافع اخلاط آنکھ اور کان کے امراض کھانسی دمہ اور پرانے اسہال اور آنتوں کے زخموں کے لیے بہترین دوا ہے دافع سرعت درد سر شقیقہ میں بطور ضماد استعمال ہوتی ہے پیچش میں ہمراہ زعفران دمرگی مفید ہے خارجاً بال کی پیدائش کو روکتی ہے۔

افعال مخصوصہ مسکن اوجاع وحابس نزلہ۔

مضر ذہن روح بینائی اور باد

مزاج چہارم میں سرد خشک مصلح زعفران جند بیدستر ددار چینی، سونٹھ جدوار فرفیون خصوصاً جدوار شیریں۔

بدل سہ گنا اجوائن خراسانی اور اس کے ہم وزن تخم نعناع۔

مقدار خوراک: تریاق: جند بیدستر پوٹاشیم پرمنگنیٹ ارنڈ کے درخت کی کونپلیں۔

زہریلی علامات: زہر افیون کی زہریلی علامات درد سر تکان، نیند رفتہ رفتہ حواس باطل ہو کر بیہوشی طاری ہو جاتی اور پتلیاں سکڑ جاتی ہیں روشنی وتاریکی کا کوئی اثر نہیں ہوتا چہرہ آنکی جلد ٹھنڈی سرد پسینے سے ترتنفس کے مفلوج ہونے سے موت ہوتی ہے۔

مشہور مرکب: طبی دواؤں میں برشعشا مشہور مرکب ہے **جدید مرکبات**: ایرویشگ پاؤڈر آف چاک دواء پیم۔

قابض مسکن دافع اسہال ہے ڈورس پاؤڈر مقدار ۶۲۵ ملی گرام سے ۱۲۵۰ ملی گرام قابض ومسکن ہے۔ ٹنکچر او پیم مقدار ۵ سے ۳۰ بوند۔

افعال: معرق قابض مسکن، مارفین۔

افعال: مسکن الم۔ مخدر منوم۔

مقدار ۱/۸ سے ۱/۴ گرین، اس کا انجکشن بھی ۱/۴ سے ۱/۲ تک آب مقطر میں ملا کر دردوں کے دردوں کو دور کرنے اور تسکین ونیند کے لیے

مستعمل ہے یہ تحت الجلد دیتے ہیں۔

اذراقی

انگریزی نام: Poison Nut

لاطینی نام: Nux Vamica

عربی: اذراقی۔ فارسی: حب الغرب۔ اُردو پنجابی کچلہ۔ گجراتی: کبرا جبکہ بنگالی میں کچیلہ کہتے ہیں۔

مقام پیدائش: بھارت، پاکستان، سری لنکا، چین اور برما کے جنگلات میں خودرو ہوتا ہے۔

ماہیت: ایک درخت کے پختہ دخشک شدہ بیج ج کچلہ کہلاتے ہیں گول اور چپٹے مکیوں کی صورت کے بیج جن کا قطر تقریباً تین سے چار سنٹی میٹر تک ہوتا ہے۔ موٹائی ایک سینٹی میٹر کے قریب ہوتی ہے۔ کنارے گول ایک جانب سطح پر ناف کی مانند داغ ہوتا ہے رنگت باہر کی طرف سے خاکی اور چھوٹ چھوٹے رونگٹوں کی جہ سے چمک دار اندر سے اس بیج کی ساخت سینگ کی مانند سخت اور نیم شفاف ہوتی ہے ذائقہ نہایت کڑوا بوندار ومزاج گرم۔

کیمیادی صفات: اس میں سٹرکہنن ۶ ءدو فیصدی تک مختلف اقسام کے بیجوں میں مختلف ہوتی ہے بروسین ۵ ء سے ۳ فیصدی تک (۳) آئی گےسورک ایسڈ جس میں سٹرکنین اور بروسین دنوں شامل ہیں (۴) یوگے نین ایک بے اثر کر سائیڈ (۵) فیٹ وشوگر جز ہوتے ہیں۔

افعال وخواص: مقوی معدہ د ہاضم، مولد اشتہا محرک قلب، دوران خون کو بڑھا تا مرکز تنفس کی تحریک سے تنفس گہرا اور تیز ہوجاتا ہے، مقوی حواس خمسہ وقوائے عقلیہ اعصاب و بااسترخا۔

افعال خصوصی: امراض سر، فالج واسترخاء وتقویت واعصاب اخلاط مدبر خارجی استعمال کیلئے غیر مدبر۔

تاثرات سمیہ: زہریلی مقدار میں دینے سے ایک گھنٹہ بعد علامات زہر نمایاں ہوتی ہیں عام پشت، بازو اور ٹانگوں کے شدید دردوں کے بعد اعصاب سکڑنے لگتے ہیں اور تشنج کزازی پیدا ہوتا ہے جو عموماً نصف سے ایک منٹ تک ہوتا ہے مریض پسینہ سے شرابور نبض تیز اور حرارت جسم تیز ہوجاتی ہے وقفہ میں عضلات ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور ذرا سی تحریک پر درد سے پر ہو جاتے ہیں اور یہ دورے کزاز سے مشابہ ہوتے ہیں۔

تریاق: تیز چائے۔ معدہ کی صفائی۔ ریپو مارفینی ہائیڈروکلورائیڈ کارٹیکس۔

مضر: مضعف دھن۔

مصلح: روغن نبات سفید لعابات گھی

بدل: ارنڈ، خربوزہ

مقدار خوراک: طبی مرکبات میں معجون اذراتی فالج استرخاء اور تقویت اعصاب کے لئے بہت مفید ہے دافع کمزوری ہے حب کچلہ اذراتی مدبر بھی قرابادینوں میں مرقوم ہے۔

مرکبات جدیدہ: بیرنگ ہشت پہلو قلمیں جو ہوا میں رکھنے سے شگفتہ ہو جاتی ہیں ذائقہ تلخ ایک حصہ ۴۰ حصہ پانی میں قابل الحل اور ایک حصہ ۶۰ حصہ الکحل میں حل ہو جاتا ہے مقدار ۱/۳۲ سے ۱/۸ اگرین، سٹرکنین ہائیڈ روکلورائیڈ، مقدار خوراک ۳ سے ۱۲ منم انجکشن سٹرکنین ہائیڈ روکلورائیڈ ۱/۲، ۳ گرین ڈسٹیلڈ واٹر ایک فلوئڈ اونس مقدار پانچ سے ۱۰ منم، ہائپوڈرمک ٹیبٹس ۱/۶۰ سے ۱/۱۵ اگرین، ۱/۱۰۰، ۱/۶۰، ۱/۳۰ اگرین کی سٹرکنین فی ٹیکہ بنائی جاتی ہیں بوقت ضرورت ایک ٹیکہ ۲۰ منم یا ایک سی سی میں حل کر کے دیں، ٹیکچر نکس وامیکا، مقدار ۱۰ سے ۳۰ بوند۔

مضر: مشوش ذہن اور تشنج پیدا کرتا ہے۔

مصلح: شکر اور خوشبودار ادویہ قے کرانا دودھ روغن بادام لعابات۔

املتاس

PUDDING PIPE TREE - PURGINGCASSIA

عربی فارسی میں خیار شنبر۔سندھی میں چمکنی۔بنگالی میں سونڈالی۔سنسکرت میں سورنکا۔نیپالی میں راج برکش اور پنجابی میں املتاس۔

انگریزی PUDDING PIPE TREE - PURGINGCASSIA

لاطینی CASSIA FIULA CATHARTOGARPU,S FISTULA

ماہیت: ایک درخت کا پھل ہے لکڑی کی مانند سخت اور ایک بالشت بھر لانبا ہوتا ہے اور انگوٹھا کی مانند موٹا ہوتا ہے بلکہ دفعہ اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے پودے کے اندر بیج اور گودا ہوتا ہے رطوبت کو مغز خیار شنبر اور پودے کو فلوس کہتے ہیں پختہ ہونے پر اندر پیسہ کے برابر پردے نکلتے ہیں جو مزہ میں شیریں مگر بدمزہ اور سیاہ رطوبت سے آلودہ ہوتے ہیں یہی مغز فلوس خیار شنبر کہلاتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ اس میں مندرجہ ذیل چار اجزا پائے جاتے ہیں (۱) جوہر مسہل (۲) شکر ساٹھ فیصدی (۳) پیک ٹین (۴) میوبلغ

افعال وخواص: محلل اورام خصوصاً برائے اورام منہ حلق احشاء اور بے ضرر ملین ہے تمر ہندی کے ساتھ مسہل صفراء تربد کے ساتھ مسہل بلغم شاہترہ کے ساتھ مسہل سودا، شیر بز کے ساتھ غرارہ خناق ورم حلق کو مفید ہے ہمراہ کاسنی مکو اور کثوت برائے سدہ جگر و یرقان مفید ہے اس کی گولیاں عقود مطبوخ و معجون مطابق قرابادین نسخہ جات مستعمل ہیں۔تحلیل ورم حلق رفع خناق چھال تحلیل اورام اسہال اخراج اخلاط ثلاثہ، قشر اخراج ملنحہ دافع عسر ولادت برگ سبز تحلیل اورام۔

مضر: امعا معدہ کے لیے متلی مروڑ پیچش پیدا کرتا ہے۔

مصلح: مصطگی انیسون روغن بادام اور روغن مغز کدو اور زلال تمر ہندی۔
بدل: تکنا مویز، بہی دانہ اور تھوڑا سا تربد اور اس سے آدھی ترنجبین۔
نفع خاص محلل اورام مسہل اخلاط ثلاثہ تلیین سینہ، مقدار ۲۵ گرام سے ۵۰ گرام تک لعوق خیار شنبر اس کا مشہور مرکب ہے خناق میں ہمراہ شیرہ بزعزارہ کرنا اس کا موثر علاج ہے۔

انزوت

لاطینی: PINE-SARCOLLA
عربی عنزروت۔ کحل۔ فارسی انجدک۔ کدور۔ سندھی: گواہ۔ ہندی: لالی۔ اردو انزروت۔
انگریزی GUM RESIN

ماہیت: ایک کانٹے دار پودے کا گوند ہے جس کو عربی میں شائکہ کہتے ہیں، بلندی دو ہاتھ تک اور سفید زردی مائل یا سرخ رنگ تلخ اور بدمزہ قدرے شیریں بھربھرا کندر کے مشابہ ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو سفید زردی مائل تلخی کے ساتھ تھوڑی سی شیرینی رکھتا ہو۔

طبیعت: پہلے یا دوسرے درجہ میں گرم خشک

رفع حرب وسلاق تجفیف رطوبات قروح، رحم تقویت وتجفیف رطوبات رحم گوش تجفیف تنقیہ تحلیل تسکین لشہ جبس خون قبض تقویت لشہ محلل ریاح سدو

افعال خاص، تجفیف رطوبات قروح چشم

بدل: ہم وزن ایلویا کچھ زیادہ نشاستہ

مصلح: کتیرا ببول کا گوند اور روغن بادام وغیرہ، مقدار خوراک ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام بعض نے ۲ گرام سے ۹ گرام تک لکھی۔

مضر: آنتوں کے لیے۔

آملہ

PHYLANTHUS EMBLICA

عربی میں آملج، فارسی میں آملہ، سندھی میں آنوار۔ سنسکرت میں امرت پھل اور شری پھل پنجابی میں اوار۔
انگریزی PHYLANTHUS EMBLICA
لاطینی EMBICA OFFICINALIS

صفت وماہیت: ایک درخت کا پھل ہے جس کا مزہ کھٹا آلو کے مشابہ اور اخروٹ کے برابر یا اس سے چھوٹا گول گول چھالیہ کی مانند ہوتا

ہے بڑا زیادمفید و بہتر ہوتا ہے لکڑی کی مثل خیار درخت بھی اس کا اخروٹ کے درخت کی مانند ہوتا ہے پتے سبز اور چھوٹے ہوتے ہیں آملہ
کسیلا اور ذائقہ میں قدرے تلخ ہوتا ہے بیج گھٹلی کے اندر ہوتے ہیں مزاج دوسرے درجہ میں سرد وسوم میں خشک ہے

افعال وخواص: قابض مواد کو معدہ وامعا پر گرنے سے روکتا ہے محافظ اخلاط مفرح قلب مقوی معدہ وحواس ودماغ برائے مقوی باہ شہد مصطگی ودارچینی کے ساتھ مستعمل ہے، حابس خون بواسیر ونکسیر۔

نفع افعال خاص: دل دماغ معدہ کا مقوی مفرح وحابس دم

مصلح: شہد

مضر: طحال

بدل: ہلیہ کا بلی

اس کے مربہ جات جوارش وسفوفات مستعمل ہیں، مقدار خوراک، جوارش آملہ ۷ گرام، مربہ ایک دانہ سفوف آملہ تین گرام تک۔

انار دانہ

POMEGRANATE SEED

فارسی تخم انار، عربی حب الرمان، سندھی داڑھوں جوبج اردو پنجابی انار دانہ۔

لاطینی PUMICA GANATUM

انگریزی POMEGRANATE SEED

ماہیت: یہ چھوٹے چھوٹے مخروطی شکل کے بیج ہیں جو انار (خصوصی انار) سے حاصل کیے جاتے ہیں عموماً پھیکا ہوتا ہے مزاج، سرد خشک درجہ اول

افعال: مقوی معد قاطع صفرا مسکن عطش ہاضم قابض

فائدہ مخصوص، ہمراہ خرفہ اسہال صفرادی کو نافع ہے

مضر، بارد مزاجوں کے لیے شیخ الرئیس معد کو مضر بناتے ہیں (بوجہ خشونت)

بدل، سماق، مقدار خوراک، ٦ گرام، مرکبات میں جوارش حبوب وشربت کی صورت میں مستمل ہے

اصل الاصفر

HYDRASTIS

عربی اصل الاصفر، فارسی، بیخ زردمہر طلاء

انگریزی HYDRASTIS

لاطینی Hydrasts Canadensis

مقام پیدائش کینیڈا

ماہیت: خشک شدہ گرہ دار جڑ ہے جس کی گرہیں سادہ پیچدار یا کم وبیش گرہ دار ہوتی ہیں رنگت عبوری زردی مائل کچھ عرصہ بعد سیاہ ہوتی ہے

بو خفیف مزہ سخت کڑوا، مزاج، بارد ویابس۔

افعال، مقوی وحابس دم۔

ہائیڈرائیس: اس کے لیکوڈ ایکسٹریکٹ ٹنکچر زیادہ کام میں آتے ہیں ایکسٹریکٹ ہائیڈرائیٹس لیکوڈ مقدار ۵ سے ۱۵ بوند

افعال، حابس الدم، مشتہی ٹنکچر ہائیڈرائٹس۔

مقدار ۱/۴ سے اگرین تک زیر جلد پچکاری بھی کرتے ہیں۔

فوائد: نزف الدم وحمی، جریان خون بعد از ولادت۔

اننت مول

INDIAN IPECAOIUANA

لاطینی ASCIEPIAS ASTHMATIC

سنسکرت مولنی، ہندی جنگل پکوال۔ مرہٹی: پیتا کازی۔ اردو اننت مول۔

مقام پیدائش بھارت۔ جنوبی ہند۔ برازیل۔

ماہیت: رنگ سیاہ اور درخت سے لپٹی ہوئی بیل ہوتی ہے پتے لمبے اور انار کے پتوں کی طرح جو ڈنڈی پر آمنے سامنے لگے ہوتے ہیں جس پر سفید دھاریاں ہوتی ہیں جس پر سفید رنگ کے چھوٹے پھول لگتے ہیں ان میں کسی قسم کی بو نہیں ہوتی، پھلیاں دو تین انچ لمبی ذائقہ میں تلخ اور شیریں ہوتی ہیں جس میں سے لمبے لمبے بیج نکلتے ہیں جڑ لمبی اور اس میں سک کپور کچری کی سی خوشبو آتی ہے جڑ دوا میں زیادہ استعمال کی جاتی ہے یہ موٹائی میں قلم یا انگلی کے برابر ہوتی ہے پھولوں کا رنگ پیارا اور اندر سے سرخ ہوتا ہے۔

کیمیاوی صفات، اس میں پروٹین نشاستہ اور ایک جوہر فعال ہوتا ہے۔

خواص وافعال: جڑ مدر معرق مقوی وجع مفاصل مزمن میں مفید ہے، مقوی معدہ ۵۰ گرام دوا کھولتے ہوئے پانی کی ایک پائنٹ مقدار میں دو گھنٹے بھگو کر ۵۰، ۵۰ ملی لٹر کی مقدار میں پلاتے ہیں ویدک میں یہ مصفی خون ہاضم اور امراض جلد میں مفید ہے بتاتے ہیں سیلان الرحم میں نافع دافع قے، مزاج گرم خشک وید سرد بتاتے ہیں مقدار خوراک ۳۰ ملی گرام سے ۱۲۵ ملی گرام۔

بدل: عشبہ، برائے مصفی۔

نسخہ: انت مول ہینگ ملا کر دینے سے قے بند ہو جاتی ہے۔

اشق

عربی لذاق الذہب، فارسی کاندر

انگریزی لاطینی AMMONICUM

ماہیت: چھوٹے چھوٹے زردی مائل اشکی دانے یا ڈلیاں یہ دانے دھنتے کے بیج سے لیکر جنگلی بیر تک بڑے ہوتے ہیں رنگت بیرونی دارچینی کی سی اور توڑنے پر چکنی صاف اور سفید غیر شفاف رطوبت نکلتی ہے خفیف حرارت سے نرم ہو جاتا ہے بو خاص قسم کی ہلکی اور ذائقہ تلخ اور خراش وار جی متلاتے والا پانی میں حل کرنے سے سفید رنگ کا دودھیا محلول بنتا ہے کاسٹک سلوشن کے ساتھ زرد رنگ اور کلوری نیڈ سوڈیم کے ساتھ خوش رنگ نارنجی ہوتا ہے اطبا کے نزدیک بہتر اشق سفید ہے جو نرم و جلدی پگھل جاتا ہے خالص کی شناخت یہ ہے کہ سفید اور اس میں نیلے پن کی جھلک ہو، مزاج خشک۔

افعال وخواص: محلل اورام کا سر ریاح ملین ربو اور عیسر النفس اور انتصاب تنفس میں نافع

افعال خاص، دافع تعفن، مقدار خوراک انگریزی دس سے تیس گرین اطبا اسے چار گرام مانتے ہیں۔

مضر: معدہ، گروہ پیشاب میں خون لاتا ہے

مصلح، گردے میں زوفا بادام شیریں، نشاستہ معدہ میں انیسون عام تخم کرفس ہے

اڑوسہ VASAKA

اردو، اڑوسہ، فارسی، اروسہ، بنگالی، پالش، ہندی بانسہ سونٹا

انگریزی VASAKA

لاطینی Vasa ka aclhata

ماہیت: یہ ایک خودرد گھاس ہے جس کی بلندی دو گز کے لگ بھگ ہوتی ہے پتے آم کے پتوں کی طرح کنارے سالم رنگ گہرا سبز پھول جو سفید گچھوں میں لگتے ہیں لکڑی و پھول سفید سبز ہوتے ہیں بعض پھول سرخ اور بنفشئی ہوتے ہیں ذائقہ پھیکا قدرے شیریں اس کی لکڑی کی آگ تیز ہوتی اور کوئلہ سے بارود بناتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک، دوا جڑ، پھول مدر حیض، جڑ دافع بلغم۔

افعال مخصوصہ، دافع دق، اس کو جلا کر نمک میں بھی نکالا جاتا ہے جو دافع تشنج اور دمہ میں بطور منفث، بلغم استعمال ہوتا ہے شربت اعجاز میں

برگ اڑوسہ خاص جز ہے۔

جدید مرکبات: SURUP VASAKA

ایک ڈرام فی خوراک بطور منفعث بلغم کھانسی کے مکسچروں میں مستعمل ہے۔

مضر: باہ

مصلح: شہد خالص اور مرچ سیاہ

بدل: بعض افعال میں بیلے کے پھول، مقدار خوراک دو سے چار گرام

الائچی کلاں CARAMOM

عربی قاقلہ کبار، فارسی ہیل کلاں پنجابی گجراتی موٹی الائچی سندھی پھوٹاوڈا بنگالی بڈا الائچے

انگریزی CARAMOM لاطینی CADAMOMI

ماہیت: انار کی مانند نبات ہے پتے چھوٹے ہوتے ہیں درخت دو تین ہاتھ لمبا اور تنا ایک فٹ موٹا ہوتا ہے پھل اور پھول ساق کے نچلے کے حصہ میں لگتے ہیں پھل مثلث شکل پہلو دار انگلی کے برابر لمبا ہوتا ہے پکنے کے بعد بعض کا چھلکا خود بخود پھٹ جاتا ہے بیج کا رنگ خاکی سیاہ کی رطوبت لیس دار شیریں مزہ ہوتی ہے غلاف میں بیج کی قوت دو سال تک رہتی ہے ازاں بعد مزہ اور خوشبو نہیں رہتی نکلے ہوئے بیجوں کی قوت ایک سال تک رہتی ذائقہ خوشبودار تیز اور قدرے تلخ ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: یمن اور حبشہ اور بھارت کے بعض مقامات پر بھی پایا جاتا ہے مزاج، گرم خشک

کیمیاوی صفات، اس کے جوہر سے ایک ٹنکچر تیار کیا جاتا ہے جو مقوی قلب ہے

افعال: مفرح مقوی معدہ ہاضم قابض مفرح حابس

افعال مخصوصہ: معدہ حبس اسہال ہضم طعام رفع غشیان تقویت معدہ قشر سر رفع صداع، مقدار خوراک دو سے چار گرام

مضر، امعاء۔

مصلح: آنتوں کے لیے کتیرا۔ چینی

بدل: ہم وزن کباب، چینی ڈیوڑھی چھوٹی الائچی، سفوف اور مقوی و کاسر ریاح نسخوں میں مستعمل ہے

ایرسا ORRIS

اورس روٹ ORRISROOT

لاطینی IRIS

فارسی، بیخ بنفشہ

ماہیت: زرد سفید اور پیلے رنگ کے پھول ہیں قوس قزح سے مناسبت کی وجہ سے ایرسا نام دیا گیا اس کی جڑ دوا کے طور پر مستعمل ہے جڑ لانبی ایک انگلی کے برابر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں بنفشہ کی سی خوشبو آتی ہے چھلکا نیلگوں سرخ اور مختلف الوزن ہوتا ہے اندر کا گودا زرد سرخی مائل اور بعض سفید ہوتا ہے۔

توڑنے پر جڑ کی بو خفیف خوشگوار توڑنے پر اندر سے خفیف زردی مائل ذائقہ تھوڑا سا تلخ اور زبان کو کاٹتا ہے۔ کوٹنے پر بو تیز اور چھینک لاتی ہے گرہ دار اور نصف سے پون انچ تک موٹی ہوتی ہے۔ مزاج گرم خشک

مضر: ریہ

مصلح: شہد خالص

بدل: اسہال میں تیسرا حصہ ماذریون مقدار سے دو گرام

جدید جوہر ایرسا ایسکٹریکٹم امیسٹری ڈس IRIS EXTRACTAM آئری ڈین IRIDIN آئری سین IRIS

مقدار: نصف گرین سے ۱ گرین

افعال: مدر بول مفتح محرک جگر مفتح ملطف

انجیر FIG

عربی، تین، طبس، فارسی جمیر۔ اردو پنجابی انجیر

لاطینی FACUS·CARICA

انگریزی FIG

ماہیت وصفات: یہ ایک درخت کا پھل ہے جو گول گول نرم گولہ سے مشابہ ہے رنگ سفید و سرخ و سیاہ ذائقہ شیریں عمدہ ہے جس کا دانہ بڑا اور بہت میٹھا ہو سال میں دو پھل لاتا ہے دبانے میں یہ پھل چپٹا اور بے ڈول ہو جاتا ہے دوا کے طور پر انجیر زرد زیادہ استعمال کی جاتی ہے جس میں گودا زیادہ شامل ہو وہ شاہ انجیر کہلاتی ہے درخت اس کا متوسط پتے چوڑے شاخیں دودھ دار پھول اس میں نہیں ہوتا۔

کیمیاوی ترجزیہ: ۲۵۰ گرام سوکھے انجیر میں ۱۷۵ گرام شکر ہوتی ہے۔ تازہ میں رطوبت زیادہ خشک میں حدت زیادہ ہوتی ہے۔

مزاج: گرم تر۔

افعال وخواص: ملین ملطف منفعث بلغم منصج اورام جالی محلل معرق۔

افعال مخصوصہ واستعمال: صدر وریہ جلاء تلطیف تحلیل وجع الصدر تسکین حرارت معدہ جلا تلطیف، تحلیل تکثیر غذا، تسکین حرارت تشنگی حمی ربع

حمیات مخلطہ، بلغمیہ خاکستر چوب معدہ تحلیل کسر ریاح خارجی طور پر۔

مضر: جگر و معدہ دانت

مصلح: شربت ترنج انیسون صعتر فارسی۔

ابقر (شورہ قلمی)

(POTASSIUM NITRATE)

عربی شورہ ملح البارد۔ اردو، شورہ قلمی۔ بنگالی۔ سورما۔ پنجابی شورہ ۔

انگریزی POTASSIUM NITRATE

ماہیت: شورزمینوں کے بخارات جو زمین پر نکل کر جم جاتے ہیں۔ مزاج تیسرے درجے میں گرم خشک

افعال وخاص: دافع بلغم۔ مدر بول۔ مفتی۔ تحلیل تلطیف، پوٹاشیم نائٹریٹ، سفید چمک دار قلمیں اسطوانی وشش پہلو

ذائقہ نمکین وسرد۔ جواکھار۔

POTASSIUM CHLORATE

سفید سورتی قلمیں، ذائقہ نمکین وسرد۔ ایک حصہ چھ حصہ پانی میں قابل حل ایک حصہ تین کھولتے پانی میں جالی محرک دافع تعفن

مقدار: ۸ سے ۱۵ گرین

عربی۔ نطرون، فارسی، نمک جو، اردو، جوکھار، بنگالی، پوچھار

انگریزی پوٹاشیم کاربونیٹ POTASSIUM CHLONAT

لاطینی، پوٹاشیم کاربونس POTASSII CARBONAS

صفات سفید قلمی سفوف یا چھوٹے چھوٹے پرت ذائقہ کھاری نمی جزب کرنے والا

افعال مقوی معدہ ہاضم مخرج بلغم محلل اورام منضج، مدر بول۔ مضعف دافع سکن

مقدار ۵ سے ۲۰ گرین ۳۰۰ ملی گرام سے ۱۲۵۰ گرام۔

ANIS FRUIT انیسون

لاطینی، PIMPINELLA ARIISUM

عربی۔ کمون الحلوہ۔ فارسی بادیان رومی۔

ماہیت صفات: ایک نبات کے بیج ہیں یہ نباتات گز تک لمبی ہوتی ہے پتے پتلے اور ساق مربع اور باریک ہوتے ہیں اور اس میں سے خوشبو

آتی ہے۔ پھول کا رنگ سفیدی مائل اور بیج طولانی بغل میں ہوتا ہے جو سونف سے چھوٹا اور اس سے زیادہ سبز رنگ سفیدی وزردی مائل
ہوتا ہے کسی قدر گول بیضاوی شکل کناروں سے دبا ہوا، دو حصوں میں منقسم ہوتا ہے، جائے اتصال پر ایک مختصر ڈنڈی ہوتی ہے، بیج پر پانچ
چار لکیریں ہوتی ہیں اوپر کا چھلکا بھوسی کی طرح ہوتا ہے خوشبودار ذائقہ قدرے تیز اور شیریں ہوتا ہے، بیج اور اس کا روغن مستعمل ہیں۔
کیمیاوی صفات: اس کے جوہر کو اینی تھول اور اینی سائی کیمفر کہتے ہیں یہ سفید قلمدار ڈلیاں ہوتی ہیں۔ ذائقہ شیریں اور اس میں سے
انیسون کی خوشبو آتی ہے ۲۸ درجہ حرارت پر پگھل جاتا ہے، سیال حالت میں بے رنگ اور اس میں سے شعاع ترچھی گزرتی ہے ایک حصہ
تین حصہ شراب میں حل جاتا ہے

افعال: مدر بول وحیض کاسر ریاح۔ منفث دافع بخار سکن، دافع تشنج،

مزاج: گرم خشک

مضر: حار مزاج والوں اور امعاء کو مضر ہے

مصلح: بادیان

بدل: بادیان بیج شبت، نفع خاص، کاسر ریاح، مقدار ۲ سے ۵ گرام

افعال: کاسر ریاح۔ مدر بول، سپرٹ اینی سائی، مقدار ۵ سے ۱۰ بوند، روغن انیسون کاسر ریاح، دافع تشنج: مدر بول وحیض، مقدار خوراک ا
سے ۳ بوند۔

ایفیڈرین (سوماکلپا) EPHEDERINE

ایفیڈرا EPHEDR

ایفنڈرین EPHED

ماہیت: یہ ایک نباتات سوماکلپا کا نمک ہے، مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے

صفات: بے رنگ قلمیں چھوٹی چھوٹی ڈلیاں، بے بو ذائقہ تلخ پانی اور الکحل ۹۰ فیصدی میں قابل حل، مقدار خوراک ۱۱۴ سے ایک گرین
گولی کی شکل میں

مزاج: بارد رطب

افعال: محرک تنفس، محرک اور مزید فشار الدم، دفع تشنج

افعال مخصوصہ: برانکیئل استھما (بلغمی مزاجوں) میں خصوصی فائدہ کرتی ہے

مضر: زیادہ استعمال سے بے خوابی، دردسر، متلی کی شکایت ہوجاتی ہے۔

اتیس ATEES

بنگالی۔اتاج

انگریزی INDIAN ATEES

ماہیت:ایک نباتات کی جڑ ہے جس کا پوداایک سے تین فٹ لمباڈنڈی سیدھی پتے لئے ہوتی ہے،اِس میں جڑ سے شاخیں لگتی ہیں، پتے دو سے چارانچ چوڑے نوکدار کچھ موٹے چمکیلے اوپر سے ہرے نیچے سے چمکیلے ہوتے ہیں، پھول ایک یا دوانچ لمبے چمکدار نیلے یا پیلے منجی ہاری والے بہت زیادہ لگتے ہیں، بیج چکنے چھلکے والے اورنوکدار ہوتے ہیں ذائقہ قدرے بکھٹا، دوا میں جڑ مستعمل ہے۔زبان سن ہوجاتی ہے

مقام پیدائش،مشرقی پنجاب،یو۔پی۔سی پی

مزاج گرم خشک

افعال وخاص،مقوی باہ ہاضم دافع بلغمی بخار۔نافع واسیر واستسقاء،معرق ہمراہ بڑنگ قاتل دیدان اطفال۔نفع خاص دافع بلغم ومحلل ریاح

مضر:کثیر تعداد میں معدے کونقصان دیتی ہے

مصلح:سردوتر اشیاء

بدل:

مقدارخوراک،سفوف ایک یادوگرام،مرکب صورت میں ۲۵۰ ملی گرام سے ۴۰۰ ملی گرام دی جاتی ہے

IMECAUANHA ROOF

اپی کاک

صفات وشناخت،ایک چھوٹے سے پیڑ کی جڑ ہے جسے خشک کرلیتے ہیں یہ ٹکڑے بل کھاتے ہوئے ہوتے ہیں طول دو سے چارانچ موٹائی میں قلم کے برابراندرونی حصہ پتلا سفید اور بیرونی حصہ موٹی چھال پر مشتمل ہوتا ہے، رنگت بھوری خاکی،تامل چھال کے گرد بے قاعدہ لکیرہوتی ہے ذائقہ تلخ اور خراش دار سفوف کرنے پرہلکی پرہلکی خاص طرح کی بوہوتی ہے لعابی مادہ فالودہ کی طرح جم جاتا ہے زیادہ پانی ملانے سے بالکل معمولی لعاب چھن کرلعاب کوالگ ہوجاتا ہے زیادہ تر بیج کے ساتھ ہی رہتا ہے اچھی طرح ملنے پرلعاب الگ ہوجاتا ہے

TONNINS

(ٹونیز) زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں پوٹوزا اور بیکٹر یا اس پر بہت معمول اثر رکھتے ہیں لعاب اس کا انتریوں کے جراثیم کی افزائش کوروکتا ہے اورٹکیز اسے زہریلی مواد کی پیدائش میں رکاوٹ کرتا ہے

افعال:سکن تلیین قابض محلل منضج اورام

کیمیاوی تجزیہ: اس میں دو جوہر ہوتے ہیں ایک کا نام ایم مین دوسرے کا سیفی لین ہے جو ۴۵ء اور ۲ء۵ فی صدی علی الترتیب ہوتے ہیں
اس کے علاوہ نشاستہ تیزاب گوند اور اڑنے والا تیزاب شامل ہوتے ہیں
افعال: مقئ منفعث بلغم محمر، مدر صفرا۔ معرق دافع پیچش۔ مزاج سرد خشک
مرکبات: ٹنکچر اپی کاک TINTURE Of IPECOC مقدار خوراک ۱۰ سے ۳۰ بوند پلو اپی کائیٹی ایٹ او پیائی خوراک ۵
گرین۔ جوہر عرق الذہب EMETINE HYDROCHLORIDE
صفات: بے رنگ قلمی سفوف بے بو ذائقہ تلخ پانی میں حل ہو جاتا ہے مقدار ۲/۱ سے ۱ گرین۔ تحت الجلد یا عضلی پچکاری میں مفید ہے
افعال دافع واضع پیچش جراثیمی۔ ایمی ٹین دو بسمتھ آیوڈائیڈ EMETINE WITH BISMUTHA AND IODIDE
صفات: بے بو ذائقہ تلخ سرخی مائل نارنجی سفوف۔ مقدار خوراک ۱ سے ۳ گرین زحیر صادق کا علاج ہے۔ وائنم اپی کاک VINUM IPECAC مقدار ۳۰ بوند تک۔ منفعث بلغم دافع پیچش دافع ورم جگر و اورام احشاء قے آور

SPOGUL SEEDS اسپغول

Plantago Ovata

عربی بزر قطونا۔ برغوثی۔ نجدق۔ فارسی، اسفیوس اسپغول، شکم دریدہ اسپیوس۔
بنگالی اشبغول
انگریزی ASPAGOLA -- ASPAGOL SEEDS

صفت و ماہیت: یہ چھوٹے چھوٹے چپٹے کشتی نما سرخی مائل ایک نبات کے تخم ہیں ایک جانب چھوٹا سا داغ یا گڑھا ہوتا ہے پودا اس مزروعہ زمین میں اگتا ہے اور ۴۵ سینٹی میٹر سے ۶۰ سینٹی میٹر تک بڑھ جاتا ہے پتے چڑیا کی زبان کی طرح چھوٹے چھوٹے ان پر ننھے ننھے کانٹے باریک رونگٹوں کی طرح کھڑے ہوتے ہیں یہ گندنا کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ پودا چاول کے پودے کی طرح مگر اس سے پتلا چھوٹا ہوتا ہے جڑ میں سے ایک پتلی سے ساق نکلتی ہے جس پر گیہوں کے بال کی طرح بال ہوتے ہیں بال پر ایک غلاف جس کے اندر اسپغول کے بیج ہوتے ہیں جن پر باریک چھلکا جو سبوس اسپغول کہلاتا ہے۔ یہاں پر اس کے نام کے معانی بیان کرنا مناسب ہوگا یہ اسپ (گھوڑے) اور غول (کان) کا ملاپ کر کے رکھا گیا ہے۔ اس میں ایک خاص قسم کا لعابی مادہ ہوتا ہے جو پانی میں بھگونے سے لعابدار بن جاتا ہے بیج ڈیڑھ انچ لمبا اور ایک ملی میٹر چوڑا جس سطح پر سوراخ ہوتا ہے۔

مقام پیدائش سندھ پنجاب، بنگال اور بھارت میں میسور میں پایا جاتا ہے۔

مزاج: سرد و تر

کیمیاوی تجزیہ وصفات: اس میں لعابی مادہ شحمی روغن اور زلالی مادہ ہوتا ہے ایک بیج کو ۳۰ حصہ پانی ملانے سے لعابی مادہ فالودہ کی طرح جم جاتا ہے زیادہ پانی ملانے سے بالکل معمولی لعاب چھن کر الگ ہو جاتا ہے زیادہ تر بیج کے ساتھ ہی رہتا ہے اچھی طرح ملنے پر لعاب الگ ہو جاتا ہے TOUNIS (ٹونیز) زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں پرٹوز اور بیکٹر یا اس پر بہت معمولی اثر رکھتے ہیں لعاب اس کا انتڑیوں کے جراثیم کی افزائش کو روکتا ہے اور ٹاکزا ایسے زہریلے مواد کی پیدائش میں رکاوٹ کرتا ہے۔

افعال وخواص: مسکن ملین قابض محلل منضج اورام

افعال واستعمال مخصوصہ: ملین ومغزی۔ محلل اورام مار۔ مسکن۔ معطش وتپ شدید۔ مدر بول۔ اسپغول بریاں قابض ہوتا ہے۔ سبوس امراض مخصوصہ تغلیظ منی حرقت بول۔ نفع خاص۔ تسکین حرارت دافع پیچش

اجوائن (OMUM SEEDS)

لاطینی نام Trachyspermum ammi (Linn)

ست اجوائن THYMOL

عربی، کمون ملوکی، فارسی: نانخواہ، بنگالی یویان اجوڈن۔ سندھی جان۔ کشمیری: جاونڈ۔ تامل اومم' اردو اجوائن۔

پیدائش: ویران جگہوں اور پہاڑی علاقوں میں خودرو ہے اس کی کاشت بھی کی جاتی ہے پاکستان کے اکثر علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ ایرانی اور مصری اجوائن تیل کے حصول میں دنیا میں سب سے بہتر ہوتی ہے۔

ماہیت: ایک پودا ہے جس کی بلندی ایک سے تین فٹ تک ہوتی ہے سونے سے مشابہت رکھتا ہے لیکن اس سے رنگت میں قدرے سفیدی مائل ہوتا ہے۔ پتے چھوٹے چھوٹے نوک دار اور قدرے کٹے ہوتے ہیں ذائقہ قدرے تلخ ٹہنیوں کے اگلے سروں پر پھول لگتے ہیں اس طرح ہر سرے پر ایک چھتری نما گچھا بن جاتا ہے۔ بیج اس کی پتلی اور لمبی شاخوں پر لگتا ہے جوں جوں بیج پیدا ہوتے ہیں پھول گرنے لگتے ہیں۔ پک جانے پر گچھا اتار لیتے ہیں۔ یہی اجوائن کے بیج کہلاتے ہیں یہ بیضوی شکل کے ان کی لمبائی دو ملی میٹر اور چوڑائی ایک ملی میٹر ہوتی ہے ایک طرف سے چپٹے دوسری طرف اُبھرے سے ہوتے ہیں۔

رنگ سبزی مائل بھورا ذائقہ تلخ اور بو تیز ہوتی ہے۔

کیمیاوی صفات: تخم اجوائن میں پانچ سے چھ فیصد تک ایک فراری روغن پایا جاتا ہے۔ ان کے کشید کئے ہوئے پانی پر ایک قلمی مادہ اکٹھا ہو جاتا ہے جسے سٹرپٹن کہتے ہیں یہی ست اجوائن ہے اس میں سائیمینہ ٹرپائن اور تھائمن بھی پائے جاتے ہیں۔ روغن میں ۵۵ پچپن فیصد تک ست اجوائن (Thymol) ہوتا ہے اس کے علاوہ سائنٹیفک ہائیڈرو کاربن بھی ہوتا ہے بیجوں میں ۲۵ سے ۳۰ فیصد بے فراری روغن فکس آئل ۱۰ سے ۱۷ فیصد پروٹین ہوتی ہے

افعال: کاسر ریاح۔ ہاضم۔ دافع او جاع۔ دافع تشنج و تعفن و بخار معرق۔ مدر حیض، دافع استسقاؤ اسہال

نفع و خاص: بدہضمی، اپھار اور درد شکم، یونانی نسخوں میں عرق و سفوف جوارشات میں و دیگر مضردات کے ساتھ عام مستعمل ہے، مقدار خوراک چار ماشہ۔

مصلح: کشینز خشک، سرد و رطب اشیاء۔

بدل: کلونجی

جوہرائن: دافع تشنج کاسر ریاح، دافع تعفن۔ مقدار خوراک ایک سے دو گرین۔ عرق اجوائن ۴۰ ملی لٹر سے ۸۰ ملی لٹر روغن اجوائن۔ دافع تشنج۔ مخدر مقامی۔ دافع تعفن کاسر ریاح، ہاضم، مقدار خوراک ایک سے تین ملی لٹر۔

افتیمون (اکاس بیل) ARICREEPER

عربی، افتیمون ہندی، فارسی درخت پیچاں، بنگالی، آ کاش بیل۔ گجراتی: امر بیل۔ مرہٹی: انتر ویل سندھی میں بے پاڑی دیسی ہندی میں امراتہ۔

انگریزی AIRCREER

لاطینی، CASSYTHAFILLI FORMIS

ماہیت: خودرو بیل ہے شاخیں باریک سوت کی طرح پیڑوں پر پھیل جاتی ہیں جس پر پتے پھول اور بیج بھی ہوتے ہیں پتے بہت چھوٹے بیج رائی کے دانے کے برابر بلکہ اس سے بھی باریک جن کا رنگ سرخ مائل ہوتا ہے پھولوں کی پیتیاں بال کی طرح باریک اور رنگ سرخ مائل وسیا ہی لئے ہوتا ہے یہ بیل جس درخت پر چڑھتی ہے اس خشک کر دیتی ہے مزے میں تلخی اور تیزی سرخ اور باریک عمدہ ہے۔

مقام پیدائش: ہندوستان اور ایشیائی ممالک کے پہاڑوں اور جنگلوں میں ملتی ہے۔

مزاج گرم خشک۔

افعال: مفتح مخرج فضلات، احتراق، تصفیہ خون، ازخلط سودا، رفع حمی ریکی، مسہل دودا، محلل، نفع خاص، دافع سودا۔

مضر: مکرب، برائے حار مزاج

مصلح: روغن بادام کتیرا

بدل: افسنتین

مقدار، چھ گرام۔

املی TAMARIND تمر ہندی

لاطینی Tamarindus Indich Linn

عربی، تمر ہندی، فارسی فرمائے ہندی، سندھی: گدامڑی، پنجابی ہندی انبلی، سنسکرت میں املیکا کہتے ہیں۔

انگریزی TAMARIND

ماہیت: ایک مشہور درخت کا پھل ہے جس کا درخت ۶۰ فٹ تک لمبا اور قطر ۲۵ فٹ تک (گولائی) پتے ایک انچ سے چوتھائی انچ تک چوڑے ہوتے ہیں اس کے پتے جھڑ میں بھی نہیں گرتے، پھول پیلے رنگ کے لال لال اور پھل چپٹا آٹھ انچ تک لمبا ہوتا ہے، پھول برسات میں لگتے ہیں اور بھادوں میں پھل آتا ہے اور بسنت کے موسم میں پکتا ہے اس میں بھورے رنگ کا گوند لگتا ہے پھل کا رنگ سرخی مائل زرد اور سرخی مائل بہ سیاہی ہوتا ہے بیج کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔

کیمیاوی صفات: اس میں بیس فیصد روغن نکلتا ہے جس کا رنگ گاڑھا اور کہربائی ہوتی ہے گودے کا ذائقہ شیریں چاشنی دار اور بعض کا ترش ہوتا ہے، مزاج سرد خشک

مضر: مورث سعال، صلابت طحال

افعال: اخراج صفر واخلاط سوختہ رفع حمیٰ محرقہ، مسکن حرارت، تخم تغلیظ منی، ملین طبع قاطع صفرا، برگ مصفی خون

افعال واستعال خصوصی، امراض معدہ، چشم امراض مخصوصہ، حمیٰ اسہال

بدل، سیاہ آلو بخارا دگنا

مصلح، عناب ولایتی خشخاش سفید، مقدار خوراک ۵۰ گرام سے ۸۰ گرام

اب مقطر Anisi Water

ایکواڈنٹی لیٹا Aqua Anisi

صفات: خالص پانی مقطر کرنے کے بعد شفاف مقطر بے رنگ و بو حاصل ہوتا ہے سر بمہر ٹیوبوں میں بند ہوتا ہے مختلف ادویات کے حل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

آلو بخارا PRUNES

عربی، اجاص، فارسی آلو بخارا

انگریزی، لاطینی PRUUM

ماہیت وصفات: یہ تقریباً ایک انچ لمبا بیضوی سیاہ سرخ شیریں وترشی مائل ایک مشہور پھل ہے جو آلو بخارہ کے پودے سے حاصل کیا جاتا

ہے تازہ چکنا شفاف اور گہرا سرخ ہوتا ہے پرانا ہونے پر لمبوترا اور سیاہ رنگ کا جھریدار ہو جاتا ہے

مقام پیدائش، ہمالیہ کے دامن شملہ، جموں کشمیر (بھارت)

پاکستان میں بلوچستان میں زیادہ پیدا ہوتا ہے جبکہ ایرانی اور افغانستانی ذائقہ میں سب سے اچھا ہوتا ہے۔

مزاج: سرد تر

افعال، مزلق، ملین قاطع صفرا، دافع غشیان، مسکن

افعال خاص: مسکن صفراء جوش خون و صفرا کو ختم کرتا ہے۔ **مضر**: سعال پیدا کرتا ہے۔

اذخر LEMON

عربی اذخر تین کلی، فارسی کاہ مکی گور گیا۔

انگریزی LEMON GRASS

صفت و ماہیت: سرکنڈے کے مشابہ ایک پودا ہے جس کی شاخیں بہت اور باریک اور جڑ موٹی پتے حجم اور قدم چپٹے مائل سرخی اور زردی بوتند اور شگوفہ بڑا اور سفید اور زبانکو کاٹنے والا ہوتا ہے پتوں کے ہاتھوں میں مسلنے سے ایک خاص قسم کی بو آتی ہے مزاج حار یابس۔

افعال: منضج مفتح محلل اور رام کا سر ریاح دافع تشنج مدر بول حیض مقوی معدہ قابض، خصوصی و محصوص استعمال: تنقیہ دماغ از بلغم غلیظہ تحلیل ورم ورياح معدہ تفتح تحلیل قبض رفع استسقاء

مضر: حار مزاجوں اور گردہ کے لئے

بدل: قسط اور چرائتہ اور زعفران مناسب وزن اور مناسب مواقع پر

مصلح، صندل سفید، عرق گلاب، مقدار خوراک پانچ سے سات گرام

اصل السوس Glycyrohiza Globra

فارسی بیخ مہک، اردو ملٹھی، سندھی مٹھی کاٹھی، بنگالی لیش ٹی مدھو،

انگریزی۔ لیکرس روٹ LIQUORICE ROOT

لاطینی۔ گلیسرہائزا ریڈکس GLCERHIHZAE RIDIX

مقام پیدائش: عراق، ایران، چین، برما، پاکستان، اسپین، اٹلی، یونان، بلجیم، فرانس، جرمنی

صفات: ایک درخت کی جڑ سے جو زمین پر پھیلتا ہے ساخت ریشہ دار چھوٹے چھوٹے کٹے ہوئے ٹکڑے باہر سے بھورے سیاہی مائل اندر سے زرد پتے مصطگی کی مانند اور پوست کا ذائقہ تلخ اندرونی ریشے شیریں مائل بقدر تلخی لئے ہوتے ہیں مسکن، منفث، مدر بول ملین

صدرور یہ منضج اخلاط رفع ضیق النفس وسعال، رفع حمیات نزلہ، اخراج خلط غلیظ ملین

نفع خاص: امراض صدرر ور یہ حمیٰ قے ملین

مزاج، گرم خشک

مضر، طحال گردہ

مصلح، گل سرخ کتیرا

مقدار: خوراک چار گرام سے چھ گرام

بدل: گل سرخ کتیرا

یونانی مرکبات میں شربت ٹکیہ اور لعوق میں استعمال ہوتا ہے

سفوف اصل السوس مرکب COMPOUND LIQUORICE POWDER سناء ۵۰ گرام بادیان

۲۰۰ گرام گندھک آملہ سار ۱۵ گرام شکر سفید ۱۰۰ گرام

مقدار ۲ سے ۷ گرام EXTRACT GLYCERHIZAE DRIED

افعال: ملین کاسر ریاح ایکسٹریکٹ گلیسر ہائز ڈرائیڈر، رب السوس

مقدار: ۳۰ سے ۶۰ بوند افعال کھانسی نزلہ بلغم LUQUID EXTRACT OF LIQUORICE

رب السوس ا گرام، روغن زیتون ۲ بوند صمغ عربی ۴ گرام شہد میں ۶۰ قرص بنائیں

افعال: گرفتگی آواز کھانسی خشونت قصبہ الریہ حلق میں مفید ہے۔

ابریشم

عربی حریر، انگریزی COCCON SILK

ماہیت: یہ شہتوت کے پتوں پر ایک قسم کا گھر ہے جو کھجور یا بیر کے برابر نرم ہلکا اور کھوکھلا ہوتا ہے اسے کرم بیلہ بھی کہتے ہیں جسے وہ اپنے منہ کے لعاب سے تیار کرتا ہے اس کے باہر کے حصے پر باریک ریشے ہوتے ہیں جو ریشم بنانے کے لئے کام میں آتے ہیں، ذائقہ پھیکا بے مزہ قدرے لعابدار ہوتا ہے قدرے بساند آتی ہے۔

مزاج: حار یابس

افعال وماہیت: مفرح، مقوی قلب وذہن ملطف ناشف، مجفف زخموں کے اندمال کو مفید

افعال خصوصی: امراض صدرور یہ صد، تقویت تفتیح، لطیف تحلیل ریاح افضاج بلغم قلب حمیٰ قلب تفریح تقویت تحلیل تلطیف حمیٰ رفع حمیات

خفقان کوختم کرتا ہے بدن کوموٹا کرتا اور رنگ کونکھارتا ہے۔

مصلح: پوشش میں آمیز س سوت

مضر: مدبر دمحرق ومعفول

مقدار خوراک: تین سے پانچ گرام

نسخہ: ابریشم (مقرض) ٦ گرام عرق گاؤزبان ٢٠٠ ملی لیٹر میں جوش دیں اور چھان کر اس میں لعوق سپستان ٥٠ گرام ملا کر تھوڑی تھوڑی دیر بعد چٹاتے رہنے سے ہر قسم کی کھانسی ختم ہوجاتی ہے۔

CASTOROIL PLANT ارنڈ

عربی، خروع، فارسی بیدانجیر بنگالی بھیرانڈ سندھی میں ہیرن جوان پشتو میں ارنڈے مرہٹی میں ایرونڈی۔

انگریزی CASTOR OIL PLANT

لاطینی RICINIS COMMUNIS

مقام پیدائش: ہندوپاک کی عام پیداوار ہے بلکہ تمام گرم ممالک میں پایا جاتا ہے۔

ماہیت: نبات ہے جس کے پتے چوڑے اور ہاتھ کے پنجہ سے مشابہ ہوتے ہیں سرخ وسفید دو اقسام ہیں شاخوں پر گچھوں کی شکل میں گول گول پھول لگتے ہیں، شاخوں پر پتے لگے ہوتے ہیں جن میں سفید مغز ہوتا ہے مغز روغن دار ہوتا ہے سفید قسم سرخی کے قوی ہے اس کے تیل کو کیسٹرائل کہتے ہیں درخت کا تنا اور شاخیں کمزور اور اندر سے کھوکھلی ہوتی ہیں۔

کیمیاوی تجزیہ: بیجوں میں سے پچاس فیصد تیل نکلتا ہے چھلکے سے ایک جو رایسی فون حاصل کیا گیا اور ایک سمی جو ہر نکالا گیا ہے روغن فراری نہیں ہوتا بیدانجیر کے رغن کا موثر جز Ricinalated Fglycerol اسنٹ آف گلیسرال مانا جاتا ہے ایسیں ایک ابلیومنی جوہر ہے جس سے التہابی علامات پیدا ہوتی ہیں حجم کی رو سے ایک حصہ شراب اور دو حصہ شراب مقطر میں حل ہوتا ہے۔

افعال وخواص: ملین محلل اورام وریاح مدر حیض مسکن اوجاع مقئی دافع سموم بیج پتے چھلکا مستعمل ہیں زیادہ تر روغن بیدانجیر استعمال کیا جاتا ہے۔

استعمال وافعال خصوصی: مغز تخم اسہال اخراج بلغم، روغن، سر رفع کزاز تحلیل اوجاع بارد ہا سہال اخراج اخلاط بارد ہے برگ سبز ضربہ دسقطہ تلین اعصاب تسکین دراثین مواد تسکین درد۔

مضر: معدہ امولد کرب وامتلاء

مصلح: کتیرا مصطگی، صمغ عربی روغن کا مصلح بھنے ہوئے چنے

بدل، درد سواں حصہ ہینگ کا جمال گوٹہ روغن کا بدل روغن تخم قرطم روغن زیتون

مقدار خوراک: پانچ دانوں سے گیارہ تک روغن ۲۵ ملی لٹر سے ۶۰ ملی لٹر آب برگ ارنڈ ۲۵ ملی لیٹر تک۔

انبہ ہلدی MABO GINDER

عربی دار ہلد، فارسی دار چوبہ بنگالی آم ادا

انگریزی MANGO GINDER

لاطینی CURCUMA AMADA

ماہیت: فارنج کی مانند کے ایک درخت کی جڑ ہے جو رنگت میں ہلدی جیسی مگر اس سے بڑی ہوتی ہے اس کی تازہ جڑ توڑنے پر اس میں سے آم کی کری کی سی خوشبو آتی ہے، چھ زرد سرخی مائل، بیج سفید جڑ زرد اور ذائقہ تلخ و تیز و خوشبودار ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: محلل اور کاسر ریاح مقوی معدہ دافع تعفن مدر بول، رفع جرب رطب و یابس

افعال خصوصی: محلل اورام و چوٹ کے لئے نافع

مضر: حار مزاجوں کو

بدل: ہلدی یا بچی

مصلح: ترنج و عرق نارنج

مقدار: دو سے تین گرام

اسارون (تگر)

انگریزی INDINAN VELERIAN

لاطینی TABERNON MONTANA

عربی میں اسارون سندھی میں تکر ہندی میں مشک بالا، بنگالی میں ہنتر بالا اور سوگندھ بالا

صفت و ماہیت: ایک گھاس کی جڑ ہے جس میں بیج کثرت سے لگتے ہیں۔ جو اجوائن خراسانی کی طرح ہوتے ہیں۔ پھول سفید اور گلابی گچھوں میں جولائی کے مہینے میں لگتے ہیں یہ عموماً پانچ پنکھڑیوں والے ہوتے ہیں پھل چھوٹے چھوٹے اور اکتوبر میں لگتے ہیں ان کے اندر بیج ہوتے ہیں۔ جڑ کم و بیش دو انچ لمبی گرہ دار اور ٹیڑھی زرد رنگ، تیز خوشبودار زبان کاٹتی ہے جڑ زیادہ بہتر دہ ہے جو نہ موٹی نہ پتلی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: ملطف، منضج محلل دافع نسیان کاسر ریاح مدر مسکن اور مقوی اعصاب و معدہ ہیں۔

مخصوص افعال واستعمال، امراض تلطیف مادہ تسخین وقوت دماغ

مضر: ریہ

مصلح: مویز منقیٰ

بدل، زنجبیل ہم وزن نصف وزن خولنجان

مقدار خوراک: ۴ گرام۔

افسنتین WORM WOOD

عربی خزق، فارسی مروہ مصری بخوشہ۔ بلوچی ترخ۔ ہندی مجری متیارہ کرمالہ۔ سنسکرت ناگ منی۔

انگریزی WORM WOOD

لاطینی ABSINTHIUM

ماہیت: ایک روئیدگی ہے جو بابو گاؤ سے مشابہ ہے تنا سیدھا اور لمبا ہوتا ہے جس پر سفید رونگٹے ہوتے ہیں کمزور ہلکی اور خوشبودار ہوتی ہے شاخیں بہت زیادہ جن پر دو دو انچ لمبے صعتر کے پتوں کی مانند بکثرت پتے لگتے ہیں پھل مثل گل بابونہ مگر اس سے کچھ رنگ اندر سے زرد باہر سے سفید درمیان میں چھوٹی سی گنڈی ہوتی ہے جس میں ننھے ننھے بیج بھرے ہوتے ہیں ذائقہ تلخ اور بو تیز ہوتی ہے۔

مزاج: حار خشک

افعال: امراض معدہ وجگر معد تحلیل ورم اور اردافع اوجاع قاتل کرم حمی رفع حمیات مرکبہ مزمنہ بلغمیہ دردمیہ اسہال اخراج صفرا

مضر: سردرد پیدا کرتی ہے۔

مصلح: اسہال میں غافث قوت میں اسارون

مقدار ۵ سے ۷ گرام

اقاقیا JUCE OF GUM ARABIC

عربی اقاقیا، فارسی، عصارۂ ببول سندھی میں بیرج کھیر انگریزی میں جوس آف ایکی شیا

ماہیت: یہ ایک قوی عصارہ ہے جو کہ ببول کی قسم کے ایک درخت شوکہ مصریہ کے پتوں سے حاصل کیا جاتا ہے کاٹنے پر ابتدا سبزی مائل اور پختہ ہونے پر قدرے سیاہی مائل ہوتی ہے۔

مقام پیدائش، ہندوپاک

مزاج، سرد خشک

افعال: رفع نفث الدم سل ونزلہ حار

مخصوص استعمال وفوائد: امراض سرد دریہ میں مستعمل ہے

مضر: مسدد قابض

مصلح: مسور، صندل بعض نے رسوت میں بھی لکھا ہے

مقدار خوراک: ا سے ۲ گرام

POMEGRANATE انار

عربی، رمان، فارسی، اردو انار، بنگالی، ڈاڈم، کشمیری داون۔ گجراتی واڈم۔ سنسکرت میں تیلگو تامل میں مادلائی پنجابی انار۔

لاطینی DUNIGRANATUM

مقام پیدائش: برعظیم کے ہر حصہ میں ملتا ہے

ماہیت: مشہور درخت کا پھل ہے تنا پتلا گولائی تین چار فٹ تک ہوتی ہے چھال کچھ بھوری گہرے بھورے رنگ کی ہوتی ہے پتے ٹہنیوں میں آمنے سامنے لگتے ہیں جو کچھ نوکدار اور کچھ زردی مائل لال ہوتے ہیں اس پر سرخ رنگ کے پھول ایک جگہ دو دو ہیں پھولوں کے جھڑ جانے پر پھل لگتے ہیں قطر دو سے تین انچ تک عموماً ہوتا ہے بعض بہت بڑے ہوتے ہیں چھال اندر سے زردی مائل اور قابض ہوتی ہے۔

استعمال: قشر، برگ، پھل بیج

مزاج: سرد خشک

افعال: شیریں مولد اخلاط صالح جالی مفتح ملین طبع مدر بول، ترش قاطع صفرا دافع تپ صفر حبس دم پوست انار قابض حبس الدم مسکن،

افعال مخصوصہ، برگ سبز، قبض، حبس خون رفع حدت اخلاط، برگ انار ترش مقصد قتل دیدان احراق، قاطع حدت، صفرا، پوست لشہ لسان حبس خون قبض رفع شورد ہن، شیریں نفع عام تولید خلط صالح تقویت جگر۔

مضر: آب اناریں نفاخ، انار دانہ شیریں نفاخ

مصلح: مصطگی آب ادرک

بدل: مختلف اقسام: تین گرام، پھل حسب ضرورت۔

اندر جو (شیریں وتلخ)

عربی لسان العصافیر، فارسی زبان مہک۔ گجراتی ہندھرا یا کور بنگالی اندر جوادر سنسکرت کنج پھل۔

انگریزی SEED OF ECHITS - SEED OF SPRARROW TUNGUE

مقام پیدائش برصغیر ہندو پاک میں پایا جاتا ہے لاہور کے باغ جناح میں اس کے بے شمار درخت واقع ہیں۔

ماہیت: ایک درخت کے بیج ہیں جس کی لمبائی بیس تیس فٹ تک ہوتی ہے تنا چھوٹا اور سیدھا گولائی تین چار فٹ ہوتی ہے چھال آدھ موٹی کچھ بھوری اور کچھ کالے رنگ کی ہوتی ہے پتے امرود کے پتوں جیسے جن میں خوشبو نہیں ہوتی پھلیاں گول ایک یا دو فٹ سہانجنہ کی پھلیوں کی طرح ہوتی ہیں ان میں لمبے لمبے بیج اندر جو کہلاتے ہیں۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک شیریں اور دوسرے تلخ ہوتے ہیں جو کچی حالت میں سبز اور خشک حالت میں مٹیالے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ پتے یا پھل توڑیں تو دودھ نکلتا ہے۔

مزاج گرم خشک، مقوی باہ مولد منویہ مدر بول مفقت حصاۃ محلل ریاح دافع سعال مسکن اوجاع

افعال و استعمال خصوصی، امراض مخصوصہ مردان

مضر، مصلح محرورین

بدل برائے تقویت باہ مغز اخروٹ تودری سرخ نصف وزن بہمن سرخ کباب چینی

مقدار خوراک، دو گرام

اسطوخودوس LVANDULA OSTCCHAS

STOECHADOS

عربی، انس الارواح ہندی میں دھارو۔ فارسی اردو پنجابی میں اسطوخودوس فارسی میں جاروب کش دماغ (دماغ کا جھاڑو) بھی کہتے ہیں۔

انگریزی STOECHADOS

لاطینی LAVANDULLA

مقام پیدائش جنگلوں پہاڑوں اور تر مقامات پر پیدا ہوتی ہے۔

صفت و ماہیت: ایک تر مقامات پر پیدا ہونے والی مشہور بوٹی ہے بقدر ایک میٹر کی لمبی پتے صعتر سے مشابہ مگر اس سے پتے اور لمبے ہوتے ہیں اور گچھوں کی شکل میں ہوتے ایک ایک خوشے میں بہت سے پھول بھرے ہوتے ہیں جو جو کی بالی کی طرح دکھائی دیتے ہیں مگر یہ بالی اس سے چھوٹی ہوتی ہے پھول رنگت میں سفیدی مائل زردی اور سرخی لئے ہوتا ہے جس پر باریک رواں ہوتا ہے بو تیز اور سونگھنے پر چھینک آتی ہے بیج باریک تھوڑا سا چپٹا اور زردی مائل یہ سیاہی ہوتا ہے اور رائی کے دانوں سے مشابہت رکھتا ہے جس کے ملنے سے کافور جیسی بو آتی ہے بیج کا مزہ بھی تلخ اور بو تیز ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: صداع۔ مقوی و منقی دماغ و اعصاب مقوی معدہ کاسر ریاح مسہل بلغم و سودا محلل۔ مفتح۔

استعمال: اسطوخودوس کا زیادہ استعمال دماغی امراض (فالج لقوہ صداع۔ سردنزلہ جات اور نسیان وغیرہ) میں کیا جاتا ہے دماغ کو طاقت بخشتا اور نضلات سے پاک کرتا ہے جالی اور مفتح ہونے کے باعث سینے۔ پھیپھڑے اور دماغ کو رطوبات سے پاک کرتا اور دماغی سدوں کو کھولتا ہے۔

مضر: نازک مزاج لوگوں میں متلی اور بے چینی پیدا کرتا ہے۔

مصلح: شربت لیموں اور کتیرا۔

مقدار خوراک: جوشاندہ میں پانچ سے سات گرام بطور سفوف ایک سے دو گرام ہمراہ دودھ۔

SODIUM CARBONATE اشخار

انگریزی، کاسٹک پوٹاس Causitc Caustica

لاطینی، پوٹاسا کاسٹیکا Pstassa Caustica

صفات: سفید قلمیں یا سخت چھوٹی چھوٹی ڈالیاں نمی جذب کرنے والا، ذائقہ کھاری، کاوی، ایک حصہ نصف حصہ پانی میں۔

مرکبات، محلول اشخار، لائکور پٹاس، Liquar Potass

صفات، بے رنگ و بو کھاری، شفاف

افعال، ضدالحموضت

مقدار خوراک، ۱۰ سے ۳۰ بوند،

پوٹاس ایسی ٹاس Postass Acetas

صفات، دانہ دار سفوف یا ہرت ہوا سے نمی جذب کرنے والا ذائقہ کھاری

انحلال، ایک حصہ دو حصہ پانی میں

افعال، مدر بول، معرق، مفعت حصات

مقدار خوراک ایک سے دو گرام تک ۵ سے ۳۰ گرین

پوٹاشیم سائٹریٹ Postassium Citerate

صفات، بیرنگ دانہ دار سفوف یا ڈلیاں، ذائقہ نمکین قدرے ترش،

انحلال، ۱۰ سے ۶ حصہ پانی میں

افعال، ضدالحموضہ مدر بول، معرق، ملین منفت حصات

مقدار خوراک، ۱۵ سے ۴۵ گرین ایک گرام تے تین گرام تک

پوٹاشیم بائی کاربونیٹ Potassium Bicorbanate

صفات، بڑی بڑی سفید قلمیں، ذائقہ کھاری۔ الخلال: ایک حصہ ۲،۳ حصہ پانی میں

افعال، دافع الحموضہ، مسکن، منفعت حصات، مدر بول، مقدار خوراک: ۵ سے ۳۰ گرین ۲ گرام سے ۳ گرام تک

باؤبڑنگ (بائے بڑنگ) EMBELIA RIBES

عربی فارسی برنگ کابلی، سندھی داؤڑنگ، ہندی میں واوڑنگ بنگالی میں برنکا جین میں رونی

انگریزی EMBELIA

لاطینی EMBELIA

مقام پیدائش، بھارت کے پہاڑی حصوں میں ملتی ہے۔

ماہیت وصفات، یہ ایک سدا بہار جھاڑی کے پھل ہیں، پتے دو تین انچ لمبے چمکدار بیضوی شکلی اور کچھ لمبے ہوتے ہیں پھول بڑے پیلے رنگ کے اس کے پھل کالے رنگ کے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ جن پر سوکھنے پر جھریاں پڑ جاتی ہیں ان میں ایک بیج نکلتا ہے۔ جس میں گرم مصالح کی خوشبو اور مزہ چرپرا کڑوا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: قاتل دیدان شکم محلل ریاح شکم

افعال مخصوصہ، مقعد اخراج سوداو کرم رحم تخفیف رطوبات دافع بواسیر اسیر رحم مصلح: صمغ عربی کتیرا

بدل: نصف وزن ترمس

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام۔

ایمونیائی ایم بیلاس AMMONII EMBELAS

صفات: بھورا سرخی مائل بے ذائقہ نمک ہے۔ جس کو شہد میں ملا کر چٹایا جاتا ہے

افعال: قاتل دیدان

مقدار: ۳ سے ۶ گرین

طریق استعمال: باؤبڑنگ تازہ چھ ماہ سے زیادہ عرصہ نہ گزرا ہو باریک کر کے بمقدار ۸ گرام دیسی بقدر ضرورت نہار منہ دیں اور پر سے سقمونیا ڈیڑھ گرام جلاپہ ڈیڑھ گرام استعمال کریں۔

بادآورد FAGONIA ARABICA

عربی،شوکت السیفہ سندھی میں ڈاماھو ہند میں بھوونڈی۔

ماہیت،ایک خاردار بوٹی ہے جو شکاعی اور گوکھرو سے مشابہ ہے مگر اس کے کانٹے گوکھرو سے لمبے اور یہ اس سے زیادہ مفید ہوتی ہے پتوں کا رنگ بھی سفید اور حماما کے پتوں کی طرح اور رواں دار ہوتے ہیں اس کا تنا انگوٹھے کے برابر موٹا گول پتلا اور سفید ہوتا ہے بلندی بالشت بھر یا اس بڑی ہوتی ہے شاخیں پتلی ہوتی ہیں جن پر نیل گوں رنگ کے پھل ہوتے ہیں سونگھنے پر ہوا کے جھونکوں سے اُڑ جاتی ہیں۔

مزاج: گرم خشک

استعمال: پتے جڑ، بیج

افعال وتاثیر: ملطف، محلل منفج مدر بول حیض ودافع حمیٰ سوداوی وبلغمیہ

نفع خاص، دافع حمیات بلغمیہ وسوداد یہ، مضر: پھیپھڑے اور سر کے لیے

مصلح، پھیپھڑے کو افسنتین کتیرا سر کے لیے تخم کاہو، بدل، شاہترہ اور نصف وزن مویز

مقدار، پتے ۵ گرام، ماشتے، بیج ٦ گرام، جڑ ۹ گرام۔

بہی دانہ

عربی حب اسفرجل، انگریزی QUINCE SEED

فارسی، تخم سفرجل

ماہیت: بہی کے مشہور بیج ہیں یہ چھوٹے چھوٹے گول بیضوی نما سرخ رنگ کے بیج ہیں جن کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے ان پر ایک قسم کا لعابی مادہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے پانی میں بھگونے سے پھول جاتے ہیں اور پانی لعابدار بن جاتا ہے۔

مزاج بارد رطب

انعال، مسکن مرطب، لعاب قروع حجرہ قلاع زبان ومنہ کی سوزش میں مفید ہے انتصاب نفس وخشک کھانسی میں نافع صفرادی بخاروں میں دافع عطش

انعال مخصوصہ مدر تلین مدرر فع سعال وسل امعاء ازلدق رفع زحیہ حمیٰ رفع حمیات حارہ وباردہ مضر، معد

مصلح، شکر بادیان

بدل اسپغول

مقدار ۳ سے ۹ گرام عموماً تین گرام مستعمل ہے، نزلہ حارہ میں معمول مطب نسخہ، بہی دانہ، عناب، سپستان، شربت نبفشہ،

BABCHI SEED باپچی

گجراتی: بواچی۔تامل: کارپوریشی۔تیلگو میں کاروبوکی بنگالی میں ہلچی ہندی میں کرشن پھل اور پنجابی میں باوچی۔

انگریزی BABCHI SEED

لاطینی PSORALEA CORYLIFOLIA

مقام پیدائش ہندوپاک میں عام ملتا ہے۔

ماہیت، یہ ایک نبات کے بیج میں جو شکل میں دانہ مسور کے مشابہ لیکن کسی قدر بڑے رنگ سیاہ گول دار سخت اور اندر سے سفید ہوتے ہیں ذائقہ تیز اور تلخ ہوتا ہے پتے سبز اور گول ہتھیلی سے چھوٹے ہوتے ہیں ہر پتے کی جڑ میں ایک خوشہ شہتوت کی طرح لگتا ہے اس میں چھوٹے چھوٹے سفید اور گلاب پھول لگتے ہیں جس کے بعد بیج آتے ہیں بیج گول پھلیوں میں پیدا ہوتے ہیں یہ پھلیاں مکوہ کے خوشوں کی طوح تین تین چار چار ملی ہوتی ہیں ان کے چبانے سے زبان میں تلخی آجاتی اور زبان کو کاٹتی ہیں۔

مزاج: گرم خشک

افعال، مصفی خون دافع برص وداد کاسر ریاح مقوی معدہ

افعال مخصوصہ: اوجاع رفع امراض سوداویہ تصیفہ خون تحلیل ریاح خارجاً جلد رفع برص بہق خارش وجذام

مضر حشم وریہ

مصلح، غردنیات آب جغرات

بدل، تخم پنواڑ

مقدار: اسے ۳ گرام، گیروگلنار کتھہ باپچی گندھک آملہ سار ہم وزن سفوف اس کا زلال پینا اور ضماد لگانا برص کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال، برابر وزن سفوف کریں ۱۵ گرام رات کو بھگوئیں زلال ہمراہ شربت عناب اور ثفل برانڈی یا سرکہ میں ملا کر ضماد کریں۔

BAEL FRUIT بیل

بیل گری، بل کتھ، مغز بیل

لاطینی AEGLE MARMELOS

مقام پیدائش: ہندوپاک، برما۔سری لنکا۔نیپال۔

ماہیت وصفات، ایک ایسے درخت کا پھل ہے جس کی لمبائی ۳۵ فٹ تک ہوتی ہے یہ پھل بڑے انار گول خربوزہ یا گیند کے برابر ہوتا ہے اس کا چھلکا خام ہونے تک سبز اور نرم بعد میں سخت اور پختہ ہو کر مائل بہ زردی ہو جاتا ہے پوست اس کا نرم اور ضرب سے جلد ٹوٹ جاتا ہے

توڑنے پر اادر متعدد دو غلاف اوران میں چھوٹے چھوٹے طولانی بیج ہوتے ہیں جن کے مزے میں ہیک آتی ہے گودا شیریں ذائقہ، مغز گودا میں مستعمل ہے اسے خشک کرکے رکھتے ہیں جوابتدالعابدار اور خشک ہونے پر سخت ہو جاتا ہے پھولوں کا رنگ سفید اور اس میں شہد کی بوآتی ہے۔

کیمیادی تجزیہ: اس میں ایک جوہر خالص ٹے نین پایا جاتا ہے اور ایک قسم کالعابدار جز وبھی موجود ہوتا ہے کسی قدر شکر یلے اجزء ہوتے ہیں

مزاج: گرم خشک

افعال مقوی معدہ دماغ دل جگر قابض حابس اسہال مزمن دافع زحیر پوست، بیج بیل بطور دافع بخار استعمال ہوتا ہے اس کا مربہ حبس اسہال کے لئے مفید ہے بیل گری مغز انبہ سبوس، اسپغول مغز بہی دانہ ہمراہ شکر استعمال کرنے سے زحیر ختم ہو جاتی ہے۔

افعال مخصوصہ، امراض امعاء عام النفع نفع عام حبس قبض بیل گری امعاء قبض دافع اسہال مرض مربہ امعاء حبس اسہال رفع مغض ریاح غلیظہ

مضر، مسدد، مورث بواسیر

مصلح شکر سفید

بدل، بے بدل

بورک (سہاگہ) تنکار (BORAX)

فارسی، تنکار، اردو سہاگہ۔ گجراتی ٹنکسن کھار مارولڑی سوگی سندھی سہاگو۔

انگریزی بوریکس سوڈیم بائی بوریٹ BORAX SODIUM BIBORATE

لاطینی BORAX PURIFICATUS

صفات، سہاگہ سفید قلمیں جن پر بعض اوقات سفید سفوف جما ہوتا ہے یہ ہوا لگنے سے جمتا ہے ذائقہ شیریں بوندار دکیفیت کھاری۔

ایک حصہ ۲۵ حصہ سرد پانی میں حل ہو جاتا ہے اور ہم وزن گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: حار یابس،

افعال: مدر بول وحیض دافع عفونت اورام وخفیف قابض

مقدار، ۵ سے ۱۵ گرین

حمض البورک، فارسی تیزاب تنکار

ایسڈ بوریکم ACIDUM BORICUM

بورک ایسڈ BORACIC ACID

ہائیڈروجن بوریٹ HYDROGEN BORATE

کیفیت خفیف تیزابی مائل ترشی ذائقہ خفیف بو سفوف چکنا بے جو سفید ہے مرکب کا تیزاب کے گندھک اور سہاگہ یہ :ماہیت

الخلال: ایک حصہ ۳۰ حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے اور تین حصہ کھولتے پانی اور ۵ حصہ گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے

صفات: قابض وہلکی دافع تعفن دواز خموں اور ورموں میں استعمال کی جاتی ہے

سوزاک: جریان الرحم کان بہنے میں اس کی پچکاری سے فائدہ ہوتا ہے مدر بول وحیض کا سر ریاح وممکن ہے۔

مقدار: نصف سے ایک گرام، سفوف مرہموں وغیرہ میں بطور دافع تعفن ومسکن مستعمل ہے۔

بیخ کبر ROOT OF CAPPARIS SPINOSA

عربی اصل الکبر فارسی بیخ کبر۔

ماہیت: یہ ایک جڑ ہے جس کا رنگ سفیدہ مزہ کڑوا ہوتا ہے، جو سفید رنگ اور لمبی ہوتی ہے اس کا چھلکا موٹا اور پھل کھیرے کی مانند ہوتا ہے۔

مزاج: حار یابس

افعال محلل اورام مسکن درد کاسر ریاح

مقدار ۴ سے ۷ گرام

بہروزہ

عربی، قنہ، فارسی، بیرزد، بنگالی روجا

انگریزی RESIN OF PINDUD LONGIFOLIA PINEGUM

لاطینی GUMTHUS

صفت وماہیت: صفت وماہیت: یہ ایک درخت کا منجمد دودھ ہے بعض دیوداء کا دودھ کہتے ہیں جو درخت کو شگاف دے کر حاصل کیا جاتا ہے ابتدا میں رقیق اور سفید رنگ کا ہوتا ہے اس کے بعد زرد منجمند اور بعد ازاں سرخ وخشک ہو جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: محلل اورام مجفف منفعث مخرج بلغم مسخن

افعال مخصوصہ: رحم مخرج مشیمہ ادرار مدر ورم تحلیل

مضر، گروہ مثانہ

مصلح، روغن بنفشہ کافور

بدل، سکنجبین اور چوتھائی اس کا جاؤ شیر

مقدار: سفوف ایک گرام

WILD VIOLT- VIOLET FLOWER بنفشہ

عربی، فرفیر بنفشج فارسی، کوکاش سندھی بنفشو پنجابی بنفشہ۔

صفات وماہیت: یہ ایک گھاس ہے جو دو قسم کی ہوتی ہے بستانی و جنگلی ایک بالشت سے ڈیڑھ بالشت بلند ہوتا ہے شاخیں بہت پتلی اور سب ایک جڑ میں سے نکلتی ہیں اس کے پتے مہندی وانار کے پتوں سے مشابہ ہیں مگر درمیان میں سے کسی قدر چوڑے ہوتے ہیں شکل میں صنوبری اور ہر باریک شاخ پر ایک چھوٹا سا پھول ہوتا ہے۔ پھول کی کئی قسمیں ہیں مگر زیادہ تر نیلے اور آسمانی رنگ کی ہوتی ہیں یہی پھول گل بنفشہ کہلاتے ہیں جس پھول کا رنگ نیلا ہو اور خوشبو نہ آتی ہو تو مطلق بنفشہ کہلاتا ہے۔

مقام پیدائش: کشمیر، نیپال، مغربی ہمالیہ پر پانچ ہزار فٹ سے زیادہ کی بلندی پر کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔

مزاج سرد تر بعض گرم تر بتاتے ہیں۔

افعال مسکن او جاع ملین و مسہل، دافع بخار مسکن حرارت

افعال مخصوصہ امراض سر دو حمی رفع نزلہ حار و درد سر حار رفع حمیات

مضر مرطوب مزاجوں کو

مصلح، انیسون گل سرخ

بدل گل نیلوفر برگ خبازی مقدار خوراک ۶ گرام سے ۲۰ گرام تک، جوشاندہ خمیرہ جات شربت حبوب میں مستعمل ہے۔

BROMOFORM BROMINAL- BROMIPIN برومی نال

زرد رنگ کا روغنی سیال جو برومین اور روغن کنجد سے بنایا جاتا ہے

مقدار: اسے ۴ ڈرامہ مرگی کی شدید دردوں میں مفید ہے، بطور دافع تشنج اور اخراج بلغم خصوصاً کالی کھانسی کے دوران میں استعمال کی جاتی ہے۔

مضر، ان دواؤں کو زیادہ عرصہ تک استعمال کرنے سے موسمی اثرات پیدا ہوتے ہیں مریض کمزور اور پست ہمت ہو جاتا ہے ذرا سی جسمانی محنت سے تھک جاتا ہے اور چال لڑکھڑا جاتی ہے۔

مصلح: سوڈیم کلورائیڈ برومائیڈ بند کر کے اس کے استعمال سے علامات رفع ہو جاتی ہیں۔

بخارتوڑ

گرے ںیلیا GRINDELIA

صفات: ہلکے سبز رنگ کے چکنے اور دار سخت پتے ہوتے ہیں شکل بیضوی جڑ نوکدار اور بغیر ڈنٹھل بوخوشگوار مثل بالسم ذائقہ تلخ وحریف

مزاج، حار یابس

افعال: محرک مقامی دافع بخار منفث بلغم ودافع تشنج

مقدار: ۱۰ سے ۱۵ بوند

آکسٹرنکٹ آف گرینڈیلیا لکوئڈ EXTRACT OF GRINDELIA LIQUID

افعال: منفعت بلم دافع بخار دافع تشنج ٹنکچر آف گرنڈیلیا TINCTURE GRINDELIA

مقدار: ایک سے دو ڈرام

بیج بند SEED OF SIDA CARDIFOLIA

سندھی میں کھر نیڈ کہتے ہیں۔

مقام پیدائش: پاک، بھارت میں زیادہ تر پیدا ہوتا ہے۔

یہ ایک بیج ہے جو مثلث پیاز کے بیجوں کی مانند مگر اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے رنگ سرخ وسیاہ مگر سیاہ زیادہ قوی العمل ہوتا ہے اس کے پودے کی شاخیں اور تنا ایک گز تک لمبا ہوتا ہے پتے چنے کے پتوں کی طرح اور شاخ پر سفید باریک پھول لگے ہوتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی گنڈیاں بیجوں سے بھری ہوئی پیدا ہوتی ہیں۔

مزاج: سرد خشک

افعال وخواص: ممسک ومولد ومغلظ منی ہے پشت اور کمر کو مضبوط کرتا ہے محلل اورام ہے

افعال مخصوصہ: مغلظ منی اور مقوی باہ۔

مضر: نفاخ دیر ہضم

مصلح: شکر سفید

بدل: تخم اٹنگن مقدار تین سے ۵ گرام

ALMOND BITTER بادام تلخ

عربی،لوزالمر، فارسی بادام تلخ پنجابی سندھی کوڑا بادام بنگالی میں ٹیتو کاٹھ بادام ۔مکتابادام۔

لاطینی،ایمگڈ لاامارا BITTER ALMOND AMYGDALA AMARA

مقام پیدائش،ایران،افغانستان،شام مراکو سسلی،فرانس

ماہیت وصفات،اس کا درخت بادام شیریں کے درخت کی طرح مگر کسی قدر چھوٹا ہوتا ہے رنگ سرخی مائل اور پھول کا رنگ بھی سرخی مائل اوراس میں کچھ خوشبو بھی پائی جاتی ہے پانی کے ہمراہ رگڑنے سے خاص طرح کی بونکلتی ہے جو بادام شیریں میں نہیں ہوتی۔

کیمیاوی تجزیہ:اس میں ۴۵ فیصدی روغن ثقیل ہوتا ہے جوز ہریلا نہیں ہوتا اس کے علاوہ ایک خمیر کنندہ مادہ اور جوہر بادام جو ایک قلمی جوہر ہے پائے جاتے ہیں اس ایک خاص قسم کا روغن لطیف حاصل ہوتا ہے یہ ایک زردی مائل رقیق سیال ہوتا ہے جس سے ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے اس کا ذائقہ تلخ اور تیز اور کیفیت معتدل ہوتی ہے یہ روغن ۳۰۰ حصہ پانی میں قابل حل ہے ٹائٹرک ایسڈ میں بخارات اٹھے بغیر جل جاتا ہے

افعال وخواص:بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے محلل جالی قاتل جراثیم

افعال مخصوصہ، مسہل ۔محلل ۔جالی ۔منفث بلغم ۔مدر بول وحیض۔

مضر:مجفف ومضر ریہ

مصلح،روغن گل شکر

بدل،حب المحلب

مقدار،بقدر ضرورت

SWEET ALMOND بادام شیریں

پنجابی،اردو،بادام،گجراتی،سندھی،بدامی

عربی،لوز،فارسی،بادام،شیریں،ہندی میٹھا بادام،بنگالی میں کاٹھ بادام۔

مقام پیدائش،ایران،مشرق وسطی پاکستان وکشمیر

حصص مستعملہ،مغز اور اس کا چھلکا

صفات وماہیت،اس کا درخت انار کے پیٹر کے برابر ہوتا ہے جس کی چھال سرخ،سیاہی مائل ہوتی ہے کچے پتے ہلکے سبز رنگ کے اور بڑھ جانے پر ہلکے سفید رنگ کے ہوجاتے ہیں پھول سفید اور ان پر دھبے جوالگ الگ یا دودو لگتے ہیں ہر پھول میں پانچ چوڑی پتیاں ہوتی ہیں

پھل تقریباً ایک انچ لمبا اور چپٹا مستطیل شکل کا ہوتا ہے ایک سرا نوکدار دوسرا گول ہوتا ہے سطح پر چھوٹے چھوٹے نشیب بھی ہوتے ہیں مغز چکنا اور میٹھا ہوتا ہے مغز کا رنگ سفید جس کے اوپر سرخ رنگ کا چھلکا ہوتا ہے بوندارد۔

کیمیاوی تجزیہ: شیریں بادام میں حسب ذیل کیمیاوی اجزا ہوتے ہیں، روغن ثقیل ۵۰ فیصدی (۲) شکر و گوند ۵ سے ۱۰ فیصدی (۳) اجزائے ملتحمہ ۲۴ فیصدی (۴) معدنی نمکیات ۵ فیصدی لیکن اس میں جوہر بادام بالکل نہیں ہوتا یہی سبب ہے کہ اس کو پانی میں بھگونے سے بادام تلخ کے اثرات پیدا نہیں ہوتے جن سے ہائیڈروسیانک ایسڈ بنتا ہے چھلکا، مغز روغن استعمال میں آتا ہے۔

مزاج: گرم تر۔

افعال: مرطب مقوی اعصاب مولد منی ملین مغذی

افعال مخصوصہ، امراض سر، سر تلین و ترطیب و تقویت تقویم امراض مخصوصہ تسکین حدت تکثیر و تولید منی تقویت باہ قشر حلق تحلیل تخفیف قبض دفع استرخا اعصاب قشر سوختہ جلاء دندان تقویت لثہ، روغن سر ترطیب رفع سرسام و تشنج یبسی صدر وریہ۔

مضر: معدہ، روغن معدہ و احشاء

مصلح، روغن کاجل روغن کدو

بدل، بعض افعال میں چلغوزہ یا اخروٹ

مقدار، چھ گرام تک۔ مرکبات میں حریرہ، خمیرہ لعوق و شربت کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بادیان (سونف) FENNEL FRUIT

عربی، رازیانج، فارسی، بادیان رازیانہ، بنگالی میٹھا جیرا سنسکرت میں مدھوریکا پنجابی سونف۔

لاطینی PIMPINELLA ANISUM

انگریزی FENNEL FRUIT

مقام پیدائش، ہندوپاک وسطی اور جنوبی یورپ، مالٹا، جاپان، ترکی، روس، سپین، قبرص وغیرہ۔

حصص مستعملہ ثمر اور جڑ

صفت و ماہیت، چھوٹے چھوٹے زرد سبزی مائل بیج ہوتے ہیں جو قدرے خمیدہ اور ان پر خطوط ہوتے ہیں بالائی جانب چھوٹی سی ٹوپی ہوتی ہے جس میں دو دو ریشے ہوتے ہیں بو پسندیدہ خاص قسم کی مزہ شیریں، پودے کا طول گز بھر شاخیں سرسبز لمبی اور بیچ میں سے مجوف ہوتی ہیں چھتر کی طرح سر پر زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں پھر وہاں بیج پیدا ہوتے ہیں۔

کیمیاوی تجزیہ: سونف میں ایک لطیف جوہر ۴ سے ۵ فیصدی تک ہوتا ہے اس میں شمودل نامی جز ہوتا ہے اور فینکیون نامی عنصر پایا جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال، مقوی معدہ وہاضم کاسر ریاح مدر طمث و بول مولد لبن مقوی دماغ، دافع بواسیر، جالی

افعال مخصوصہ، منضج بلغم وسودا، مفتح، کاسر ریاح، مقوی معدہ، مدر بول وحیض، مولد شیر، مقوی بصر۔

مضر، گرم مزاج والوں کو۔

مصلح کشنیز خشک سکنجبین صندل سفید

بدل اکثر افعال میں بیج کرفس

مقدار، ۵ سے ۷ گرام، جوشاندوں عرق اور سفوف کی صورت میں عموماً استعمال ہوتا ہے۔

بیخ بادیان FENNEL ROOR

عربی، اصل الرازیانج، بیخ بادیان

انگریزی FENNEL ROOT

صفت وماہیت: پتلی پتلی نرم ونازک زردی مائل ایک درخت کی جڑ ہے خوشبودار ذائقہ قدرے شیریں

مزاج گرم خشک

افعال دافع اثرات سموم مدر حیض و بول، محلل ورم وریاح مسکن اوجاع

افعال مخصوصہ، معدو جگر، محلل ورم وریاح مسکن اوجاع

مقدار، سات گرام

مضر، تشنگی پیدا کرتی ہے

بدل بادیان

بیخ انجبار

ماہیت: ایک ایسی نبات کی جڑ ہے جو آدمی کے قد کے برابر ہوتی ہے جس کی شاخیں مائل بہ سرخی اور پھول سرخ ہوتا ہے بیج چھوٹے چھوٹے جڑ سرخ قدرے سیاہی مائل اور ریشے دار ہوتی ہے جڑ کا مزہ پھیکا بدمزہ۔

مقام پیدائش، ملک شام میں نہروں کے کنارے اور نہروں پر ملتی ہیں

مزاج، سرد خشک

افعال، حابس الدم مقوی اعصاء قابض مسکن

مضر،امزوجہ باردہ

مصلح،شہد خالص زنجبیل

بدل،زرشک ہم وزن چوتھائی گل ارمنی

مقدار،خوراک ۳ گرام

بہمن

لاطینی SALVIA HAEMOTORES

انگریزی SALVIA HAEMOTORES

مقام پیدائش،ارمن،خراسان،کوہستان۔

ماہیت چھوٹی سرخ گاجر کی طرح ایک خشک جڑ ہے جو کسی قدر ٹیڑھی ناہموار سخت اور کھردری ہوتی ہے ٹوٹنے میں مشکل سے ٹوٹتی ہے اور خوشبو دیتی ہے بالائی حصہ زیادہ سرخ وسیاہی مائل ہوتا ہے اندر سرخی کم ہے سب سے بہتر وہ ہے جو صاف سرخ اور بھاری ہو پودا ایک بالشت سے کم پتے خبازی سے مشابہ چکنے وبراق ہوتے ہیں آس پاس کے کنارے کٹے ہوئے ہوتے ہیں۔مزاج،گرم خشک۔

افعال،مقوی ومفرح قلب محلل ریاح وبلغم غلیظ مفغث حصات مثانہ وگردہ،مقوی باہ ومولد منی مسخن بدن

افعال مخصوصہ،تقویت باہ تکثیر منی انعاعظ۔مضر،رامزجہ حارہ۔ مصلح،کتیرا

بدل،بہمن سفید اتو دری مقدار،۵ سے ۷ گرام

بہمن سفید

صفت و ماہیت، یہ سفید رنگ سرخ سے ذرا چھوٹی ہوتی ہے اور ناہمواری بھی سرخی سے کم ہوتی ہے اندر و باہر سفید ہوتی ہے اور سرخ کی طرح خوشبودار ہوتی ہے بہتر وہ ہے جو وزنی و بھاری ہو

مقام پیدائش خراسان ارمن۔کوہستان۔

مراج گرم خشک

افعال مقوی قلب مسخن بدن محلل ریاح،دافع خفقان مقوی باہ ومولد منی

افعال مخصوصہ،تکثیر منی تقویت باہ

مضر دردسر پیدا کرتی ہے

مصلح مقعد کے لئے انیسون دردسر کے لئے عناب اور کتیرا

بدل ہم وزن تودری بہمن سرخ

مقدار سات گرام

INDIAN PENNY WORT برہمی

بنگالی برہمی شاک تھل کری، تھل کڈی، تامل میں غیر برامی سنسکرت میں براہمی پنجابی میں برہمی ہوئی۔

لاطینی HYDROCOTYL ASMTICA

مقام پیدائش: ہندو پاک میں ندی نالوں کے پاس یا تالاب کے کنارے اور نم ناک جگہوں پر پیدا ہوتی ہے۔

ماہیت وصفت، ایک بوٹی ہے جس کے پتے گول اور گھوڑے کے سم کی طرح ہوتے ہیں مگر بہت چھوٹے چھوٹے اٹھنی برابر یا اس سے بھی چھوٹے ڈنڈی نہیں ہوتی ہر شاخ کے سرے پر ایک پتہ ہوتا ہے شاخیں پتلی پتلی اور بعض نصف فٹ تک لمبی ہوتی ہیں ان کا رنگ سرخ سیاہی مائل اور پتے سبز مگر سبزی ہلکی جس میں زردی کی بھی جھلک ہوتی ہے شاخ کا مزہ گاجر کے پتوں جیسا اور پتوں کا مزہ بہت تلخ اور کسیلا سوکھنے پر کسیلا پن کم ہو جاتا ہے تازہ پتے و بیز اور سوکھنے پر پتلے پڑ جاتے ہیں جڑ باریک تاروں کی طرح اور سفید نکلتی ہے، پھول کی کلی ننھی سی ارد کے دانے کے برابر زرد ہوتی ہے پھول کھل کر زرد ہو جاتا ہے۔

مزاج گرم خشک

کیمیاوی تجزیہ، اس میں سے ایک سفید قلمی جوہر نکلتا ہے جس سے برہمی کی بو آتی ہے اس کے علاوہ گوند ایک قابض جوہر شمر نمکیات اور ابلیومنی مادے پائے جاتے ہیں۔

افعال، معدل مفتح ملطف، مفرح، مقوی اعصاب ودماغ اعضائے رئیسہ معدہ وجگر محلل ریاح مدر بول

افعال مخصوصہ مقوی، عصاب ودماغ

مضر، مزاجوں وکمزوروں کے لئے

مصلح، کشیر، خشک وشربت شکر

بدل دارچینی، الائچی بقدر مناسب

مقدار، ۴ گرام سے ۷ گرام، عرق سفوف، اقراص کی صورت میں مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے بعض کشتہ جات بھی اس سے تیار کئے جاتے۔

BELERIC MYROBAIANS بلیلہ

عربی، بلیلج، فارسی بلیلہ گجراتی میں بیڈال۔ بنگلہ میں بھیڈ پنجابی میں بھیڑہ۔

لاطینی TERMINALIA BEFFERICA

ماہیت، یہ ایک درخت کا پھل ہے جو گل مازو سے بڑا اور سرا تھوڑا سا پتلا ہوتا ہے پوست زرد خاکستری رنگ پوست بڑھ سے زیادہ نازک ہوتا ہے درخت بڑا پتے چوڑے اور آم کے پتوں سے بڑے ہوتے ہیں بعض چھوٹے جو امرود اور اخروٹ سے مشابہ ہوتے ہیں ذائقہ قدرے تلخ اور کسیلا۔ مضر، ثقل۔ مصلح، شہد و شکر

بدل آملہ، تقشر، بقدر ثلث اور شگوفہ حنا ہم وزن۔ مقدار، ۳ سے ٦ گرام

بسفائج

انگریزی POLYPODIUM

لاطینی POLYDODIUM

فارسی، اخراس الکلب ثاقب الحجر۔

ماہیت، ایک بوٹی کی جڑ ہے رنگت خاکستری جس میں سیاہی و سرخی کی جھلک پائی جاتی ہے گرہ دار اور ہر گرہ میں باریک ریشے لگے ہوتے ہیں کنکھجورے کے مشابہ اور اس پر باریک رواں بھی ہوتا ہے مجیٹھ کی طرح سخت اور مضبوط مزہ لونگ جیسا بہتر وہ ہے جو چھوٹی انگلی کے برابر موٹی اور تازہ ہو، باہر سے سرخی مائل اندر سے مغز پشتہ کی طرح سبز مرہ چبانے سے تھوڑی سی تلخی و شیرینی و کسیلا پن لئے ہوئے زبان پر کھچاوٹ سخت و بھاری ہو تازہ رنگ اندر سے پستہ کی طرح پانی میں ڈالنے سے سیاہی مائل ہو جاتی ہے وضع ہنسراج کی شاخ کی طرح اور پتے بھی ویسے ہی مگر ڈالی ہنسراج سے موٹی ہوتی ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال مقوی قلب مسہل سودا بلغم مفرح، محلل بلغم

افعال مخصوصہ، اخراج بلغم غلیظ و سودا

مضر، گردہ و سینہ

مصلح و ہلیلہ زرد پر ساؤشان

بدل، افتیمون چھٹا حصہ نمک کے ساتھ

مقدار خوراک، ۳ سے ۷ گرام حب بسفائج سفوف جوشاندہ شربت قرابادیں میں مذکور ہے۔

بسد

عربی، ناشف قرمز، فارسی کامد مرجان خرد مک، بنگالی، پلا منگا پونولیس

صفت و ماہیت، یہ دوا لال لال شنگرفی رنگ کے سوراخ دار سخت بھیڑوں کے چھتہ کی مانند ہوتی ہے بیخ مرجان بھی کہلاتی ہے مگر گھونگھے کی

جڑنہیں ہے۔

مقام پیدائش، سمندر کے کنارے خصوصاً فرانس، یمن، مالدیپ کے ساحلی علاقے

مزاج سرد خشک

افعال، حابس الدم مجفف جالی مفرح، مقوی قلب

افعال مخصوصہ، مقوی قلب و مفرح

مضر، کتیرا، طباشیر گوند

بدل، جبس دم میں دم الاخوین

مقدار خوراک، ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام

بابونہ COMMOMILE

عربی بابونج، فارسی، اردو، بابونہ، ہندی بابونہ

لاطینی ANTHEMIDIS FLORIS

مقام پیدائش، ایران، ہندوستان، پاکستان کے بعض حصے اور یورپ

حصص مستعملہ پھول جڑ

صفات: خودرو نبات ہے جو بوٹی بھی جاتی ہے پتے چھوٹے باریک اور کسی قدر لمبے ہوتے ہیں شاخیں سبز اور نازک اور باریک ہوتی ہیں قدر بقدر ایک بالشت سے ایک ہاتھ تک ہوتا ہے ان میں کثرت سے چھوٹی چھوٹی شاخیں ہوتی ہیں پھلوں کی اکہری دوہری گنڈیاں ہوتی ہیں اکہری قسم کے پھولوں کی رنگت زرد و سفید ہوتی ہے اور وہ نلی کی مانند سفید لمبے اور پتلے ہوتے ہیں دوسری قسم کے پھول صرف سفید رنگ ہوتے ہیں دونوں قسم کے پھولوں میں پنکھڑیاں گھنڈی کے گرد لگی ہوتی ہیں ایک اور قسم کا پھول نیلا بھی ہوتا ہے جسے اطباء قرمزی کہتے ہیں یہ قد میں سداب کے پھول کے برابر ہوتا ہے مگر یہ قسم کمیاب ہے ویسے سب سے بہتر ہے۔

دوسری قسم میں عمدہ وہ ہے جو چھوٹا اور خوشبو دار ہو اس میں سے سیب کی سی خوشبو آئے اس ریحان الثعاب کہتے ہیں ایک اور قسم کرکاش کہلاتی ہے اس کے پھولوں کی بو اتنی تیز نہیں ہوتی وہ ذائقہ بھی پھیکے ہوتے ہیں جڑ ٹھوس اور مخروطی شکل کی ہوتی ہے اور یہی اقسام ہیں جو بابونہ گاؤ اور بابونہ چشم کہلاتی ہیں۔ مزاج، گرم خشک

کیمیاوی تجزیہ، پھولوں میں سے ایک فراری روغن قلیل مقدار میں نکلتا ہے جو تیار ہونے پر نیلا ہوتا ہے مگر کچھ عرصہ تک رکھنے سے پیلا پڑ جاتا ہے اس میں قدرے رال اور ایک تلخ جوہر بھی پایا جاتا ہے۔

افعال وخواص، مقوی اعصاب دماغ، معرق مدر بول وحیض مسکن ورم
افعال مخصوصہ حلقہ تفتیح تحلیل تسکین درد وتلین اور خارجاً، معدہ تشنج سدد ارخاء تحلیل ورم خارجاً انثین تسکین درد تحلیل ورم خارجاً مضر حلق
مصلح، شربت انار، شہد خالص۔ بدل، برنجاسف اقحوانہ ہم وزن۔ مقدار، سات گرام۔

MARKING NUTS بلادر

عربی، حب الفہم، حب القلب۔ فارسی، بلادر۔

لاطینی SEMICARPUS ANACARDIUM

مقام پیدائش، بھارت کے اکثر حصوں میں

صفت وماہیت، ایک ہندی پھل ہے جس کا درخت فالسہ کے مشابہ ہوتا ہے شاخیں زمین کی طرف جھکی اور گری ہوتی ہیں زمین پر جہاں شاخ پہنچتی ہے ریشہ نکالتی ہے پھل نارنج سے مشابہ کچا سبز رنگ اور پکنے میں زرد ہو جاتا ہے مزہ شیریں اور کسیلا سر پر ایک پھول ہوتا ہے جو پکنے پر سیاہ ہو جاتا ہے اور اس کے اندر بیج ہوتے ہیں سر پر ایک ٹوپی لگی ہوتی ہے جو کلاہ بلادر کہلاتی ہے، بلادر کے دبانے پر شہد کی مانند گاڑھے رنگ کی عمارت نکلتی ہے جس کے عسل بلاوز کہتے ہیں پھل کسی قدر گول چپٹا سا اور پرندے کے دل کے مشابہ ہوتا ہے رنگ سیاہ مزہ تلخ۔ افعال ملصف، محلل، مفرح، مقوی اعصاب

مضر، مفرح محرق خون۔ مصلح، روغن کنجد، جدوار۔ بدل: چوتھائی روغن بلسان پنج گنا مغز خندق

مقدار خواک، مغز بلادر ۱۲۵ ملی گرام، عسل بلادر، ۱۰ ملی گرام روغن بلادر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ARANIA COCINA بیر بھوٹی

عربی کاغنہ، فارسی، کرم مخل

صفت وماہیت: یہ ایک مشہور کیڑا ہے جو کہ ابتدائے برسات میں پایا جاتا ہے اس پر سرخ سرخ رواں اس قدر ہوتا ہے کہ مخمل سرخ کی مانند معلوم ہوتا ہے اس کے آٹھ پاؤں ہوتے ہیں بعض اس کو عروسک کہتے مگر یہ عروسک سے مختلف ہے عروسک گول سرخ اور اس پر نقطے ہوتے ہیں بیر بوٹی پر سیاہ نقطے نہیں ہوتے۔

مقام پیدائش، برسات میں عام طور پر ہر جگہ ملتا ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال مقوی باہ، ممسک، مقوی اعصاب دافع استرخا۔

مضر، امزجہ حارہ

مصلح، روغن زرد

بدل، کیچوے یا جونک محاواً

مقدار خوراک، ایک عدد

بادرنجبویہ

ARBIAN BLM-NEPATWER RUDERAUS

عربی، معرج القب، فارسی، بادرنگ لو یہ ترہ گربہ

صفت، یہ ایک خوشبودار گھاس کی مانند دو قسم کی ہوتی ہے ایک قسم وہ ہے جس کے پتے لطیف اور لمبے ان کی اطراف آرہ کی مانند ہوتی ہے اس کی ساق پر ریحان کے مشابہ پھول بنفشی مائل سرخی رنگت کے ہوتے ہیں بیج اس کا السی کی مانند ہوتا ہے دوسری قسم گولائی مائل بستانی و صحرائی ہوتی ہے پتے سخت چوڑے اور نعناع کے پتوں سے بڑے ہوتے ہیں پھول اس کے سفید بیج کم ہوتے ہیں۔ ذائقہ تلخ۔

مزاج گرم خشک

افعال دافع بدبو مقوی معدہ، مفرح قلب محلل اورام، غثث بلغم

افعال مخصوصہ امراض سر برگ تفریح وتقویت دماغ و حواس

مضر، امراض پہلو، مصلح، صمغ عربی کتیرا۔ بدل، دوگنا ابریشم دوثلث پوست اترج

مقدار خوراک، ۵ سے ۷ گرام

ACHILLEA MILEFORLUM برنجاسف

فارسی، ملنجاسف، بوٹے کاردان، عربی، شویلا

مقام پیدائش، جنگلی اور سایہ دار جگہ جہاں زیادہ تر بارش ہوتی رہتی ہے

صفت و ماہیت، یہ ایک بوٹی ہے جو ایک گز لمبی شاخیں اور پتلی پتے چھوٹے اور شاخوں سے لدے ہوتے ہیں پھول سونے کے مشابہ جھریدار زرد اور سفید مائل بہ کبودی ہوتے ہیں یہ بوٹی تھوڑی سی لیس دار اور چپسید گی لئے ہوتی ہے اس کی دو قسمیں ہیں نر و مادہ نر کے پتے بڑے اور پھول زرد اور مادہ کے پھول سفید اور پتے چھوٹے ہوتے ہیں یہ افستین کے مشابہ ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال ملطف مفتح، مدر بول وحیض مفتت حصاۃ، دافع حمیٰ

افعال مخصوصہ، امراض سر تفتیح سدد تلیف مادہ رحم اوراربول وحیض اخراج جنین

مضر، گردہ

مصلح، انیسون

بدل، سر میں بالونہ باقی میں افسنتین

مقدار، ۵ گرام

پستہ

عربی، فارسی، پستہ

مقام پیدائش، افغانستان، ایرن

ماہیت، مشہور پھل ہے جو جنگلی وبستانی دونوں قسم کا ہوتا ہے بستانی جنگلی سے بڑا ہوتا ہے عمدہ وہ ہے جس کا رنگ سبز ہو قلمی بہت ہی نفیس ہوتا ہے قلم بطم کے درخت کے ساتھ لگاتے ہیں چھلکا اتارنے پر جلد خراب ہو جاتا ہے چھلکا پتلا سرخی مائل قدرے تلخ ہوتا ہے پتے رنگنے کے کام آتے ہیں۔

کیمیاوی تجزیہ، اس کے درخت میں رال جیسی ایک چیز پیدا ہوتی ہے

مزاج: معتدل بلحاظ برووت وحرارت خشک

افعال مقوی ذہین حافظہ ودماغ معدہ دافع حفظان مسمن بدن مفتح مقوی باہ، قشر قابض مفرح رادع

افعال مخصوصہ امراض سر، مغز تقویت دماغ حافظہ ومقوی باہ، قشر قابض مفرح رادع

افعال مخصوصہ، امراض سر، مغز تقویت دماغ حفظہ، رفع پیوست دماغ امراض مخصوصہ باہ وگرہ رفع یزال گروہ پیوست بیرونی معدہ قبض تقویت معدہ رفع فواق وقے گل، رحم قبض رفع سیلان رحم وکلہ رحم

مضر، پوست مصارع، مصلح شہد خالص

بدل، ہم وزن مغز بادام مغز حبتہ الخضر ا

مقدار خوراک: مغز ۲ گرام چھلکا ۱۵ گرام، مقوی سفوف ومعجونات میں استعمال ہوتا ہے۔

پیرافین

پیرافین لیکوڈ LIQUID PARAFFIN

پیرافین سیال PARAFFINUM LIQUIDUM

صفات وماہیت: مٹی کا صاف کیا ہوا بے رنگ بے بو پھیکا شفاف روغنی سیال ہے PARAFFINUM MOLLE

مزاج حار درطب، افعال ملین

مقدار، ۱\۴اونس سے ایک اونس تک

سفید ویزلین وائٹ سافٹ پیرافین (SOFT PARAFFIN VANE)

صفات: نیم شفاف بے بو غلیظ قوام سفید یا زرد رنگ

افعال: مانع تشقق جلد

پیپلامول

فارسی، فلفل مویہ، عربی، اصل الفلفل

لاطینی PIPER LNGUM

ماہیت: یہ ایک گرہ دار جڑ ہے جس کی شکل اساروں کے مشابہ ہوتی ہے رنگ خاکستری مغز سفید ریشہ دار ذائقہ تیز و تلخ ہوتا ہے

مزاج، گرم خشک

افعال، دافع بلغم کاسر ریاح مقوی معدہ

افعال مخصوصہ، معدہ وجگر تقوت معدہ ہضم طعام کاسر ریاح

مضر، بصارت اور منی کو کم کرتی ہے

مصلح، صنع عربی صندل سفید

بدل، بعض افعال میں دار فلفل

مقدار، ایک تا دو گرام

پتھر پھوڑی COLIUS ZERQMATICUS

بنگالی۔ پاتھر جور۔ عربی۔ کاسر الحجر۔

صفت وماہیت، ایک گھاس ہے جو پتھریلی زمین اور دیواروں پر اگتی ہے پیڑ چھوٹا سا پتے لوبیے کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں اس کے چبانے سے زبان کی لزوجت وشوریت محسوس ہوتی ہے پتھر پر ہونے کی وجہ سے پھوڑی کہلاتی ہے یہ پیڑوں کا گچھا ہوتا ہے ڈالیاں جڑ میں سے نکلتی ہیں جو پتلی سینک کے برابر اور بعض دفعہ اس سے زیادہ موٹی ہوتی ہیں ڈالی موٹی اور جڑ کا رنگ لاکھی ہوتا ہے جس میں بال سے بھی

زیادہ باریک تار آتے ہی ہیں جڑ زمین کے اندر آدھ بالشت تک گھنی پتلی اور گاؤدم ہوتی ہے پھول سفید ریشم کی طرح اجزا میں سے بیج پیدا ہوتے ہیں۔ سبز وخشک مستعمل ہے

مزاج، مرکب القوئی

افعال، مفت حصاۃ، مدر بول

بدل، بعض افعال میں حجر الیہود چینی

مصلح، کلتھی کا جوشاندہ

مضر، باہ کے لئے

مقدار، ۷ گرام سبز ۱۵ گرام۔

پرسیاؤشاں MAIDEN HAIRFERN

بنگالی، گوپائے لستا، فارسی، سنبل، پرسیاؤشاں، عربی، شعرالاض، سنسکرت، کاک، گاگ پری۔

انگریزی MAIDEN HAIRFERN

لاطینی ADIANTUM LANUTUM

صفت و ماہیت، یہ ایک بوٹی ہے جس کی ڈنڈی سیاہ ہے براق رنگ اور قدرے سخت ہوتی ہے، پتے سبز کے پتوں سے مشابہ لیکن قدرے چھوٹے شاخیں باریک ہوتی ہیں۔ پتے پر بہت سی شاخیں ہوتی ہیں پرسیاؤشاں میں پھول اور بیج نہیں آتے اور پتے حجم میں چھوٹے ہوتے ہیں۔

مقام پیدائش، موسم برسات میں خصوصاً اور بعض نمناک گلیوں پر دوسرے موسموں میں پائی جاتی ہیں اس کی پتیاں اور ڈنڈیاں مستعمل ہیں اس کی قوت بہت جلد زائل ہو جاتی ہے چھ ماہ بعد کمزور سال بعد بیکار ہو جاتی ہے

مزاج، گرم خشک

افعال، محلل ملطف، منفعث بلغم منقی رحم، مدر بول

مضر، طحال

مصلح، روغن بنفشہ

بدل، امراض ریہ میں ہم وزن بنفشہ اور نصف وزن ملٹھی

مقدار خوراک، سات گرام بعد میں اس کا جوشاندہ روغن شربت استعمال میں آتے ہیں۔

ORANGE PEEL پوست نارنج

فارسی، نارنگ، ہندی کرنا۔
ماہیت، ایک درخت کا پھل ہے جو بڑا اور خوش نظر اور تھوڑا سا خاردار ہوتا ہے لکڑی سخت اور سفیدی مائل بزوری پتے لیموں کے پتوں سے بڑے اور سنگترے سے چھوٹے اور خوشبودار پھول سفید تھوڑا اور بہت خوشبودار نیز مزہ اور تھوڑی سی تلخی لئے ہوتا ہے چھال زرد رنگ سرخی مائل سطح پر بیشار روغنی گھٹیاں اندرونی سطح سفید ذائقہ تلخ بوخوشبودار گرم مرطوب ملکوں میں پیدا پیدا ہوتا ہے۔
مزاج گرم خشک، پوست اور تلخ سرد خشک، افعال وخواص، دافع صفرا وحدت وخون، مفرح لقوی معدہ دافع قے وامتلاء پوست دافع امتلاء قے مخرج کرم
افعال، مقوی معدہ ہاضم کاسر ریاح دافع
مقدار ۳۰ سے ۳۰ بوند
شربت نارنج SYRUP ORANGE
مقدار خوراک، ۳۰ سے ۴۰ بوند
مرکبات، ٹنکچر آف اورنج TINCTURE OF ORANGE
ٹنکچر آف اورنیشائی TINCTURE OF AURANTII

PRICKLY CHIEF FLOWER پٹھکنڈا

بنگالی، ایانگ، ہندی، اونگا، خارودار گوز
انگریزی PRICKLY CHIEF FLOWER
لاطینی CLOTORIA TERNATED
مقام پیدائش، میدانوں اور جنگلوں میں عام ملتا ہے
صفت وماہیت، ایک فٹ تک لمبی گھاس ہے جس کی شاخیں پتلی اور چھوٹی چھوٹی اوندھی تھیلیاں ہوتی ہیں جو پھول کہلاتی ہیں، انہی میں بیج آتے ہیں جو چاول کے دانے سے مشابہ ونوکدار ہوتے ہیں
پھلوں پر کانٹے ہوتے ہیں جو کپڑوں سے لپٹ جاتے ہیں بیج اور پتوں کا رنگ سبز اور چھوٹے نوکدار سبزی مائل سفید ہوتے ہیں عموماً دو اقسام کا ہوتا ہے
کیمیاوی تجزیہ، چرچڑی کی راکھ پوٹاس کثیر مقدار میں پائی جاتی ہے

مزاج گرم خشک

افعال مدر بول مصفی خون منفث بلغم

افعال مخصوصہ معدہ تحلیل ریاح دافع بلغم جلد دافع تعفن ونافع چرب امراض ریہ دافع بلغم

مضر، دافع اشتہا

مصلح، مرچ سیاہ وشہد

بدل، نامعلوم

مقدار ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام۔

تلسی HOLY BASEL

عربی، بادروح ترہ، خراسانی، اردو، جنگلی تلسی، بنگالی رام یابن تلسی،

لاطینی OCIMUM SANTUM

انگریزی HOLY BASEL

مقام پیدائش، پاک وہند میں عام پیدا ہوتا ہے۔

حصص مستعملہ پتے اور بیج

صفات وشناخت، بن تلسی کے پتوں سے مشابہ مگر ان سے چھوٹے ہیں اس میں متفرق شاخیں نکلتی ہیں پودا عام تلسی سے چھوٹا اور زمین میں تھوڑا سا اونچا ہوتا ہے بو بیل کے پکے ہوئے پھل کی طرح مزہ لونگ جیسا ہوتا ہے بیج چھوٹے اور کسی قدر لمبے ایک انچ کے سولہواں حصہ کے برابر اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں ان کے ایک جانب محراب کا نشان ہوتا ہے دوسری جانب چپٹی ہوتی ہے مزہ چرپرا ہوتا ہے پانی میں بھگونے پر لعاب کی تہ جم جاتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس کے تمام اجزا کا عرق کھینچنے سے کچھ پیلا اڑنے والا اور پانی سے ہلکا جز نکلتا ہے جو پڑا رہنے سے جم جاتا ہے اس کی قلمیں بندھ جاتی ہیں

مزاج: گرم خشک

افعال، قابض منضج محلل، منقت حصاۃ مقوی باہ دافع حیات

افعال مخصوصہ، مفرح قلب مقوی معدہ

مضر، پتہ ومعدہ کیلئے

مصلح: سرکہ، حموضات

بدل، ہم وزن کلونجی یا مرزنجوش

مقدار، ڈیڑھ گرام

تخم خبازی COMMON MELLOW

عربی۔ خبازی، فارسی، نان کلاغ۔

صفات، گول چپٹا بیج میں بڑا پھیکا لعاب دار بھورے یا سیاسی مائل بیج ہے پتے گول اور پھوڑے سے کھردرے اور خطمی کے پتوں سے مشابہ مزہ پھیکا پھول خطمی کے پھول سے مشابہ بعض بڑے بعض چھوٹے۔

مزاج سرد تر

افعال مخصوصہ، تخم امراض درور بہ رفع سعال یابس تحلیل اورام مادہ ازلاق الضاج مواد

مضر، معدہ

مصلح، حموضات ربوب خواکہ

بدل، تخم خطمی

مقدار، ۷ گرام تک

تخم خرفہ PERSLANE SEED

عربی، بزر بقلۃ، فارسی تخم خرفہ، تخم تورک، بنگالی برلونیا،

لاطینی PORTALACA OLERECA SEED

ماہیت وصفات، پودا دو قسم کا ہوتا ہے بڑا جس کا پیٹر ہاتھ بھر سے کم ڈنڈی عموماً زمین پر بچھی انگلی کے باربر موٹی بلکہ اس بھی کم اتنی نازک ہوتی ہے کہ آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے مگر سرخی مائل رنگ پتے میں تھوڑی سی گولائی موٹا چیپ دار اندر رطوبت بھری ہوتی ہے مزہ پانی سا پھول سفید بیج چھوٹا سیاہ رنگ شیرہ سفید نکلتا۔

دوسری قسم چھوٹی زمین پر بچھی ہوتی ہے بیج اور پتے پہلی قسم سے چھوٹے ان میں نمکینی زیادہ ہوتی ہے اور ترشی کم یہ قسم خودرد ہے عمدہ قسم کے پتے بڑے ڈنڈی اور شاخوں کا رنگ سرخ ہوتا ہے، بیج تخم خشخاش کے برابر سیاہ رنگ ہوتے ہیں۔

افعال، مسکن مفرح

افعال مخصوصہ تخم امعاء رفع اسہال مراری تقویت امعاء، حبس دم م، آب حمی رفع حمی دق دیگر حمیات حارہ

مضر، سر معدہ، بصارت

مصلح تخم قند سفید آب مصطگی رومی

بدل، اکثر افعال میں اسپغول

مقدار خوارک ۳سے ۶ گرام۔

تربد TURETH

عربی، تربد، بنگالی تیوڑی۔

لاطینی TURPETHUM

صفت و ماہیت، ایک درخت کی جڑ ہے جس کا پھول آسمانی رنگ کا ہوتا ہے یہ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے خاکستری رنگ کے ٹکڑے ہیں جو ہلکے اور اندر سے سفید ہوتے ہیں ان کا چوبی حصہ علیحدہ کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے نلکی کی طرح کھوکھلے ہوجاتے ہیں مزہ پھیکا قدرے تلخ، دو قسم کا ہوتا ہے سیاہ و سفید سیاہ نہایت شدید قسم کی خراش پیدا کرتا ہے اس لئے اس کی بجائے سفید ہی استعمال کرتے ہیں۔

مزاج گرم خشک

کیمیاوی ترکیب: اس میں ایک قسم کا رال پایا جاتا ہے جس کو تربدین کہتے ہیں۔

افعال مخصوصہ، امراض مقصد اسہال اخراج اخلاط محرقہ و کرم مقعد اسہال اخراج بلغم

مضر: قلب امعاء بیقراری پیدا کرتا ہے۔

مصلح، روغن بادام شیریں۔ بدل، غاریقون یا کالا دانہ

مرکبات، تمام یونانی مرکبات جو تنقید دماغ کے لئے استعمال ہوتے ہیں ان میں تربد ایک خاص حیثیت رکھتا ہے

تباشیر BAMBOO SUGAR-BAMBOO MANNA

عربی، طباشیر، بنگالی، بنسلوجن

صفت و ماہیت، یہ سفید و شفاف ہلکی نیلگوں چھوٹی چھوٹی ناہموار بھر بھی پھیکی قدرے تلخ ڈلیاں ہیں جو ایک خضا قسم کے پرالے بانس سے حاصل کی جاتی ہیں یہ شروع میں ایک پتلی رطوبت ہوتی ہے جو بتدریج منجمد و بستہ ہو کر ڈلیوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے بہتر وہ ہے جو شفاف اور ذرا سی پتلی ہو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ بانس کے جلنے پر یا جنگل میں آگ لگ جاتے پر بانسوں کے جلنے پر طباشیر نکل آتی ہے۔

مقام پیدائش، رنگ پور سلہٹ مرشد آباد کے علاقے۔

کیمیاوی تجزیہ، ۷۰ فی صد سیل کیپ اور ۳۰ فی صد کیلشیم ہوتا ہے۔

مزاج، سرد خشک

افعال، مفرح، مقوی دل مسکن قاطع صفرا و قابض اسہال دموی و حار گرم دل جگر معدے کو طاقت دیتی ہے

افعال مخصوصہ، امراض لثہ ولسان قبض رفع شور دہن، صدر جس تحلیل تجفیف رطوبات، دفع سل، امعاء تسکین ثوران اخلاط تقویت امعاء قبض حمی کربی و دیگر حیات یومیہ

مضر، امزجہ رطبہ، مصلح، مرزنجوش

بدل، تخم خرفہ بریاں ہم وزن، نصف وزن سماق یا گل مختوم صندل سفید

مقدار خوراک، ایک سے تین گرام

تخم کثوث Cuscuta Reflexa Roxb

فارسی تخم برش

انگریزی SEED OF CORNOSA

صفت و ماہیت، یہ ایک مولی کے بیج سے چھوڑے اور اجوائن خراسانی سے مشابہ بیج ہیں جو تقریباً گول سرخ زردی مائل یا زرد سفیدی مائل ہیں مزہ تلخ بہتر تازہ زرد ہوتا ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال: مقوی و مفتح سدد و کبد دا امعاء محلل، کاسر ریاح

مضر، مثانہ، تلی پھیپھڑا امتلی پیدا کرتا ہے

بدل، تخم کاسنی جنگلی جر جیر افسنتین

مقدار خوراک، ۶ گرام تک

تال مکھانہ

Hygrophila auriculata(Sehum) Heine

بنگالی، کانستا، کولیکا، گلیا کھاڑ

انگریزی LONG LEAVED BALARIA

لاطینی HYGROPHILLA ASTTERCANTHIA

صفت وماہیت، ایک پودے کے بیج ہیں جو تھوڑے سے چوڑے لابنے چھوٹے خاکستری رنگ تودری کی مانند لعابدار چکنے ہوتے ہیں اس کا پودا ایک گز لمبا شاخیں جڑ سے جمی ہوتی ہیں کاسنی کے پتوں کی طرح اور رونگٹے دار پھول چھوٹا اور کاسنی کے پھول سے بڑا ہوتا ہے اس کرہوں میں پھل کی طرح کانٹے ہوتے ہیں

مزاج، سرد وتر

افعال مخصوصہ، مردان تسکین بدن تغلیظ منی امساک

مضر، نفاح ودیر ہضم

مصلح، شہد خالص شیر گاؤ قند سفید

بدل، ثعلب ستاور تودری

تنبول Piper Betle Linn

فارسی تنبول، اردو، پان

انگریزی BETEL

لاطینی BETEL ROOT

بیج پان BETEL

صفت وماہیت، نوک دار چپٹے چورے پتے جن کی بالائی سطح صاف ہوتی ہے ذائقہ خوشبودار تلخ دواً زیادہ تر جڑ استعمال ہوتی ہے جس کا بیرونی رنگ سرخ اندرونی مائل سفیدی ساخت تقریباً ریشہ دار وگرہ دار بوتیز مرغوب ذائقہ تلخ

افعال، مدرلعاب دہن کاسر ریاح دافع تعفن مسکن محلل اورام دافع بخار وسل مقوی اعصاب دافع تشنج

افعال مخصوصہ، برگ تنبول گوش، رفع سیلان رطوبات تحلیل ریاح وورم اندرمال قروح، مال قروح، صدر وربہ، رفع رطوبات اورارخزبہ تسکین درد تحلیل وتلین ورم خارجاً

مضر، امرجہ حارہ

مصلح، خولنجان

مقدار، پتہ ایک سے تین جڑ ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام۔

تمن امریکی

Vigna Ungviculata (لوبیا)

صفات، اس پودے کا تنا کھوکھلا اور پھل دار ہوتا ہے شاخیں بڑی اور یہ بھی کھوکھلی ہوتی ہیں رنگت زعفرانی پتے رونگٹے اور دندانہ دار جن پر رواں ہوتا ہے پھل اندر سے دوحصوں میں منقسم بیج بھورے رنگ کے چھوٹے چھوٹے بونا گوار تیز ذائقہ خراش کن

مزاج گرم تر

افعال، دافع تشنج معرق، مدر بول، مصعف قلب

مضر، دل کے لئے

مصلح، ٹنکچر سڑ ایمونیم۔

بدل، نامعلوم

مقدار خوراک، ا سے ۳ گرین TINCTURE OF LOBELIA ETHEREAL

مقدار، ۵ سے ۱۵ بوند

افعال دافع تشنج معرق مدر بول

Plantago major Lin تخم بارتنگ

عربی، بزرلسان الحمل، فارسی، تخم بارتنگ

انگریزی SEED OF PMAJOR

صفت وماہیت، بکری کی زبان کی طرح پتے بڑے بڑے سبز رنگ کے لمبے اور تھوڑے سے چوڑے ہوتے ہیں تنا گز بھر کے قریب لمبا اور سرخ رنگ ہوتا ہے اس میں پتلی پتلی شاخیں لگتی ہیں جن کے سرے پر ویبز رنگ کے پھول لگتے ہیں بیج گول سیاہ رنگ کے چھوٹے چھوٹے لعابدار ہوتے ہیں اس کی جڑ کمزور موٹائی انگلی برابر اور پر رونگٹے ہوتے ہیں دوسری قسم کے پتے پتلی قسم سے چھوٹے اور بیج نسبتاً بڑے ہوتے ہیں تیسری قسم کے پتے کی طرح مگر چھوٹے اور کھردرے ہوتے ہیں رنگ سیاہی مائل اس پر گاؤزبان کی طرح سفید نقطے ہوتے ہیں قسم اول قوی و بہتر ہے، دوا بیج مستعمل ہیں۔

مزاج سرد وخشک

افعال وخواص، قابض مسکن مغلظ تشنج سدد

افعال مخصوصہ، امراض معدہ جگر و امعاء تخم معدہ جگر تقویت کبد حبس خون امعاء دافع مفتح حبس خون آب برگ سبز مردق تقویت و تبرید معدہ وجگر قبض

مضر، ریہ طحال

مصلح، شہد خالص

بدل، تخم حماض

مقدار، تین یا پانچ گرام

تخم کتان

Linum Humile Mill / Linum usitatissimum Linn

عربی، بزر کتان، فارسی، بزرگ، بنگالی، بزر کتان

انگریزی LINSEED- COMMON FLAX SEED

لاطینی LINASEMINA - LINUM

صفت و ماہیت، یہ ایک نبات ہے جو گز بھر کے قریب لمبی، پتلے پھول دار لاجوروی گچھے، اخروٹ برابر باور بیج سے بھرے ہوئے اور بیج اس کا چھوٹا تھوڑا سا چوڑا لمبا اور اس کے پوست سے روئی کی طرح کپڑے بنتے ہیں

مزاج، گرم خشک

افعال وخواص، مدر بول حیض منفعث بلغم منضج محلل

افعال مخصوصہ، تخم چشم رفع رمد حار درد چشم گوش تسکین درد تحلیل جلد خارجا صدور یہ تلین تحلیل روغن اول میں گرم وتر اوجاع اعضا تحلیل اورام تلین اعصاب رفع نفث الدم وسعال یابس تغریہ

مضر، مغعف بصر، مصلح، حلبہ بعض افعال ہیں

مقدار خوراک، ۷گرام تا ۱۵گرام

تخم کدو

Lagenaria Siceraria (Molina) standely

صفت و ماہیت، یہ ایک مشہور نبات ہے جس کے پتے بڑے پودا اسکا بیلدار پھول زرد مائل سرخی ہوتا ہے بیج لانبے چپٹے قدرے بیضوی

کدو دراز کے تخم ہیں

مقام پیدائش عام ملتا ہے

افعال: مسکن حرارت، مدر بول، منوم، مقوی دماغ مسمن بدن

افعال مخصوصہ، مثانہ و احلیل اور ارفع ادرار رفع سوزش بول و کثرت احتلام تبرید اعضائے تناسل، ادرار تراشہ حمی حیات، حارہ تسکین عطش آب رفع حمیات حارہ دق، مربہ تقویت دماغ تسکین درد و تزئید جوہر دماغ

مضر، ثقیل نفاح مورث قولنج

مصلح، گوشت

بدل، لوکی

مقدار خوراک، ۳ سے ۶ گرام

تخم کاہو Lactuca Serrjola Linn

عربی بزر الحسن فارسی تخم کاہو

انگریزی SEED OF LACCUA SATIVA

صفت و ماہیت، یہ جنگلی اور بستانی دو قسم کا پودا ہے جس کا درخت ایک گز تک بلند ہوتا ہے بیج چھوٹے چھوٹے کچھ لمبے سفید چمکدار پھیکے رنگ کے ہوتے ہیں

مزاج سرد و خشک

افعال مسکن راوع مبرد منوم

افعال مخصوصہ، تخم سر رفع صداع تحذید تنویم داخلاً مقشر خارجاً غیر مقشر حمی نزلیہ روغن سر تنویم ترطیب بتبرید تسکین درد کا جل چشم تسکین سوزش

مضر باہ مورث نسیان

مصلح مصطگی شہد خالص

بدل بعض افعال میں خرفہ

مقدار ۳ گرام

توتیا COPPERSULPHATE

عربی۔ توتیائے اخضر۔ فارسی توتیا۔ اردو۔ نیلا توتہ۔ سندھی توتیو سامتھ

انگریزی۔کاپر سلفیٹ COPPER SULPHATE

لاطینی، کاپر سلفیٹ CUPRI SULPHATE

صفات، گہرے پیلے رنگ کی ڈلیاں وزنی اور بے بو ہوتی ہیں ذائقہ کسیلا اور تیز ایک حصہ پانی میں قابل حل

افعال، قابض مخفیف مصفی خون قاتل جراثیم زہر قاتل دافع

افعال مخصوصہ، امراض لثہ ولسان (بریاں) لثہ دفع لثہ دامیہ سنونا حشم رفع لحم زائد جلد بصرا کتمالاً

مضر، زہر ہے

مصلح، شیر گاؤ روغنیات

مقدار خوراک، ۲۵۰ ملی گرام تک خارجاً یا آنکھ میں مستعمل ہے خوردنی طور پر نہیں دیا جاتا

تربوز Citrullus Vulgaris

عربی، بزار البطیخ ہندی، فارسی، ہندوانہ

ماہیت، مشہور پھل ہے اس کی بیل پھیلی ہوئی اور پتے چوڑے ہوتے ہیں ریتلے حصوں میں بویا جاتا ہے چھلکا کسی کا ہرا کسی کا سبز مائل کسی کا سفید و چکنا گودا اکثر سرخ یا کچھ سفیدی ہے پیلا یا سفید ہوتا ہے سرخ پختہ اور عمدہ اور شیریں ہوتا ہے بیج سفید سرخ سیاہ ہوتے ہیں۔

مزاج بارد رطب، دوا میں مغز مستعمل ہے

کیمیاوی تجزیہ، اس کے بیجوں کے مغز میں سے پیلے رنگ کا تیل نکلتا ہے

خواص وافعال: مسکن صفرا دوم، مدر بول، ملین طبع مبرد

اعفال مخصوصہ، مغز (تخم) سرتر طیب تقویت و بتر بد دماغ تسکین درد اراز بول حمی ارفع حمی محرقہ غب خالص دق آب حمی رفع حمیات حارہ ودق

مضر: طحال معدہ باہ

مصلح، گلقند، آفتابی شہد خالص شہد خالص شکر، نمک

مقدار تخم پانچ گرام

تخم خیارین Cucmis Sativus Linn

عربی، بزر قثاء، فارسی تخم بارنگ

صفت و ماھیت، بیل دار درخت کے بیج ہیں جس کے پتے لکڑی کے سے بڑے بڑے پھول زرد رنگ و بالشت بھر تک لانبا یا اس سے زیادہ ہوتا ہے بیج پتلے پتلے لمبے قدرے چکنے ہوتے ہیں۔

مزاج، سرد و تر

افعال، مسکن مبرد دافع صفراء حرارت

افعال مخصوصہ، امراض معدہ، جگر تحلیل تفتیح ادرادگردہ، مثانہ رفع سوزاک وحرقہ بول، حمیٰ رفع حمیٰ ودق حمیات حارہ حمیٰ بلغمی

مضر: مزجہ باردہ

مصلح، بادیان

بدل، بعض افعال میں ککڑی کے بیج

مقدار، ۲ سے ۵ گرام

تخم ریحان

Phyllanthus Maderaspatensis Linn

عربی، شاہسفرم بزرالریحان

فارسی، تخم ریحان، بنگالی، توک ماری

انگریزی SEED OFOCIMUM BASILICUM

ماہیت، چھوٹے چھوٹے بھورے سیاہی مائل لعابدار رطوبت والے ریحان کے بیج ہیں جو تلسی کی قسم سے ہیں اس کے درخت میں سے تلسی کی خوشبو آتی ہے۔

مقام پیدائش، ایران

مزاج، سرد خشک

افعال، مسکن قابض ممسک مغلظ مبضر ح

افعال مخصوصہ، امراض قلب رفع تقشر قلب تفریح تقویت

مضر، معدہ

مصلح، نبات سفید گردے کے لئے مرزنجوش دماغ کے لئے گلاب

بدل، تخم کنوجہ

مقدار، ۷ گرام، تخم ریشہ ۴ گرام

تج

CINNANAMOM BARK- CASSIA LIGNE

فارسی، قرفہ، عربی، سلیخہ

انگریزی CINNANAMOM BARK- CASSIA LIGNE

لاطینی CINNAMOMI CORTEX

صفت ماہیت، یہ ایک درخت کی چھال ہے جس کا خوشبودار چینی ولونگ سے مشابہ ہے اسکا درخت دارچینی سے بڑا ہوتا ہے چھال پتلی لمبی دارچینی سے زیادہ موٹی کئی اقسام پر مشتمل ہے بعض رنگت میں دارچینی جیسی بعض اس سے زیادہ میلی اور بعض کے رنگ میں زردی و سفیدی کی جھلک پائی جاتی ہے چھال بھی بعض سخت ہوتی ہے بعض نرم جلد ٹوٹ جاتی ہے بہتر قسم تیرہ رنگ موٹی اور خوشبودار تیز مزہ اور چکنی ہے جو زبان کو کاٹے اس میں لونگ کی سی خوشبو آئے اور حدت ہو مستعمل چھال۔

مقام پیدائش، سری لنکا۔

طبیعت، گرم خشک

خواص وافعال، کاسر ریاح محلل اورام مقوی اعضائے رئیسہ، مخرج اخلاط غلیظہ مدر حیض و بول منفث بلغم

افعال مخصوصہ، امراض معدہ وجگر تقویت معدہ وجگر تحلیل اورام واحشاء ریہ

مضر، گردہ آنتوں کے لئے، مصلح، کیترا دارچینی یا نصف وزن لونگ

مقدار، تین سے ۷ گرام

FRAXINUS ORNUS ترنجبین

عربی عسل الحاج، فارسی، ترنگبین

انگریزی FRAXINUS ORNUS

لاطینی MANNA

یہ ایک منجمد طوبت ہے۔ جو ایک درخت کے کانٹوں پر مصری کے ریزے کے موافق جم جاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی عموماً بے ڈھنگی سفید بھوری اور سرخی مائل شیریں ڈلیاں سی ہوتی ہیں۔ پھول اور کانٹے اس میں پائے جاتے ہیں، بہتر ترنجبین اس میں سرخی کی جھلک موجود ہوتی ہے۔ پھول اور کانٹے بھی شامل ہوتے ہیں۔ دانے گول کسی قدر مستطیل اور ہلکے شیریں ہوتے ہیں۔ ذائقہ شیریں مگر اس میں بدمزہ پن اور بساندھ ہوتی ہے۔ پانی میں دھونے پر تھوڑی سی دہنیت ظاہر ہوتی ہے۔

پیدائش، خراسان میدان وغیرہ

مزاج، گرم تر

افعال، جالی ملین، مسہل، مقوی باہ

افعال مخصوصہ، امراض مخصوصہ مزداں، امراض مخصوصہ تغلیظ منی

مضر، بطی الدنحدار

مصلح، عناب ولایتی، تمر ہندی

بدل، شیر خشت یا شکر سرخ نصف وزن املتاس

مقدار، ۲۵ گرام سے ۵۰ گرام۔ معجون اور مسہلات میں مستعمل ہے۔

تودری Cheiranthus Cheiri Linn

بنگالی، خیری، فارسی نودری عربی، تودری بزرالخم

انگریزی WALL FLOWER- CHEIRANTHUS

صفت و ماہیت، چھوٹے چھوٹے مسور کے برابر چپٹے اور چوڑے بیج ہیں اس کے پودے میں تنا نہیں ہوتا، پتے لمبے لمبے اور جنگلی جرجیر کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں اور اس میں پتلی پتلی سرخ اور سخت ڈالیوں میں چھوٹے چھوٹے سخت کانٹے ہوتے ہیں پھل شاخوں کے سرے پر لگتے ہیں اور اس میں پتلی سرخ اور سخت ڈالیوں میں چھوٹے چھوٹے سخت کانٹے ہوتے ہیں پھل شاخوں کے سرے پر لگتے ہیں اور اس میں پتلی پتلی پھلیاں آتی ہیں جو میتھی کے پھل کی طرح ہوتی ہیں انہی میں سے بیج نکلتے ہیں ذائقہ قدرے تلخ تین اقسام ہوتی ہیں سرخ سفید زرد رنگ بہترین ہے سفید سرخ اور زرد سے بڑی ہوتی ہے۔

پیدائش، ہندو پاک

مزاج، گرم تر

افعال، مغلظ مولد منی، مقوی باہ مسمن بدن

افعال مخصوصہ، امراض شد مین زرد امراض مخصوصہ تولید منی انفاظ شد مین تولید شیر سرخ امراض مخصوصہ انعاظ تقویت باہ تزید منی سفید امراض مخصوصہ تولید منی تسخین اعضاء تناسل

مضر، اندرونی اعضاء شکم

مصلح، زرشک،

بدل، بہمن سرخ وسفید

مقدار، سات گرام

تیزپات BAYLEAF- FOLIA MALABATHI

عربی، سازج ہندی، بنگالی، تیج پتر، پتجیانا

انگریزی BAYLEAF- FOLIA MALABATHI

لاطینی CINAMOM TAMALA

صفت وماہیت، یہ ایک درخت کے بیج ہیں یہ پتے ڈیڑھ گرہ سے چار گرہ تک لمبے ہوتے ہیں مزہ تیز اور خوشبودار ہوتا ہے اس کی چھال بھورے یا پیلے رنگ کی ہوتی ہے اس میں بہت سے داغ ہوتے ہیں پھل آدھ انچ لمبا پکنے پر کالا ہو جاتا ہے کیمیاوی تجربہ، اس میں ایک خاص قسم کا جوہراور رنگ نکلتا ہے۔

مزاج، گرم خشک

افعال، مقوی معدہ، قلب محلل ریاح مدر بول وحیض مفرح

افعال مخصوصہ، معدہ تقویت وکاسر ریاح قلب تقویت تفریح، مضر، جگر، مثانہ، پھیپھڑا

مصلح، جگر کے لئے صندلی مثانے کے لئے بھی پھیپھڑے کیلئے مصطگی، بدل، بالچھڑ تج

مقدار خوراک، تین سے پانچ گرام معجونات میں ۲ گرام مختلف قرابادینی مرکبات وسفوفات میں استعمال ہوتا ہے۔

تخم بنولہ Gossypium

عربی، حب القطن، بنگالی، کپاس، بیجی

انگریزی COTTON SEED

صفت وماہیت، کپاس کے بیج ہیں جو چنے برابر نیلگوں بھورے رنگ کے ہوتے ہیں بیج کے اندر سفید مغز اور ذائقہ قدرے تلخ ہوتا ہے دوا میں مغز مستعمل ہے

مزاج، گرم وتر

افعال، منفث۔ بلغم مقوی باہ مولد منی، مولد لبن

افعال مخصوصہ، سر رفع کابوس ووسواس تقویت دماغ وحافظ

مضر، امعاء

مصلح، شیر گاؤ گلاب خالص

بدل، تخم کیکر یا تخم ترلحم

مقدار، ۲ سے ۷ گرام

تخم پلاس BUTEA SEED

تخم پلاس۔ تخم ڈھاک۔ عربی۔ پلاس پاپڑہ۔

انگریزی BUTEA SEED

لاطینی BUTEAE SEMINA

مقام پیدائش، بھارت۔

صفات، یہ ڈھاک کے درخت کا بیج ہے جو گول چوڑا پیسے کے برابر پتلے حجم کا اور وزن میں ہلکا ہوتا ہے پوست، زرد گودا سفید نائل بدزروی قدرے لعابدار ہوتا ہے خشک ہونے پر لعاب جاتا رہتا ہے۔ اس کا روغن نکالا جاتا ہے جو پارہ کو قائم النار کرتا اور بطور طلاء مایوسین کو دیا جاتا ہے بیج اوپر سے جھریدار کچلے کی طرح ناف ہوتی ہے بوخفیف ذائقہ چرپرہ پلاس پاپڑا تیل مستعمل ہے۔

افعال، قاتل دیدان حیات

افعال مخصوصہ، قاتل دیدان رفع بواسیر، بیجوں کو پانی میں بھگو کر مقشر کرتے ہیں اور گریوں (مغز) کو بطور سفوف استعمال کرتے ہیں۔

مضر، پھیپھڑا کو اور مکرب ہے

مصلح، گائے کا مکھن یا گھی گل گاؤزبان

بدل، نا معلوم ہے

مقدار خوراک، ایک گرام سے چار گرام برائے قتل دیدان

ثعلب

Orchis Mascula Linn / Orchis Latifola Linn

بنگالی، سالم مچھری، فارسی، خانہ روباہ، عربی، خصیۃ الثعلب

انگریزی SALEP

مقام پیدائش، بھارت، شمالی ایشیاء یورپ

صفات و ماہیت، ایک جڑ ہے رنگ سفید اوپر سے شفاف سورنجان قدرے چھوٹی مزہ شیریں اور تھوڑا سا تیز چبانے سے لیس دار رطوبت دار نکلتی ہے توڑنے سے مشکل سے ٹوٹتی۔ مٹی کی سی بو آتی ہے چار اقسام پر مستعمل ہے بہتر وہ ہے جو بڑی موٹی اور شیریں ہو۔

مزاج گرم تر

افعال، مولد و مغلظ منی و مقوی باہ

افعال مخصوصہ، مردان مسمن بدن انعاظ تقویت و تولید منی

مضر، فم معدہ محرور یں

مصلح، آب کاسنی شکر سفید

بدل، بوزیدان ہم وزن

مقدار خوراک، تین سے پانچ ماشے

جوزالطیب NUTMEG

فارسی، جوزا،

لاطینی MYRISTICA

مقام پیدائش، جزائر، سماٹرا، ہندوستان

صفات و ماہیت: اس کا درخت چالیس پچاس فٹ اونچا ہوتا ہے اخروٹ کے پتوں کی طرح، مگر کچھ ان سے چھوٹے اور پتلے پھل گول یا بیضوی بشکل آڑ دو پکنے کے بعد پھٹ جاتا ہے پھل کے اندر گہرے نارنجی جالدار شے ہوتی ہے جس کو ہندی میں جاوتری کہتے ہیں بیج میں سیاہ رنگ کا چمک دار بیج ہوتا ہے جس کے اندر کی گری کو جائے پھل کہتے ہیں۔ جائفل کو توڑنے پر اس کے اندر رگوں کا جال ہوتا ہے بو تیز

ذائقہ تلخی مائل۔

افعال قابض، ہاضم مفرح، مقوی باہ و معدہ مخدر مسخن معرق

افعال مخصوصہ امراض معدہ و جگر، تقویت معدہ جگر بری ہضم طعام رفع یرقان استسقاء لحمی، تحلیل مواد

مزاج امزجہ حارہ ریہ

مصلح گل بنفشہ کشنیز خشک

بدل جاوتری ڈیوڑھا، بالچھڑ برائے تحلیل ورم

مقدار خوراک ۵۰۰ ملی گرام سے ۶۲۵ ملی گرام۔

مرکبات، روح جوازالطیب SPIRIT OF NUTMEG
انفعال دافع تشنج مفرح، ہاضم کاسر ریاح
مقدار ۵ سے ۲۰ بوند۔

روغن جوزبویہ OIL OF NUTMEG

مقدار ایک سے ۳ بوند
انفعال دافع تشنج، دافع پیچش، دافع عفونت کاسر ریاح، مقعوی معدہ

JALAP POWDER COMPOUND جلاپا

فارسی، جلاپا۔
انگریزی، JALAP POWDER COMPOUND
لاطینی: جلپ
صفات، یہ ایک جڑ ہے جو لمبی گرہ دار کسی قدر بیضوی شلغم کی مانند ہے جو ڈیڑھ دو انچ تک موٹی سیاہی مائل ہوتی ہے۔ جس پر جھریاں اور نقاط بھی ہوتے ہیں اندر سے رنگت میلی زرد یا بھورا پن لئے ہوئے ہوتی ہے، ذائقہ شیریں، جی متلانے والی بو ہلکی
مقام پیدائش: میکسیکو، امریکہ
کیمیاوی تجزیہ، اس میں سے دس فیصد رال نکلتا ہے دس حصہ ایتھر میں حل ہو جاتا ہے
مزاج گرم خشک
خواص وافعال: مسہل، مخرج صفراء بلغم ودودیداں
افعال مخصوصہ، اسہال بلغم دفع امراض مفاصل
مضر، گرم مزاجوں کو مصدع
مصلح، عرق بادیان گلقند
بدل، بیچوفان
مقدار خوراک، ایک سے تین گرام ۱۵ سے ۶۰ گرین
مرکبات، جلپ پاوڈر کمپاؤنڈ JALP POWDER COMPOUND OF JALAP

TINCTURE COMPOUND ٹنکچر آف جلپ

مقدار خوراک: ۳ ملی لیٹر، تیس سے ساٹھ بوند

جدوار Delphinillum Denudatum Wall

عربی۔ جدوار۔ فارسی ماہ پردین۔ بنگالی۔ نربشی گھاس۔ پنجابی نربس دی گھنڈی۔

انگریزی CARCUMA ZEDOARIA

لاطینی۔ DELEPHINUM DENUDATUM

صفت و ماہیت: ایک صنوبری یا مخروطی عقربی گرہ دار جڑ ہے جو انگلی کے طول سے چھوٹی وزن میں بھاری کسی قدر سخت کڑوی اوپر سے سیاہ اندر سے نیلی بہتر وہ ہے جو پانی میں گھولیں تو پانی کا رنگ نیلا ہو جائے یا مزہ میں تلخی آ جائے اگر ایسی نہ ہو تو کمزور اور خراب اور بناوٹی ہوگی ۔

یہ متعدد قسم کی ہوتی ہے غیر اصل کھردری ناہموار اور شکن دار ہوتی ہے۔ اصل چکنی اور صاف ہوتی ہے

مقام پیدائش: تربت خراسان، ہندوپاک

افعال مخصوصہ: امراض صدر دریہ تحلیل۔

مضر: گرم مزاجوں حار مزاجوں میں درد سر اور آنتوں میں زخم پیدا کرتی ہے

مصلح: سکنجبین سادہ۔ کیترا

بدل: ہم وزن تریاق

جوز ماثل

فارسی۔ گوز ماثل، سیب آفت

انگریزی۔ STRAMONIUM LEAVES

لاطینی۔ STRAMONII FOLIA

صفات و شناخت: اس کے پودے کی لمبائی ۳ رہ سے ۵ رہ فٹ تک ہوتی ہے اور یہ بالعموم جھاڑ کی طرح پھیلا ہوتا ہے بعض اوقات اوپر کی طرف سیدھا بھی چلا جاتا ہے۔ شاخوں کے مقام اتصال پر ایک پھول اور پتا ہوتا ہے پھول تقریباً ۵ اانچ ہوتا ہے۔ شکل موخون کے ہارن کی طرح مشابہ ہوتی ہے پھول کا رنگ سفید ہوتا ہے پھول کے خشک ہونے پر پھل آتے ہیں جو جسامت میں اخروٹ کے برابر اور اس پر بیشمار کانٹے ہوتے ہیں پھول کے پکنے پر بیج برآمد ہوتے ہیں یہ نسواری اور گہرے بادامی رنگ کے ہوتے ہیں اور سرخ مرچ کے بیجوں

سے ملتے جلتے ہیں کچلنے پر نا گوار قسم کی بو آتی ہے۔

ذائقہ نمکین و تلخ سفید و سیاہ دو قسم

مقام پیدائش: ہندوستان، پاکستان، افغانستان: ایران

کیمیاوی تجزیہ: اس میں دو الکلائیڈ ہوتے ہیں جو ہائیوسائمن اور ٹرومین کہلاتے ہیں ان کو ڈرانیورین یا ناتورین بھی کہتے ہیں اس کے علاوہ کسی قدر گوندر طوبت بیضہ اور سترہ فیصدی خشمی مواد ہوتا ہے اس میں سے پچیس فیصدی شورہ قلمی نکلتا ہے

مزاج، حار

افعال و خواص: دافع تشنج مسکر دافع بخار محلل۔

افعال مخصوصہ: اوا جاع ظاہرہ برگ و تخم ردع تسکین او جاع تخفیف رطوبات تقویت اعضاء مسترخیہ خارجاً امراض مخصوصہ امساک منی

مصلح: روغن زرد

مضر: مورث جنون و فساد و مکر

بدل: بیج نفاح دوگنی یا افیون ہموزن۔

مقدار: تخم ا گرین۔ سے ۳ گرین۔ بوقت ضرورت تشنج دمہ میں دیتے ہیں۔ بوقت ضرورت اس کا شربت بھی بطور دافع تشنج دیتے ہیں

جند بیدستر Castorium Rodencia

بنگالی۔ آشن سنگ آبی۔ عربی۔ جند بیدستر۔

انگریزی CASTORIUM

صفت و ماہیت: ایک دریائی جانور اور دبلاؤ کی خصیوں کی منجمد رطوبت ہے جو سرخ و زرد رنگ کی ہوتی ہے تازہ حالت میں نرم بدبودار اور زرد اور سوکھ جانے پر سخت سیاہی مائل اور خوشبودار ہوتا ہے شکل مخروطی لمبائی میں ڈیڑھ سے دو انچ تک ہوتا ہے۔

ذائقہ پھیکا۔ ایتھر اور شراب معطر میں بڑا حصہ حل ہوتا ہے

بہترین سرخ مائل بسیاہی تیز بو ہے۔ خالص کی شناخت یہ ہے جو قومی ہو چرب ہو، بے مزہ نہ بہت ہلکا نہ بھاری رنگت سیاہ ہو۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مقوی اعصاب دافع مسموم

افعال مخصوصہ: امراض قل تحلیل تلطیف تقویت حرارت عریزیہ امراض مخصوصہ تسخین تقویت ماہ۔

مضر: رطحال حار مزاج، مصلح: شربت بنفشہ۔

بدل: وج، مشک، فرفون

مقدار خوراک: ایک گرام تک ستعمال کرتے ہیں۔ مقوی معجونات میں مستعمل ہے

جاؤشیر GAL BANUM

فارسی۔ گاؤشیر، گوشیر، عربی، جاؤشیر،

لاطینی GAL BANUM

صفت و ماہیت: تلخ و بدبودار ایک درخت گوند ہے جو اوپر سے سرخ اندر سے سفید ہوتا ہے پانی میں گھولنے پر سفید اور چکنا گائے کے دودھ کی طرح ہوتا ہے اس لئے گاؤشیر کہلاتا ہے اس کو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جڑ کو چیرا دے کر اس کے نیچے پتے بچھا دیتے ہیں۔ رطوبت ٹپک ٹپک کو گوند پتوں پر جمع ہو جاتا ہے۔ جب خشک ہو تو اٹھا لیتے ہیں اس کے دانے مٹر کی مانند ہوتے ہیں بہتر جاؤشیر تازہ اور اوپر سے رنگ سفید اور اندر سے زرد ہوتا ہے اور پانی میں سفید ہو جائے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مفتح مخرج بلغم کاسر ریاح محلل مجفف

افعال مخصوصہ: امراض معدہ جگر تحلیل ورم تفتیح

مضر: انثیین اعصاب

مصلح: شہد خالص

بدل: انجیر کا دودھ زیتون دوگنا۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک۔

چاکسو CASSIA ABSUS SEED

بنگالی: بن کلتھی۔ فارسی، چخام۔ عربی، چشمیز ج تشمیز جندا سودا

لاطینی: Cassia absus Linn / CHACUS INDICA

صفت و ماہیت: مسور یا بہدانہ کے برابر مثلث شکل کے سیاہ رنگ چکنے براق چپٹے ایک درخت کے بیج ہیں ان کا پیٹر سخت زمین میں اگتا ہے اور گز بھر تک لمبا ہوتا ہے پتے زیتون کے پتوں کی طرح مگر ذرا لمبے چوڑے اور ملائم ہوتے ہیں۔ شاخیں پتلی کھڑی ان کے سروں پر بیج آتے ہیں چاکسو کہلاتے ہیں عمدہ سیاہ چمک دار ہے۔

پیدائش، سوڈان، حجاز ممالک عربیہ۔

مزاج: گرم خشک

افعال، مجفف مقوی چشم حابس الدم ومصفی۔

افعال مخصوصہ: امرض چشم رفع ومعہ رعشاوہ چشم جلد تحلیل۔

مضر، تدبیر عرق گلاب۔

بدل: بعض افعال میں توتیا۔

مقدار خوااک: تین گرام

چھڑیلہ Parmelia Perlata Ach

بنگالی، شیلیج۔ فارسی، دوالی یا دوالہ عربی، اشنہ،

انگریزی LICHEN

لاطینی: PARMELIA PERFORATE

صفت وماہیت: یہ ایک پھول کی شکل ہے جو باریک لطیف اور ایسے جیسے ڈورے کو الجھا دیا جائے، ایسی ہوتی ہے، بلوط صنوبر اور اخروٹ کے درختوں پر پائی جاتی ہے، اس کے جڑ بیج اور پھول نہیں ہوتے، ذائقہ کسی قدر پھیکا کڑوا اور بکا ہوتا ہے۔ اس میں خوشبو آتی ہے، پتے درمنہ کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں رنگ اجلا اور اس پر غبار ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: جدہ، یمن، عراق،

مزاج: گرم خشک، افعال، کاسر ریاح صفرح، مقوی قلب محلل مقوی اعصاب

افعال مخصوصہ: قلب مقوی ودافع خفقان معدہ ومقوی وکاسر ریاح ودافع متلی وقے

مضر: امعاء، مصلح: انیسون بقدر ضرورت، بدل: سنبل قرومانا

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ گرام

چوب چینی CHINA ROOT

بنگالی۔ توپ چینی۔ مشک چیتا۔ فارسی، بیج چینی

لاطینی: Smilax Chinensis Linn / JSMILAX CHINA

مقام پیدائش: جاپان چین

صفت وماہیت: یہ ایک پہاڑی درخت کی جڑ ہے اس کا پیڑ زمین پر بچھا ہوتا ہے۔ ڈالیاں پتلی طول تین چار گز ہر ڈالی سخت ٹھوس، بانس کی

ٹوٹی پھوٹی شاخوں کی طرح اور پتے پتلے لمبے کس قدر تیز پات کے پتوں سے ملتے ہیں کسی شاخ پر تین چار پتوں سے زیادہ نہیں لگتے، جڑ کا رنگ سرخ گلابی اور بعض کا سفید بھی ہوتا ہے بعض سیاہی مائل ٹکڑے بڑے بڑے اور لمبے طول میں بالشت برابر یا اس سے کم یا زیادہ ہوتے ہیں چکنی یا سرخ رنگ، شیریں ذائقہ بہتر سمجھی جاتی ہے

مزاج، مرکب القویٰ بعض کے نزدیک گرم تر۔

افعال: مصفیٰ خون، مقوی اعضاء رئیسہ و باہ مدر بول۔

افعال مخصوصہ: امراض سر جلد سر تقویت اعضائے رئیسہ وارواح

مضر: گرم مزاج، مصلح: انار شیریں۔ بدل: بعض کے نزدیک کا کنج

مقدار خوراک: ۵ سے ۹ گرام

حسن یوسف Cannabis Sativa Linn

عربی۔ حاشیش

صفت و ماہیت: موم کی مانند پانی میں جم جاتی ہے۔ رنگ سفیدی مائل مزا بھدا اور شیریں مائل تیز ایک دانہ ہے جو خشخاش کے دانے سے چھوٹا ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال: دافع کلف حسن افزا

افعال مخصوصہ: تصفیہ وتحمیر لون خارجاً

مضر: مقئی

مصلح: شیر گاہ۔ روغن بادم، ایک ورم قاتل ہے

بدل: پوست ترنج۔

حب الملوک CORTON SEEDS

حب السلاطین۔ فارسی، دتہ، ہندی، جے پال، اردو جمال گوٹہ

انگریزی: CORTON SEEDS

لاطینی: CROTONIS SEMON

صفات: یہ ایک درخت کا بیج ہے جو پندرہ بیس فٹ اونچا ہوتا ہے۔ پتے بیگن کی کے پتوں کی طرح مگر اس سے پتلے ہوتے ہیں

پھول زرد سفید مائل جمال گوٹہ پھلیوں میں ہوتا ہے ایک پھلی میں تین جمال گوٹے ہوتے ہیں۔ جمال گوٹہ کے اوپر کا چھلکا خام ہونے کی حالت میں سبز۔

اس پر نقطے نہیں ہوتے پک کر سیاہ رنگ کا ہو جاتا ہے۔شکل میں بیضوی کسی قدر گول بیر سے چھوٹا حلقہ زردی مائل سفید دونوں خلقات کے درمیان باریک پتہ ہو جاتا ہے اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

کیمیاوی صفات: اس کے اندر ایک روغن ہوتا ہے جو فعال ہے

مزاج: گرم خشک

افعال قوی مسہل، مقوی

افعال مخصوصہ: مغز امراض مخصوصہ: تقویت باہ جزب رطوبات خارجاً، اسہال اخراج بلغم و مواد قئے اخراج بلغم وسودا

مضر: مقرح

مصلح: شر گاؤ خالص

بدل کلادانہ

مقدار خوراک: مدبر ۱۲۵ ملی گرام۔ مغز نصف عدد

روغن حب الملوک: کروٹن آئیل CROTON OIL

کروٹونس اولیم: CROTON OLEON

صفات: زردی مائل یا خفیف سرخ گاڑھا سیال ذائقہ تیز و تلخ و خراش کن۔

افعال: مسہل شدید۔

مقدار: ایک قطرہ۔

حجر الیہود

فارسی۔ سنگ یہودان۔

عربی: زیتون بنی اسرائلی جر الزیتون

انگریزی۔ CALCAREOUS STONE- JEW STONE-

لاطینی: HELMIN THOLITHAS JUDOICUS

مقام پیدائش، فلسطین اور اس کے قریب و جوار میں ملتا ہے کوہ بیروت

صفات و ماہیت: یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو کسی قدر بلوط اور زیتون کی سی واضع کا ہوتا ہے چھوٹے سے اخروٹ سے تشبیہ دے سکتے ہیں مگر بالکل گول نہیں ہوتا تھوڑا سا لمبوترا ہوتا ہے پانی میں پس جاتا ہے۔ نر پر متوازی و متقاطع خطوط ہوتے ہیں مادہ پر نہیں ہوتے نر کا رنگ سیاہی مائل مادہ کا رنگ سرخ و سیاسی مائل اور بعض تھوڑے سے چیٹے بھی ہوتے ہیں۔

مزاج گرم خشک

افعال مفتت حصات، مدر بول

افعال مخصوصہ: امراض گردہ ومثانہ مفتت حصاۃ سنگ گردہ ومثانہ رفع جمود دم

مضر: جگر

بدل: کرنڈ، تخم کرفس ہمراہ

مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام

کشتہ حجر الیہود: یہ بھی مندرجہ بالا افعال امراض میں مستعمل ہے۔

مقدار۔ ۱۲۵ ملی گرام۔

ثومس WILD THYME

عربی صعتر الحمیر

انگریزی WILD THYME

لاطینی THYMUS VULGARIS

صفت و ماہیت: یہ ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہے صعتر کی طرح بالشت بھر اونچا شاخیں بہت پتلی پتلی جن پر پتے چھوٹے چھوٹے بھرے ہوتے ہیں جن پر روئی کی مانند رواں ہوتا ہے پھول گول چھوٹا اور سفید کیوڑی و سرخی مائل ہوتا ہے بیج رائی کے دانے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کے جوہر کو THRMOL تھائی مول کہتے ہیں

مزاج گرم خشک

افعال محلل۔ مدر۔ قاتل دیدان

افعال مخصوصہ: امراض احشاء دافع امراض معدہ و جگر طحال و گردہ اخراج سودا۔

مضر: ریہ

مصلح طباشیر، کیودلفناع

مقدار خوراک: ۵ تا سات گرام

بدل: ہم وزن صفر کوہی اور پودینہ صحرائی

حنظل COLOCYNTH

فارسی۔ علقم کسب۔ بنگالی۔ اندرائن۔ مسکل۔ ہندی۔ بندانہ تلخ۔ سندھی۔ ٹوہ۔ اردو تمہ،

انگریزی COLOCYNTH

لاطینی COLOCYNTHIS

مقام پیدائش۔ مغربی پنجاب۔ بلوچستان۔ سندھ کے خشک مقامات، بہاولپور، ایران، عرب ممالک شام وغیرہ۔

صفت و ماہیت: یہ ایک خودرو بیل ہے جو عموماً برسات میں پیدا ہوتی ہے اس کی بیل بہت بھاری اور اکثر بیس ہاتھ تک بڑھ جاتی ہے اس کے دو تین ہاتھ بڑھنے کے بعد ایک پتے کے پاس زرد رنگ کا ایک پھول لگتا ہے، پھل جھڑ جانے کے بعد نیچے گول پھل آتا ہے جو پہلے سبز اور پک کر زرد ہو جاتا ہے اس کی بیلوں کی تعداد سو یا اس سے بھی زائد ہوتی ہے اس کی وضع تربوز کی سی اور پھل گول نارنگی کی مانند ہوتا ہے گودا اسفنج کی مانند اندر بیج ہوتے ہیں جن کا مزہ تلخ اور بہتر وہ ہے جس کا رنگ اوپر سے زرد اندر سے سفید بالکل بہ زردی ہو اور وزن میں ہلکا اور نرم ہو۔

افعال مخصوصہ: امراض رحم، شحم رحم،

مضر: مصدع، مکرب

مصلح صمغ عربی، کتیرا، نشاستہ

بدل، ہم وزن خرول یا کالا دانہ

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام سے ۳۷۵ ملی گرام۔

رب حنظل مرکب
COMPOUND EXTRACT OF COLOCYNTH

مقدار خوراک: ۲ گرین سے ۸ گرین۔

حب حنظل وبیکران PILLOFCOLCYNTH ANDHYOSCYAMUS

خلاصہ حنظل ۲۵ گرام، خلاصہ، بیکران ایک تولہ دونوں ملا کر ایک رتی کے بھر گولیاں بنائیں۔

مقدار، ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام۔

افعال،محرک جگر قبض کشاء

حمض الخلیک ACETIC ACID

فارسی: تیزاب سرکہ

اردو، سرکہ کا تیزاب

لاطینی: ACIDU ACETIUM

انگریزی: ACETIC ACID

صفات، یہ ایک شفاف بے رنگ سیال ہے جس میں سے سرکہ کی بو آتی ہے اس میں ۳۳ فیصدی جو ہر سرکہ ہوتا ہے اس میں پانی ملا دیتے ہیں۔

افعال: قاتل جراثیم دافع تعفن مبرد

افعال مخصوصہ: روع تحلیل

مرکبات: ایسڈم ایسی ٹیسکم ڈل ACIDUM ACETICUM DILUTUM

ایسی ٹک ایسڈ DILUTED ACETIC ACID

افعال مفرح، مدر بول

مقدار خوراک، ۱/۲ سے ایک ڈارم: آکسی مل OXYMEL

افعال: منفث بلغم، جالی، مقئ

مقدار نصف سے ایک ڈرام

حمض لیموں Citrus Lamonia

صفات: سفید قلمیں یا ڈلیاں ذائقہ ترش یہ ایک لیمون کا ست ہے جس درخت نارنج سے چھوتا ہے پتے بھی چھوٹے پھل انڈے کے برابر ہوتا ہے

افعال: مبرد ہاضم، قاطع صفرا، مضرح دافع اسکر بوط جالی

افعال مخصوصہ: معدہ قتل کرم تسکین عطش منع قے قاطع صفرا

مزاج: سرد تر

بدل: اکثر افعال میں ناراج تازہ

مقدار خوراک: ۳۰۰ ملی گرام سے ایک گرام تک۔

افعال: سلبطور حفظ

حب النیل KALADANA

بنگالی: نیل عملی، فارسی، تخم عشق

انگریزی KALADANA

لاطینی IPOMOEA HEDERACEA PHARBITISNIL

صفت و ماہیت: ایک نبات کا بیج ہے جس کی شاخیں پتلی سبز پھول نیلگوں (کبود) لب لاب کے پھول کی طرح اور دھوپ میں سمٹ جاتا ہے بیج ایک غلاف کے اندر اور ہر غلاف میں تین دانے تکونی شکل کے ہوتے ہیں جن کا رنگ سیاہ ہوتا ہے، ذائقہ پہلے شیریں بعد میں کڑوا معلوم ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: قاتل دیدان

افعال مخصوصہ مرض مقصد، اسہال قے، اخراج اخلاط ثلاثہ، مقعد اخراج کرم

مضر: مسج امعاء

مصلح: ہلیلہ روغن بادام سے تر کر

بدل: تخم حنظل

مقدار خوراک: ایک تا تین گرام

حلتیت ASAFETIDA

فارسی، انگوزہ، اردو، ہیرا ہنگ۔

انگریزی ASAFETIDA

لاطینی ASAFETIDES

صفات: بے قائدہ صاف، شفاف مائل بسرخی تیز و تند بو ڈلیاں توڑنے پر سفید یا زرد رنگ ذائقہ تلخ پانی میں حل کرنے پر مانند دودھ کے ہو جاتی ہے

مقام پیدائش، ہرات

افعال: کاسر ریاح منفث بلغم مقئی دافع تشنج دافع عفونت قاتل کرم شکم

افعال مخصوصہ: امراض معدو جگر طحال، رفع استسقاء ودیگر امراض باردہ رحم دافع تشنج

مضر: امزجہ حارہ دماغ جگر

مصلح: انارین، گل نبفشہ

بدل: جاؤشیر سکنج

مقدار خوراک، ۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام۔

روح الحلیت، نوشادری

سپرٹ آف ایم نیڈ SPRIT OF AMMONAE FETID

مقدار: ۲۰ سے ۴۰ بوند، کاسر ریاح دافع تشنج

مقدار: ۳۰ سے ۴۰ بوند

حیاتین اے "VITAMIN A"

صفات و ماہیت: یہ مادہ مچھلیوں کے جگر کے تیل خصوصیت سے کاڈ اور ہیلی بیٹ کی قسم کی مچھلیاں دودھ، بالائی کریم، پنیر، مکھن، انڈے کی زردی، گاجر ہری ترکاریاں، گردے اور کلیجی میں موجود ہوتا ہے اصل میں وہ خام مسالہ ہے جو عالم نباتات میں افراط سے پھیلا ہوا ہے اور حیوانی جسم کے اندر کیمیاوی قبل ماہیت سے تیار ہو جاتا ہے زرد یا زردی مائل سوزنی قلمی مادہ ہے۔ کیمیاوی تجزیہ:)
C_2OH_{28})HOH بناتات میں پائی جانے والی پیلی رنگت کی قیروطین جسم میں کیمیاوی قلب کی ترکیب سے پختہ حیاتین ابن جاتی ہے ان کو تین ذیلی انواع افا بیٹا اور گیما پ بی اد۔ سی کے نشانوں سے ممیّز کیا جاتا ہے مقدار فا ور محلول یہ مالیکیول MOLECULE بائی کے دو جز کے ہمراہ کیمیاوی تگڈم کے ساتھ روغن حیاتینی د بن جاتا ہے

انفعال: سلبطور حفظ ناصل ہوتے ہیں اسی سے وہ جز بنتے ہیں دو باقی انواع سے ایک جز جزئینہ و بنتا ہے۔

محلول وٹامن اے ENTRATUS LIquaY VITAMINACONC یہ ایک گرام میں پچاس ہزار یونٹ کئی قسم کے تیلوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے ۱۰ منم ہے ۲۵ سو ۵۰ ہزار یونٹ روزانہ۔

افعال و منافع خصوصی: دافع التاب اس کے استعمال سے جسمانی کمزوری کم ہوتی ہے اس کی عدم موجودگی سے شب کوری اور بصارت کی کمی کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے PHRYNODERMIA اور دیگر جلدی امراض میں مفید ہے

منافع، امراض نسواں

مضر: کثرت استعمال سے درد تے۔ متی ضعف قلب پیدا ہوتا ہے

مصلح: اس کا استعمال سے کر دیں اور ایسی غزائیں کم دیں جن میں یہ موجود ہو۔ اکسٹریکٹ مالٹ شارک لیور آئیل کی صورت میں بھی دستیاب ہوتا ہے۔ یہ شب گوری اور عظیم خلیات کے بنانے میں ممد اور چربی کے انجذاب کے فعل میں معاون ہوتی ہے

مقدار خوراک: ۱۰۰ سے ۳۰۰ ہزار یونٹ اور بطور حفظ ماتقدم بطور علاج ۵۰ ہزار سے ایک لاکھ یونٹ روزانہ مستعمل ہے

حیاتین ب 1، وٹامن بی 1 اینورین، تھایامین ہائیڈروکلورائیڈ

ANEUTRINE THIAMINE MYROCHORIDE

اناجوں دانوں خشک پھلوں کے چھلکے نباتی خمیر انڈے کی یزردی کلیجی لوبیا مٹر وغیرہ چاولوں کی بھوسی کے ساتھ جو سفوف الگ ہوتا ہے اس میں پائی جاتی یا مصنوعی طریق سے حاصل کی جاتی ہے یہ بے رنگ الگ الگ پرت یا گلابی گچھے بو خاص قسم اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے ایک میں

بیس حصہ پانی میں آسانی سے قابل حل ۲۴۶ درجہ سینٹ یگریڈ پر پگھلتی ہے ایسے پانی میں بھگور کھنے سے ایسے محلول سے جدا رکھا جاسکتا ہے

کیمیاوی ترکیب: C12 H12 H12

اس کے کیمیاوی ڈہانچے کے دونوں حلقوں کا جوڑ آسانی سے کھاری چیزوں کی موجودگی سے ٹوٹ جاتا ہے لیکن مقدار میں کیمیاوی عمل مرکب بائرو فاسفیٹ کی شکل میں بن جاتا ہے

افعال، نباتاتی اور حیوانی اجسام میں کاربوناتی غزاؤں کی تحلیل اور کیمیاوی ادھیڑ بن میں حیاتین ب کا عمل بہت اہم ہے خلیات جسم کا تنفس کے عمل میں آکسیجن کا استعمال کے لیئے لابدی ہے اس کی محرومی سے اعصابی ریسے بے جان تار بن کر رہ جاتے ہیں بیری اور ٹھنڈی سوجن میں مفید ہے اس کی محرومی سے اشتہا کم ہوتی اطراف میں درد اور ہاتھوں پاؤں میں ------------- ہوتی ہیں دل کی دھڑکن اور رفتار اور تنفس کی تیزی بے حسی اور گھبراہٹ کا احساس ہوتا ہے یہاں تک کہ استرخاء تک نوبت پہنچ جاتی ہے دل پھی لجاتا اور دوران خون میں بے قائدگیاں ہوتی ہیں۔

فوائد خصوصی، ضعف اعصاب پیلاگرا اعصابی سوزش بوجہ غشی صحبت و معدنی سمیات میں اس کا استعمال قوی فائدہ مند درد شقیقہ تسہیل درد زہ جلد داغ معدہ و امعاء کی صلاحیتوں کی جزب کی صلاحیتوں کو زیادہ کرتی ہے درد دوائم میں اس کا احقان کرنے سے سرطان دنقرس کے درد پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

مقدار: حفظ ماتقدم ۳ سے ۱۰ اگرام بطور علاج ۳۵ سے ۱۰۰ اگرام۔

حیاتین ب کی ٹکیاں وانجکشن بطور مقدار ۱۰۰ ملی گرام۔ اقراص ۲۰ سے ۵۰ ملی گرام روزانہ ۱۰۰ اتک بھی دی جاسکتی ہے۔ افعال و فوائد خصوصی : دافع فالج اطفال معاون فعل قوت مغیرہ دافع بیری۔ بیری۔ دافع اعوارض ایام حمل رضاعت مانع زیادتی افراد عزہ ترسیہ اس کے زیادہ استعمال سے اگر حساسیت زیادہ ہو جائے اور علامات بد پیدا ہوں تو کچھ دن ترک کریں

حیاتین (۲) LIQUOR CALCIFEROL

صفت و ماہیت: ہلکا زرد یا روغنی سیال بو خفیف جس میں نہیں ہوتی ذائقہ روغنی یا زدرا مچلی سا ۹۵ فیصدی میں بہت کم حل ہوتا ہے۔ حیاتین (۲) اس کی قلمیں ۱۱۵ سے ۱۸ ادرجہ سینٹی گریڈ کی حرارت پر پگھل جاتی ہیں۔ حفظ ماتقدم ۵ سے ۲۰ سی ڈی سی ناموں سے ملتی ہے۔ بچوں میں دوران حمل میں بچوں کی ہڈیاں مضبوط بنانے میں مدد دیتا ہے وجع المفاصل وغیرہ امراض جلدیہ میں مفید ہوتا ہے۔

حیاتین ب (۳) نکوٹینک ایسڈ

NICOTINAMIDE NICOTIC ACID

ماہیت: یہ حیاتین قدرتی غذاؤں میں سے مندرجہ ذیل اشیاء میں موجود ہوتا ہے کھمب وکلیجی، گردہ، گوشت، دودھ مچھلی پنیر اناج، مونگ

پھلی، بادام انڈا، اناجوں میں دوسری حیاتین ب مخلوط کیساتھ گیہوں وغیرہ میں بھی موجود ہوتا ہے مونگ پھلی اس کا بہترین ذخیرہ ہے کافی میں بھی پایا جاتا ہے۔

کیمیاوی ترکیب: CSH4 NCOOH سفید یا سفیدی مائل قلمی سفوف بے بو ترشی مائل، ایک حصہ ۷۵ حصہ پانی میں قابل مقدار نماور محلول میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے

انعال: سلبطور حفظ ماتقدم ۴ را سے ۲ را گرین۔۱۵ سے ۳۰ ملی گرام بطور علاج ۵۰ سے ۲۵۰ ملی گرام۔

انعال واثرات: نامیاتی مرکبات میں ہائیڈروجن کے ایٹم جدا کر کے آکسیجن کو ملانے میں اس کا عملی بہت اہم ہے انتوں سے جذب ہو کر براہ خون جگر میں جا کر ذخیرہ بناتا ہے اور نشاستہ اور شکر کی کیمیاوی تحلیل واستعمال اس کی منفعت مسلم ہے تولید خون ومہد انعال معدہ وامعاء واعصاب۔نکوٹینک ایسڈ اور نکوطنا مائیڈ کے مابین اثرات میں فرق یہ ہے کہ اول الذکر عروق فراخی موخر الذکر سے زیادہ پیدا کرتا ہے۔

TIACIANAMIDE NICOTINMIDE

صفات: سفید قلمی بے بو بے مزہ تلخ سوف ایک حصہ پانی میں قابل حل۔

مقدار: حفظ ماتقدم ۴ را سے ۲ را گرین ۱۵ سے ۳۰ ملی گرام روزانہ بطور علاج ۴ر۳ سے ۴ گرین ۵۰ سے ۲۵۰ ملی گرام زوزانہ۔اس کی نکیاں اور انجکشن ۴ر۳ سے ۴ گرین ۵۰ سے ۲۵۰ ملی گرام روزانہ۔

انعال: مانع ہلاگرا، قروح لثہ دافع سمیت سلفا گروپ۔

حیاتین ب ربوفلے وین

RLBOFLAVINE LECTOFLAVIN

ماہیت: یہ مادہ خمیر شراب اور دیگر طبعی ذرائع یا مصنوعی طریق سے تیار کیا جاتا ہے قدرتی طور پر خمیر ہری پتے دار ترکاریوں دودھ کلیجی، مچھلی انڈے کی زردی گردے گندم مٹر، ٹماٹر اور پالک وغیرہ میں ہوتا ہے یہ خالص ترین حالت میں نارنجی زرد قلمی یا بلوری ہیت میں پایا جاتا ہے جو ۲۸۰ درجہ فارن ہیٹ کی حرارت پر پگھل کر تلف ہو جاتا ہے اس سے کم حرارت سے اس کی کیمیاوی ترکیب میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ پانی میں بہت کم حل ہو پاتا ہے اور اگر حل کریں تو محلول کا رنگ سبزی مائل شوخ زردہ ہو جاتا ہے روغن میں ناقابل حل ترش محلول آسانی ہو جاتا ہے اور کھاری کیفیت کے سیال میں اس کی کیمیاوی بناوٹ میں فتور آجاتا ہے تیز روشنی سے بھی اس کی کیمیاوی ترکیب میں خلل آجاتا ہے۔

کیمیاوی ترکیب: CICH20244

انفعال وخواص: نشاستہ اور شکر کی کیمیاوی تحلیل اور تصرف میں اس کا خصوصی عمل تسلیم کیا گیا ہے جسم کے خشک اور شفاف حصوں میں جہاں، خون کی رگیں نہیں ہوتیں مثلاً آنکھ کا طبقہ قرینہ یا مدسہ ان میں ربوفلے وین کا کلیدی عمل ہوتا ہے بینائی میں بھی اس کا عمل داخل ہے۔انسانی

وحیوانی اجسام کی نشو ونما میں ممد ہے۔خصوصی فوائد: منہ کے امراض جلدی خراشوں اور زبان کے مخصوص ورم میں اس کا استعمال خصوصی مفید ہے۔

سیلان الرحم میں اس کا استعمال خصوصی فائدہ کرتا ہے۔اینٹی بائیوٹک دواؤں کے ضرر کو رفع کرتا ہے بعض اقسام میں مفید ہے

مقدار خوارک: عام حالات ۵ سے ۲۰ ملی گرام دن میں تین چار دفعہ ضرورتاً اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے سو ملی گرام تک بھی دے سکتے ہیں۔

اقراص وانجکشن دونوں میں استعمال کی جاتی ہے

مضر: اس کی زیادتی نہیں ہے

حیاتین(۵) پاسی نال PANTNHENOL

ماہیت: یہ حیاتینی مادہ گوشت پوست خصوصاً کلیجی، گردہ دل، بھیجا انڈے کی زردی خمیر گیہوں جو بھی سی کھمب وغیرہ میں پایا جاتا ہے خشک مٹر میں ۲۱ فیصدی اور مونگ پھلی میں ۲۵ فیصدی تک ہوتا ہے۔سویابین میں ۸۱ فیصدی اخروٹ میں ۵ فیصدی چاول کی بھوسی اور خمیر میں ہے ۱۴۰ سے ۱۵۰ ملی گرام تک ہوتا ہے۔بعض قسم کی پھپھوندیاں بھی یہ حیاتین پیدا کرتی ہیں اور جراثیم بھی اس کی کیمیاوی تخلیق کرتے ہیں۔ سبزیوں میں حیاتین لحمی اجزا کے ساتھ ملا ہوا پایا جاتا ہے۔یہ ایک نامیاتی ترشہ ہے اور خالص شکل میں زرد گاڑھا سا روغن جو پانی اور الکحل میں حل ہو جاتا ہے۔سوڈیم لٹسے یہ ترکیب پا کر بلوری قلمی دانوں میں تیار ہوسکتا ہے اور چونے کیلشم کے مرکبات بھی قلمی سامی ساخت کے تیار ہوتے ہیں جو ۲۰ یا ۱۲۱ درجہ خرارت سینٹی گریڈ پر پگھلتے ہیں

افعال: معاون فعل، معاون فعل ہاضم وتنفس مانع سوزش اعصاب۔یہ ہمارے گوشت پوست کے رس میں موجود ہوتا ہے اور لحمی اجسام کیساتھ مرمب ہوکر اس کی سمیت کو ختم کر دینے کا کام انجام دیتا ہے مرکزی نظام عصبی قشر گروہ کلاہ گروہ ہضم اور تنفس کے آلات اس سے متاثر ہوتے ہیں اس کی کمی قبل از وقت بالوں کو دیتی ہے جگر کے فعل کی بے قاعدگی اس سے دور ہوتی ہے ورم لوط اس سے جاتا رہتا ہے جلدی امراض گنج خارش اس سے دفع کرتے ہیں

مقدار خوراک: ۲۰۰ سے ۴۰۰ ملی گرام عام خوراک انجکشن بھی دیا جاتا ہے مرہم ومحلول بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے

حیاتین ب مخروج

پارا ایمی نو بینزونک ایسڈ PARA AMINO BENZONIC ACID

ماہیت: سفد قلمی سفوف جو پانی میں کچھ نہ کچھ حل ہو جاتا ہے اس کا سوڈیم سالٹ پانی میں قابل حل ہے، مقدار: ۳۰ سے ۶۰ ملی گرام

افعال: سلفا گروپ اور سنکھیا کے زہر کے اثرات اس سے اچھے ہوتے ہیں حمی ٹائفس اور لین العظام حمل بھی مفید ہے قدرتی طور پر انڈے کی زردی مونگ پھلی مٹر، سویابین کلیجی، دودھ اور ہری ترکاریاں پالک وغیرہ اور گیہوں کے جرم میں پایا جاتا ہے PYRAXIDINE

۲۰۵ سے ۲۱۲ سینٹی گریڈ کی حرارت سے اس کے بلوری دانے پگھل جاتے ہیں اور حرارت سے اس کا اتلاف نہیں ہوتا۔ یعنی اس کی اپنی کیمیاوی ترکیب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ کھاری قسم کے کیمیاوی مرکبات اور ماروائے بنفشی شعاعیں اس کو فنا کر ڈالتی ہیں بے رنگ قلمی ساخت ہوتی ہے۔ پانی اور الکحل دونوں میں حل ہو جاتا ہے افعال وفوائد: بیری بیری IUSOMONIA حمی نقاط الدم یعنی لینالعظام اور درد میں مفید ہے۔ سلفا گروپ اور سنکھیا کے غیر طبعی اثرات دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ سے ۱۵۰ ملی گرام تک روزانہ۔

خواص واثرات: جسم کے کلیدی کیمیاوی اجزا میں یہ حیاتین پائی جاتی ہے خون کے سرخ ذروں اور بعض قسم کے سفید ذروں کی تعمیر و پختگی سے اس کا تعلق ہے۔ مرض پیلا گرا حالند ہری بیری بیری کوریا یار عشہ میں بڑی منفعت بخش ہے

مقدار: روزانہ بیس سے دوصد ملی گرام۔ خون کے سفید دانوں میں ۱۰۰ سے ۲۰۰ ملی گرا تک حفظ ماتقدم ۲۰ سے سول گرام

حیاتین سی، وٹامن

ASCORBIC ACID VITAMIN C

ماہیت، باریک بے رنگ سفوف ذائقہ ترش بو ندارد یہ حیاتین ضدرتی طور پر کئی رس دار پھلوں خصوصاً لیموں مالٹا سنگترہ، ٹماٹر، آملہ اور تقریباً تمام ترکاریوں میں اور اکثر پھلوں املی آلو بخارا اور بیجوں اور اناجوں کیا ابتدائی کونپلوں کے پھوٹنے پر موجود ہوتی ہے مصنوعی طور پر بھی تیار کی جا سکتی ہے، ہری مرچ اور لال مرچ میں بھی کافی مقدار ہوتی ہے سب سے زیادہ مقدار اور ذخیرہ آملہ ہے C6H8O6 بلوری دانوں کی قلمی ساخت میں منفرد ہوتا ہے پانی میں بآسانی حال ہو جاتا ہے ایسی ٹون اور دوسری الکحل میں کم حال ہوتا ۱۹۰ سے ۱۹۲ اس کے درجہ سنٹی گریڈ پر پگھلتا ہے دیر تا اصل حالت میں نہیں رہتا۔ حموضیت کے ارتباط سے فوراً کیمیاوی ساخت بگڑ جاتی ہے ہوا میں اس کا محلول پھٹ جاتا ہے۔

انعال وخواص: فقدان سے موڑے متورم ہو جاتے ہیں اور خون آنے لگ جاتا ہے دافع سکربوط۔ دافع سلاق دافع سمیت سلفا گروپ وسنکھیا۔

انعال مخصوصہ: ریہ کالی کھانس وبائی نزلہ اعصاب، اعصابی کمزوری میں بہت مفید ہے۔

مقدار خوراک، حفظ ماتقدم رزانہ ۲۰/۵ سے ۱، ۱/۴ گرین، ۲۵ سے ۷۵ گرام روزانہ بطور علاج ۳ سے ۸ گرام ۳/۱ سے ۲/۱ گرام وٹامن لمد روڈ یکساں سیلن اسکاربک ایسڈ کے نام سے بازار میں دستیاب ہیں

VITAMIN PCITRIN HESPERIDIN

یہ وٹامن پھلوں اور سبزیوں میں وٹامن سی کے ساتھ ملی جلی اور بنولوں کے تیل میں پائی جاتی ہے۔ پوست لیموں انگور، گاجر، لیموں کا رس کا ہوا آلو بخارا، سنگترہ، چقندر، سیب، خوبانی میں یہ مادہ موجود ہوتا ہے اور اسکاربک ایسڈ کے ساتھ طبعی طور پر مخلوط ہوتا ہے اور جریان خون بند کرنے کے کام آتا ہے۔

حیاتین د

ماہیت، یہ چربی میں حل ہو جانے والی وٹامین زیادہ تر حیوانی روغنیات مچھلی کے تیل انڈے کی زردی، مکھن اور دودھ میں موجود ہوتی ہے
حیوانی جسم میں سورج کی روشنی کے اثر سے اس کی تخلیق ہوتی ہے اور شارک مچھلی کے جگر کو خاص اہمیت حاصل ہے
صفات: سوزنی قلمین سفید بے بو۔
مزاج: حار رطب
افعال: مرض کساح میں مفید ہے کیلشم کے اثرات میں معاون ہے دران حمل بچوں کی ہڈیوں کی تعمیر کرتا ہے۔
مضر: اس کے زیادہ استعمال سے گردوں میں پتھری بننے لگتی ہے
کیمیاوی: اس میں CALAFORALc28H430H جسے حیاتین کہتے ہیں۔ کیمیاوی انفرادیت رکھتا ہے نیز بروک میں اسی روغن سے خالص حیاتین ۳ کا استخراج کیا۔ ۱۲۵ ایس مائیکر گرام ایک بین الاقوامی درجہ حیاتین شمار ہوتا ہے

حیاتین ای

VITAMINEE REPRDUCTIVE VITAMIN

ماہیت: یہ چربی میں حل ہو جانے والی واٹامین ایک قلم دار مادہ ہے حرارت سے ضائع نہیں ہوتی۔ نباتات کے بعض کو پتلوں خصوصاً سلاد میں زیادہ ملتی ہے بعض روغنوں مثلاً زیتون السی، ناریل، بنولہ، چقندر گرم کلہ، گاجر آلو، مکھن دودھ، مچھلی، انڈے کی زردی بادام، پستہ کا جز میں بھی ہوتی ہے اور آج کل یہ چھلکا اتری ہوئی گندم کے تیل سے حاصل کی جاتی ہے اس کا دوسرا نام ۵۴ بھی، آئل کے نام سے بھی بازار سے مل جاتا ہے، اس کا نام خرٹی لٹی وٹامین بھی ہے کیوں کہ عورتوں میں اسقاط اس کے فقدان سے ہوتا ہے
افعال، ورم اعضاء قلب، دردل اکلیلی، صلابت اور کارونری تھرمبوسس اور عضلی فساد میں استعمال ہوتی ہے عادی اسقاط اور مردانہ عقر میں مفید ہے ورم اندام نہانی ضمور عضلات میں مفید ہے عضلاتی و اعصابی ضعف میں بھی نافع ہے
مقدار خوراک: اس کی عدم موجودگی سے ضمور لاحق ہوتا ہے یہ دوا EPYNOL PHTOPHEROL کیپسول اقراص کی صورت میں بھی ملتی ہے اور METOLINE کیپسول کی صورت میں گلیسکو کمپنی کی طرف سے دستیاب ہے
کیمیاوی تجزیہ: حیاتین ای ایک زرد رنگ کا روغن ہے جو پانی میں حل ہوتا، نامیاتی مرکبوں میں حل ہو جاتی ہے بڑی جلدی سے آکیجن کا اس سے مرکب ہو جاتا ہے، سرکہ کے ترشہ کا مرکب (ایسی ٹیٹ) وہی خواص رکھتا ہے جو خالص حیاتین کے میں کھٹا سٹرا دی اسے منجمد کر دیتا ہے۔ الفاٹو کوفرال ایسی ٹیٹ حیاتین ای سمجھا جاتا ہے اس کا ایک گرام ایک درجہ تسلیم کیا گیا ہے۔

حیاتین ک "VITAMIN K"

ماہیت: یہ چربی میں حل ہوجانے والی حیاتین سبز ترکاریوں گوبھی ۔ پالک، گاجر، ٹماٹر، بناسپتی خصوصاً سویابین کے تیل، گندم مچھلی، حیوانی
گوشت پوست، چاول، جوکہ دودھ میں بکثرت ملتی ہے الفاالفا اور پالک کا ساگ اس کا بہترین ذخیرہ ہے کھاری دواؤں اور روشنی کے اثر
سے ضائع ہوجاتی ہے مگر حرارت کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا ۔ اس میں دو جوہر K دریافت ہوئے ہیں ایک جدید دوا (MEMOP-
HtHOHUM) تیار کی گئی ہے جو اس دوا کے افعال رکھتی ہے اس کا دوسرا نام MENODIONE ہے چربی میں حل ہوجاتی ہے۔

صفات: شفاف زرد قلمی پاؤڈر، بوخفیف اور خاص قسم مخراش اغشیہ، مخاطیسو جلد ۔

مقدار خوراک: ایک سے ۵ ملی گرام بطور عضلی تلقیح (انجکشن) بذریعہ دہن ۱۰ ملی گرام مرکب۔

کیمیائیت: حیاتین ک کے کئی کیمیاوی مثیل پائے جاتے ہیں، جنہیں کٹ اور ک وغیرہ سے موسوم کیا جاتا ہے، قدرتی حیاتین ک ایک
روغن ہے جو سوڈیم سے مرکب مثیل پانی میں حل ہوجاتا ہے اور مستحکم کیمیاوی وجود رکھتے ہیں اور محلول میں بھی کیمیاوی کیفیت نہیں بدلتی۔

افعال: منجمد الدم، مانع جریان الدم دافع سموم سلفا از صفرء ماں کو قبل ولادت دینے سے جریان خون کا خطرہ کم ہوجاتا ہے۔

یہ حیاتین SYNKOVIT KAPROKOYIT کلوٹوجن KOLOTOGEN اور پردکودٹ PROKOYIT وغیرہ
ناموں سے دستیاب ہوتے ہیں۔

نوٹ: جگر کا فعل درست نہ ہو تو حیاتین فائدہ نہیں کرتی، امراض بول الدم، کثرت حیض اہتاضہ میں بھی موثر نہیں

افعال مخصوصہ: جگر میں انجماد کی تخلیق پیدا کرتی ہے، مانع جریان الدم،

روٹین

یہ ایک قلمی زرد رنگ مادہ ہے جو جنگل گندم اور تمباکو سے حاصل کیا جاتا ہے آیوڈین سے ملا ہوتا ہے یہ عروق شعریہ کا قوت انعطاف کو کم کرتی
ہے درآنحالیکہ ضغط الدم پیدا نہیں کرتی اس لئے دماغی خون بعد از آپریشن جریان خون اور پردہ شبکیہ کے جریان خون میں فائدہ مند ہے
اس کی روزانہ مقدار خوراک ۲۰ سے ۶۰ گرام ہے ۱/۴ سے ایک گرم روزانہ، روٹین کی مقدار خوراک ۲۰ ملی گرام دن میں تین بار اشد ضروری
ہیں ۶۰ سے ۳۰۰ ملی گرام تک روزانہ ۔ افعال: وامین بی حابس الدم ہے

وٹامن

ماہیت: یہ مادہ فی الحقیقت حیاتین ایچ ہے مگر چونکہ وٹامین بی کیساتھ مخلوط ہے اس لئے یہاں ذکر کیا گیا ہے یہ پہلی بٹ شراب انگور، بھیڑ
گائے کے گوشت جگر انسانی دودھ آلو، کشمش پالک نارنگی سیب کیلا، لوبیا گوبھی کرم کلہ، گاجر پنیر مرغ کے گوشت انڈے، بکی سلاد گھمب گڑ،
مٹر، مونگ پھلی مچھلی، شلغم، ٹماٹر وغیرہ میں پایا جاتا ہے ۔صفات: لمبی لمبی سوزنی قلمی رنگت زردی مائل پانی میں قابل حل،

مقدار خوراک: ۱۰۰ اگرام روزانہ بطور عضلی انجکشن روزانہ۔ افعال: ورم وسوزش وجلد زبان کا ضمور اعضائے تناسل کی کمزری دور کرتا ہے

انیوسی ٹال

یہ جگر خمیر شراب میں موجود ہوتا ہے انسانی ضرورت کے لئے خاص اہمیت کا حامل نہیں دار الشقلب کو دفع کرتا بالوں کی صحت قائم رکھتا ہے۔
CIIOLINE یہ سفید قلمی نمی جذب کرنے والا سفوف ایسی فل کولین کے نام سے مستعمل ہے ورم جگر اور ضمور کبدی میں استعمال ہوتا ہے۔
مقدار: ۵۰ ملی گرام روزانہ اس کے علاوہ پابر تر سر شہ حیاتین ۱۱۴ اسی خاندان کے اجزاء۔

حیاتین ب ۱۲

ماہیت: سیاہی مائل سرخ رنگ کی قلمی سوئیاں ہیں پانی میں حل ہو جاتا ہے قدرتی طور حیاتین کلیجی، گردہ، دودھ اور بعض تخمر شدہ عرقوں میں پایا جاتا ہے کلیجی کے نچوڑ اور گوشت اور سویا بین میں بھی ملتا ہے۔ افعال: قوی فقر الدم دوا ہے اس کے استعمال سے مریض میں دماغی و جسمانی بیداری وچشتی پیدا ہوتی ہے غذا کو ہضم کرتا اور وزن میں اضافہ کرتا ہے زبان کے ورم اور اعصابی ورم کو دفع کرتا ہے کیل مہاسے بھی اس سے رفع ہو جاتے ہیں۔ مقدار خوراک: ۴۰ سے ۸۰ مائیکروگرام دن میں تین ماہ دینا زیادہ مفید ہے، انجکشن میں وریدی و عضلی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے فولک ایسڈ ACID PTEROYLGL □ UTAMIC ACID یہ وٹامین بی کمپلس کا جز ہے طبعی غذا میں نہایت قلیل مقدار میں نہایت قلیل مقدار میں موجود ہوتا ہے حیوانی اجزا کی کلیجی اور گردہ میں اس کی معتبد بہ مقدار ہوتی ہے خمیر میں بھی موجود ہوتا ہے تمام اقسام کے ہرے پتے یہاں تک کہ گھاس کی پتیوں سے بھی برآمد کر سکتے ہیں

خواص وافعال: ورم زبان فقر الدم سنگرہنی حملہ کا فقر الدم اور آنتوں کے امراض فقر الدم ابیض پیلاگرا میں اس کا استعمال مفید ہے یہ خلیات کی طبعی قوت مغیرہ اور مغز استخوان کے تغیرات کے لئے ایک ضروری اور بنیادی مادہ ہے سلفا گروپ کی سمیت کو دور کرتا ہے۔
مقدار خوراک: بطور حفظ ماتقدم ۲۴/۱ سے ۱۲/۱ سے ۴/۱ گرین کبھی اس سے بھی زیادہ دیتے ہیں یعنی ۲/۱، ۱ سے ۲/۱، ۱ سے ۲/۱، ۲ گرین یا وٹامین ۵ ملی گرام بذریعہ انجکشن

HUDROCH LORIC ACID حمض الملح

فارسی، تیزاب نمک، اردو، نمک کا تیزاب HCL

انگریزی HUDROCH LORIC ACID

لاطینی، ایسڈم ہائڈروکلوریکم ACIDUM HYDROCHLORICUM

میوری اٹیک ایسڈ MURIATIC ACID

صفات: یہ ایک بے رنگ نہایت ترش نما سیال ہے جو ہائیڈروجن کے محلول سے تیار ہوتا ہے جس سے سفید بخارات خارج ہوتے ہیں

میں۳۴فیصدی HCl شامل ہوتی ہے، باقی پانی ہوتا ہے، کثافت اضافی (۵-۱۵) ی۱۰۱۶۸-۱۰۱۵۸ڈائیلوٹ ۵ملی میٹر تازہ ابلے ہوئے اور ٹھنڈے پانی دس ملی میٹر ہیں۔

حب آلاس

فارسی، تخم مورد۔

عربی، حب آلاس

انگریزیMYRTEL BERRY

مقام پیدائش ہندوپاک

صفت: یہ اس درخت کا پھل ہے جو ابتدا میں سبز پک کر سیاہ ررنگ کا ہوتا ہے سیاہ مرچ کے برابر چھوٹے چھوٹے سیادانہ جس پر جھریاں ہوتی ہیں مزہ قدرے شیریں اور تلخ اور بھکا ہوتا ہے یہ بیج اندر سے سفید اور چکنا ہوتا ہے پھل میں کسی دانے زیادہ کسی میں کم ہوتے ہیں

مزاج: مرکب القوی،

خواص: حابس الدم، مسکن دافع زحیر، دافع سموم

خواص مخصوصہ: امراض امعاء حبس اسہال قبض دافع سیلان خون

مضر: درد اور زکام

مصلح گل بنفشہ کشمیری، گرم وتر چیزیں

بدل، اقاقیا رسوت اور شہتوت کی پتی

مقدار: ۳ گرام سے ۴ گرام تک۔

حمض النتریک

فارسی: تیزاب شورہ، اردو: شورے کا تیزاب۔

انگریزیACIDUMNITRACID

صفات: شفاف، بے رنگ، تیز ترش سیال جس سے تیز بخارات نکلتے ہیں

افعال: اکال قوی

اس سے کئی مرمبات تیار ہوتے ہیں، بیرونی طور پر کسی مقام کو فنا کرنے کی غرض سے استعمال کرتے ہیں

مرکبات

تیزاب شورہ مخفف

ڈائلیوٹڈ نائٹر کا یسڈ DILUTEDNITRIC ACID

افعال: ہاضم، مشتہی، محرک جگر، مدر لعاب دہن

مقدار خوراک: ۵ سے ۲۰ بوند

تیزاب شورہ محلول نمک

ڈائل یوٹڈ نائٹرو ہائیڈروکلورک ایسڈ PILUTEDNITROHYDROCHLORICACID

افعال: ہاضم، محرک جگر، مشتہی

مقدار خوراک: ۵ سے ۲۰ بوند

ماء الملکی ایکوار یگیا AQUA REGIA

نائٹرو میوری ایٹک ایسڈ NITRO MURIATICACID

تیزاب شورہ ۳ حصہ، تیزاب نمک ۴ حصہ باہم ملانے سے بنا تا ہے یہ صدر سونے کے حل کرنے کا کام دیتا ہے

خشب المر

فارسی، چوب تلخ

انگریزی QUASSIA WOOD لاطینی QUASSIAELIGNUM

صفات، وزنی، مضبوط لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، رنگ زردی مائل، چھال خاکی، ذائقہ نہایت تلخ

مزاج: حار یابس

افعال: تلخ، مقوی، مشتہی، قاتل دوا النحل۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ گرین، ۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام۔

مرکبات

نقوع خشب المر تازہ

فریش انیفیوژن اکوائشیا FRESHINFUSION OF QUASSIA

مقدار خوراک: ۱۵ گرام سے ۳۰ گرام، آدھا اونس سے ایک اونس

تعفین خشب المر

ٹنکچر آف اکواشیا TINCTURE OF ASSIA

مقدار خوراک: آدھا ڈرام سے ایک ڈرام تک

افعال: مقوی معدہ، ہاضم، مشتہی

خانق الذہب

فارسی، بیش، اردو، بچھپاک، یونانی، اکونی تون

انگریزی ACONITE ROOT

ایکونائی ٹائی ریڈکس ACONITE RADIX م

صفات: یہ اونچے پہاڑوں پر اگتی ہے جڑ چھوٹے شلغم سے مشابہ گاؤدم نصف سے ایک انچ تک موٹی لمبائی مختلف جڑ کے بالائی حصوں پر ریشوں کے نشانات رنگ باہر سے بھورا اندر سے سفیدی مائل اکثر جھریدار آڑی سطح پر کاٹنے سے کٹی ہوئی سطح پر ایک محور نظر آتا ہے جس سے محیط کی طرف دھاریاں جاتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں پھول ارغوانی رنگ کا ہوتا ہے مزہ کڑوا زبان کو سن کرنے والی بوندارد۔

مقام پیدائش: کشمیر اور ہمالیہ کی یوں سکم گڑھوال اور یورپ اور برطانیہ بھی کاشت کرتے ہیں۔

افعال: دافع بخار، مسکن الم، دافع بلغمیہ، سوداویہ، صحیح جلد

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ، ردان بعد اصلاح تدبیر جمع امراض باردہ

مضر: اعضائے رئیسہ

طاقت اس کے ایلکلائیڈ کا ۲ گرام

افعال: مخدر مسکن

طاقت: ۱۰ حصہ میں ایک حصہ ایکونائڈ TINCTURE OF ACONITE

مقدار: ۲ سے ۵ منم

کلوروفارم ایکونائی ٹائی CHLOROFORMUM ACONITI

افعال: قومی مسکن الم

LINIMENT A.B.C.

یہ ایکونائٹ بلڈ ڈونا اور کلوروفارم کا مرکب ہے۔

ACONITINE OINTMENT

افعال: مسکن الم مرہم پیچش میں بھی بطور دافع تعفن و مخدر مسکن استعمال کرتے ہیں

خبث الحدید

Haematite , magnetic iron ore

فارسی، چرک آہن، عربی، خبث الحدید

انگریزی IRON RUST

صفت و ماہیت: یہ لوہے کا میل ہے جو لوہے کو پگھلاتے وقت اس سے جدا ہوتا ہے اس کا رنگ سیاہ اور ذائقہ نہایت کسیلا ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو پیس کر سرکہ میں بھگو کر اور خشک کر کے دھویا ہوا۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مجفف، مقوی معدہ، حابس الدم

افعال مخصوصہ: مجفف۔ مقوی معدہ۔ حابس الدم

مضر: ریہ

مصلح: شہد خالص روغنیات

بدل: فو لک ایسڈ

مقدار خوراک: خبث الحدید، مدبر یا کشتہ، ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ گرام تک۔

خشخاش

بنگالی۔ پوست دانہ، فارسی، تخم کوکنار، عربی: برز الخشخاش۔

انگریزی POPY SEED

صفات: پوست کا دانہ ہے پھول سفید دانہ اکثر سفید گول اور چھوٹا ہوتا ہے بعض بستانی دانے سیاہ بھی ہوتے ہیں یہ دانہ پھول سے حاصل ہوتا ہے۔

مزاج، سرد و تر م

افعال منوم مسکن مقوی دماغ، مخدر حابس الدم مولد منی

افعال مخصوصہ: امراض سر، تسکین درد، بترید و تقویت دماغ تنویم، ترطیب و تسخین بدل جلد رفع کلف غش ضماد اُرحمی، رفع حمی ادق سیاہ صفات حمی مثل سفید

مضر: سفید بارد مزاجوں اور سینہ کو مضر ہے سیاہ دماغ کو مضر ہے

مصلح، شہد خالص، شکر، بادیان مصطگی۔ سلیخہ
بدل: تخم کاہو

مقدار خوراک: ۳ سے سات گرام تک۔

خردل

فارسی، خردل، اردو۔
مسٹرڈ MUSTARD
لاطینی SINAPIS
مقام پیدائش: پاک و ہند میں عام ہوتی ہے۔
صفات: چھوٹے سے پیٹر کے چھوٹے چھوٹے گول گول بیج ہیں۔ مولی کے پتوں کی طرح ان سے چھوٹے اور کھردرے ہوتے ہیں پھول زرد بیج سرخی مائل سیاہ تقریباً ایک انچ قطر کا بارہواں حصہ یا اس سے بھی کم مزہ چرپرا بو سرسوں سے ملتی جلتی سفوف کا رنگ زرد ذائقہ تلخ و چرپرا بھگونے پر تیز بو پیدا ہوتی ہے ناک پر خرش کن اثر کرتا ہے اس کے تازہ سفوف کا پلاسٹر لگاتے ہیں
افعال، مقی محمر ہاضم
افعال مخصوصہ، معدہ مسکن درد ہضم غذہ، جذب رطوبات تحلیل
مضر: مکرب معطش
مصلح: روغن بادام
بدل: اسپند دو گنے تخم شلغم اور جرجیر کے بیج بطور تے ہو ورم تک ایک گلاس پانی میں پلٹس بنا کر بیرونی طور وجع المفاصل اور دردوں میں بھی لگاتے ہیں۔ دس منٹ لگا کر تیل یا گھی گرم کر کے مقام ماؤف کو تر کریں۔

خولنجان Alpinia Galanga willd

بنگالی گلچین۔
انگریزی CREATER GALANGAL
لاطینی ALPINIA GRALANGA
صفت و ماہیت: بیرونی رنگ سرخ اندر مائل سفیدی ساخت تقریباً ریشہ دار گرہ دار بو تیز دمرغوب، ذائقہ
افعال: مسخن دافع بدبو، مقوی معدہ کاسر ریاح، منفث بلغم

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ، تقویت باہ، گردہ مثانہ، تقویت گردہ

مضر: قلب

مصلح: صندل طباشیر۔

مقدار: ایک سے ۲ گرام۔

خراطین EARTH WORM

فارسی، زغار، کرداز، گل خورہ، عربی، خراطین، امعاء الارض۔

انگریزی ROUND WORM- EARTH WORM

لاطینی ASCARIS JUMBRICOIDES

صفت و ماہیت: ایک مشہور کیڑا ہے جو برسات میں باغات میں نمناک زمینوں پر رینگتا نظر آتا ہے، لمبائی ایک بالشت تک ہوتی ہے، رنگ سرخ وسفید ذائقہ پھیکا

مقام پیدائش: برسات میں عام پایا جاتا ہے

افعال گرم وتر

افعال مقوی باہ ملذذ ومسخن

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ، مردان تقویت باہ

مضر: معدہ

مصلح: شربت انگور

مصلح: شربت انگور:

بدل: نامعلوم

مقدار: ۲ سے تین گرام

خاکسی Sisymbrium irio

فارسی۔ شبہ۔ خاکچی۔ شلم۔ تخم شہوہ۔ عربی۔ جنہ بزار تخم۔

انگریزی SEED OF SISYMBRIAM

صفت و ماہیت، یہ ایک زرد سرخی مائل رنگ کے بیج ہیں جس کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے پتے مثل خرفہ پودا گز بھر لمبا شاخیں باریک اور اس کے

سرسوں کی پھلیوں سے مشابہ پھلیاں لگتی ہیں جو باریک باریک بیجوں سے بھری ہوتی ہیں۔

مقام پیدائش: ہندوپاک میں عام ملتا ہے۔

مزاج: گرم وتر

افعال: دافع بخار۔ مسکن۔ دافع اوجاع

افعال مخصوصہ: امراض صدروریہ، رفع سعال مزمن وگرفتگی آواز رحم۔ رفع قروح رحم اعانت حمل، اوجاع اعضاء تحلیل مواد رفع اوجاع سوداویہ

مضر: مصدع امزجہ حارہ

مصلح: گلاب خالص شیر گاؤ

بدل: تخم بعض افعال میں تودری

مقدار خوراک: ۵ تا ۷ گرام

دوقو

Peucedamum grande C.B clarke

فارسی، تخم گزر روشتی، عربی، بزر جزر البری، انگریزی SEED OF WILD CARROT

صفت وماہیت: یہ جنگلی گاجر کے مشابہ ایک پھل کے بیج ہیں جس کے پتے گاجر کے پتوں سے ذرا چوڑے مزہ بھورے جھریدار ذائقہ تندو تیز وخوشبودار

مزاج گرم خشک

افعال: مفتح کاسر ریاح، مدر بول وحیض مولد منی۔ مقوی باہ۔ مفتت، حصاۃ، منفث بلغم

افعال مخصوصہ: امراض گردہ ومثانہ امراض مخصوصہ تحریک باہ تولید منی الصاظ گردہ ومثانہ

دم الاخوین

Daemonorops Draco Blume

فارسی، خون ساؤ شان، اردو، ہیرادوکھی بیجاسا، بنگالی، پت سل۔

انگریزی KINO

مقام پیدائش: بھارت، افریقہ، خراسان، ایران

صفات: سیاہی سرخی مائل آسانی سے ٹوٹنے والا گوند جو بیجا کے گودنے پر نکلتا ہے جب موسم بہار میں ان میں پھول آ جاتے ہیں اس وقت
اسے گوند کر گوند جمع کرتے ہیں، کھولتے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

افعال: قابض حابس الدم مجفف۔

مضر: گردہ

مصلح: کتیرا

بدل: کاہو

مقدار: نصف گرام سے ایک گرام

جدید مرکبات: TINCTURE OF KINE ٹنکچر آف کائنو

مقدار خوراک: ۳۰ سے ۶۰ بوند

افعال: حابس الدم قابض، سفوف دم الاخوین کمپوز ٹنکچر آف کائنو دار چینی ۵۰ گرام افیون ۱۲ گرام دم الاخوین ۲۰۰ گرام سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲ گرام۔

افعال: حابس لدم قابض

درمنہ شیح

عربی، درمعنہ، ہندی، کرمالا، فارسی۔شیح حراسانی۔

انگریزی ARTEMISIA

صفت و ماہیت: یہ نبات کے خشک پھل ہیں جو پھول آتے وقت جمع کئے جاتے ہیں یہ موسم بہار یا گرمی کے شروع میں جب پھول پورے
بالغ ہو جاتے ہیں توڑ کر خشک کر لیتے ہیں

مزاج: گرم خشک

افعال قاتل کرم

مضر: دانتوں کو

مصلح،

مقدار خوراک ۱۵ سے ۶۵ گرین

INDIAN BARBERB دارہلد

بنگال،دہردرا:دار چوبہ

انگریزی INDIAN BARBERB

لاطینی BARBARIS VULGARK

صفت وماہیت: ایک درخت کی لکڑی ہے جو زرد رنگ کی ہوتی ہے پھل زرشک کے مشابہ جڑ زرد اور پھول زرد رنگ کا ہوتا ہے درخت سیدھا کانٹے دار ہوتا ہے اور جڑ اور شاخوں سے پیلا رنگ نکالا جاتا ہے اور بیجوں میں سے تیل نکالا جاتا ہے

مزاج: سرد خشک

افعال: مسکن معرق مصفیٰ خون دافع بخار

افعال مخصوصہ: معدہ ہاضم وتحلیل ریاح۔خارجاً اندمال زخم وجرب وخارش روغن اور مرہم قرابادین میں مذکور ہے

مقدار خوراک: ۲ تا پانچ گرام۔

CINNAMONI BARK دارچینی

عربی۔دراچینی۔ فارسی: دارچینی۔ اردو: دارچینی

انگریزی CINNAMONI BARK

لاطینی CINNAMONI CORTEX

مقام پیدائش: سری لنکا کے جنگلات: ہندوستان کے دکنی حصہ۔امریکہ

صفات: اس کی قلمیں (ٹکڑے) پتلے نازک ایک دوسرے سے لپٹے ہوئے طول میں دو تین بالشت تک ہوتے ہیں پوست کا رنگ بھورا اوران پر لکیریں یا داغ ہوتے ہیں اوپر کی سطح پر باریک پرت ہوتے ہیں اندرونی سطح سرخی مائل بھوری اور آسانی سے ٹوٹنے والی چھال ذائقہ میں شرینی اور تلخی ہوتی ہے موٹی اور سیاسی مائل ہوتی ہے پتے تیرپات کے پتوں کی طرح انوے کے پتوں سے کسی قدر چھوٹے اور چوڑے ہوتے ہیں پھل حب بلسان کے ساتھ تھوڑی مشابہت رکھتے ہیں ان کا مزہ بھی دارچینی کا سا ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

کیمیاوی تجزیہ: اس میں اڑ جانے والا تیل شکر اور گوند، ٹے نین جو ایک مقوی جوہر ہے شامل ہے

افعال: ہاضم کاسر ریاح محرک، مفتح قابض، معطر، مسخن ملطف

افعال مخصوصہ: امراض معدہ تسکین، تفصیح تجفیف و کسر ریاح

مضر: امزجہ حارہ مثانہ

مصلح: تحلیل ملطف اور تقویت اعضاء کے لئے کباب چینی اور رب اصلاح اور تلطیف کے لئے دوگنا سلیخہ باہ کے لئے

مقدار خوراک ۲،۳ گرام روغن ۲ سے ۵ بوند عرق کی مقدار خوراک

OIL OF CNNAMON افعال: روغن دارچینی دافع تشنج کاسر ریاح محمر محرک ۱ سے ۳ سے ملی لیٹر عرق دافع تعفن کاسر ریاح۔ ملطف مفتح

مقدار خوراک: ۵ سے ۲۰ بوند۔

دارچکنہ PERCHLORIDE OF MERCURY

عربی، دواء الشعت سلیمانی، فارسی، دارشکنہ

انگریزی PERCHLORIDE OF MERCURY

لاطینی HYRRAGYRI PERCHLORIDUM

صفات و ماہیت: پارہ اور سنکھیا کا مرکب ہے جو مرکیورک اور نمک طعام اور گندھک کے تیزاب اور میگنیز ڈائی آکسائڈ کو تصعید کرنے سے حاصل ہوتا ہے رنگ سفید ذائقہ بکھا ایک حصہ دارچکنہ ۱۴ حصہ سرد پانی میں اور ایک حصہ دو حصے کھولتے پانی میں ایک حصہ شراب خالص میں ایک حصہ چار حصہ ایتھر میں ایک حصہ پانی میں گلیسرین میں کھرل کرنے سے حل ہو جاتا ہے

مزاج گرم خشک

افعال قاتل، دافع تعفن معدل مجفف مصفی خون

افعال مخصوصہ: دافع آتشک فساد خون اکال لحم زائد

بدل: بعض امور میں سنکھیا بعض میں شنگرف

مضر: زہر ہے

مصلح دودھ روغن اشیائے چرب

مقدار: ۱۲ ملی گرام۔

ذہب

آرم AIRIM

گولڈ GOLD

صفات: خوبصورت زردوسرخی مائل بھاری قیمتی دھات ہے۔اس سے زیور بھی بنائے جاتے ہیں۔کانوں میں پارے اورگندھک کوصاف کرکے تیار کرتے ہیں۔

مقام پیدائش: کیپ ٹاؤن۔جنوبی افریقہ۔

افعال: ملطف ،مفرح ،مقوی حرارت عزیزی، مسمن بدن ،دافع امراض سوداوی،نفع خاص،قلب ،مفرح دماغ ،معدہ،مقوی،مفرح۔

مضر:۔مثانہ آلاتِ بول۔

مصلح:۔شہد مشک حب الاس شاہ بلوط۔

بدل:۔اپنے افعال میں بے بدل ہے۔

مقدارخوراک: ۱۲۵ملی گرام۔

مرکبات: بروما ئڈ آف گولڈ۔Bromide of Gold

صفات: سیاہی مائل بھورے رنگ کا سفوف پانی میں قابل حل۔

افعال:۔اختناق الرحم صرع۔ضعف ہضم اعصاب شقیقہ۔

مقدار: ۱۰/۱ سے ۴/۱ گرین۔

آری کلورائیڈم Auri Chloridum

افعال: احتباس طمث آتشک ثانوی۔صرع رعشہ۔

مقدار: ۱۶/۱ سے ۴/۱ گرین۔

سوڈیائی آروتھیو میلاس۔ Sodii Aurothio Malas.

مایوکرائی سین۔ Myocrisin

ماہیت وصفات: نہایت عمدہ زردی مائل طلائی مرکب ہے جونہایت خفیف نمی جذب کرنے والا پانی میں قابل حل۔۶/۱ گرین عضلی انجکشن کے ذریعے ۲/۱۔اگرین تک دے سکتے ہیں۔

دافع مرع مخلوط بابروفنیس واقع آتشک مخلوط بسم الفار،مقوی اعصاب،دافع سل وتحجر مفاصل۔

آری ایٹ سوڈائی تھائیوسلفیٹ۔ .Auri-Et-Sodii Thiosulphate

سائنوکرائی سین Saino Crisin سفید سوزنی قلمیں پانی میں قابل حل۔

ذرارتح

اردو، تیلی مکھی۔

لاطینی: Cantharus

انگریزی: Canthredes

وماہیت: یہ ایک قسم کی مکھی ہے جو طول میں پون سے ایک انچ تک ہوتی ہے۔ بازو مچھلی کی مانند شفاف خوبصورت دھات کی مانند چمک اور سبز طلائی رنگ کے دو غلافوں سے ڈھکے ہوتے ہیں۔ بو تیز اور ناگوار سفوف کی رنگ میلی خاکی اس کے اندر ف سبز ذرے چمکے ہوئے مزہ اس کا کیلا اور جلن دار ہے۔

کیماوی ترکیب:۔ اس میں ایک جز موثر کنتھرائے ڈائن ہوتا ہے جو سفید اور چمکدار پرتول میں ہوتا ہے اور اس قدر تیز ہے کہ ۱۰۰اراگر بدن پر لگایا جائے تو آبلہ پڑ جاتا ہے۔ یہ مکھی دو قسم کی ہوتی ہے۔

موسم:۔ موسم ربیع میں باقلاً اور گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتی ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ مقوی باہ۔ محمر منفظ۔ مدر بول وحیض۔

مضر:۔ مقرح اکال۔

مصلح:۔ اشیائے چرب و روغن زرد۔

بدل:۔ اپنے افعال میں بے بدل۔

مرکبات:۔ سیال منفظ۔ لائکیور ایپس پاسٹی کس .Liquor Epispasticu

لائکوارلٹی Liquor Litty یہ صرف آبلہ کے لئے بیرونی طور پر مستعمل ہے۔

ٹنکچر آف کین تھرا آئیڈین۔ Tincture of Cantharidin

مقدار:۔ ۲ سے ۵ بوند۔ سیال زرارتح۔ مقوی باہ مدر بول وحیض۔

CANTHARIDES HAIR LOTION سپرٹ ایمونیا ۲۵ ملی لیٹر گلیسرین ۱۳ ملی لیٹر ٹنکچر کین تھریڈس چھ ملی لیٹر عرق روز برا ۲۵۰ ملی لیٹر سب کو ملا کر بذریعہ برش بالوں پر لگائیں۔

ریباس

فارسی۔ ریورج۔ ریورس۔ عربی۔ ریباس۔

انگریزی Rhubarb

لاطینی Rhei

صفت وماہیت:۔ یہ ایک بنات ہے جس کی لمبائی اگز تک ہوتی ہے۔ چوڑائی دوانگل، موٹائی اس کا نصف ڈنڈی پر سبز رنگ، روئیں دار چھال ہوتی ہے۔ پتے سبز اور پھول سرخ ہوتا ہے ذائقہ ترشاور قدرے شیریں ہوتا ہے اس کا درخت چقندر سے مشابہ ہوتا ہے۔

مزاج:۔ مرکب القوی۔

افعال مقوی معدہ، جگر، مقوی اعضائے شکم، مفرح لمطف۔

افعال مخصوصہ:۔ معدہ وجگر۔ تقویت وہاضم ومفرح۔ دافع خفقان۔

مضر:۔ سینہ۔ باہ۔ اعصاب۔

مصلح شربت عود، انیسوں اور شہد خالص۔

بدل: حماض۔ انزج۔

مقدار خوراک پانی ۱۲ ملی لیٹر سے ۲۵ ملی لیٹر تک۔ دو انصف گرام سے ایک گرام۔

روغن تارپین

آئل آف ٹرپن ٹائن Oil of Turpentine

صفات: شفاف زردی مائل سیال رنگ سفید ذائقہ تیز وتلخ بو خاص قسم۔

افعال منفظ: مجمر۔ مدر بول۔ منفث بلغم۔ قاتل دیدان۔

افعال مخصوصہ: قاتل دیدان کرم۔ دافع عفونت۔

مزاج: حار۔

مقدار خوراک:۔ ۳ سے ۱۰ بوند بطور قاتل دیدان ۱۲۰ بوند تک۔

مضر: جلد کو سرخ کرتا ہے۔

مصلح: روغنیات چربے۔

لنی منٹ آف ٹرپن ٹائن Liniment of Terpentine.

رصاص ابیض

فارسی۔ارزیز
اردو۔قلعی
انگریزی Tin

صفات:۔ سفید قدرے نرم دھات ہے جس کے ورق بنائے جا سکتے ہیں پیتل تانبے کے برتنوں کو سفید کرنے کے لئے اور ٹین وغیرہ کو جوڑ
لگانے کے لئے مستعمل ہے۔

مزاج: حار یابس۔

افعال:۔ مجفف قاتل کرم شکم۔قابض۔دافع جریان واحتلام۔

افعال مخصوصہ:۔ محرق،تقویت رحم روع۔تخفیف رطوبت۔

مضر: مجفف۔

مصلح: روغنیات۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام سے ۶۲۵ ملی گرام تک۔

ریوند

فارسی۔ریوند
انگریزی۔رہوبارب روٹ۔ Rahubarb Root
لاطینی۔رہائی زوما۔رہائی Thizoma - Rhe! تھوک زرد ہوجاتی ہے۔کھانے
صفات: ایک بنات کی موٹی سی جڑ ہے۔رنگ زرد قدرے سرخی لئے ہوئے بدمزہ اور چبانے سے
پیشاب کا رنگ سرخ ہوجاتا ہے۔ٹکڑے کسی قدر لمبے گول یا مخروطی شکل ایک جانب سے چپٹے دوسری طرف سے قبے دار یا بے ڈول اور
سطح زرد رنگ کا بھورا سفوف سا ہوتا ہے۔کنارے صاف یا نوکیلے سطح صاف یا جھری دار سطح پر اکثر نقطے ہوتے ہیں۔بو خاص قسم کی۔
قدر خوشبودار اور ذائقہ تلخ اور خفیف یکسا چبانے سے کڑواہیٹ محسوس ہوتی ہے متعدد اقسام کی ہوتی ہے۔

افعال: قابض ملین محرک جگر مقوی معدہ دافع بخار۔ تسخین معدہ وجگر مقعد رفع بواسیر تحلیل ورم اسہال اخراج مواد

افعال مخصوصہ: معدہ تحلیل تلطیف اخراج فضول تلین تقویت قوت جاذبہ کبد

فاسدہ۔

مضر:۔امزجہ حارہ تا تھیں۔

مصلح:۔رب عربی کتیرا ابھی دانہ۔

بدل:۔معدے اور جگر کے امراض کے لئے گلاب کے پھول ۵/۱ حصہ یا چھڑ ڈیوڑھا حصہ افسنتین۔

مقدار خوراک:۲سے ۷ گرام۔

Pillrubarb Compound مقدار ۴ گرام سے ۸ گرام،

افعال:۔محرک کبد ملین۔کمپونڈ پاؤڈر آف روبرب .Compound Powder of Rubarb

گریگریس پاؤڈر Gregory's Powder

مقدار:۔۱۰ گرین سے ۲ گرام، Compound Tincture of Rubarb

محرک کبد مانع قبض اطفال۔کمپونڈ ٹنکچر اور انفیوژن آف روبرحب بھی دیئے جاتے ہیں۔ٹنکچر مقدار ۳۰ سے ۲۴ منم انفیوژن ۱۶ گرام سے ۳۲ گرام۔ .Infusion of Rubarb Syrup Rhybarb

شربت زراوند:۔زراوند کے ٹکڑے ۱۲۵ گرام کثیر۔۱۲۵ گرام شکر سفید سوا کلوگرام گل سُرخ۔۶۰ ملی لیٹر آب مقطر سوا لیٹر شربت بنالیں۔

مقدار:۔۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر۔افعال: محرک کبد ملین مدر صفرا۔

روغن چال موگرا

روغن چال موگرا۔

چال موگرا آئل:۔ Chaul Mogra Oil

گائنوکارڈیا آئل: Cynocardia Oil

اولیم چال موگری: Oleum Chaulmogri

صفات: یہ چال موگرا کے درخت کے بیجوں کا تیل ہے۔زردی مائل بھورے رنگ کا منجمد روغن بو خاص قسم ذائقہ تند و تیز۔یہ روغن گرمیوں میں سیال اور سردیوں میں منجمد ہوتا ہے اس کو سرد جگہ میں روشنی سے محفوظ رکھنا چاہیے۔

افعال:۔بیرونی طور پر محمر۔دافع عفونت و خارش قاتل جراثیم اندرونی طور پر مصفی خون دافع تعفن دافع جذام۔

افعال مخصوصہ: جلد دافع تعفن و دافع جذام۔خون۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ بوند۔

مرکبات:۔SODII HYDNOCORPUS ۳ فیصدی طاقت کے سالیوشن کا جلدی یا عضلاتی ٹیکہ ہفتہ میں ایک یا دو بار کیا جاتا

ہے۔ نصف سی سی سے شروع ہو کر اتنی ہی مقدار بڑھا کر پانچ سی سی تک پہنچا دیتے ہیں۔ مرہم چال موگرا Chaulmogra Ointment روغن چال موگرا۔ Chaul Mogra Oil.
تین گرام ویزلین ۱۵ ملی لیٹر سافٹ پیرافین ۱۲ گرام، تینوں کو پگھلا کر بوقت ضرورت خارش اور جذامی گلٹیوں اور زخموں پر لگائیے۔
ایتھاوُل چال موگریٹ Ethyl Chaulmograte.
منہ کے ذریعے ۱۵ سے ۲۰ بوند عضلات میں پچکاری کے ذریعے ایک سی سی مستعمل ہے۔

روغن یوکے لپٹس

انگریزی آئل آف یوکلپٹس۔ Oil of Eucalyptus۔

لاطینی۔ یوکلپٹائی اولیم۔ Eucalypti Oleum

صفات:۔ ہلکا زردی یا ہلکا سبزی مائل۔ تیل ذائقہ تیز چرپرا، بوخوشگوار۔

افعال:۔ مخمر محرک۔ دافع عفونت۔ دافع بخار۔ مخرج ودوالنمل۔ کاسر ریاح۔

مقدار خوراک:۔ ا سے ۳ بوند۔

مرکبات:۔ ٹنکچر آف یوکلپٹس Tincture of Eucalyptus

مقدار خوراک:۔ ۱۵ سے ۱۲۰ بوند۔

مرہم یوکلپٹس۔

یوکلپٹس آئنمنٹ Eucalyptus Ointment.

بیرونی طور پر زخموں پر بطور دافع تعفن استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے تیل کو رومال پر چھڑک کر زکام میں سونگھایا جاتا ہے۔

روغن ارنڈ

فارسی۔ روغن بیدانجیر۔

عربی۔ دہن الخروع

انگریزی۔ Castor Oil

لاطینی Oil of Ricini

صفت و ماہیت:۔ یہ ایک مشہور غیر فراری تیل ہے جو ارنڈ کے بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔ اس کا رنگ ہلکا زرد یا بیرنگ اور ذائقہ بدمزہ و پھیکا

اور بے بو ہوتا ہے۔ بغیر حرارت پہنچائے بیجوں کو دبا کر نکالا جاتا ہے۔

انحلال:۔ ایک حصہ شراب میں حل ہو جاتا ہے چراغ سے زیادہ لطیف ہے۔

مزاج:۔ گرم۔ خشک۔

مقام پیدائش:۔ عام پایا جاتا ہے۔

افعال:۔ مسہل سر رفع کزاز تحلیل تسکین اوباع باردہ اسہال اخراج اخلاط باردہ۔

مضر:۔ معدہ۔

مصلح: مصطگی رومی کتیرا۔

بدل: بعض احوال میں روغنقرطم تحلیل میں روغن زیتون تل کا تیل۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لیٹر تا ۵۰ ملی لیٹر۔

روغن صندل

لاطینی: Oleum Santali

انگریزی: Oil of Sandal Wood

صفات: یہ صندل کی لکڑی سے کشید کیا ہوا تیل ہے۔ تیز خوشبودار ہلکے زرد رنگ کا گاڑھا سیال ذائقہ تیز اور چرابرابوشل صندل۔

مقام پیدائش: میسور۔

مزاج: بارد یابس۔

افعال:۔ دافع عفونت۔ آلات بولو تنفس۔ محرک۔ قاتل جراثیم سوزاک۔ دافع سوزش مہرہ۔ مفرح۔ مقوی قلب۔

افعال مخصوصہ: تصفیہ خون دافع امراض صفرادیہ۔

مضر: صوت۔ باہ۔

مصلح: سرکہ نبات سفید۔ شہد خالص۔

براده صندل۔ سفید۔

روغن گل

فارسی۔ روغن گل۔ عربی۔ دہن گُل۔ دین الورد۔

انگریزی Oil of Rose

لاطینی Rose Oilium

صفت و ماہیت:۔ سرخی مائل بدمزہ چکنا گلاب کے پھول سے تیار ہوتا ہے۔

ترکیب: گلاب کو ہم وزن روغن زیتون یا تِلوں کے ساتھ جوش دیں۔ عرق خشک ہونے پر آنچ سے اتار دیں۔ یہ روغن گل مطبوع کہلاتا ہے۔

پیدائش گلاب:۔ ہند و پاک میں عام ملتا ہے۔

مزاج:۔ مرکب القویٰ

افعال:۔ رادع۔ مقوی۔ محلل مسکن۔

افعال مخصوصہ:۔ امراض سر۔ تقویت۔ دافع بیخوابی۔ ردع تحلیل خارجاً اسہال اخراج اخلاط مزجہ۔

مضر:۔ باہ

مصلح:۔ زیتون روغن بادام شیریں۔

بدل:۔ نصف مقدار روغن بنفشہ

مقدار خوراک:۔ ایک ملی لیٹر دو ملی لیٹر تک خارجاً بقدر ضرورت۔

روغن السی

بنگالی۔ تلسی تیل۔ فارسی۔ روغن کتان۔ عربی۔ دہن الکتان۔

انگریزی: Linseed Oil

لاطینی: Oil of Linum

صفت و ماہیت: غلیظ زرد رنگ کا ایک روغن ہے جو السی کے بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔ جس کا رنگ قدرے زرد اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ محلل و مسکن اوجاع

افعال مخصوصہ:۔ قولنج کو مفید ہے۔

مضر:۔ بینائی و باہ

بدل:۔ روغن گل۔

مقدار خوراک:۔ چھ ملی لیٹر سے ۲۵ ملی لیٹر تک۔

روغن زیتون

عربی: زیت۔ فارسی: روغن زیتون۔ اردو: زیتون کا تیل

انگریزی: Olive Oil

لاطینی: Oleumolivaes

مزاج:۔ حار طب۔

صفات:۔ زردی سبزی مائل۔ شفاف تیل۔ بوخفیف۔

افعال:۔ محل، مسکن، ملین، مقوی، محلل حصاۃ۔ مخرج دیدانِ شکم۔

افعال مخصوصہ:۔ ملین۔ مقوی۔

مضر: ستیہ۔

مصلح:۔ مغزیات، اخروٹ و بادام۔

بدل:۔

مقدار:۔ ۱۳ ملی لیٹر سے ۲۵ ملی لیٹر۔

یہ روغن مالش اور مراہم میں عام مستعمل ہے اور کئی دوائیں جو انجکشن کے لئے ہوتی ہیں اس میں حل ہو کر آتی ہیں۔

ربّ السوس

فارسی: عصارۂ سوس۔ عصارۂ مہک۔

عربی: ربّ السوس

انگریزی: Extract of Liquorice

لاطینی: Extractum Glyce Rhiza

صفت و ماہیت:۔ یہ ملٹھی کا ست ہے۔ رنگ سیاہ، ذائقہ شیریں اور گول گول لمبے ٹکڑوں کی صورت میں ملتا ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک

افعال:۔ دافع تشنج۔ کاذب۔ ادویہ مسلہ کے ضرر کا تابع۔

افعال مخصوصہ: صدر رویہ، رفع سعال خشوتنہ۔ صدر و ضیق النفس۔

مضر:۔ گردا۔

مصلح:۔ کتیرا۔ گل سرخ۔

بدل:۔ ملٹھی یا کتیرا۔

مقدار خوراک: ۲ گرام۔

ریشہ خطمی

فارسی: ریشہ خطمی۔ عربی: بیخ خطمی

انگریزی Marsh Mallow

صفت وماہیت:۔ یہ بلین کی شکل یا قدرے مخروطی اور ریشہ دار جڑ ہے۔ جس کا پودا سدا بہار روئیں دار بھنڈی جیسا ہوتا ہے۔ پتے بڑے بڑے بیضوی داندانہ دار اور کھردرے، پھول بے بو اور خوش نما جڑ کی لمبائی پر گہری جھریاں پڑی ہوتی ہیں اور اس پر گول چھوٹے چھوٹے داغ ہوتے ہیں۔ اندرونی سطح چھال کے باریک ریسوں کے سبب روئیں ہوتی ہے۔ بغیر صاف کئے سطح زردی مائل یا بھورے رنگ کے زرد پرت سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہے۔ خفیف خوشگوار، ذائقہ قدرے شیریں۔ اس کی جڑ میں لعاب ہوتا ہے۔ مقشر استعمال کرتے ہیں۔

مقام پیدائش:۔ بھارت۔

مزارج:۔ بارد لطب۔ بعض یابس بتاتے ہیں۔

افعال:۔ محلل مسکن۔

افعال مخصوصہ:۔ امعا رفع زحیر صادق وکاذب۔

مضر: معدہ

مصلح: بادیان، شہد خالص

بدل: خبازی۔

خوراک:۔ ۵ سے ۷ گرام۔

رسوت

بنگالی:۔ رس دت۔ رسبت۔ عربی:۔ حضض ہندی۔

انگریزی: Ext Berberis

لاطینی: Extractum Berb Eridis

صفت ماہیت: یہ ایک خاردار درخت کے پتوں اور پھلوں کا عصارہ ہے جس کی بلندی ۳ گز کے قریب ہوتی ہے۔ چھال کا رنگ کا کا

پتوں کی وضع شمشاد کے پتوں کی سی ہوتی ہے۔پھل گول سیاہ مرچ کی طرح اور رنگ بھی سیاہ۔پھل اوپر سے چکنا مزہ کڑوا۔رنگ زرد سیاہ مائل غلیظ۔بدمزہ تلخ۔

شناخت:۔اصل کا رنگ باہر سے سیاہی مائل اندر سے سُرخی مائل، پانی میں گھولنے پر خون کے رنگ کے سے جھاگ نکلتے ہیں۔مزہ میں تلخی، چبانے سے زبان سکڑتی ہے۔آگ میں ڈالنے سے آگ بھڑک جاتی ہے۔

مزاج: معتدل۔خشک درجہ دوم۔

افعال:۔قابض۔مقوی۔مقوی معدہ ہاضم۔

افعال مخصوصہ:۔امراضِ چشم، روع تحلیل، رفع آب چشم، حلق روع تحلیل مقعد، رفع بواسیر وقروح، حبس خون، جلد رفع شبور جملہ اقسام احتراق، دفع حدت خون صفراً، اسہال، رفع حدت ادویہ مسلہ۔

مضر: تلی۔گردہ۔

مصلح: تلی کے لئے انیسون، گردے کے لئے سرخس، پھٹکری شگفتہ۔

بدل: اقاقیا۔زعفران۔صندل، سپاری۔

مقدار خوراک: ا سے ۳ گرام تک۔

Alkanet Root رتن جوت Onosma Echoides

صفات وماہیت: ایک نبات کی جڑ ہے پر ایک بالشت سے کم اور ذرا بلند ہوتا ہے۔پتے پودینے کے پتوں کی طرح مگر ان سے لمبے اور نوک وڈنڈی کی جانب سے پتلے اور درمیان میں سے کسی قدر چوڑے پھول اس کا چھوٹا پتلا نیلا اور پھل دو پتوں کے درمیان سیاہ مرچ کے برابر ہوتا ہے۔پھول اور بیج کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔لیکن جڑ سُرخ ہوتی ہے۔اس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: قابض۔مجفف۔جالی۔مدر حیض وبول۔

افعال مخصوصہ: امراض گوش۔تحلیل کسر ریاح۔تنقیہ داندمال قروح رحم، رفع قروح اور اخراج جنیس مردہ وزندہ

مضر: دماغ۔

مصلح: شہد خالص

مقدار خوراک: ۴ گرام تک۔

زردہ

فارسی: زردہ گل سُرخ۔ عربی: زردہ درد۔

صفت و ماہیت: چھوٹے چھوٹے باریک زرد سرخی مائل قدرے پھیکے دانے ہیں جو گل سُرخ کے مرکزی حصہ سے حاصل کیے جاتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: قابض۔مقوی معدہ وامعاء۔رادع۔

افعال مخصوصہ: بریاں لثہ تقویت قبض حبس دم، تخفیف رطوبت ردع مواد۔ رفع لثہ دامیہ معدہ اسہال بلغمی امعاء قبض حبس اسہال۔

مضر: ریہ
مصلح: صنع عربی۔کتیرا۔

بدل: قابض ادویہ۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام۔

بدل: ہم وزن اقلیمیاء نصف وزن شنگرف۔صرف بیرونی طور پر مستعمل ہے۔

زاروند مدحرج

فارسی: زاروند گرد۔ عربی: زادند۔

انگریزی: Rotunda

صفت و ماہیت: فندق کے برابر چیز ہے کسی قدر چینی رنگ باہر سے زرد اندر سے سرخی مائل پھول کا رنگ سفید اندر سے ٹوپی کی صورت پر اور بد بودار بہتر تازہ کرم نا حوزدہ قوت دو سال تک رہتی ہے۔شاخیں پیٹر میں بہت مگر سب جڑ سے نکلتی ہیں۔ڈنڈی نہیں ہوتی۔لمبائی گز بھر پتے زاروند کے پتوں کی طرح مگر اس سے چھوٹے پتوں سے خوشبو آتی ہے مزہ میں تیز۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ملطف، قابض مخرج بلغم مفتح جالی مسکن۔

افعال مخصوصہ:۔صدر تصفیہ صدر رفع سال مزمن ضیق النفس رحم اورار جذب تحلیل اندمال قروح۔

مضر: مصدع۔
مصلح: صندل سفید۔گل بنفشہ۔

بدل: نصف وزن قسط یا ریوند چینی یا جاوتری اور سیاہ مرچ اور انزردت بقدر دو تہائی جاوتری نر کچور۔

مقدار خوراک: تین سے پانچ گرام۔

زمرد

بنگالی: پانا۔ عربی: زمرد۔

انگریزی: Emarld

لاطینی: Smaragdus

صفت وماہیت:۔ یہ مشہور قیمتی پتھر ہے رنگ سبز ذائقہ پھیکا۔ مصر کی ایک پہاڑی، سوڈان میں سونے کی کان سے نکلتا ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مفرح۔ مقوی قلب۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔

افعال مخصوصہ: تفریح وتقویت قلب وحرارت۔

مضر: مثانہ۔

بدل: یاقوت۔

مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام تا ایک گرام۔ کشتہ زمرد ۶۲ ملی گرام تا ۱۲۵ ملی گرام۔

زیرہ سیاہ وسفید

فارسی: زیرہ سیاہ۔ زیرہ کرمانی۔

انگریزی: کیروے فروٹ Caraway Fruit

کومن سیڈ Cummin Seed

لاطینی Carui Fructus

صفات:۔ ایک پیڑ کا مشہور بیج ہے۔ سونف سے پتلا خوشبودار۔ اس کے پیڑ کے پتے سوئے کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔ یہ بیج گچھوں میں لگا ہوتا ہے۔ جنگلی وبستانی دو قسم کا ہوتا ہے۔ جنگلی وبستانی سے قوی اور تیز ہے سیاہ سفید زرد سبز چار قسم پر مشتمل ہے۔ اور سیاہ کو کرمانی بھی کہتے ہیں۔ یہ نوکدار چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں جن پر لمبائی میں لکیریں ہوتی ہیں۔ ذائقہ شیریں وچرپرا۔ خوشبودار۔

افعال: کاسر ریاح دافع نفخ ہاضم ومقوی معدہ محرک سفید مدبول۔

افعال مخصوصہ: امراض معدہ جگر۔ سفید تلطیف تسخین تحلیل ریاح قبض۔ سیاہ تحلیل۔ ریاح منع نواق۔ تقویت معدہ جگر۔

مضر: مہزل ومضر ریہ۔

مصلح: سرکہ خالص کتیرا۔

بدل: تخم گندنا کردیا۔ایک دوسرے کا سیاہ وسفید۔کلونجی برائے تحلیل ریاح۔

مقدار خوراک: سات گرام۔

کیروے واٹر Caraway Water مقدار ۳۰ ملی لیٹر سے ۶۰ ملی لیٹر۔افعال۔کاسر ریاح ہاضم۔

روغن زیرہ Oil of Caraway مقدار ایک سے تین بوند۔افعال۔مضرق الریاح ہاضم۔

زینت السمک

عربی: زینت السمک۔ فارسی: روغن ماہی۔ اردو: مچھلی کا تیل۔

انگریزی: Cold Liver Oil

لاطینی۔اولیم مورہونی .Oluem Morrhure

صفات: سرخی مائل زرد روغن۔ذائقہ روغنی بوخفیف مچھلی جیسی۔

افعال: بطور حیاتین الف اولاد کی کمی کے لئے مستعمل ہے۔

افعال مخصوصہ: مقوی۔

مقدار خوراک: دس سے بیس بوند کیپ سول اوتیل کی شکل میں دستیاب ہے۔

زوفا

فارسی: زوفائے خشک اشنان داؤد۔ عربی: زدفائے یابس۔

انگریزی: Hassapus

صفت وماہیت: بستانی وکوہی ایک روئیدگی ہے جس کی شاخیں زمین پر پھیلی ہوتی ہیں۔طولاً ایک ہاتھ یا اس سے کم وبیش ہوتی ہے۔برز نجوش کے پتوں کی طرح اوران سے خوشبو آتی ہے۔مزہ کڑوا شاخ کی ہر گرہ پر زردی مائل پھول ہوتا ہے۔بیج نہیں ہوتے ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔کوہی قسم زیادہ بہتر ہے۔

مقام پیدائش: مشرق وسطیٰ وہندوپاک۔

افعال: ملطف۔منفث بلغم۔محلل۔

افعال مخصوصہ: صدروریہ گل اخراج بلغم رفع سعال مزمن وجع الصدروریہ بلغمی۔

مضر: جگر و گردہ۔
مصلح: گردہ کے لئے بنفشہ، جگر کے لئے عناب ببول کا گوند اانار ترش۔
بدل: پرسیاؤشان یا صقر۔
مقدار خوراک: پانچ سے ۷ گرام تک۔

زہر مہرہ

فارسی: فادرزہرہ کافی۔
عربی: حجر السم۔
انگریزی: Mineral Bezoar
صفت و ماہیت: یہ ایک ہلکا معدنی پتھر ہے کئی رنگ کا ہوتا ہے عموماً سفید زردی مائل یا زرد یا سبز یا زرد مٹیالے رنگ کے قریب قریب بے مزہ اور ہلکا زیادہ بہتر وہ ہے زردی مائل شفاف اور بے مزہ ہو۔
مقام پیدائش: چین، تربت، ایران، بھارت، حجاز، مشرق وسطیٰ۔
مزاج: گرم خشک۔
افعال: دافع سمیت مفرح۔ مقوی قلب۔ مقوی قوی۔ محافظ ارواح۔
افعال مخصوصہ: امراض لثہ ولسان تسکین عرقت رفع تقشر لسان ردع تحلیل صدر دریہ تقویت رفع سل ضیق النفس قلب تصریت تفریح امعاردع تحلیل قبض حبس دم تجفیف قروح متعفن اخلاط جلد رفع تقشر جلد تسکین حدت صفرا دفع نیش عقرب حمیٰ تقویت رفع عفونت اخلاط۔
بدل: ہم وزن زبر حد اور نصف وزن زمرد اور دیوڑھی گل داغستانی۔
مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام۔

زیت السمک المتحجر

فارسی: روغن ماہی خشک شدہ۔
اردو: پتھرائی ہوئی مچھلی کا تیل۔
انگریزی: Ichthyol
اک ہتی اوّل: Ichthyol
ایلومین اکتھیول سلفونیٹ۔ Ammonium Ichthyol Sulphonate

صفات: سرخی مائل بھورا تقریباً سیاہ رنگ شیرہ کی مانند گاڑھا سیال بو ذائقہ مثل قطران کے ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس میں ۱۵۰ فیصد تقریباً سلفر ہوتا ہے۔

انحلال: گلیسرین روغنیات میں مخلوط ہو جاتا ہے۔

مزاج: حار رطب۔

افعال:۔ دافع سوزش، دافع تعفن، محلل، مسکن دافع خارش، معدل۔

افعال مخصوصہ:۔ جلد اور اندرونی طور پر اندرمال و تحلیل ورم کے لئے مستعمل ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

مرکبات: کلوڈیم اکتھی اول Chlodium Ichthyol ایک حصہ اکتھی اول میں سات حصہ کلوڈین ملا کا بنیا جاتا ہے۔

افعال واستعمال: نار خارش، چنبل، سرخبادہ وغیرہ، امراض جلدیہ میں لگایا جائے۔

سپازیٹریز آف اکتھی اول □Suppositories of Fichthyol اکتھی اول ایک حصہ موم ۲ حصہ آئل آف تھی او بردما میں شیاف بنائیں۔ اکتھی اول یہ مصنوعی طور پارا اس کا بدل ہے۔ بشکل سیال اور سفوف پانی میں قابل حل ہے۔ شدید سوزش ورم اندام نہانی سرخبادہ وغیرہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۱۰ گرین۔ اکتھی اول گلیسرین ایک اور بیس کی نسبت سے بھی سوزش اندام نہانی میں مستعمل ہے۔

مضر اثرات: بعض دفعہ اس سے دست وقے مرگی کے دورے بھی شروع ہو جاتے ہیں درد شکم بھی ہوتا ہے۔

زنجبیل

اُردو۔ سونٹھ خام ادرک

انگریزی Giner

لاطینی Zingiber

صفات: یہ ایک روئیدگی کی جڑ ہے اس کے پتے لمبے طول ایک بالشت بھر یا اس سے کچھ زیادہ ہوتا ہے جس میں پھول و پھل نہیں آتے۔ اس کی ساق کا مزہ سیاہ مرچ کی طرح تیز اور خوشبودار ہوتا ہے۔ بعض جگہ پتے سراب کے پتوں کی طرح کھانے کے کام بھی آتے ہیں۔ یہ گھر میں چٹنی شاخدار باہر سے سفید اندر سے زردی مائل ریشہ دار بو تیز ذائقہ حریف وتند یہ ٹکڑے پر کسی جگہ دوسرے سے جدا ہونے کا نشان ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: ہند و پاک۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مسخن۔ہاضم۔مقوی اعصاب کاسر یاح دافع تشنج۔

افعال مخصوصہ:۔ امراض معدہ، جگر، تقویت معدہ، اخراج کرم تحلیل ریاح تلطیف اخلاط۔

مضر:۔ امراض حلق۔

مصلح:۔ روغن بادام۔

بدل:۔ ہم وزن دار فلفل اور مرچ سیاہ۔

مقدار خوراک: سات گرام۔

مرکبات: ایسنس آف جنجر۔ Essence of Ginger

مقدار: ۵ سے ۱۰ بوند۔

ٹنکچر آف زنجبرس Tinctur of Zingiberis

مقدار: ۳۰ سے ۴۰ بوند تک۔

شربت: Syrup of Z|ingiberis

مقدار: نصف سے ایک ڈرام تک۔

مربالے Jam of Ginger

مقدار: بوقت کھانا کھانے کے بعد ہاضمہ کے لئے ۹ گرام تک۔

زعفران

بنگالی: کیسر۔

فارسی: کیاس۔

عربی: زعفران

صفت و ماہیت: یہ زعفران کے پھولوں سے حاصل کردہ ریشے ہیں درخت چھوٹا سا ہوتا ہے پتے لمبے اور پتلے پتلیے نکلتے ہیں۔ پھول نیلے رنگ کا ہوتا ہے جو کنوار کے مہینہ میں کھلتا ہے اس پھول کے اندر کے نارنجی ریشہ کو زعفران کہتے ہیں جب پھول کھلنے کے قریب ہو تو علی الصبح میں ان کو توڑ کر اندر کے ریشوں کو چن کر سفید کاغذ پر پھیلا کر بذریعہ حرارت خشک کر لیتے ہیں۔ ساٹھ ہزار پھولوں سے نصف سیر کے قریب زعفران نکلتی ہے۔ ریشہ پھول کا پتلا اور قریب ایک انچ کے لمبا ہوتا ہے۔ یہ باریک ڈوروں کے مانند گہرا زرد سرخی مائل رنگ نرم قدرے تلخ

اور تیز خوشبو دار ریشے ہوتے ہیں۔

مقام پیدائش:۔ مصر۔خراسان۔ایران۔کشمیر۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال:۔ مقوی قلب۔محرک اعصاب۔مدر بول،حیض مفرح وملطف۔

افعال مخصوصہ:۔ امراض چشم رفع غشادہ تحلیل مواد جلد بصرا اکتحالاً قلب تقویت تفریح تنقید قوی ادویہ۔

مضر: گردہ مصدع۔

مصلح: زرشک بہی دانہ۔

بدل:۔ ہم وزن دارچینی اور قسط۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک۔

شناخت:۔ زعفران کے ریشے خالص تیزاب گندھک میں ڈالنے سے فوراً نیلے ہو جاتے ہیں اور بتدریج ارغوانی رنگ میں تبدیل ہوتے آخر کار سرخ ارغوانی ہو جاتے ہیں۔۱۰۰ درجہ سینٹی گریڈ پر خشک کرنے سے وزن میں ۱۴ فیصد سے زیادہ کمی نہیں ہوگی۔زعفران کو تقطیری کاغذ کے دو ٹکڑوں کے درمیان دیا جائے تو کاغذ پر نیم شفاف نیل نما دھبے نمودار نہیں ہوتے۔

کیمیاوی تجزیہ: ایک فیصدی اس میں ایک لطیف روغن ہوتا ہے۔ایک رنگین مادہ کروکین یا زعفران اور ایک بیرنگ تلخ جوہر پکرو کروکین پایا جاتا ہے۔کروکین ایک گلوکوسائیڈ ہے۔اگر کوئی کشید کیا ہوا معدنی تیزاب پانی میں ملا کر اس میں اس کو گھولا جائے تو اس میں سے ایک شکر اور کروسین حاصل ہوتے ہیں۔

زاج

فارسی۔ شب یمانی۔

اردو۔ پھٹکری۔

بنگالی۔ پھٹکپھری۔

لاطینی۔ ایلومن۔ Alumen

انگریزی۔ ایلم Alum

صفات:۔ بے رنگ یا سرخ رنگ شفاف ڈلیاں یا ہشت پہلو قلمیں ذائقہ شیریں اور بعد میں کسیلا۔ایک حصہ دس حصہ پانی میں قابل حل اور ایک حصہ تین حصہ کھولتے پانی میں ایک حصہ تین حصہ گلیسرین میں قابل انحلال۔

مزاج:۔گرم خشک۔

افعال:۔قابض مقی ۔حابسالدم۔منفث بلغم۔دافع شب نوبتی دافع تعفن۔

افعال مخصوصہ:۔امراض جسم رفع رمد جسم لحم زائد وظفرہ۔رحم تحلیل ورم رفع قروح رحم ضرب وسقطہ حبس خون ازشرائیں۔

مضر:۔ریہ معدہ امعاً

مصلح:۔روغن زرد۔شہد خالص۔

بدل:۔

مقدار خوراک:۔۵ سے ۱۰ گرین۔

زرشک

فارسی۔زرک۔زاچ۔زرشک۔

عربی:۔امبرباریس برباریس۔

انگریزی۔ Berreris

صفت وماہیت: چھوٹے چھوٹے گول سرخ ایک پیازی پودے کے پھل ہیں جن کا رنگ بنفشی سیاہی مائل ذائقہ چاشنی دار خوش مزہ ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال:۔مسکن حرارت قاطع صفرا مفرح قابض۔

افعال مخصوصہ: امراض معدہ۔جگر۔حبس اسہال کبدی۔تسکین عطش تقطیع صفرا۔تقویت وتسخین معدہ جگر تفتیح حیض لطیف۔

مضر:۔امزجہ حارہ۔

مصلح:۔شکر سفید۔فرنفل گلی دار۔۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ گرام۔

سرخس

فارسی:۔سرخس

اردو:۔کیل دارد

انگریزی: Male Fern

لاطینی: Filix Mas

علامات:۔ چار پانچ انگشت یا اس سے کم وبیش موٹی گرہیں جو چاروں طرف سے پتوں اور ڈنٹھلوں میں چھپی ہوتی ہیں۔ رنگ زرد سفیدی مائل، ذائقہ مقئی بونا گوار ناک میں چبھنے والی۔

مزاج:۔ حار یابس۔

افعال:۔ قاتل، کرم شکم، خصوصاً کدو دانہ، ملین، طبع مقئی، مخرش، قناۃ غذائیہ۔

مضر:۔ مخرش۔

مصلح:۔ روغن۔

بدل:۔ کمیلہ۔

مقدار: ۱ سے ۳ گرام۔

روغن سرخس الذکر۔

ایکسٹریکٹ آف فلی سس لکوئیڈ۔

مقدار: ۴۵ سے ۹۰ بوند۔

طریق استعمال:۔ رات مریض کو بھوکا رکھیں۔ صبح مقدار مقررہ کو تین حصوں میں تقسیم کر کے ایک ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔ آخری خوراک ۲ گھنٹہ بعد میگنیشیا ۳۰ گرام پانی میں ملا کر پئیں۔ کبھی اس کو تازہ دودھ میں ایمشن بنا کر کلوروفارم واٹر سے معطر کر کے استعمال کریں۔ انڈے کی زردی میں ایمشن عمدہ تیار ہوتا ہے اگر اس کے ساتھ دس، پندرہ بوند آئل ٹرپن ٹائن ملا لیں تو اس کا اثر قوی ہو جاتا ہے۔

فلوسس ہلوس

سفوف سرخس المذکر۔

بھورے رنگ کا باریک سفوف جس کی ہلکی ناگوار بو ہوتی ہے۔

مقدار:۔ ۱۲ گرام سے ۲۰ گرام تک۔

طریق استعمال:۔ رات کو مریض کو بھوکا رکھ کر صبح ۶، ۶ گرام کی پڑیاں ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔ آخری خوراک کے دو گھنٹہ بعد میگنیشیا ۲۵ گرام گرم پانی میں حل کر کے پلائیں۔

سوم کلپا

بنگالی: سوم دلی۔ سوم لتا۔

انگریزی: Ephedra

لاطینی: Ephedra Vulgaris

صفت وماہیت:۔ ایک چھوٹا سا چکنا پودا ہے۔ جس کی شاخیں سبز ونازک اور پھول باریک بلا ڈنڈی، پھل، لمبائی میں نصف انچ اور رنگت سُرخ ہوتی ہے۔ یہ پودا جھاڑی کی مانند ہوتا ہے۔ اس کی جڑ سے متعدد تنے نکلتے ہیں جس سے پتلی نرم ونازک شاخیں پھوٹتی ہیں۔ اس پر پتے نہیں ہوتے۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ مخرج بلغم۔ دافع تشنج۔

افعال خصوصی:۔ ادویہ تشنج۔

مصلح: مکھن، تراشیاء

بدل: ایفیڈرین۔

مقدار: نصف گرام سے ایک گرام سفوف۔ جوشاندہ ۱۲ گرام سے ۲۰ گرام جوہر ۱/۴ گرین سے نصف گرین۔

مضر: خشکی پیدا کرتی ہے۔

سریشم ماہی

فارسی۔ سریشم۔ سریش

ھلام

انگریزی Gelatin

لاطینی Gelatinum

صفات:۔ زردی مائل سفید چپٹے ٹکڑے یا سفوف ہے۔ یہ مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ حابس الدم۔ مقوی۔

افعال خصوصی:۔ صدروریہ۔ دفع نفث الدم وسل۔

مضر:۔ مسدد

مصلح:۔ شیر گاؤ۔ نشاستہ۔

بدل:۔ سریش ماہی۔

مقدار:۔ چار گرام تک۔

ستاور Asparagus racemosus Linn

بنگالی: ست مولی

انگریزی: Asparagus

لاطینی: Asparagus racemosus Linn

صفت و ماہیت:۔ ایک بیل دار پودا ہے جس کا تنا اور شاخیں خاردار ہوتی ہیں۔ اس کے کانٹے تیز اور مڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس کے پتے بالوں کی طرح باریک ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ پر لمبائی میں لکیریں ہوتی ہیں۔ جڑ کا رنگ سفید زردی مائل اور پھول سفید اور ذائقہ شیریں لیس دار ہوتا ہے۔

مزاج:۔ سرد و تر

افعال:۔ مقوی باہ۔ مولد لبن۔ مغلظ منی۔

افعال خصوصی:۔ شدید ملین۔ تکثیر و تولید شیر۔ امراض مخصوصہ۔ تولید و تغلیظِ منی۔

مضر: مصدع۔ مسقط۔ اشتہا۔

مصلح:۔ شہد خالص۔

بدل:۔ حب الصنوبر اور بوزیدان۔

مقدار خوراک:۔ ۷ گرام سے ۱۲ گرام۔

سیماب اور اس کے مرکبات

فارسی۔ سیم آب۔ اردو۔ پارہ۔

انگریزی: Mercury

لاطینی: Hydrargyrum

مرکری

کوک سلور

صفات: چاندی کے مانند براق سفید جو بسہولت چھوٹے ذرات میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ وزن بھاری بو ذائقہ ندارد۔

مزاج:۔ سرد تر۔

افعال خصوصی:۔ معدہ، تقویت قوتِ ہاضمہ۔ جلد تجفیف قروح خارجاً

مضر:۔ حلق، گوش، دماغ۔

مصلح: شیر خالص

مرکبات

مرکری ود چاک Mercury wity chalk

گرے پاؤڈر Grey Powder

صفات:۔ دافع بدہضمی و یرقان ورم لوزتین۔ دافع اسہال اطفال۔

مقدار:۔ ۱ سے ۵ گرین ایک سال کے بچے کے لئے ۱۶/۱ سے ۸/۱ گرین۔

ریڈ آکسائیڈ آف مرکری (زمیق الاحمر) Red Oxide of Mercury

صفات:۔ نارنجی رنگ کا سفوف قوی مخرش ہے اور بیرونی طور پر مرہموں میں مستعمل ہے۔

کروسیو سبلی میٹ Corrosive Sublimate

صفات:۔ سُرخ دانہ دار سفوف۔ Red Iodide of Mercury

افعال:۔ دافع تعفن۔ مزمق سدد، مخرش۔ معدل۔

مقدار خوراک:۔ ۳۲/۱ سے ۱۶/۱ گرین

ییلو مرکیورک آکسائیڈ۔ Yellow Mercuric Oxide

افعال:۔ قاتل جراثیم۔ دافع تعفن۔ دافع سلاق ایک حصہ دوا دو حصہ ویزلین۔

Golden Ointment کے طور آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ صرف خارجاً مستعمل ہے۔

Calomel سفید بھاری بے ذائقہ سفوف

افعال:۔ معتدل مدر صفرا اور بول دافع تعفن، مسہل خفیف۔

مقدار خوراک: ۲/۱ سے ۵ گرین۔

مرسی ِل Mersalyl سفید بے بو سفوف ذائقہ تلخ متانج۔ پانی میں قابل الحل۔

زرافہ سلرگان۔ Injector Salyragan

اس میں ۳ گرین مرسی ِل پاؤڈر ۲/۱۔ اگرین تھیوفیلن ۲ سی سی ڈسٹلڈ واٹر میں عضلی یا وریدی انجکشن کے لئے تیار Neptal آتا ہے۔

مقدار: ۸ سے ۳۰ منم۔

ا سی سی اور ۲ سی سی کے بطور عضلی انجکشن دوسرے دن استعمال کیا جائے۔

مرسی مل اور نپٹال وغیرہ۔

قوی مدرات کے طور پر استسقا کلومی ورئیوی۔

سعدکوفی

عربی: سعدکونی بنگالی: موتھو فارسی: مشک زیر زمین۔

انگریزی: C. Pertenius

صفات و ماہیت: ایک نبات کی گرہ دار جڑ ہے۔ جس کا رنگ سیاہ، ذائقہ تلخ اور خوشبودار ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی قلب ودماغ۔ مقوی اعصاب ومعدہ۔

افعال خصوصی: معدہ۔ تلطیف تحلیل، تقویت معدہ، دفع رطوبات۔

مضر: ریہ حلق۔

بدل: سنبل الطیب

مصلح: انیسون۔ شکر سفید۔

مقدار: ا تا ۳ گرام۔

سکراللبن

عربی: سکراللبن۔

فارسی: شکرشیر۔

اردو: دودھ کی شکر۔

لیکٹوز: Lactose

شوگر آف ملک Sugar of Milk □:

صفت و ماہیت: پھٹے ہوئے دودھ کے پانی سے حاصل کی جاتی ہے۔ سنگترے کی مانند زرد رنگ کا قلم دار سفوف بو خفیف، ذائقہ تلخ نمکین، پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ لیکن ایتھر اور کلوروفارم میں حل نہیں ہوتا۔ ایک حصہ ۷ حصہ پانی اور ایک حصہ ہموزن کھولتے ہوئے پانی میں بھی

حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ہاضم مدر بول۔

افعال مخصوصہ: ہلکا ملین رفع ریاح اسے یوکونین میں ملا کر یا کیلومل میں ملا کر سفوفوں کو باریک کرنے یا ایکسٹریکٹ بناتے ہیں۔ کام میں لاتے ہیں۔ نسخہ۔ یوکونین ایک گرین ملک شوگر دو گرین دن میں تین پڑیاں ایک برس تک کے بچہ کو دے سکتے ہیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام۔

سرپھوکہ

بنگالی: بن نیل۔ ساد بن نیل۔

فارسی: سوفار برگ سوفار۔

انگریزی: Purputta Prunia

لاطینی: Tephrosa Purpura

صفت وماہیت: یہ ایک بنات ہے جس کی شاخیں پتلی اور چھالدار ان شاخوں میں اور باریک شاخیں پھوٹتی ہیں جن پر پتے لگتے ہیں۔ پتے لمبے اور کسی قدر صنوبری شکل کے ہوتے ہیں ہر باریک شاخ پر پانچ سات جوڑے دو صفوں میں آمنے سامنے لگے ہوتے ہیں اور ایک پتا سب سے الگ ہوتا ہے۔ شاخوں پر سفید یا سرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں پتے میتھی کے پتوں کی طرح سبز شاخوں پر خمیدہ پھلیاں لگی رہتی ہیں جن میں باریک باریک چپٹے بیج ہوتے ہیں۔ ہر پھلی میں چار سے چھ تک بیج نکلتے ہیں جن کی شکل گردے کی سی اور اوپر کا چھلکا فال دار ہوتا ہے۔ مغز کڑوا پھلی کا قد دواڑھائی انگلی تک اور پھلی روش دار ہوتی ہے۔

مزاج: گرم وتر۔

افعال: مصفی خون دافع سمیت دافع بخار۔

افعال مخصوصہ:۔ احتراق خون۔ رفع آتشک وفساد خون۔ بواسیر خونی۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: سرد وخشک ادویہ۔

بدل: بعض افعال میں نیل کنٹھی اور بعض میں مہندی۔

مقدار خوراک: سات گرام یا بقدر ضرورت ۱۲ گرام تک۔

سیلی سین

خلاصۃ الخلاف۔

سیلی سن

سیلی سینم

صفات: بعض پودوں کی چھال کا نباتاتی جوہر سے سفید چمکتی ہوئی ریشم کی مانند ملائم قلمیں یا سفوف ذائقہ تلخ بوندارد۔ ایک ۲۸ حصہ پانی میں قابل حل اور اسی قدر الکحل میں بھی حل ہو جاتا ہے۔ ایتھر سے حل نہیں ہوتا۔ سلفیورک ایسڈ سے سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔ ہوا کے مقابلے میں جلانے سے کچھ باقی نہیں بچتا۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: معرق۔ دافع بخار۔ مسکن الم۔ دافع عفونت محرک جگر۔ مخرش۔ مج۔ آج یہ بہت کم استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض ملیریائی بخاروں میں جب کونین کی برداشت نہ ہوتو اسے کونین کی جگہ دیتے ہیں۔ اسے کیپسول میں دینا چاہیے۔

افعال خصوصی:۔ جلد مہیج۔ مخرش۔ جمی۔ دافع معرق۔

مضر: چھینک اور کھانسی لے آتا ہے مضعف قلب۔

مقدار خوراک: تین سے پانچ گرین۔

سنگھاڑہ

بنگالی: پانی کا پھل۔

انگریزی: Indian Water Chest Nut

لاطینی: Ttapantanis

صفت وماہیت:۔ ایک بیل کا خاردار پھل ہے جو تالابوں میں پیدا ہوتی ہے اس پھل کے سر پر دو کانٹے ہوتے ہیں اور بیل پانی میں جتنی اور پھیلتی ہے۔ پتے گول اور پانی پر بچھے ہوتے ہیں۔ پھل تکونیا اور چپٹا ہوتا ہے۔ دو کونوں پر کانٹے ہوتے ہیں۔ سنگھاڑے کا چھلکا بڑا ہوتا ہے۔ پرانا پک کر سیاہ ہو جاتا ہے۔ گودا سفید اور شیریں بعض کا گودا پھیکا بھی ہوتا ہے پک جانے پر ابال کر کھاتے ہیں کچا نرم اور پکنے کے بعد سخت ہو جاتا ہے۔ ہندو پاک اور سری لنکا اور ایران میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: سرد تر۔

خواص: مولد۔ مغلظ منی۔ مقوی باہ۔ مجلہ۔ قابض۔ حابس۔ لثہ ولسان۔ قوت وجلاء امراج حارہ کا دافع۔

مضر: ثقیل دیر ہضم۔ سدد

مصلح: نمک۔ مرچ سیاہ۔ شکر۔

بدل:۔ کتب میں مذکور نہیں۔

مقدار خوراک: پانچ سے ۹ گرام۔

سفیدہ کاشغری

فارسی: سفیداب۔

عربی۔ اسفیداج۔

انگریزی: Carbonate of Lead

لاطینی: Plumpi Carbonas

صفت وماہیت:۔ یہ ایک سفید رنگ کا وزنی سفوف ہے جسے رانگ اور سیسے اور جست سے بطور احتراق وتعفین بناتے ہیں سب سے بہتر وہ ہے جو رانگ کا بنایا ہوا اور نرم اور بہت سفید ہو اور غسول مستعمل ہے۔ ذائقہ کسیلا اور شور ہوتا ہے اس کے تیار کرنے کی ترکیب رانگ اور سیسے اور جست سے تیار کرنے کی طبی کتب میں مذکور ہیں۔

افعال: حابس الدم۔ مجفف۔ مذمل۔ مسکن مبرد۔

افعال مخصوصہ: امراض امعاً اندمال قروح۔ جلد خارجاً۔ جلد اندمال قروح اکل خارجاً۔

مضر: مورث خناق۔

مصلح: بادیان۔ شہد خالص۔ مدرادویہ۔

بدل: خارجاً مستعمل ہے۔

سنگ سرماہی

عربی: حجرالسمک۔ حجرالحوت۔

صفت وماہیت: یہ چھوٹے چھوٹے سفید چمک دار چپٹے بیضوی قسم کے پتھر ہیں جو ایک خاص قسم کی مچھلی کے سر میں سے نکلتے ہیں۔ یہ مچھلی ایک بالشت سے دو بالشت تک لمبی ہوتی ہے اور اسے پتھر چٹہ کہتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مفتت حصاۃ۔ مدر۔ مسکن۔

افعال مخصوصہ: امراض گردہ ومثانہ۔اند مال۔ادرار۔مفتت حصاۃ۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: شیر گاؤ۔

بدل: حجرالیہود۔

مقدار: ایک گرام۔

سنکونا

سنکونا: Cinchona Bark

سنکونی کارٹکس Cinchona Cortex

اس کے درخت کئی قسم کے ہوتے ہیں مگر زیادہ تر سنکونا کی جڑ درخت کے تنے اور شاخوں کی خشک کی ہوئی چھال کام میں لاتے ہیں۔طول میں چند انچ سے ایک فٹ یا زیادہ اور چھال بذات خود موٹائی میں ایک انچ کے دسویں حصے سے چھوتھائی حصے تک شاذ ونادر زیادہ بھی۔ بیرونی سطح کم وبیش کھردری اس پر آڑھی لکیریں رنگت بھوری سرخی مائل اندر کی طرف سرخ بناوٹ ریشہ دار۔بڑے ٹکڑے باریک ریشہ دار سفوف کی رنگت بھوری یا بھوری مائل سرخ بوندار وذائقہ تلخ اور بکسا۔

مقام پیدائش: بھارت کے باغات میں بھی ملتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص: مقوی قابض دافع امراض نوبتی۔

افعال مخصوصہ: معدہ۔مقوی۔قابض۔امراض نوبتی واقع ہمراہ اسہال پیچش۔جوشاندہ۔مقوی۔

کیمیاوی صفات: اس میں چار الکلائیڈس کونین بصورت ہائڈریٹ سنکونین کو نئے ڈین سنکو نے ڈین نین ایسڈس ڈنک یا کوئی نک ایسڈ جو بیز دایک ایسڈ کے مشابہ ہوتا ہے۔کائنوایک ایسڈ۔ایک گلوکوسائیڈ کانکورین جو بآسانی کائنورک اور گلوکوز میں متفرق ہو جاتا ہے۔ایک رنگین جزو جس کو سنکونا ریڈ کہتے ہیں جو پانی میں حل نہیں ہوتا۔ایک والے ٹائل جس کی وجہ سے چھال میں خفیف سی بو ہوتی ہے۔

مضر: جی متلانا،قبض اور دردسر پیدا کرتا ہے۔نقیضات ایمونیالانم واٹر مئے لک یعنی معدنی سالٹ اور جیلے ٹن۔

بدل: چرائتہ کونین۔

مقدار خوراک: دس گرین۔

ایکسٹریکٹ آف سنکونا۔ Extract of Cinchona

افعال: دافع بخار۔ مقوی معدہ۔

مقدار: ۲ سے ۸ گرین۔

ٹنکچر آف سنکونا۔ Tincture of Cinchona

مقدار: ۲ را سے ایک ڈرم۔

نقوع سنکونا Infusion of Cinchona

مقدار:۔ ۱۶ گرام سے ۲۰ گرام۔ ڈیڑھ اونس سے ایک اونس۔

سورنجان Codchicum autumnale Linn

سورنجان حلو اصابع برس الحلاج۔

فارسی: سورنجان شیریں۔ زعفران مرغرار۔

اردو: سورنجان شیریں۔

انگریزی: کالچیکم Colchicum

میڈوسیفرن۔

لاطینی۔ Colchicum Autumnale Linn

صفات: یہ ایک نباتات کی جڑ ہے جس کا پھول زعفران کے پھول کی طرح زرد سفید۔ جڑ گرہ دار گاؤ دم ایک طرف سے چپٹی دوسری طرف سے محدب۔ پتوں میں ایک رطوبت ہوتی ہے جو ہاتھوں سے چپکتی ہے۔ بیرونی چھلکا نہایت باریک و بھورا اور اندرونی چھلکا سرخی مائل زرد۔ مغز سفید ذائقہ تلخ بوندارد۔

مزاج:۔ تیسرے درجے میں گرم خشک۔

افعال خواص:۔ مسہل مواد بلغمیہ۔ مقوی باہ مسکن۔

افعال مخصوصہ:۔ اوجاع اعضا۔ طاہرہ شیریں تحلیل تلطیف جذب اخلاط لزجہ۔ رفع درد مفاصل۔

مضر:۔ معدہ جگر۔

مصلح:۔ فلفل سیاہ۔ زنجیل زعفران۔

بدل:۔ سفوف ہموزن۔ افتیمون ۳ را مزیق سفید ۱۰ را حصہ۔

سورنجان تلخ Colchrcum Leuteum Linn

عربی:۔سورنجان مرلحلاح المر۔

انگریزی: Colchicum

لاطینی: Colchicum Leuteum Linn

صفت وماہت: چھوٹا سا پیڑ جس کی جڑ پتلے ریشے کے گچھوں پر مشتمل ہے جس پر ایک گرہ اور گرہ سے لمبے لمبے پتے نکلتے ہیں جو پھول نکلنے سے قبل گر جاتے ہیں گرہ کو جون کے آخر میں کھود کر اس کے اوپر کے طبق کو نکال کر اور آڑے بل تراش کر ایسی حرارت سے جو ۱۵۰ درجہ سے زیادہ نہ ہو۔خشک کر لیتے ہیں۔تازہ گرہ طول میں ڈیڑھ انچ اور چوڑائی میں ایک انچ ایک جانب سے چپٹی اور دوسری جانب سے گول اور اس پر دو طبق ہوتے ہیں اوپر کا چھلکا پتلا اور بھورا اور اندر کا زرد سرخی مائل اندر سے گرہ سفید ثقیل اور مغز دار ہوتی ہے۔کاٹنے سے سفید دودھ کی مانند تلخ اور خراشدار رس نکلتا ہے۔رنگ مائل بہ سیاہی یا مائل بہ زردی ہوتا ہے۔ذائقہ تلخ۔بیج گولائی لئے ہوئے قطر میں ایک انچ کا دسواں حصہ بہت سخت اور بھورے سرخی مائل ہوتے ہیں۔بوندارد۔ذائقہ تلخ وخراشدار۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص: محلل اورام مسکن۔جدید دواؤں میں نقرس کے لئے مستعمل ہے۔

افعال مخصوصہ: تحلیل ورم۔تسکین درد خارجاً

مضر: ضعیف مریضوں میں اس کے استعمال سے پرہیز کرائیں۔

مصلح: جوہر مازو۔برانڈی۔چائے۔قہوہ۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام۔

کیمیاوی صفات: اس میں کال چیس سورنجان، جوہر سورنجان، ایک جوہ ۴۵ فیصدی نہایت قلیل مقدار دلیری لٹرین (۳) فکسڈ آئل اور گم (گوند) شکر (شوگر) اور سکارچ،نشاستہ،وغیرہ اجزاء ہوتے ہیں۔نقیعات ٹنکچر آف آیوڈین ٹنکچر آف کوائے نگم انگم اور دیگر قابض مرکبات۔

سداب

بنگالی:۔ اسپند متلی۔

عربی:۔تیجن زمزی۔

انگریزی: Gradenrue

صفت وماہیت: ایک نبات ہے جس کی بلندی دو گز تک ہوتی ہے بستانی پہاڑی اور جنگلی تین اقسام کی ہوتی ہے سب سے بہتر بستانی ہے

پتے چھوٹے نہایت بدبودار اور املی کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں ساتھ چھوٹی اس کی نہایت بڑی بڑی شاخیں لگتی ہیں ان شاخوں پر بہت سی چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں ہوتی ہیں جس کی انتہا پر چھوٹے چھوٹے سر لگے ہوتے ہیں۔ پیڑ پر غبار کسی قدر سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پھول زرد۔ مزہ۔ تلخ۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ کاسر ریاح مقوی معدہ۔ مسخن مدبول دافع سمیت مجفف۔

افعال مخصوصہ۔ امراض معدہ جگر مرگ معدہ تحلیل تفتیح رفع درد بلغمی مقعد مثل معدہ اوجاع تحلیل ریاح، تفتیح سدد اخراج فضول مقعد۔ مثل معدہ اوجاح تحلیل تفتیح درد بلغمی۔

مضر۔ محرق اخلاط۔ مصدع

مصلح: سکنجبین۔ انیسون۔

بدل:

مقدار خوراک:۔ ۱ ۱/۲ سے ڈیڑھ ماشہ بعض کے نزدیک تین سے پانچ ماشے۔

سنبل الطیب Valeriana Officinalis Linn

فارسی: سنبل الطیب

پنجابی: بلی لوٹن۔

انگریزی: Valerian Rhizoma

لاطینی: Valerian Rhizoma

صفات:۔ ایک نبات ہے انگلی برابر یا کم وبیش جس میں نہ پھل آتا ہے نہ پھول۔ بے شمار ریشے لگے ہوتے ہیں جڑ اس کی ذرا سخت ہوتی ہے دو قسم کی ہوتی ہے ایک سیاہ دوسری سرخ۔ سیاہ زیادہ خوشبودار ہوتی ہے۔ بہتر وہ ہے جو تازہ ہو اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہو۔ خوشبو تیز اور کافوری اور کسی طرح ناگوار نہ معلوم ہو۔ بال چھوٹی ہو۔ ذائقہ تلخ۔

افعال: ہاضم دافع تشنج۔ کاسر ریاح مدر طمث۔ مقوی اعصاب منقی بدن۔

افعال مخصوصہ: امراض معدہ جگر معدہ تقویت وتسخین معدہ جگر۔ تفتیح۔ تحلیل ادرار۔ سر تقویت۔

مضر: گردہ۔

مصلح: طباشیر۔

بدل: ۔ڈیڑھ گنا ازخرمکی ہموزن تیز پات وپوست بیخ کبر اور سنبل رومی۔

مقدار: نصف سے چار گرام۔

AMMONIATED TINCTURE OF VALERIAN

مقدار: ۳۰ سے ۶۰ بوند۔

افعال: کاسریاح دافع تشنج۔مدر بول وحیض۔

زنک ویری اینٹ۔ Zonic Valerianate

افعال: مقوی اعصاب دافع تشنج دافع اختناق الرحم۔

مقدار: ۶۰ ملی گرام سے ۱۸۰ ملی گرام سے ۳ گرین۔

سماق Rhus Coraitia

فارسی: تمتم۔ تتری۔

عربی: سماق۔سماق الاباغین،عقرب۔

انگریزی: Sumash

لاطینی: Rhus Coriatia

صفت وماہیت: یہ ایک درخت کا پھل ہے جو دو گز تک بلند ہوتا ہے۔بعض کے خیال میں انار کے برابر ہوتا ہے۔پتے لمبے اور مائل بسرخی ہوتے ہیں اور ان پر رواں ہوتا ہے کنارے آری کے دانتوں کیطرح کٹے اور پھول چھوٹا پھل خوشوں کے اندر ہوتے ہیں۔پھل مکو کے پھل کے برابر مگر چپٹا مسور کے دانے کی طرح ہوتا ہے۔پھل ایک پوست جس کا مزہ ترش ہوتا ہے۔پھل جتنا پکتا ہے ترشی بڑھ جاتی ہے پھل کا عصارہ نکال کر خشک کر کے بھی کام میں لاتے ہیں۔گردہ پھل ہی مستعمل ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مسکن مقوی قلب۔مقوی معدہ۔قابض۔حابس۔

افعال خصوصی: امراض معدہ۔جگر، گردہ تقویت معدہ، رفع سیلان خون قے واسہال صفرادی۔

مضر: معدہ۔جگر سرد۔

مصلح: انیسون مصطگی رومی۔

بدل: سرکہ اقاقیا۔اسارون۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۷ گرام۔

سوھانجنہ (سہانجنہ)

بنگالی: نجنہ۔ بجنہ۔ ماد سجنے۔

انگریزی: Horse Radish Tree

لاطینی: Guilamdina Moranga

صفت:۔ یہ بیس فٹ سے اونچا ہے جس کا تنا سیدھا اور گولائی میں چار پانچ فٹ ہوتا ہے اس میں بڑی بڑی شاخیں لگتی ہیں چھال بھورے رنگ کی ہوتی ہے اس میں گہری دراڑیں ہوتی ہیں۔ پتے املی کے پتوں کی طرح مگر اس سے بڑے ہوتے ہیں۔ زرد سفید سرخ تین قسم کے پھول آتے ہیں پھولوں سے شہد کی طرح تیز خوشبو آتی ہے۔ پھلیاں ۹ سے ۱۰ انچ تک لمبی لٹکی ہوتی ہیں۔ انگلی کے برابر موٹی ان میں سے تکونے تخم نکلتے ہیں ذائقہ تلخ۔ لکڑی سے نیلا اور سو تولہ بیجوں میں سے ۳۶ تولہ صاف تیل نکلتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: محلل ریاح۔ مدر بول۔ ہاضم۔ مسکن۔ مفتت حصاۃ گردہ و مثانہ مشتہی۔ مقوی اعصاب۔

افعال مخصوصہ: ورم۔ تحلیل گرہ مفتت حصاۃ و مدر معدہ۔ کاسر ریاح۔ قاتل دیدان مشتہی۔ ویدک میں استسقا میں مفید ہے۔

مضر: اچار آنکھ مضر ہے۔ مضعف قلب۔

مصلح: اچار کی سیم۔ باقی نارنگی۔

بدل: نامعلوم۔

مقدار خوراک: تخم ایک گرام۔

سنگ بصری

بنگالی: کھابر۔

فارسی: سنگ بصری۔

عربی: حجر الکحل۔

انگریزی: Black Jack - Zinc Ore

لاطینی: Zinc Sulphide

صفت و ماہیت: سیسہ کے کان کی خاک و سنگ ریزوں سے تانبا اور سیسہ اکٹھا کرتے وقت بھٹی کے دود کش میں دھوئیں کے جم جانے

سے تیار ہوتا ہے۔ جدید طریق سے بھی جست پر گندھک کا تیزاب ہلکا محلول ڈال کر ڈالتے ہیں۔ اور ابال موقوف ہونے پر چھان کر دھیمی آنچ دیتے ہیں جبکہ اس پر جھانی دکھائی دیتی ہے۔ تب اس کو چھان کر دھیمی آنچ دیتے ہیں اور چھانی آنے پر اتار کر رکھ لیتے ہیں اور اس طرح قلمیں بند جاتی ہیں۔ ذائقہ کسیلا اور تلخ بے بو ہوتا ہے رنگ خاکستری۔

مزاج: سرد خشک

افعال: مقوی بصر مجفف۔ قابض مقوی اعصاب۔

افعال مخصوصہ: امراض چشم۔ تقویت روح باصرہ۔ حفظ صحت چشم ردع مجفف قروح خماداً

مضر: سدہ پیدا کرتا ہے۔

مصلح: شہد۔

بدل: شادنج اور اقلیمیائے فضہ شہد خالص۔

مقدار خوراک:۔ نصف سے ایک گرام۔ زیادہ مقدار میں قے آور ہے۔

ست گلو

صفت و ماہیت: گلو کا نشاستہ ہے۔ سفید اور معمولی تلخ ہوتا ہے۔ یہ تازہ گلو سے اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ تازہ گلو کو دھو کر کوٹ کر تھوڑا سا صاف پانی ملاتے ہیں اور پھر نچوڑ کر گاڑھا پانی علیحدہ کرتے ہیں۔ پانی مٹی یا چینی کے برتن میں ڈال اس پر کپڑا باند دیتے ہیں۔ خشک ہونے پر محفوظ کر لیتے ہیں۔ پانی کو آگ پر جوش دے کر بھی خشک کر کے تیار کر لیتے ہیں مگر اول الذکر بہتر ہے ایک اور طریق بھی ہے کہ تازہ گلو کو دھو کر اور چیر کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے رات بھر پانی میں بھگوئیں پھر مل کر صاف کریں اور دھوپ میں خشک کر لیں۔

مزاج: سرد۔

افعال: دافع بخار مقوی۔ قاطع صفرا۔

افعال مخصوصہ: حمی رفع حمیات۔ مزمنہ۔

مضر: اس میں کوئی خاص ضرر نہیں۔

مصلح: تباشیر۔

بدل: گلو۔ مقدار: نصف سے ایک گرام۔

سنگدانہ مُرغ Gallus gallus Linn

فارسی: چینہ دان۔

عربی: قابضہ شانک۔

انگریزی: Gizzard.

ماہیت: یہ معدہ اور آنتوں سے علیحدہ چیز ہے۔ پرندہ جو دانہ نگلتا ہے۔ پہلے سنگدانہ میں نرم ہو لیتا ہے پھر پوٹے میں ہو جاتا ہے۔ سے معدہ کہتے ہیں۔ سنگدانہ کو چیرنے پر اس میں کبھی کبھی کنکریاں اور پتھریاں کانچ کے ٹکڑے ملتے ہیں۔ سندانہ بہت سخت گول اور چپٹا ہوتا ہے۔ گھڑی کی سی وضع رکھتا ہے۔ رنگ اوپر سے کلیجی کا سا اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

مزاج: اس پرندہ کے مطابق جس کا ہو۔

افعال: قابض۔ مقوی معدہ مقوی امعاً۔

افعال مخصوصہ: کبد دافع۔ ضعف کبد معدہ تقویت قابض۔

مضر: قولنج کا مورث ہے۔

مصلح: سرکہ نمک۔

بدل: ایک طائر کا دوسرے طائر کا بدل ہے۔

مقدار: ایک گرام۔ معجون سنگدانہ مرغ مشہور قرابادینی مرکب امعاً اور معدہ کی تقویت وقبض کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

سقمونیا

سقمونیا۔ محمودہ۔

سیکونی ریزن Scammony Resin

صفات: ایک بنات کا رس ہے بھورا سیاہی مائل، آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے اس کا پیڑ تین چار گز تک بلند۔ اس کی شاخیں زمین پر بچھی ہوتی ہیں۔ شاخوں پر رطوبت ہوتی ہے جو ہاتھوں کو لگنے سے چمکتی ہے۔ شاخیں بڑی گرا ہدار اور نرم ہوتی ہیں۔ پتوں کی وضع عشق پیچہ کی سی پھول سفید گول اور اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں بو تیز اور ناگوار جڑ سے مختلف طریق سے حاصل ہوتی ہے۔ ولایتی سقمونیا صاف شدہ بتیاں ہیں۔ ذائقہ بنفشی خفیف کسیلا۔ خالص زرد رنگ ہاتھ سے جلد چورا ہو جاتا ہے۔

افعال: مسہل قوی۔ مدر صفرا۔ قاتل دیدان ومخرج دیدان۔

افعال مخصوصہ: اسہال۔ اخراج بلغم وصفرا۔

مضر: مکرب۔ مضر قلب واحشاً۔

مصلح: گلاب خالص۔

بدل: ڈیوڑھا ایلوا اور نصف وزن ہلیلہ زرد۔ درخت گلا چیں کی چھال۔

مقدار: ۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک۔

سقمونیا مرکب: Compound Power of Scammony

زنجبیل ۱۲ گرام۔ سقمونیا ۵۰ گرام سفوف بنا کر نصف سے دو گرام تک استعمال کریں۔

سیندور

بنگالی: سیندور

فارسی: شنگرف۔ راولی۔ سندریس۔

عربی۔ اسرنج اسرج۔ استرنج۔

انگریزی: Red Oxide of Lead

لاطینی: Plumbum Oxidum

صفت وماہیت: یہ زردی مائل سرخ سفوف جو وزنی ہوتا ہے رانگ اور سفیدے سے بناتے ہیں۔ پسے ہوئے شنگرف سے رنگت میں سرخ مگر اس سے مشابہ بدمزہ اور بدبودار مثل میدا کے پسا ہوا جو آگ میں نہ جلے زیادہ بہتر ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: قاتل دیدان۔ حابس الدام۔

افعال مخصوصہ: امراض جلد رفع ناسور جلد تنقید اندمال قروح خارجاً

مضر۔ سم قاتل۔

مصلح: موم۔ روغن کند۔

بدل: جند بید ستر وقطران۔

مقدار خوراک:۔ صرف خارجاً مستعمل ہے۔

سلاجیت STONELAC - ASPHALT

بنگالی: شلاجتو۔ عربی: حجرالموسیٰ

انگریزی: StoneLac - Asphalt

لاطینی: Styrax Praepratus

صفت وماہیت: یہ ایک قسم کی سیاہ منجمد رطوبت ہے جو گرمیوں میں پہاڑوں میں دھوپ سے تراوش پاکر منجمد ہوجاتی ہے ایسے پہاڑ جن میں سیسے تانبے سونے چاندی لوہے کی کانیں ہوتی ہیں۔ رنگ سیاہ ذائقہ پھیکا اور قدرے تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مغلظ منویہ۔ مقوی گردہ ومثانہ۔

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ مقوی باہ واعصاب واعضاً۔

مضر۔ گرم مزاجوں اور پھیپھڑوں کو۔

مصلح: مصطگی رومی کشنیز۔

بدل: جند بیدستر وقطران۔

مقدارخوراک:۔ ۵۰۰ ملی گرام۔

سیوتی Hibiscus Rosa-srensis Linn

بنگالی: شےاُتی۔ **فارسی:** گل مشکیں۔ **عربی:** گل نسرین

انگریزی: China Rose

صفت وماہیت: مشہور درخت ہے بستانی اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہے۔ بستانی کا پھول سفید بعض زعفرانی اور بعض زرد وصندلی مائل ہوتا ہے۔ ہزارہ اور گلسرخ کے پھول کی طرح مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کے عرق میں خوشبو کم آتی ہے بخلاف اس کے جنگلی کا پیڑ گلسرخ کے پیڑ کے مشابہ اور خاردار اور بستانی کے پیڑ سے کسی قدر بڑا ہوتا ہے۔ پھول کے بعض حصے کا رنگ سفید بعض کا زرد بستانی کے پھول سے بڑا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: عموماً گل مستعمل ہے۔ مفرح قلب محلل اورام۔ محلل ریاح ملطف۔

افعال مخصوصہ: امراض لثہ ولسان گل قلب۔ تحلیل تلطیف اور تقویت تفریح۔ گل سوختہ۔ رفع حرقت تسکین درد تجفیف قروح۔

مضر۔ دماغ امزجہ حارہ۔

مصلح: گل سرخ روغن بادام۔

بدل: نرگس کا پھول یا چنبیلی کا پھول۔ اس کے پھولوں کی گلکند اور تیل بھی تیار کیا جاتا ہے۔

سنا cassia senna Linn

سنا برگ سنا۔ بنگالی۔ سونا مکھی۔

سنا فولیم۔ Sennae Folium

سنا لیوز۔ Senna Leaves

مقام پیدائش: حجاز۔ مدراس۔ سندھ۔ گجرات۔ یوپی۔ بمبئی میں موسم ربیع میں بوئی جاتی ہے۔

صفات وماہیت: سناء مکی کا پتا پون انچ سے کسی قدر زیادہ نشتر کی شکل یا کسی قدر بیضوی نوکدار نیچے کی جانب کا کنارہ غیر مساوی ثابت پتلا اور کڑکہارنگ میں خفیف زردی لئے ہوئے نیچے کی سطح پر نہایت باریک رونگٹے اور قریب قریب بالکل صاف بو مخصوص ہلکی اور چائے کی مانند اور ذائقہ گوند کا سا اور متلی لانے والا ہندوستانی سنا کا پتا اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اس کی اور بھی اقسام ہیں جن میں کچھ فرق ہوتا ہے۔ پاکستان میں سکھر کی سناء استعمال ہو رہی ہے اور بہتر نتائج لا رہی ہے۔ دکاندار اسی کو سناء مکی کے نام سے فروخت کر رہے ہیں۔

افعال: مسہل۔ مسکن۔ مقی۔ دافع حمیٰ

افعال مخصوصہ: اسہال۔ اخراج اخلاط غلیظ وثلثہ۔

مضر۔ مکرب۔

مصلح: گل سرخ۔ روغن بادام۔

بدل: ہموزن شاہترہ یا سفوف دو تہائی ہلیلہ زرد۔ مکی کی قائم مقام سناء سکھری۔

مقدار خوراک: ۔ دوگرام تک۔

مرکبات: معجون سنا Confection of Senna

افعال: مسہل۔ مقدار: ۲ سے ۴ گرام۔

شربت سنا۔ Syrup of Senna ملین ہے مقدار: ۲ سے ۴ ملی لیٹر۔ سفوف سنا مکی دو سے چار گرام مستعمل ہے چرند سیاہ۔ بلیک

ڈرائٹ Black Draught

مقدار خوراک: ۔ ۲ سے ۴ گرام۔

سپستان CARDIA ANGUSTI

بنگالی، بہوبار۔ جاتی۔ فارسی، سپستان۔ عربی۔ سفستان دلق بادنق محاطہ

انگریزی۔ NARROW LWAVED SUPISTAN

لاطینی CARDIA ANGUSTI

صفت وماہیت: یہ قریب قریب اوسط درجہ کے بیر کے برابر ایک درخت ہے دوقسم کا ہوتا ہے زردی مائل سرح رنگ خشک ہونے پر مٹیالے نوکدار جھریدار ہوتے ہیں ذائقہ پھیکا خام حالت پختہ ہونے پر شیریں ہو جاتا ہے درخت ۳۰ ۴۰ فٹ لمبا تنا چھوٹا سیدھا کچھ مڑا ہوتا ہے چھوٹی چھوٹی شاخیں سرخی مائل ہوتی ہیں اس کے چھوٹے پتے چکنے ہوتے ہیں اس پر سفید رنگ کے پھولوں کے گچھے اور زرد رنگ کے پھلوں کے گچھے لگتے ہیں پھل پکنے پر سرخی مائل بھورے ہو جاتے ہیں۔ ان کا چھلکا موٹا اور چمکدار گودے سے بھرا ہوتا ہے اس کی گٹھلی میں ایک دو دانے ہوتے ہیں اور اس میں ہینگ ہوتی ہے۔

مزاج: معدل۔

افعال: مسکن منقی محلل۔ مزلق

افعال مخصوصہ: امراض صدر ور یہ تلیین صدر۔ رفع سعال یابس تصیفہ صوت برگ زرد۔ الضاج بلغم۔ رفع سعال یابس۔

مضر: معدہ جگر

مصلح: عناب برگ گل سرخ۔

بدل: خطمی یا عناب

مقدار: نو ۹ تا ۱۱ گیارہ دانہ

سرس

بنگالی۔ سریش گاچھ جنگا سرز۔ فارسی۔ درخت ذکریا۔ عربی۔ سلطان الاشجار

لاطینی ALBEZIA AMARA

انگریزی ACACIA SPECIOSA

صفت: یہ ایک بہت بڑا درخت ہے جس کی بلندی ۴۰ سے ۶۰ فٹ تک ہوتی ہے اس کا تنا بہت چھوٹا ہوتا ہے اس کی چھال آدھ انچ موٹی دھندلے یا بھورے رنگ کی اور اس میں بہت سی چھوٹی دراڑیں ہوتی ہیں اس میں خوشبودار سفید پھول لگتے ہیں اس کی پھلیاں ۸ سے ۹ انچ چوڑی اور پتلی ہلکے پیلے رنگ کی ہوتی ہے جس میں ۸ سے ۱۲ تک بیج نکلتے ہیں اس کے پتے سبز اور بیج بھورے سرخی مائل اور ذائقہ تلخ

ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک

افعال: جالی مقوی۔ مغلظ منی۔ مقوی باہ

افعال مخصوصہ: برگ سبز امراض لثہ ولسان ودواندن تسکین وردتقویت وندان ولثہ تخم لثہ قبض تقویت فربہ وسقط

مضر: ناقہین امزجہ یابسہ۔

مصلح: روغن اور نبات سفید۔

بدل: تخم ترہ تیزک اور رائی سفید

مقدار خوراک: تخم دو یا چار گرام۔ ۵ تا ۷ گرام۔

سیکران

بیج سیکران۔ فارسی: بنگ دیوانہ۔ اردو: اجوائن خراسانی۔ عربی میں بزرالبنج بنگالی میں بھریاں خراشانی۔ سندھی میں جان خراسانی۔ سنسکرت میں بدرکارٹی۔

انگریزی: HYOSCYNMUS

لاطینی: HYOSCYAMI

صفات: یہ بیج نامی ایک چھوٹے سے پودے کے بیج ہیں جو خودرو بھی ہے اور باغات میں بھی بویا جاتا ہے۔ پتے بہت دبیز ہوتے ہیں طول مختلف بعض دس انچ تک بھی لمبے ہوتے ہیں ڈنٹھل یا بغیر ڈنٹھل کے ہوتے ہیں شاخیں رونگٹے دار رنگت سبز ذائقہ قدرے تلخ اور خراشدار تھوڑا سا تند و تیز اجوائن سے کسی قدر مشابہ عام طور پر تیز اور بھاری بو کچھ معمولی اجوائن کی ہوتی ہے شاخوں پر باریک رواں۔

مزاج: سرد خشک

افعال: مخدر۔ رفع درد معدہ۔ امراض مخصوصہ امساک تغلظ منی

مضر: دماغ

مصلح: شہد خالص افیون

بدل: افیون۔ اجوائن دیسی اور خشخاش سیاہ

مقدار خوراک: ایک گرام تک۔

سم الفار ARSENIC

فارسی: مرگ موش۔ عربی سم الفار۔ ہندی سنکھیا۔ گجراتی شوبل کھار۔ پنجابی چٹا پتھر۔

لاطینی ACIDUM ARSENIOSUM

انگریزی ACIDUM.ANHYDRIDE

آرسینی اس ایسڈ ARSENIOUS ACID

وہائٹ آرسینک WHITE ARSENIC

ماہیت: معدنی سنکھیا گندھک سرمہ سیاہ اور سونا مکھی کے ساتھ کانوں سے برآمد ہوتا ہے۔ خالص حالت میں بہت کم ہوتا ہے کان سے نکال کر آنچ دینے سے گندھک سرمہ وغیرہ پگھل کر الگ ہو کر سنکھیا کا حصول ممکن ہوتا ہے جسے کھلی ہوا میں رکھنے سے ٹھنڈا ہو کر جم جاتا ہے اس کا ذائقہ کوئی نہیں ہوتا۔

اقسام: اس کی کئی اقسام ہیں: (۱) بلوریں (۲) دودھیا۔

یہ چار رنگوں میں دستیاب ہے: سفید، زرد، سرخ، سیاہ۔

صفات: بڑے بڑے طبق دار ٹکڑے یا شفاف ڈلیاں عرصہ تک رکھنے سے دانہ دار میلی ہو جاتی اور اس پر تہ جم جاتی ہے پانی میں بہت کم حل ہوتی ہے کئی قسم کی ہوتی ہے۔ سفید سیاہ۔ سرخ زرد وغیرہ

انحلال: سو حصہ سرد پانی میں دانہ دار سنکھیا گیارہ حصہ اور ڈلیدار نو حصہ حل ہوتی ہے۔ سرخ کوئلہ پر ڈالنے سے لہسن کی سی بو آتی ہے۔

مدت: ستر برس تک اس کی قوت باقی رہتی ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: محلل، دافع بخار، مصفی کا وی

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ تخلیل تقویت باہ جذب رطوبات تعظیم ذکر تفریح جار جا

مضر: زہر قاتل

مصلح: روغن زرد کتھا

بدل: دوسری اقسام ایک دوسرے کا بدل ہیں

مقدار: ۲ ملی گرام۔

مرکبات: فولرس سلوشن FOWLER'S SOLUTION

لائکوآرسینی کیلس LIQUOR ARSENICALIS سرخی مائل جس سے مدر جیسی بو آتی ہے کیفیت کھاری

مقدار: ۲ سے ۸ منم

افعال: معدل دافع امراض نوبتی مقوی اعصاب۔ مصفیٰ خون مدر طمث

سجی

بنگالی۔ساجی کھار

فارسی:اشخار

عربی۔نظرون

انگریزی۔ SODIUM CARBONATE

صفت و ماہیت: یہ سفید اور سیاہ دو قسم کی کھار ہے جو اشنان وغیرہ بوٹیوں کو جلا کر حاصل ہوتا ہے جلانے پر رطوبت نکل کر یہ جم جاتی ہے۔
رنگ بھورا مائل سیاہ وسفید۔ذائقہ تیز شور سا ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: اکال۔ہاضم۔منفث بلغم

مضر: ایک ۴۰۰ ملی گرام قاتل ہے اور نہایت مضر

مصلح: گھی دودھ اشیائے چرب اور قے اور ادویہ

بدل: طبی کتب میں تا حال نہیں ملا

مقدار: ۱۰ ملی گرام۔

سمندر سوکھ

سنسکرت۔ ہندی۔سمدرپات۔ پنجابی۔گگلی۔سندھی میں کنڑو۔

انگریزی ARGY POISPECIOSA

لاطینی CONVOLVULUS

صفات: یہ رائی کے دانے کے برابر بلکہ اس سے بھی چھوٹے سیاہ رنگ اور چکنے بیج ہیں بہت بڑی بیل ہوتی ہے اس کی شاخوں اور پتوں کے نیچے سفید نرم ریشمی روئیں ہوتے ہیں پتے برگ تنبول کی طرح نوک دار بارہ انچ لمبے ہوتے ہیں اکثر اتنے چوڑے اور ضخیم ہوتے ہیں کہ ان کی پشت بہت سی رگیں چمکتی ہیں۔دوسری جانب سبز ہوتے ہیں پھول دھتورے کے پھول کی طرح اور اس سے چھوٹا اندر سے ال

کارنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور باہر سے سفید اور چکنا مخمل کی طرح روئیں دار پھل مخمل کی طرح اور پانچ اور قوت پستا ہوتا ہے۔ جس میں چار بیج ہوتے ہیں ان بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے ذائقہ اس کا پھیکا ہوتا ہے

مقام پیدائش: ہندو پاک

مزاج: پہلے درجے میں سرد و تر

خواص: تخم: مسکن مغلظ منی

افعال خصوصی: امراض مخصوصہ مردان تعلظ منی امساک۔ رفع جریان وسوزاک

مضر: دیر ہضم

مصلح: شہد خالص

بدل: تخم سروالی

مقدار: ۳ گرام۔

سنگ جراح SOAP STONE

فارسی۔ شکر سنگ۔ سنگ زخم

انگریزی۔ SOAP STONE

لاطینی SILICATE OF MAGNESIA

صفت و ماہیت: یہ ایک قسم کا سفید قدرے وزنی ہلکا پتھر ہے نیلگوں زیادہ بہتر ہوتا ہے چونکہ زخموں میں بھی کام آتا ہے اس لئے اس کا نام سنگ جراحت رکھ دیا گیا۔

مزاج: سرد خشک

افعال: حابس الدم قابض مجفف مجلد

افعال مخصوصہ: امراض لثہ و سان۔ رفع قلاع مخفیف جس دم۔ صدر رور یہ تجفیف قروح جس دم

مضر: امراض مثانہ

مصلح: روغن شکر

بدل: گیرد

مقدار خوراک: ۲ سے گرام

سمندر جھاگ

بنگالی ۔سمندر پھنیا۔ فارسی ۔کف دریا۔ پنجابی سمندر جھگ ۔

عربی، زبد البحر

انگریزی CATTLE FISH BONE

لاطینی SADIA OFFICFNALIS

صفت وماہیت: یہ ایک بحری جانور کی پیٹھ کی اوپر کی ہڈی ہے جو کہ بحیرہ قلزم اور آبنائے فارس میں ملتی ہے یہ جانور ایک بالشت کا ہوتا ہے اس کے شکم تلے چپڑا ہوتا ہے جس کے اندر نرم گوشت ہوتا ہے اس گوشت میں لعابی سیاہ رنگ رطوبت بھری ہوتی ہے یہ جانور مرنے کے بعد جب ساحل پر پڑا رہتا ہے تو عرصہ بعد اس کا گوشت اور کھال زائل ہو کر ہڈیاں رہ جاتی ہیں اسے سمندر کی جھاگ کہتے ہیں رنگ سفید، جال دار اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے ماہی گیروں کے ذریعے بھی حاصل ہو جاتا ہے متعدد اقسام کا ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو سفید اور ہلکا اوپرے چکنا اندر سے کھر درا تند مزہ بے بو

مزاج: گرم خشک

خواص: جالی مقوی

افعال مخصوصہ: امراض رفع خشا۔چشم جلا سفر۔

مضر: سر۔

مصلح: روغن کدو۔

بدل: بورا۔ارمنی۔درمنہ

مقدار: بقدر ضرورت

شنگرف CINNABAR

مرہٹی: ہنگول۔ بنگالی۔ ہنگل۔فارسی۔شنگرف،عربی، زنجفر، شنجرف۔ گجراتی۔سنگرف۔

انگریزی SULPHIDE OF MERCURY CINNABAR

لاطینی SULPHUNATHUM HYDRARGYRuM

صفت: یہ قلمدار مادہ جو مشہور معدنی شے ہے پارے اور سونے اور گندھک کی کانوں سے نکالا جاتا ہے پارے اور گندھک کو ملا کر متعدد طریق سے تیار بھی کی کیا جاتا ہے۔بہتر وہ ہے جس کی قلمیں بڑی سرخ اور سیاہ ہوں اور اس میں گندھک کی بو نہ آتے۔اس کی طاقت

بڑھانے کا طریق یہ ہے کہ اس کے ۲۵ گرام بھر کے پانچ ٹکڑے لے کر ایک گاڑھے صاف کپڑے میں سی کر بینگن کے بیچ میں رکھ کر اس بینگن کو مٹی دے کر جنگلی اپلوں کی اتنی آنچ دیں کہ وہ بینگن اچھی طرح سے پک جائے اور اوپر سے کچھ جل بھی جائے جب وہ بالکل سرد ہو جائے تب اس کو پوٹلی سے نکال کر دوسرے بینگن میں رکھ کر اسی قاعدہ سے آنچ دے دیں۔ اس طرح سو مرتبہ آنچ دے کر تیار کر لیں اس طرح قوت اور بھی بڑھائی ہو تو اندرائن میں رکھ کر سو آنچ دیں اس طرح پیاز میں رکھ کر سو آنچ دیں یہ تیار شدہ ۵ ملی گرام سے دس ملی گرام تک دیں۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص و فوائد: قابض جاذب خون کو بند کرتا ہے مندمل زخم دافع مقوی باہ محلل۔ اس کے مرکبات سکتہ، فالج، استرخاء اختلاط ذہن جذام اور امراض سوادی کو دافع ہیں۔

استعمال کے خصوصی مواقع وافعال: امراض مخصوصہ۔ تقویت باہ، جلد اندمال قروح، رفع آتشک و جذام۔

مضر: مورث خفقان وخناق

مصلح: شیر خالص

بدل: شادنج مغسول بقدر مناسب

مقدار: ۲۰ ملی گرام سے ۱۲۵ ملی گرام۔

شہد HONEY

بنگالی، مدھو۔ فارسی۔ انگبین۔ عربی۔ عسل۔ گجراتی مدھ۔ سندھی ماکھی۔ پنجابی ماکھیو۔

انگریزی HONEY

لاطینی MEL- HUNI

مخصوص قسم کی مکھیاں بعض نباتات کے برگ وگل سے ایک قسم کا رس چوستی ہیں جو ان کے معدہ میں جا کر شہد میں تبدیل ہو جاتا ہے دانہ دار ہلکی بو مزہ شیریں خوشبو لطیف بہتر وہ ہے جو چھتے سے نچوڑ کر نکالا جائے اس میں موم وغیرہ ملا ہوا ہوتا ہے، رنگ سرخ شفاف گاڑھا، خوش مزہ اور انگلی سے ملانے سے تار بند جائے۔ سیاہ سبز یا تلخی والا بہتر نہیں ہوتا۔

کیمیاوی ترکیب: گنے اور انگوری کی شکر نیز ایک قسم کی شکر کے علاوہ موم اور دیگر بدبودار سلفیٹ کلورائیڈ مواد پر مشتمل ہوتا ہے۔

شہد خالص کے لئے انڈین فارما کوپیا کا حسب ذیل ہے۔ وزن فی ملی میٹر ۱،۳۶ گرام سے کم نہ ہو۔ تیزابیت ۱۰ گرام میں بقدر

۵MLN/1NAOH ء سے زیادہ نہ ہو AZODYE (مصنوعی رنگ کی ایک قسم موجود نہ ہو)
نوعی مناظری تحویل (SPECIFIC ROTATION) ; +.ء سے ۔.ء۱۵ تک۔
کلورائیڈ کی مقدرہ حد ۵۷ء۱۸ حصے فی ملین سے زیادہ نہ ہو۔ سلفیٹ کی مقررہ حد ۲۵۰ فی ملین سے زیادہ نہ ہو۔

مصنوعی تحویل شکر (انورٹ شوگر) PIEHE,S TEST منفی ہونا چاہیئے۔ خارجی رنگ دینوالی شے نہ ہو نشاستہ اور ڈکٹرین نہ ہو راکھ ۵ء. فیصد سے زیادہ نہ ہو TEST ,FIEHE شہد میں INVERTSUGAR (مصنوعی گلوکوز اور فرکٹوز) شناخت کیلئے مندرجہ ذیل ہے شہد کے آبی محلول (تناسب ۲۰ گرام فیصد ملی لٹر محلول کے ۱۰ لٹر کے ۵ ملی لٹر ایتھر کیساتھ آمیزش کی جائے اس کو گرم کرنے سے ایتھری سطح علیحدہ ہو جاتی ہے اس میں سے ۲ ملی لٹر چینی کی سفید چھوٹی تبخیری پیالی میں لے کر ایتھر کو اڑا دیا جاتے۔ بچ رہنے والے مادہ میں سے RESORCINOL کے تیزابی محلول تناسب ۱۵۰ ملی لٹر ہائیڈرو کلورک ایسڈ کے محلول میں ایک گرام RESORCINOL کا ایک قطرہ ملانے سے سرخ نارنگی یا سرخی مائل بھورا کوئی رنگ پیدا ہونا چاہیئے۔ ہلکا بائیدار گلابی رنگ نمودار ہو سکتا ہے جو تین سیکنڈ میں غائب ہو جاتا ہے۔

ہمارے ہاں شہد خالص کا مندرجہ ذیل معیار۔ رطوبت ۲۰ فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ راکھ ۵۔ء سے زیادہ نہ ہو۔ گنے کی شکر ۱۰ فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ تحویل شکر ۶۰ فیصد سے کم نہ ہو FIEHE'S TEST منفی ہو۔

پہچان: اصل شہد میں چونکہ موم ملی ہوتی ہے تو اس کو پہچان کرنے کی خاطر کاٹن بڈ کی روئی پر اچھی طرح لگا کر آگ لگائیں اصل شہد کا شعلہ موم بتی کی طرح بن جائے گا جب کہ ملاوٹ والا شہد تڑ تڑ کر کے بجھ جائے گا۔

مزاج: تازہ شہد گرم خشک۔

خواص وفوائد: مخرج بلغم۔ مصفی موادردیہ، دافع سدد، مقوی باہ، بصارت معدہ، دافع سعال منقی مجلاً محلل

افعال مخصوصہ: سر تنقیہ رطوبات دفع جملہ امراض باردہ۔ چشم جلاء تقویت بصر، گوش تنقیہ قروح تحلیل تسکین درد خارجاً معدہ تحلیل تفتیح تقویت دفع یرقان استسقاء اوجاع باردہ احتراق تنقیہ بلغم وفساد خون۔

مضر: امزاجہ حارہ مصدع معطش۔

مصلح: سرکہ انار ترش کتیرا۔

بدل: انگور اور چھوہارے کا رس۔ **مقدار خوراک:** ۱۲ ملی لیٹر سے ۲۵ ملی لیٹر۔

DILL FRUIT شبت

فارسی۔ شبت۔

اردو۔ سوا، سویا۔

انگریزی: DILL FRUIT

لاطینی: ANETHI FRUCTUS

صفات: ایک مشہور نبات ہے جس کے پتے چھوٹے اور باریک سونف کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں اس میں بھی ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے۔ ساق ایک گز تک اونچی اور پھول چھتر دار ہوتا ہے۔ رنگ زرد وسفید ہلکا تیز کڑوا چڑ برا

طبیعت: گرم خشک۔ قوت دو برس تک رہتی ہے

خواص وافعال: برگ، پتے کاسر ریاح معدل التوام ہاضم۔ مفتح سدد نافع برائے ادجاع باردہ وسعال یابس منفث حصات محلل اورام منوم۔

افعال مخصوصہ: آب برگ سبز، اخراج مواد، تخم معدہ اورار تحلیل تقویت۔ قے اخراج مواد

مقدار: ۲ سے ۴ گرام۔

تخم شبت

DILL FRUIT SEEDS

صفات: بیضاوی شکل بیج میں طول میں ایک انچ کا چھٹا حصہ اور کنارہ چوڑا پتلا جھلی کی مانند ہلکا زرد وخوشبودار اور ذائقہ کسی قدر تلخ ہر بیج دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ہر حصہ پر چھ خطوط مشابہ ہوتے ہیں۔ لیکن ان سے طرح شناخت کیا جاسکتا ہے اس کے عرض میں دونوطرف باریک جھلی کے پر جیسے لگے ہوتے ہیں کیمیاوی طور پر اس میں ۲ فیصدی ایک اڑ جانے والا روغن ہوتا ہے جس پر اس کی تاثیر (خوشبو) منحصر ہے۔

طبیعت: گرم خشک

خواص وفوائد: کاسر ریاح برائے باردامزجہ مفتت حصات مدر بول ہاضم مندمل ہاضم محلل۔ مسکن

افعال: تخم معدہ اورار تحلیل ورم تحلیل تقویت۔ طحال اورار اخراج مواد

مضر: دماغ چشم معدہ گردہ۔

مصلح: کاغذی لیموں وانگوروں کا رس بارد مزاجوں کے لئے شہد یا دارچینی لونگ برائے مزاج حار۔

بدل: روغن شبت

مقدار م: ۲ گرام۔

روغن شبت

OIL OF DILL FRUIT SEEDS

ڈال آئل۔ اولیم اینی تھائی۔ OLEUM ANETHI

افعال: ملطف و حار محلل اورام دافع تعفن و کاسر ریاح۔

افعال مخصوصہ: کاسر ریاح۔

افعال: مدر حیض دافع تشنج مسکن کاسر ریاح۔

مقدار: ایک سے ۳ ماشے۔

شیلم

فارسی۔ گندم دیوانہ۔ جو یدار۔

انگریزی۔ ارگٹ آف رائی۔ ERGOT ERGOT OF RYE

لاطینی: ERGOTA

صفات و ماہیت: ایک دانہ ہے جوء سے باریک اور چھوٹا مزے میں تلخی اور رنگ سرخی مائل ہوتا ہے پیڑ اس کا گھیوں کے پیٹر کے مشابہ اور السی کے کھیت میں اگتا ہے بہتر فربہ سیاہ اور سخت ہوتا ہے بعض کہتے ہیں کہ چبانے کے بعد پہلے مائل بہ زردی ہو اور بعد میں مائل بہ سرخی ہو جائے اور اس میں تھوڑا بکبکا پن ہو اور چپکنے لگے اس کا روغن بھی روغن گیہوں کی طرح تیار کیا جاتا ہے۔ دانے تقریباً اسطوانی یا کچھ مثلث ۳/۱ انچ لمبے نوک دار ہوتے ہیں بیرونی رنگت سیاہ بنفشی اندرونی سفیدی ارغوانی بو ذائقہ نامرغوب۔

مزاج: گرم خشک

خواص و فوائد: محلل منوم۔ محلل۔ صلابت۔ دافع نقرس حابس الدم عموی ولادت۔

افعال مخصوصہ: دافع اوجاع و صلابت معجل و ولادت حابس دم

مضر: چکر لاتا ہے اور اور اعضاء کو سست و بے حس کرتا ہے

مصلح: گھی اور تازہ دودھ ترش۔

بدل: بسکھپرہ

رب سیلم ایکٹریکٹ آف ارگٹ الکوئڈ

سُفوف شیلم ارگوٹی پرے پے ریٹا EXGOTAE PRE PORATA

ہائیڈرومک انجکشن آف ارگٹ HYPODER MIC INJUCTION OF ERGON

ایمونی ٹیڈ ٹنکچر آف ارگٹ AMMONIATED TINCTURE OF ERAOT

ارگوٹا میں نٹارٹریٹ یا فیرجن ERGOT AMINETARTRATE - FEMER GIN

BELLEPGAL ارگٹ فنابار بی ٹون کا مرکب ہے

عصبی دردوں، حیض کے اوجاع میں مفید ہے۔

ERBOLIN یہ اقراص بھی سیلان خون کے لئے مفید ہیں۔

شاہترہ FUMARIA

بنگالی۔ اکشیت پاپڑہ۔ فارسی۔ شاہترہ۔ عربی۔ شاہترج۔

انگریزی FUMARIA

ماہیت: ایک مشہور گھاس ہے جو دو قسم پر مشتمل ہے ایک کے پتے دھنے سے مشابہ چھوٹے اور کچھ خاکستری رنگ پھول بنفشی اور چھوٹا دوسری قسم کے پتے اس سے چوڑے اور سبز پھول کا رنگ سفید مزہ دونوں اقسام کا تلخ اور ساتھ تھوڑی سی تیزی۔ سبز اور تازہ بہتر ہیں عموماً گیہوں اور جو کے کھیتوں نیز باغات میں خودرد پیدا ہوتی ہے۔

طبیعت: مرکب القویٰ اور حرارت میں معتدل

افعال وخواص: مفتح سدہ۔ کبد وطحال۔ مقوی وکبد مسہل اخلاط ثلاثہ دافع مصفیٔ خون برگ سبز دافع یرقان

افعال مخصوصہ: امراض جلد احتراق خون برگ جلد احتراق، اخراج سودا۔

مضر: ریہ

مصلح: کاسنی

بدل: نصف وزن

مقدار خوراک: آب مروق ۵۰ ملی لیٹر، ۷ سے پتیاں ۹ گرام نتوع اطریفل میں مستعمل ہے۔

شادنج

فارسی: شادنہ، شیدنہ۔ سندھی میں ڈمڑا۔

عربی: حجر الدم۔ حجر الطّور۔

صفت وماہیت: جلدی سے ٹوٹنے والا پتھر ہے کئی اقسام کا ہوتا ہے سرخ زرد سفید خاکستری تیرہ مائل بسیاہی خشخاشی سرخ اور زرد نقطوں دار ابلق، سرخ عدسی بہتر ہوتا ہے خاکستری رنگ سب سے ناقص ہے مسور کی شکل اور توڑنے پر اندر سے سرخ ہوتے ہیں ذائقہ پھیکا۔

مزاج: سرد خشک

افعال: مجفف رادع، قابض، مقوی اعصاب، مندمل، حابس الدم

افعال مخصوصہ: امراض صدر وریہ، اندمال قروح حبس سیلان خون۔

مضر: امراض مثانہ۔

مصلح: کتیرا

بدل: سنگ مقناطیس سوختہ اور دم الاخوین اور رسوت۔

مقدار: دو گرام۔

شورہ

بنگالی۔ سورما۔ فارسی۔ شورہ قلمی۔ عربی۔ شورج البقر

انگریزی: POSTASSIUM NITRARTE

لاطینی: POSTASSIUM NITRAS

صفت وشناخت: کھاری زمینوں کا کھار ہے یہ نمک دریا کی طرح دانہ دار ہوتا ہے اگر اس میں پانی ڈال کر پکا کر اس میں باریک لمبی سنیخیں رکھ دیں اور جمالیں تو سرد ہو کر قلمیں بندھ جاتی ہیں پہلی قسم شورہ اور دوسری شورہ قلمی کہتے ہیں۔ شفاف دانہ دار بے بو ذائقہ نمکیں منہ میں رکھنے سے سرد معلوم ہوتا ہے۔ پانی میں قابل حل۔ آنچ دینے سے پگھل جاتا ہے اور آگ پر ڈالنے سے چنگاری نکلتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: تفتیح شدد۔ مخرج موادردیہ۔ ملین۔ مدر بول وحیض۔ دیدک میں حابس۔ گرمی کو پیدا کرنے والا اور بادی کو دور کرنے والا بتایا گیا ہے۔ جدید طب میں دوران خون کو کم کرتا اور مقامی طور پر مبرد ضعف قلب ہے بطور مدر بول ومعرق

افعال واستعمال مخصوصہ: امراض گردہ مثانہ۔

مضر: مری وگردہ۔

مصلح: شہد خالص۔ کتیرا

بدل: نمک لاہوری۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۲۰ گرین

شورہ کا تیزاب

صفات: شورہ اور گندھک کا تیزاب اور پانی ملا کر کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ بیرنگ سیال ہوا کے مقابلے خواشدار اور اکال بخرات نکلتے ہیں تانبے پر ڈالنے سے سرخ رنگ کے بخارات نکلیں گے ڈائیلوٹ میں وزن تناسب ہوتا ہے۔ کھاری دوائیں اور شراب مقطر اس کے

خواص وفوائد: اکالی بیرونی طور پر آتشک کے زخموں پر مستعمل ہے۔

شہتوت سفید MULBERRY

عربی میں توت حلو۔ فارسی میں توت شیریں پنجابی میں شتوت جلیبیا۔

صفات: ایک درخت کا پھل ہے لمبا سفید رنگ شیریں مزہ، بہتر بڑا اور شاداب ہوتا ہے یہ پھل قلمی ہے جو قلم سے لگاتے ہیں۔ درخت تیں چالیس فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔ تنا کھڑا اور گولائی میں سات آٹھ کبھی دس بارہ فٹ ہو جاتا ہے چھال سفید اور بھورے رنگ کی ہوتی ہے جاڑروں میں اس کے پتے گر جاتے ہیں اور فروری مارچ میں نئے نکلتے ہیں پھول تر کے الگ ڈالیوں پر اسی موسم میں نکلتے ہیں پھل اپریل مئی میں آتا ہے اعلیٰ شہتوت کی ایک قسم اعلیٰ ہوتی ہے درخت پر پرندوں کی بھیڑ ہوتی ہے۔

مزاج: گرم تر۔

خواص وفوائد: مولد اخلاط صالح ومولد خون مفرح۔ دافع یبوست مفتح سدد۔

انعال مخصوصہ: مقوی بدن۔ مقوی باہ۔ حلق دافع ورم۔

مصلح: طحال مقوی باہ رادع مواد بر حلق ولسان۔

بدل: شہتوت سیاہ۔

شہتوت سیاہ

عربی میں توت حامض فارسی میں شہتوت سیاہ۔ پنجابی میں شتوت۔

صفات: یہ سفید شہتوت کی طرح لمبا اور بعض اس سے بھی موٹا اور دانہ دار ہوتا ہے ابتدا میں سرخی سیاہی مائل خوب پک کر سیاہ پڑھ جاتا ہے سرخ ترش اور پک کر پک کر چاشنی دار بلکہ شیریں آجاتی ہے۔ بہتر وہ ہے جو بہت بڑا اور شاداب ہو تو سیاہ غیر قلمی و قلمی دونوں طرح کا ہوتا

طبیعت: مائل بہ بارددوسرے درجے میں سرداراور معتدل۔

خواص وفوائد:

مضر: سینہ اور پھیپھڑہ

مصلح: شہد

بدل: شہتوت سفید۔

شیرخشت MANNA

فارسی۔شیرخشت۔شیرخوب۔عربی،من عالی السماوی۔ہندی میں ہرلالوسنسکرت میں کاسک مدھو۔

انگریزی: MANNA

لاطینی: MANNA

صفات: یہ ایک قسم کا منجمد شیریں رس ہے جوموسم گرما میں ایک درخت کے پتوں تنے اور شاخوں کی چھال سے خود بخود رس کر جم جاتا ہے لیکن تنے کی چھال میں گہرے شگاف دینے سے زیادہ رستا ہے۔رنگ دودھ کی طرح زیادہ سفید ہوتا ہے جدید تحقیق یہ ہے کہ یہ تنے کا منجمد رس ہے۔رنگ سفید قدرے زردی لئے خوشبودار ذائقہ شیریں ٹکرے ایک انچ سے چھ انچ تک طول میں ایک دوانچ عرض میں ناہموار اسفنجی اور بآسانی سفوف ہوجانے والے ایک جانب سے خمیرہ رنگت میں زردی مائل بوخفیف جی متلانے والی ذائقہ شیریں۔

مقام پیدائش: جنوبی یورپ۔ایشیائے کوچک۔ایران وخراسان۔

کیمیاوی ترکیب: اس کا جزواعظم ہے جو۴۰ سے ۸۰ فیصد ہوتا ہے اس کے علاوہ شکر ہوتی ہے۔شراب مقطر کے جوش دینے سے حاصل ہوتا ہے ٹھنڈا ہونے پر چمک دار قلم شکل میں حاصل ہوتا ہے پانچ حصہ پانی میں قابل حل،مصنوعی بھی تیار کرتے ہیں اصلی سفیدہ ہلکی زبان پر رکھنے سے ٹھنڈک پیدا کرتی ہے۔

طبیعت: گرم تر۔

خواص: ملین۔مجلا۔مخرج صفرا۔سودابلغم۔مخرج اخلاط سدد،مسکن معدہ،جگر،دل،دافع خشونت حلق۔

مضر: دردسراور معدے میں ریاح پیدا کرتی ہے

مصلح: بادیان،گلاب،

بدل: ترنجبین۔

مقدار: ۴۰ گرام سے ۵۰ گرام۔

شکاعی

فارسی، چرچہ۔ کافیلو۔

عربی۔ شوکتہ البیضاء ذوتلث سکات

صفت و ماہیت: ایک زرد رنگ نبات ہے جو سبز زرد و خاردار ہوتی ہے دو اقسام کی ہوتی ہے۔ ایک کا پھول سفید شاخیں باریک اور اونچی ہوتی ہیں رنگ سفید ٹہنیاں چھوٹی چھوٹی دوسری کا پھول نیلا شاخیں موٹی موٹی اور ٹہنیاں بہت کم ہوتی ہیں رنگ سبز و زردی مائل ہوتا ہے۔ اصل شکاعی کا اطلاق دوسری قسم پر ہی ہوتا ہے۔ اس کا پھول نیلا زردی مائل بیج باریک و تکونیا خاکستری و شیریں ہوتے ہیں شاخ مثلث لمبی اور کچھ موٹی انگلی سے کم موٹی ہوتی ہے پتے تکونے ان پر ذرا لمبے اور موٹے سر پر کانٹا لگا ہوتا ہے۔ تازہ جڑ اور پھل مستعمل ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص و فوائد: ملطف بلغم۔ تفتیح سدد، نافع برائے بارد امراض معدہ و جگر دافع حمیٰ مفید برائے فالج لقوہ اور رعشہ محلل لطیف جز مدر بول۔

افعال مخصوصہ: حمیٰ رفع حمیات۔

مضر: باد آورد۔

مقدار: ڈیڑھ گرام۔

شکر تیغال

فارسی، تیغال، شکر بستہ، قند تیغال، شکر سخت

عربی، شکر تیغال۔

صفات و شناخت: ایک کیڑے کا گھر اور تیغال ہے یہ کیڑا بڑی مکھی اور بھیڑ کی طرح ہوتا ہے اپنے اوپر غلاف بنا لیتا ہے اور اسی میں مر جاتا ہے اور بعض دفعہ سوراخ کے ذریعے نکل بھی جاتا ہے تازہ شیریں زیادہ ہوتا ہے۔ بعد میں شیرینی کم ہوتی ہے اس کیڑے کے نام پر اس کا نام شکر تیغال ہے کیونکہ کیڑے کو تیغال کہتے ہیں۔ ذائقہ شیریں، رنگ سفید۔

خواص و فوائد: ملین صدر، مخرج بلغم، دافع خشونت صدر، مسکن حدت اخلاط دافع، گلے کی خشکی اور معدے کے درد خشکی کو رفع کرتی ہے

افعال مخصوصہ: امراض صدر وریہ

مضر: کوڈھیلا کرتی ہے، غشی لاتی ہے۔

مصلح: شکر یا ترنجبین۔

بدل: نبات سفید

مقدار:۱۲گرام

شکرالفواکہ (پھلوں کی شکر)

عربی: شکرالفواکہ۔فارسی:شکرمیوہ جات۔

فارسی،شکرمیوہ جات

انگریزی :فرکٹوس

لاطینی :لے ویولوسم

اردو،پھلوں کی شکر

صفات: سفیدی زردی مائل سفوف شرینی شکر سے زیادہ بو کچھ نہیں ذائقہ شیریں۔

افعال: ملطف ،مولدحرارت مغزی

مقدار: حسب حرارت

صعتر ZATAR

بنگالی،نجوشبیش ۔ فارسیمیں اوشن،سندھی میں ساتھر۔اردو میں پودینہ کوھی۔

انگریزی ORIGANUM VULGARE

صفات وماہیت: ایک گھاس کے پتے ہیں متعدداقسام ہیں، بستانی،صحرائی،کوہی،بستانی کا پتا گول صحرائی کا پتا طولانی اور چھوٹا اور نازک پہاڑی کا پتا چوڑا اور گول جس کے پتے سیاہ ہوں اسے صعتر فارسی کہتے ہیں جملہ اقسام کا مزہ تیز خوشبودار اور پھول سب کا نیلا۔

مقام پیدائش: خراسان، پاک وہند،خراسانی قوی ہے۔یہ صعتر فارسی کے نام سے بازار میں دستیاب ہے۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: محلل ریاح،ملطف یابس مسخن بدن

افعال مخصوصہ: امراض معدہ،معدہ ہضم طعام، تفتیح سدد، تحلیل ریاح، رفع بواسیر ریحی۔

مضر: ریہ

مصلح: سرکہ خالص

بدل: پودینہ

مقدار خوراک: ۵سے۷گرام۔

صندل سفید

WHITE SANDAL WOOD

بنگالی۔کلمیا۔گجراتی سکھڑ،سندھی صندل اچھو۔

اردو۔فارسی۔صندل سفید۔

عربی،صندل ربیض۔

انگریزی WHITE SANDAL WOOD

لاطینی PETROCARPS SANTALANUS

صندل سفید

مقام پیدائش: میسور،دکن،بمبئی،راجستھان،سی پی،دکھنی بھارت،

صفت وماہیت: صندل کے درخت کی لمبائی ۴۰ فٹ تک ہوتی ہے بارہ مہینے ہر بھرا رہتا ہے ذائقہ تلخ اور خوشبودار ہوتا ہے، تنے کی گولائی تین فٹ تک ہوتی ہے ٹہنیاں لٹکی ہوئی پتے ہلکے اور ایک دوسرے کے آمنے سامنے لگتے ہیں پھول بھورے گہرے رنگ کی اور بہت خوشبودار ہوتی ہے قوت بیس برس تک رہتی ہے بہتر نہایت خوشبودار ریشہ سخت اور چرب ہوتی ہے،صندل کیڑا اسے محفوظ رکھتا ہے سب سے اعلیٰ صندل وہ ہے جو جڑ کے ریشوں سے اوپر اور زمین کے نیچے رہتا ہے اور رنگ گہرا ہوتا ہے بیجوں میں سے تیل نکالا جاتا ہے یہ تیل صاف اور بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک

فوائد وافعال: مفرح،مقوی قلب ومعدہ مواد قابض تحلیل اورم حارہ مصفیٔ خون دافع شوزش ریہ مسکن عطش دافع بخار۔

مضر: صوت باہ

مصلح: شہد

بدل: نصف وزن کافور۔

مقدار: ۲ سے ۴ گرام۔

صندل سرخ

RED SANDAL WOOD

فارسی:صندل سرخ۔سندھی:صندل گاڑھا۔بنگالی رکت چندن۔گجراتی:رتانجلی۔عربی۔صندل احمر،ہندی لال چندن

مقام پیدائش: ارکاٹ، مدارس، بمبئی، بنگال

ماہیت: اس کا درخت نسبتاً صندل سفید سے چھوٹا خشک اور اکثر پتھریلی زمینوں گرم اور خشک ملکوں میں ہوتا ہے لکڑی میں سے لال نکالا جاتا ہے درخت مثل صندل سفید مگر لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے بہتر صندل سرخ تیرہ صاف کم ریشہ ہو علاوہ نجم الغنی رقم فراز ہیں کہ یہ کوئی الگ شے نہ ہے بلکہ صندل سفید کے ٹکڑے جو قطر میں پڑے ہوتے ہیں اُن کو درمیان سے کاٹیں تو اندرونی حصہ سرخ یا ہلکا سرخی مائل ہوتا ہے۔ اسی کو صندل سرخ کا نام دے دیا گیا ہے۔

فوائد: افعال میں سفید سے کم

افعال مخصوصہ: سفید، امراض سر منع تبخیر تحلیل ردع تسکین درد دافع امراض قلب تفریح وتقویت قلب جلد تصفیہ خون ردع تحلیل راہ حمی دفع اکثر حمیات، دافع سوداویہ، سرخ، سر مثل صندل سفید جلد، تسکین ردع، قبض برادہ حمیٰ احتراق مثل برادہ صندل سفید۔

مضر: باہ آواز اور ریہ کو

مصلح: نصف وزن کافور اور سپاری کے نزدیک سفید صندل

مقدار خوراک: ایک سے ۴ گرام۔

صندل کا تیل

یہ ایک سیماب طبع روغن ہے جو سرخ یا سفید صندل سے کشید کیا جاتا ہے۔ ہلکا زرد رنگ کسی قدر گاڑھا بو تیز خوشگوار مثل صندر ذائقہ تیز اور چرپرا شراب خالص میں قابل حل جزو اعظم جوہر صندل۔

فوائد: مانع برائے عفونت و مسکن مفید برائے سوزاک دافع سعال۔

مقدار خوراک: کھانسی میں دو تین بوند سوزاک میں ۵ سے ۱۰ بوند۔

عنب الثعلب

BLACK NIGHT SHADE

بنگالی۔ کاک ماجی، عربی، عنب الثعلب۔ پشتو: کوماجوتے خکلے۔ سرائیکی: کڑیلوں۔ سندھی: پٹ پیروں۔ پنجابی: کانوں کوٹھی گاچ ماچ سنسکرت: کاک ماچی۔ فارسی۔ روباہ تریک، تاجے ریزی۔

انگریزی: BUTTER- NIGHT SHADE

لاطینی: SOLANUM NIGRUM

صفات وشناخت: ایک روئیدگی ہے جس کے پودے چھوٹے چھوٹے ہوتے اور برسات میں جمتے ہیں بستانی جھگی اور پہاڑی یہ سہ اقسام

پر مشتمل ہے مطلق عنب الثعلب سے مراد بستانی ہے پودے کا پتا زمین سے ایک فٹ تک بلند ہوتا ہے شاخیں بکثرت پھیلی ہوئی ہیں پھول انگوروں کی شکل میں تقریباً چنے کی مقدار میں ہوتے ہیں ثمر پہلے سبز پک کر زرد سرخی و شرینی مائل ہو جاتا ہے بیج چھوٹے چھوٹے گول سفید رنگ کے ہوتے ہیں بعض پھل سیاہ بھی ہوتے ہیں مگر ان سمیت ہوتی ہے بہترین سبزہ تازہ ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس کے تمام اجزا میں ایک قلمدار جوہر پایا جاتا ہے جو سوئے بین کہلاتا ہے یہ الکلائیڈ ہے اس کی نازک و بے رنگ قلمیں سوئی جیسی بن جاتی ہیں بے بو ہوتا ہے اس میں بودار تلخ ذائقہ ہوتا ہے اس میں ایک اور جوہر بھی ہے جسے ڈیکے مارین کہتے ہیں یہ گلوکوسائیڈ ہے یہ پہلے تلخ اور بعد میں شیریں معلوم ہوتا ہے۔ الکحل اور ایسیٹک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: سرد خشک

خواص وفوائد: قوت مابضہ، رادعہ اور محللہ تینوں میں پائی جاتی ہیں، محلل اورام دافع خناق ملطف منضج القوام مسکن مدر۔

افعال مخصوصہ: امراض گوش خشک حلق روع۔ تحلیل حیض، صدر دریہ مثل حلق رفع سیلان خون ورطوبت تحلیل ورم۔ آب برگ سبز گوش تسکین درد۔ تحلیل افرط۔

مضر: مضر معدہ۔

مصلح: سرد وتر اشیاء۔

بدل: کاک نج۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام۔

عصارہ ریوند

عربی: فرفیراں۔

انگریزی: EXTRACT RHEI

صفات وماہیت: ایک درخت کا رال ملا ہوا گوند ہے اس کی ڈالیوں پتوں اور پھل یا درخت کے تنے کو شگاف دینے سے زرد رنگ کا دودھ سا نکلتا ہے۔ جسے دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں درخت کی پتیاں لمبی ہوتی ہیں ٹھوس یا بعض اوقات کھوکھلی سطح پر سیدھی لکیریں اور اچھی طرح یا کم وبیش آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ چمٹے یا ملے ہوئے توڑنے سے سطح مجوف معلوم ہو جاتی ہے اور ٹوٹی ہوئی سطح صاف اور چمک دار اور رنگت میں سرخ و زردی مائل سفوف کی رنگت خوب صورت ذائقہ خراش دار پانی کے ہمراہ رگڑنے سے زرد رنگ کا سیال بنتا ہے۔ شراب اور پانی کیساتھ پے در پے ہلانے سے حل ہو جاتا ہے۔ لو پر رکھنے سے مشتعل ہو جاتا ہے قوت دس

کیمیاوی تجزیہ: اس کا جوہر ایک رال ہے جو ۷۰ سے ۷۵ فیصد ہوتی ہے گوند ۳۰ سے ۳۵ حصہ

برس تک رہتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: اخلاط۔مدر دافع لقوہ فالج استرخارمخرج کرم محرک حرکت

افعال مخصوصہ: امعاء۔محرک حرکت۔ملین

مضر: آنتوں ارمعقد

مصلح: روغن بادام

بدل: رالدار گوند

مقدار خوراک: ۲۵۰ ملی گرام سے ایک گرام جدید ا/۲ سے دوگرین نسخہ عصارہ ریوند ۲ گرین۔اپی کا کو وینا ۴ گرین،سوڈا بائیکارب ۱۲ گرین کیلومل ۳ گرین اس کی بارہ خوراک بنالیں،اس کی ایک پڑیا یا ایک دو گھنٹہ بعد۔اطفال کو مفید ہے

عود ہندی

فارسی۔عود ہندی۔عربی۔غرقی

انگریزی EAGLE

لاطینی۔AEQUILARIA AGALLOCHA AEQUILARIA AMYRUS

صفات وماہیت: ایک درخت کی شاخ ہے جو بہت عظیم اور ڈنڈی،ڈالیاں اس کی ٹیڑھی ٹیڑھی اور غیر مستوری اور تھوڑی ڈھیلی جا بجا مجفف ہوتی ہے اسے نمناک زمین میں گاڑتے ہیں اس کے بعد اسے نکال کر اسے جدا کرتے ہیں اور یہ عود غرقی کہلاتی ہے اس کا عطر بھی نکالتے ہیں سیاہ مٹیالہ رنگ سخت وزنی قدرے تلخ ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: ملطف۔مفتح سدد اور مفرح ومقوی قلب اور مقوی اعصاب اقوائے دماغی۔محلل ریاح ہاضم۔دافع عفونت،حافظ صحت۔

افعال مخصوصہ: عود غرقی۔حبس۔اسہال۔تجفیف رطوبت۔تقویت معدہ وجگر۔

مضر: امزجہ حارہ

مصلح: کافور گل سرخ

عشبہ

فارسی،عشبہ،عربی،عشبہ النار،عشبہ مغربی

انگریزی: SARSAPRILLA

لاطینی: SARSA RADIX

مقام پیدائش: وسط امریکہ

صفات وشناخت: جدید تحقیق ایک بیلدار درخت ہے پتے چوڑے بیضوی اور بعض نوکدار رگیں ان میں نمایاں ہوتی ہیں پتوں کے پاس سے ڈنڈیاں نکل کر ان میں چھوٹی چھوٹی کلیاں آتی ہیں جو کھل کر پھیل جاتی ہیں پتوں کی جڑ سے تار نکلتے ہیں جو سرے پر جا کر بل کھا جاتے ہیں ان میں اکثر جڑیں جھریدار اور پون انچ کے قریب موٹی ہوتی ہیں رنگت بھوری مائل اور اوپر بہت سے شاخدار ریشے لگے رہتے ہیں ۔بو نداور ذائقہ گوند کا سا چبانے سے بہت خیف تلخ اور کسی قدر خراش دار۔ بہتر وہ ہے کہ جس کی شاخیں نہ زیادہ پتلی ہوں نہ موٹی اور سرخ نیم رنگ اور لمبی جب توڑیں تو اندر کا گودا سفید ہو۔

کیمیاوی تجزیہ: اس میں ایک معتدل جوہر ایک لطیف روغن اور رال ونشاشتہ شامل ہیں۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: معدل۔مخرج سودا

مضر: امزجہ حارہ۔دافع امراض صدر ردریہ

مصلح: روغن بادام

بدل: چوب چینی

مقدار خوراک: ۹ گرام

عناب

فارسی۔عربی عناب۔

انگریزی: JUJUBE

لاطینی: JUJUBA

صفات وماہیت: ایک درخت کا پھل ہے جو بیری کے درخت کے برابر پتے اس کے بیری کے پتوں سے تھوڑے اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت کی چھال کا رنگ سرخ اور لکڑی اور نیم رنگ اور اس پر خال ہوتے ہیں یہ پھل بیری درخت سے ذرا بڑا اور بہتر وہ ہے جو بڑا اور پکا اور سرخ رنگ گودہ دار شیریں مزہ ہو اس میں ذرا بھی نہ ہو اقوت دو سال تک قائم رہتی ہے نیپال، رنگپور، عراق میں اکثر ہوتا ہے۔

مزاج: گرمی سردی معتدل، بعض گرم بھی کہتے ہیں

افعال: معدل۔ اخلاط۔ مصفیٔ خون۔ مسکن، دافع

افعال مخصوصہ: امراض چشم حلق

مضر: نفاخ۔ مضر معدہ وباہ

مصلح: شہد خالص

بدل: سپستاں

مقدار خوراک: ۷ دانے۔ حمیٰ معوی ومحرقہ چیچک، حصبہ میں دیگر دواؤں کے ساتھ اس کا جوشاندہ معمول مطلب ہے۔

عاقرقرحا

بنگالی۔ کوراکورا۔ فارسی۔ کاکرہ۔ بیخ طرفون

عربی۔ عوالقرع۔ عقرقرحا۔ عاقرقرعا۔ ہندی کوترہ۔ پنجابی اکرکرھا۔

انگریزی: PYRETHRUM

لاطینی: PURETHRUM RADIX

صفات وشناخت: ایک روئیدگی کی جڑ ہے اس کے پودے کی شاخیں زمین پر بچھی ہوتی ہیں اور ایک جڑ سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں اور ان پر کثرت سے ہوتی ہیں۔ تمام پھول زرد ہوتا ہے۔ جڑ انگلی کے برابر لمبی تیز اور چریری ہوتی ہے اس کے سیدھے ٹکڑے ہوتے ہیں جن پر کوئی ریشہ لگا نہیں ہوتا دو سے چار انچ لمبے ۲/۱ سے ۳/۴ انچ موٹے بلین کی شکل کے گول بالائی سرے پر اکثر بے رنگ بالوں کی ایک چوٹی سی ہوتی ہے۔ بیرونی سطح پر عبوری اور جھریدار جہاں سے توڑیں ٹوٹ جاتی ہے۔ بو خاص قسم کی۔ اس کو منہ سے چبانے سے رال بہنے لگتی ہے۔ تمام منہ اور حلق میں جھنجھناہٹ۔ بہتر وہ ہے جو سخت تیز اور چیریرا ہو۔ اندر سے سفید انگلی برابر موٹا ہو۔ قوت سات برس تک قائم رہتی ہے۔

خواص وفوائد: مفتح سدد۔ مخرج فضلات۔ مدر

افعال مخصوصہ: امراض لثہ ودندان، مقوی باہ۔

مضر: ریہ۔

مصلح: کتیرا

مقدار: ۲ گرام سے چار گرام

نسخہ: ۲۴ ملی گرام عاقرقرحا، نوشادر ۱۲۵ ملی گرام۔ افیم ۱۲۵ ملی گرام۔

عقیق

عربی۔ عقیق یمنی   انگریزی Cornelion

صفات: رنگین چمک دار مشہور معدنی پتھر ہے جو صاف اور شفاف ہوتا ہے اس کا معدن یمن میں ہے روم کے کنارے بھی ملتا ہے۔ بہتر یمنی ہے جو سخت ہوتا ہے۔ سرخ زرد و سفید اور سیاہ کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ دوائیں کے علاوہ انگوٹھیوں میں بھی مستعمل ہے۔ سب سے اعلیٰ قسم سُرخ اور شفاف براق ہوتی ہے۔ اس کے بعد زرد ہے۔ مختلف رنگ کے طبقات والے جز کو عرض میں کاٹتے ہیں تاکہ خطوط اس کے نگینے کی سطح پر مدور غیر مدور معلوم ہوں اس کو سنگ سلیمانی کہتے ہیں جس میں صرف سفید و سیاہ رنگ ہو۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مفرح قلب۔ دافع حفقان حابس۔ مفت حصات مسکن مقوی بصر۔

افعال مخصوصہ: چشم۔ تقویت بصر، قلب تفریح و تقویت قلب۔

مضر: گردہ حلق۔

مصلح: گردہ کے لئے کتیرا، حلق کے لئے مغز کدو۔

بدل: مونگے کی جڑ اور کہربا۔

مقدار خوراک: ایک گرام یا کم۔ کشتہ عقیق ۵۰۰ ملی گرام تک۔

عفص (مازو)

فارسی۔ مازد۔ اردو۔ ماجو پھل۔ پنجابی ماجو۔

انگریزی۔ گالز   لاطینی۔ گالا

صفات: ایک ایسے درخت کا پھل ہے جو درخت بلوط سے مشابہت رکھتا ہے اس کی شاخوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا سوراخ کر کے اپنا انڈا رکھتا ہے اس سوراخ سے رطوبت نکل کر ایک گولی کی شکل میں جم جاتی ہے جے مازو کہتے ہیں جو سخت وزنی اور گول ہوتی ہے قد میں مختلف یعنی قطر اس کا آدھ انچ سے پون انچ تک زیادہ۔ سطح پر زیادہ سے زیادہ چھوٹے چھوٹے ابھار ہوتے ہیں ان کے مابین سطح بھی صاف ہوتی ہے۔ رنگت اوپر سے نیلگوں سبز اور اندر سے زردی مائل یا سفید بھوراپن لئے ہوئے بیچ میں اندر ایک چھوٹا سا غار ہوتا ہے۔ ذائقہ کسیلا۔ ایک وزنی اوپر سے نلگوں اور اندر سے سرخ نہیں ہوتا۔ دوسرے سفید اور ہلکے سوراخدار ہوتے ہیں۔ اچھا مازو وہ ہے جو سبز اور چکنا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس میں ۵ فیصد ٹے نک یسڈ اور ۵ فصد گمینک ایسڈ اور چوبی مادہ اور نمکیات ہوتے ہیں ٹے نک ایسڈ اور گیلک ایسڈ

ماروکا جوہراور تیزاب ہیں۔ ٹے نک ایسڈ چمک دار پرت یا ہلکے زرد رنگ کی ڈلیوں میں ہوتا ہے ذائقہ خوب کسیلا اس میں تیزابی کیفیت ہوتی۔ پانی اور شراب میں قابل حل خالص ایتھر میں بہت کم حل ہوتا ہے ایسڈ سوئی کی مانند اور ریشم کی طرح ملائم ہوتی ہیں رنگت قریب قریب سفید اور ہلکی زرد ہوتی ہے۔ دس حصہ ٹھنڈے پانی اور تین حصہ گرم پانی اور شراب مقطر میں حل ہو جاتا ہے قوت تین برس تک قائم رہتی ہے

مزاج: سرد خشک

خواص وفوائد: قابض حابس الدم۔ ناشف رطوبات۔ مقوی۔

افعال مخصوصہ: امراض لثہ ولسان رحم۔ لثہ ولساں۔ تقویت لثہ۔ دفع قلاع در طوبت دہن سنو نا۔ رحم۔ حبس حیض و رطوبت الرحم۔

مضر: صدر

مصلح: صمغ عربی کتیرا

بدل: انار کا چھلکا۔ جفت بلوط۔ مائیں خورد وکلاں، ہلیلہ زرد۔

مقدار: ۴ گرام۔

عنصل

بصل ابر۔ استیسل۔

فارسی، پیاز دشتی

لاطینی: SCILLA

انگریزی: SQUILL

صفت وماہیت: مشہور روئیدگی کی جڑ ہے اس کے پتے معمولی پیاز کی طرح مگر چوڑائی میں ذرا کم پھول سفید اور لمبا ہوتا ہے کسی قدر خراش دار ایک دو انچ تک طویل نیم شفاف رنگ ذائقہ ناگوار تلخ سفید زردی مائل یا گلابی بھورا کچھ نہیں ذائقہ تلخ بیج پیاز سے ذرا بڑا ہوتا ہے اور بحر ہند کے کنارے پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مدر بول۔ مخرج بلغم مقی، مضعف قلب مفتح۔

افعال مخصوصی: دافع استرحا۔ اختلاج چشم مانع نزدلی۔ معدہ مخرج رطوبات ریہ۔ فالج لقوہ میں مفید ہے۔

مضر: سر اور آنکھوں کو نقصان دیتی ہے۔

مصلح: نمک اور پانی سے کئی بار دھوئیں۔سرکہ کے ساتھ کھانا۔

بدل: میٹھا دہی اور شہد۔

مرکبات

Vinegar of Squill Acetum Scillae

مقدار خوراک: دس (۱۰) سے تیس (۳۰) بوند۔

آکس ملی سلی Oxymel Scillae Syrupus Scillae

مقدار خوراک: نصف تا ایک ڈرام۔

ننکچر سلا

مقدار خوراک: پانچ سے تیس بوند۔ Pill of Ipecac With Scilla

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین۔ Compound Pill of Squill

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین۔

عود صلیب (فادانیا)

(PAEONIA EMODI)

فارسی۔فادانیا۔عربی۔عود صلیب۔

انگریزی: Paeonia Emodi

لاطینی: Paeonia Officinalis

صفت وماہیت: یہ ایک جڑ ہے جس کے درخت کی ساق دو بالشت کے قریب لمبی ہوتی ہے اور اس پر بہت سی شاخیں ہوتی ہیں ساق کے سر پر بادام کی طرح غلاف ہوتے ہیں ہر غلاف میں انار کے دانوں کی طرح لال لال دانے نکلتے ہیں اور ہر دانے میں پانچ پانچ چھ چھ چیزیں نیلے رنگ کی سیاہی مائل ہوتی ہیں پتے گاجر یا شاہ بلوط کے پتوں کی طرح اور چکنے اور کٹوواں کناروں کے ہوتے ہیں۔پھول گلاب کے پھول کی طرح اور نیلا ہوتا ہے اس میں ایسے ہی زرد رنگ کا زیرہ ہوتا ہے جیسا گلاب کے پھولوں میں پایا جاتا ہے۔ایک پھول میں چار پانچ پتیاں ہوتی ہیں اور یہ پتی گلاب کے پھول سے زیادہ چوڑی ہوتی ہے جڑ انگلی کی برابر موٹی بالشت برابر لمبی اور سفید رنگ ہوتی ہے توڑنے پر دو خط صلیبی متقاطع آپس میں معلوم ہوتے ہیں۔استعمال کرنے پر زیادہ اور باریک ہوتا ہے۔قوت سات برس تک قائم رہتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص وفوائد: محلل۔مقوی۔مفرح۔مفتح سدد حابس رطوبات۔دافع حمیات۔

افعال مخصوصہ: امراض دماغی تنقیہ دماغ تفتیح سدد۔مرگی۔

مضر: امزجہ حارہ۔معدہ۔

مصلح: شکر سفید،شیر تازہ۔کتیرا۔

بدل: اکثر افعالمیں سپستاں۔

مقدار خوراک: ۴ گرام۔

عودبلسان (BALSUM)

فارسی۔چوب بلسان۔

عربی۔عودبلسان۔

لاطینی: BALSAMUM

صفت وشناخت: یہ ایک درخت ہے جوقد میں مہندی کے درخت کے برابر ہوتا ہے سردی گرمی یا پانی کے کم یا زیادہ ملنے سے پاتا ہے پتوں میں سراب کے پتوں کی طرح مزہ اور خوشبو آتی ہے۔مگر رنگ سداب کے پتوں سے کھلا ہوا سفید ہوتا ہے اور وضع بھی ویسی ہوتی ہے اس کے درخت کی ڈالیوں کے ٹکڑے عودبلسان کہلاتے ہیں بہتر تازہ اور وہ ہیں جن سے روغن بلستان کی سی خوشبودار پتے چکنے اور بھاری سرخ گندمی رنگت اور زرد چھال والے ہوں روغن بلسان اسی سے نکلتا ہے۔

مقام پیدائش: شام،مصر،اردن۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص وفوائد: مقوی قویٰ۔مفتح سدد۔تریاق سموم خصوصاً۔

افعال مخصوصہ: سر۔منقی رطوبات۔تریاق سموم، برگ کا سر ریاح۔

مضر: آنتوں کے لئے۔

مصلح: کتیرا

بدل: حب بلسان

مقدار خوراک: خوراک سفوف دوگرام تک اور جوشاندہ ۱۲ ملی لیٹر تک

عنبر (AMBRAGRIS)

فارسی۔شاہ بو۔عربی۔عنبر

انگریزی: AMBER

صفت وماہیت: ایک ٹھوس چیز بھوری یا ساہی مائل اور سنگ مرمر کی جو ہر دار ہوتی ہے اور ایک خاص سوندھی قسم کی زمین جیسی بو آتی ہے یہ سمندر کے کنارے یا ریت میں ساحل کے نزدیک یا ساحل پر ملتا ہے کبھی کبھی ویل کے ناف میں بھی ڈلے کی شکل میں ایک گرام سے زیادہ وزنی نکلتا ہے اور بعض حالات میں یہ کلوگرام سے بھی بڑا ڈلہ نکلا آتا ہے جس وقت ویل مچھلی کے ناف سے نکالا جاتا ہے گہرا بھورا اور نیلے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو ناگوار معلوم ہوتی ہے ہوا میں رہنے اس میں سختی پیدا ہوتی ہے رنگت زرد ہو جاتی ہے اور خاص سوندھی زمین کی سی بو پیدا ہو جاتی ہے وزن متناسبہ ۸ء سے ۹۲۶ء تک اور ۴۵ درجہ فارن ہیٹ کی حرات سے پگھل جاتا ہے کھولتے ہوئے پانی میں پگھل جاتا ہے اور زیادہ گرم کرنے پراڑ جاتا ہے اور یہ ویل مچھلی کے پیٹ میں اس وقت پیدا ہوتا جب وہ ایک خاص قسم کی مچھلی دو شاخہ CUTTLE FISH کو خوراک بناتی ہے سب سے عمدہ وہ ہے جو دھوپ کے زیر اثر بہت مدت تک سمندر کی سطح پر تیرتا رہا ہو بہترین عنبر خاکی SILVER GREY رنگت کا ہوتا ہے اور یہ نیوزی لینڈ میں پایا جاتا ہے۔اس کی خوشبو کا تجربہ کار ہی پہچان سکتے ہیں اس کی نمایاں خصوصیت ہے اگر عنبر کے تین فیصد الکحل محلل کا ایک قطرہ جاذب کاغذ پر لگا دیا جائے تو اس کی خوشبو مہینوں تک رہتی ہے۔

الخلال: عمدہ قسم کا عنبر رگڑنے سے ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے اور الکحل میں تقریباً سب کا سب حل ہو جاتا ہے اور محلول میں گوند نما قطرے نظر نہیں آتے محلول کا ہلکا زرد ہوتا ہے۔

مخصوص پہچان: گرم کی ہوئی سوئی عنبر کی ڈلی میں بآسانی دھنسجاتی ہے اور عنبر کا کوئی مادہ سوئی کو نہیں چمٹتا اور خاص قسم کی بو پھیل جاتی ہے۔البتہ اگر سوئی کو فوراً ڈلے سے نکال لیا جائے تو سوئی کی نوک پر عنبری رنگ کا پگھلا ہوا قطرہ نمودار ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: ۸۰ فیصد حصہ عنبرین پر مشتمل ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: بحر اٹلانٹک۔برازیل۔مڈ ایسٹ ایڈیز۔چین جاپان انگلستان، نیوزی لینڈ

مزاج: دوسرے درجہ میں گرم خشک

افعال: محافظ ارواح، مقوی قوت حیوانی نفساتی وطبعی، مفرح۔مقوی اعضائے رئیسہ۔محافظ قوت حافظہ

افعال مخصوصہ: امراض قلب، تفرح، تقویت قلب وحواس وارواح وقوئی، امراض مخصوصہ، رفع امراض باردہ

مضر: امعاء جگر

مصلح: طباشیر کافور

بدل: مشک جدوار بھی بعض نے بدل قرار دیا ہ مگر مکمل تحقیق نہیں ہے

مقدار: ۵۰۰ ملی گرام سے ۹۰۰ ملی گرام تک۔

عصارہ غافث

اس کا مزہ کڑوا ملطف اور مقطع ہے۔

مضر: خصیوں کے لئے۔

مصلح: گلاب کے پھول۔

بدل: سہ چند غافث اسی قدر سماق کے پتے

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ گرام تک۔

غار (BAY)

فارسی۔ باہشتان، عربی، غاز۔

انگریزی: CHERRY LAUREL

لاطینی: LAUROCE RASI FOLIA PRUNUS LAUROCERASIS

صفات وماہیت: یہ نباتاتی دوا ہے جس کے پتے کسی قدر لانبے یا بیضوی اور دبیز اور کرارے ہوتے ہیں لیکن یہ دانے دور دور ہوتے ہیں اور پر نوک ذرا مڑی ہوئی ہوتی ہے ڈنٹھل چھوٹا اور مضبوط پتوں کی بالائی سطح کی رنگت گہری سبز چکنی اور چمک دار ہوتی ہے ان پتوں کے کچلنے سے خاص قسم کی بو آتی ہے جو بادام تلخ کی بو کے مشابہ ہوتی ہے اور بغیر کچلے ہوئے پتوں سے خوشبو آتی ہے۔ ان پتوں کو انجیر کے ساتھ رکھنے سے انجیروں میں خوشبو آتی ہے اور دوسرا ان میں کیڑا نہیں آتا ان کی رطوبت چرب سے کچھ گرمی و تیزی رکھتی ہے کسی قدر تلخ بھی ہے اس کے چبانے سے زبان کو کچھاوٹ محسوس ہوتی ہے یہ درخت پہاڑوں اور جنگلوں میں پیدا ہوتا ہے پہاڑی کے پتے جنگلی کے پتوں سے پتلے اور چھوٹے ہوتے ہیں اس کی جڑ میں بھی خوشبو ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

مقام پیدائش: برعظیم ہندو پاک، یورپ

خواص وفوائد: مفتت حصات، دافع اوجاع، کاسر ریاح، مسکن

افعال مخصوصہ: جوشاندہ امرض رحم ومثانہ، امراض مثانہ قاتل کرم

مضر: متلی وقے لاتا ہے

مصلح: کتیرا، ببول کا گوند

بدل: تیزپات

مقدار: دو گرام

غافث

فارسی: خلہ، گلی خلہ، گلی جلیل

عربی، غافث، حشیشۃ الغافث، شجرابراغیث

لاطینی، DELPHINUM ZELIL

صفت وشناخت: ایک خادار روئیدگی ہے جس کے پتے لمبے اور چوڑے اور رونگٹے دار ہوتے ہیں اور بھنگ کے پتوں سے مشابہت رکھتے ہیں ان کے درمیان سے ایک شاخ کھوکھلی اور کھردری پھوٹتی ہے پھول کی رنگت نیلی اور گل نیلوفر کی طرح لمبا ہوتا ہے اس کے سارے اجزا بھی تلخ ہوتے ہیں، پھول اور عصارہ زیادہ مستعمل ہے قوت ۳ برس تک رہتی ہے ایران و روم میں پائی جاتی ہے۔ سب سے بہتر ایرانی ہے جو شیراز کے پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: ملطف۔ طبائع و اخلاط مخرج مواد مفتح سدد، طحال و جگر مدر حیض و بول محلل وعرق

افعال مخصوصہ: امراض معدہ و جگر م

مضر: طحال

مصلح: انیسون

بدل: ہموزن اسارون اور نصف افسنتین

مقدار: جوشاندہ میں ۲۵ ملی لٹر تک۔

غاریقون (WHITE AGARIC)

فارسی، ماشمان

عربی۔ غاریقون

انگریزی: WHITE AGARIC - PURGING AGARIC

لاطینی: AGARICUS ALBUS- POLYRUS OFFICINALIS

صفت وماہیت: گلی ہوئی جڑ کی ایک قسم ہے جو پرانی پڑ کر اور متعفن ہو کر ایسی ہو جاتی ہے یہ نر و مادہ دو اقسام پر مشتمل ہے رنگ مختلف سفید، زرد، سرخ، سبز اور سیاہ ہوتا ہے یہ پرانے درخت کی جڑوں پر اگتی ہے نرم اور سخت مزہ میں تلخی کے ساتھ کچھ شرینی ہوتی ہے چبانے سے اول کچھ شرینی تلخی کھل جاتی ہے بعد میں تیزی اور چراچراپن ہوتا ہے اس کے بعد زبان پر کھچاوٹ ہوتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: غاریقون سفید اس میں سے ایک جوہر نکلتا ہے جس کی نہایت چھوٹی چھوٹی سفید قلمیں ہوتی ہیں جو سرد پانی میں کم اور گرم پانی میں آسانی سے حل ہو جاتی ہے غاریقون میں سے ایک زہریلا جوہر نکلتا ہے جسے سکرین کہتے یہ بھنگ اور افیون کی طرح استعمال کرتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: مخرج بلغم وسوداا صفر، ملطف محلل ریاح، دافع قولنج، دافع سر دمدر حیض و بول، تریاق سموم

مضر: گردہ۔

مصلح: مصطگی۔

بدل: ہموزن سونف۔نصف وزن ایلوا۔

مقدار خوراک: جوشاندہ ۵ ملی لٹر تک غیر جوشاندہ میں ۳ گرام تک جدید طب میں ۵ سے ۸ گرین تک دیتے ہیں۔

فرفیون

فارسی۔افرمیوں۔ابرمیوں۔فربیون۔

عربی۔اکل بنفشہ۔قاتل بنفشہ۔حافظ الخل۔

انگریزی: Euphorbia anti Luorni

لاطینی: Euphorbium

صفات وماہیت: ایک درخت کا جما ہو گوند ہے پیڑ کا ہو کے پیڑ کی طرح ہوتا ہے دو قسم (ا) ڈالیاں اس میں کثرت سے ہوتی ہیں اور کانٹے بھی ہوتے ہیں اور اجزاء میں دودھ بھرا ہوتا ہے (ب) پتے سیاہ شاخیں زمین پر بچھی ہوئی کانٹے اس میں زیادہ اور تیز بھی ہوتے ہیں۔ اس کے اجزاء میں دودھ زیادہ ہوتا ہے بہتر صاف تازہ خاکی رنگ زردی مائل تند تیز مزہ جب زبان پر رکھیں تو زبان کو کاٹے اور ایک مدت تک سوزش رہے جس قدر تیز وتند بو ہو بہتر ہے۔مدت قوت چار برس تک رہتی ہے۔عمدہ جلد پانی اور زیتون کے تیل میں حل ہو جاتا ہے۔

مقام پیدائش: فرانس۔جرمنی۔ہنگری۔آسٹریا اور بلجیم۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص وفوائد: ملطف۔ جالی۔ حادو اکال۔ مدر حیض۔

افعال مخصوصہ واستعمال: امراض رحم وجلد۔ رحم رفع اکثر امراض بلغمیہ اسقاط حیض تقویت رحم۔ رفع برص۔ قطع لہن زاند نفع گزیدن سگ دیوانہ۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: صمغ عربی۔ روغن بادام۔

بدل: استقاء میں مادزیون اور قولنج و تحلیل ریاح میں جند بیدستر۔

مقدار: ۱۰ ملی گرام سے ۷۵۰ ملی گرام۔

فلفل سیاہ (BLACK PEPPER)

اردو: کالی مرچ۔

فارسی: فلفل سیاہ، فلفل گرد۔

انگریزی: BLACK PEPPER

لاطینی: PIPPER ALBUM

صفات: سیاہی مائل جھریدار گول ثمر جس کے اندر خا کی بیج ہوتا ہے بو تیز اور خوشگوار مزہ جلن پیدا کرنے والا اور تیز اور دانوں سے ضخامت میں بڑے۔

افعال: کاسر ریاح، مدر لعاب ودہن۔ جاذب رطوبات۔ مقوی محمر۔ دافع بخار

افعال خصوصی: ہاضم ریاح

مضر: حار مزاج۔ ریاح حلق

بدل: ایک دوسرے کا بدل ہیں

مقدار: ۳۵۰ ملی گرام سے ایک گرام تک۔

فلفل ابیض (WHITE PEPPER)

انگریزی: WHITE PEPPER

لاطینی: PIPPE NIGRUM

سفید گول مرچ بو تیز خوشگوار ذائقہ حریف

افعال: ہاضم وکاسر ریاح۔محمر۔جاذب رطوبات

مقدار: ۳۷۵ ملی گرام سے ایک گرام تک۔

فلفل دارز (LONG PEPPER)

انگریزی: LONG PEPPER

لاطینی: PEPPER LONGUM

صفات: مرچ کی طرح بو تیز وخوشگوار۔مزہ کڑوا سطح ایک انچ تک لمبے کھردری دانہ دار سر پر چھوٹی سی ڈنڈی

افعال: دافع بخار: دافع کاسر ریاح، ہاضم۔مقوی اعصاب

مقدار: ۳۷۵ ملی گرام سے ایک گرام تک۔

مرکبات

لاطینی: ARGENTI NITRAS

انگریزی: سلور نائیٹریٹ SILvER NITRATE

لونر کاسٹک LUCNAR CAUSRIC

صفات: بے رنگ چپٹے ٹکڑے یا لمبی قلمیں یا بتیاں۔

انحلال: ایک حصہ دو حصہ پانی میں۔

افعال: قابض، حابس الدم دافع تعفن۔

مقدار خوراک: ۴ار ا سے ۲ار ا گرین تک۔

فلفل سرخ

فلفل سرخ

اردو۔لال مرچ

انگریزی SMALL CHILLIES

لاطینی۔CAPSICUM

صفات: نصف سے ایک ڈیڑھ انچ تک لمبی اور کبھی گول نبات فلفل احمر کے پھل ہیں رنگ ابتدا میں سبز بعد میں سرخ بیرونی سطح قدرے جھریدار اور سرخ اندرونی سطح سفیدی مائل زرد اس کے اندر کئی چپٹے زردی مائل چھوٹے بیج ہوتے ہیں ذائقہ تلخ تیز چرپرا۔

افعال: ہاضم۔ مدر لعاب، کاسر ریاح، مقوی معدہ، مقابلہ کنندسپوزش، محمر محرک، معرق، مقوی باہ۔

مضر: خراش پیدا کرتا ہے

مصلح: گھی

مقدار: ۲ سے ۱۰ گرین

صبغہ فلفل احمر POD PEPPER CAPSIVCI

ٹنکچر آف کیپ سی کم

افعال: ہاضم، محرق الریاح، محرک TINCTURE OF CAPSICUM

مقدار: ۵ سے ۱۵ بوند

فرنجمشک

بنگالی: بابوئی تلسی

فارسی: بالنگوئے خرد

عربی: فرنجمشک

انگریزی: SWEET BASIL

لاطینی: SHRUB SIEASIL OSIMIUM GRATISSIMUM

صفت وماہیت: اس نبات کے پتے تھوڑے سے تلسی یا ریحان سے بڑے اور خوشبودار بہت بولونگ کی جوشبو سے مشابہت رکھتی ہے بعض اس کی خوشبو کو مشک کی طرح قرار دیتے ہیں اس لئے فرنجمشک کہتے ہیں۔ بستانی وصحرائی دو قسم کے ہوتے ہیں، صحرائی حدت و یبوست زیادہ ہوتی ہے بستانی کی شاخیں مربع اور ان پر رواں ہوتے ہیں۔ بستانی پانی کے بہنے کے راستوں اور کھاری زمینوں میں پیدا ہوتا ہے صحرائی کی شاخیں گول پتے چھوٹے اور باریک ہوتے ہیں پھول کا رنگ نیلا اور خوشبو تیز یہ قسم ویرانوں، جنگلوں اور کوہستان میں ہوتی ہے بستانی کے بیج زیرہ کی طرح رنگ سیاہ مائل بہ زردی اور تکونیا تخم، بالنگو اور صحرالی کے تخم ریحان کی طرح ان سے لمبے اور تکونے ہوتے ہیں۔

مقام پیدائش: بنگال، بھارت کے علاقہ دکھن، نیپال۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: مفتح سدہ دماغی ،مقوی قلب ،معدہ جگر ہاضم محلل ورم منی ،مفرح کاسر ریاح

افعال خصوصی: امراض قلب وتخم ،تفریح وتقویت قلب

مضر: مصدع

مصلح: نبات سفید

بدل: تخم بالنگو ،بلی لوٹن لونگ

مقدار خوراک: ۱۰ اگرام ۔تخم ۷ گرام۔

فینائل

صفات وشناخت: یہ ایک سیاہ رنگ کا عرق ہے جو خشک لکڑیوں کو کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے کاربولک ایسڈ کی قسم ہے مگر فرق یہ ہے کہ پانی میں بخوبی حل ہونے والا ہے علاوہ اس کے اس میں خراش کا اثر مطلق نہیں ہے پانی کے ہمراہ ملانے سے پانی کی رنگت سفید دودھ کی مانند ہو جاتی ہے۔ فےنول یا مینائل ہائیڈریٹ اور فینائل الکحل کا اطلاق کاربولک ایسڈ پر ہوتا ہے۔

خواص وفوائد: پاخانوں ،موریوں اور پیشاب گاہوں اور دیگر گلیوں پر بدبو رفع کرنے کی غرض سے پانی ایک ہزار حصہ سے دو ہزار تک ایک حصہ یہ ملا کر چھڑ کتے ہیں بیماروں کے کمروں اور ڈسپنسریوں میں ایک حصہ پانی ملا کر رکھتے ہیں، مختلف اشیاء کی چھوت کو رفع کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں خراب یا سڑے ہوئے زخموں کو دھونے کے لئے ایک حصہ میں پندرہ یا پچیس حصہ پانی ملاتے ہیں امراض جلد اور امراض مثانہ میں بھی مستعمل ہے۔

فندق

فارسی ،بندق

انگریزی FRUIT FILBERT

صفت و ماہیت: ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے جنگل اور باغ میں کم پیدا ہوتا ہے ،سردی زیادہ ہو وہاں پیدا ہوتا ہے یہ پھل سہ پہلو اور گولائی لئے ہوتا ہے تازہ پھل کا مغز سفید اور پرانے کا زردی مائل ہوتا ہے چکنائی اس میں زیادہ اور بادام کی گری کی طرح دو پارہ ہوتا ہے اس کے اوپر دو چھلکے ہوتے ہیں مغز کے اوپر کا چھلکا تیرگی مائل سب سے اوپر کا چھلکا سخت اور خشک جوزی رنگ کا ہوتا ہے مغز کا مزہ شیریں اور خفیف بہتر وہ ہے جو بہت بھاری ،مضبوط اور بڑا دانہ ہو۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مولد صفرا، قابض مولد ریاح، مزید دماغ، مقوی۔

افعال واستعمال مخصوصہ: امراض مخصوصہ مرداں، مغز تقویت جاہ ودماغ۔

مصلح: قند سفید

بدل: مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

فندق کا تیل

افعال: مقوی اعصاب، دافع استرخا، فالج ولقوہ۔

مضر: معدہ

قہوین (CAFFEINE)

انگریزی: کیفین CAFFEINE

لاطینی: کیفی نا CAFFEINA

صفات: بے رنگ سوزنی قلمیں جس میں بونہیں ہوتی۔ ذائقہ تلخ۔ الکلائیڈ نباتاتی جوہر موثر ہے جو کہ کافی یا چائے کے خشک پتوں یا کیمیادی طریق سے حاصل کیا جاتا ہے

انحلال: ایک حصہ ۸۰ حصہ سرد پانی اور کھولتے ہوئے ہموزن پانی میں خشک ہوا میں رکھنے پر سفید ہو جاتی ہے۔ ٹے ٹین مرکیورک، کلورائیڈ اور سلورنائٹرایٹ

افعال: مدر بول، مقوی قلب، معرق، مسکن الم محرک

مرکبات: یہ کیفین اور سوڈیم ماسوی الوزن ملا کر پانی سے نمی دینے کے بعد خشک کرنے سے تیار کیا جاتا ہے ہی سفید اور بے بوسفوف ہے جس کا ذائقہ قدرے تلخ ہوتا ہے

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۵ گرین بذریعہ جلدی پچکاری بقدار ۲ سے ۵ گرین

اس کی نوعیت تیزابی ہوتی ہے

خوراک: ۲ سے ۱۰ گرین۔

افعال: مقوی قلب۔ مدر بول۔ دافع بخار۔ دردسر۔

CAFFEINAE- ET-SODII BENZOAS یہ سوڈا ایلی سلاس اور کیفین کا مرکب ہے بے رنگ و بے قاعدہ سفوف ذائقہ

کسی قدر تلخ۔

انحلال: ایک حصہ دو حصہ پانی میں

مقدار خوراک: بذریعہ دہن ۵ سے ۱۰ گرین ۔مدر بول محرک قلب CAFFEINAE- SODIO-BENZOAS

CAFFEINE SODA SALICYLARE. CAFFEINE CITRATE DAFFEINAE VALERIANAS

افعال: دافع تشنج دمہ اور کھانسی۔

مقدار: نصف سے ۳ گرین۔

قسط

بنگالی۔کڑپا چک۔عربی۔قسط۔فارسی۔کوشتہ۔

انگریزی: CUSTUS ROOT

لاطینی: SAUSSUREALAPPA

صفات وماہیت: ایک پودے کی جڑ ہے جو زمین پر پھیلا ہوتا ہے اس میں نہیں ہوتی اور پتا چوڑا ہوتا ہے چھ سات فٹ بلند ہوتی ہے عربی، رومی، ہندی، شامی چار اقسام کا ہوتا ہے ہندی پھر تین اقسام کا ہوتا ہے عموماً دو اقسام ہیں ہلکی خوشبو قسط شیریں میں ہوتی ہے جبکہ قسط تلخ میں بہتر خوشبو ہوتی ہے تازہ سفید ہوتی ہے۔قسط کو دھوپ میں رکھیں خشک ہونے پر پانی میں ڈالیں اور تھوڑی دیر چھوڑ دیں اگر بدستور اصل حالت پر رہے تو اصل اگر گھل جائے تو نقل۔مدت دس برس تک اس کی قوت رہتی ہے۔

مزاج خشک: گرم خشک

افعال: شیریں، محلل ورم وکاسر ریاح، مقوی، رفع اوجاع، مخرج کرم، مدر بول حیض جالی، کاسر ریاح، رفع اوجاع بارود۔

افعال خصوصی: شیریں معدہ اخراج کرم، ملطف، تحلیل کاسر ریاح۔تقویت معدہ وجگر اوجاع اعضاء رفع وجع الفاسل وعرق النساء تلخ معدہ تحلیل ریاح، رفع اوجاع باردہ خانچا اوجاع روغن اوجاع رفع جملہ اوجاع باردہ اسزخاء۔

مضر: شیریں مضر مثانہ دریہ تخ قریب

مصلح: گلقند آفتابی

بدل: نصف وزن عاقرقرعا

مقدار خوراک: ۳ سے ۷ گرام۔

روغن قسط

خواص وفوائد: مقوی اعصاب واعضاء رافع معدہ وجگر وافع۔

قرن الایل (شاخ گوزن)

بنگالی۔گئوسورسینگ

فارسی۔شاخ گوزن۔

عربی۔قرن الایل

انگریزی: HART'S HORN

صفت وماہیت: ایک مشہور چوپائے کے سینگ میں ہرن سے بڑا اور نیل گائے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کے سر کے دونوں سینگوں میں موٹی موٹی شاخیں ہوتی ہیں اس لئے بارہ سنگھا کہلاتا ہے چار قسم کا ہوتا ہے سینگوں کا رنگ سفید سیاہ اور نہ زرد ہوتا ہے ذائقہ پھیکا۔

افعال: جالی مسکن محلل۔

افعال واستعمال مخصوصہ: امراض معدہ صدر ور یہ یہ محکوک، تحلیل ریاح وبلاغم، رفع وجع الصدر قطع نزف الدم۔

مضر: امزجہ حارہ

مصلح: کتیرا

بدل: حب المحلب۔گوشت میں جنگلی گائے کے کھر وغیرہ۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام

قرنفل (CLOVES)

فارسی۔میخک قرنفل

اردو۔لونگ۔بنگالی: لارنکا۔گجراتی رونک۔

انگریزی: CLOVES

لاطینی: CARYOPHYLLUM

صفت وماہیت: اس کا درخت بیری کے درخت سے مشابہ ہوتا ہے شاخیں چنبیلی کی شاخوں کی طرح لمبی اور پتلی اوپر کو بلند ہوکر زمین کی طرف جھک جاتی ہیں پتے انار کے پتوں کی طرح مگر اس سے بڑے درخت سات آٹھ فٹ تک بلند۔لونگ اسی کا بغیر کھلا پھول ہے طول

آدھے انچ سے زیادہ رنگت سیاہی مائل جسامت میں موٹا اور وزنی اوپر کی جانب چار دانت ہوتے ہیں بیچ میں گول سر جس کو ٹوپی کہتے ہیں خوشبو تیز ذائقہ تیز و تلخ چبانے سے باریک ہو جاتا ہے اور زبان پر چبھتا ہے۔

مقام پیدائش: دکھنی بھارت۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: کاسر ریاح۔ محرک، محمر، مسکن الم معطر، قاتل جراثیم، مفرح ہاضم، مقوی روح حیوانی و حرارت عزیزی۔

افعال واستعمال خصوصی: امراض سر، گلدار، تقویت ذہین رفع جمیع امراض باردہ خشم تقویت بصر، رفع سیلان دمہ وغشا چشم معدہ تلطیف کر ریاح تحلیل تزید اشتہا روغن مخصوصہ، رفع اسر خار جذب تقویت جار جاً

مضر: گرم مزاجوں و گردے و آنتوں کے لیے ببول کا گوند۔

بدل: دار چینی۔ مکھن جائے فل جاوتری

مقدار: ایک سے ۴ گرام

نقوع قرنفل CONCENTRATED INFUSION OF CLOVES

افعال: کاسر ریاح، ہاضم، مقوی

مقدار: ۳ سے ۶۰ بوند

روغن قرنفل OIL OF CLOVES

افعال: مخدر۔ مسکن۔ کاسر ریاح۔ ہاضم۔ مقوی معدہ۔ محرک

مقدار خوراک: ایک سے ۳ بوند

قاقلہ صغار

فارسی۔ ہیل بوا۔ اردو۔ الائچی خورد

انگریزی: CARDAMUM SEED

صفات: ایک نبات کے بیج ہیں جس میں سفید اور لال پھول لگتے ہیں ان میں سے الائچی کے پھولوں کی سی خوشبو آتی ہے پھل کچے پن میں سبز بعد پکنے کے زرد اور بعد خشک ہونے کے سفید ہوتے ہیں اور بیج جن کو الائچی دانے کہتے ہیں کام لاتے ہیں یہ بیج تکونے مگر کونے تیز ہوتے ہیں قطر میں ایک انچ کا چھٹا حصہ اور رنگت سیاہی سرخی مائل اندر سے سفید ہوتے ہیں۔ ذائقہ چرپرا خوشبودار و خوشگوار۔ اس میں سرخ الائچی سے زیادہ تیزی ہوتی ہے۔

پیدائش: بھارت میں میسور، ٹراونکور، اندوراور مالایار۔

مزاج: گرم خشک

خواص وافعال: مقوی معدہ کاسر ریاح ہاضم۔محرک۔مضر دافع تشنج قوت تریاقیہ وقابضہ۔مفرح ملطف۔

افعال واستعمال مخصوصہ: امراض لثہ معدہ وجگر لثہ تقویت لثہ معدہ قبض رفع قے وغثیان۔معدہ وجگر عرق معدہ کسر ریاح تقویت معدہ حیض۔

مضر: صدر وريد

مصلح: طباشیر۔کتیرا۔

بدل: لونگ اورالائچی سرخ نصف وزن کباب چینی۔

مقدار: نصف گرام سے ۲ گرام۔

مرکبات: کیفین قاقلہ

افعال: ہاضم کاسر ریاح۔مقوی قلب۔

مقدار: ۳۰ سے ۶۰ بوند

روغن قاقلہ: کارڈ لے مومائی COMPOUND TINCTURE OF CARDAMUMS

افعال: دافع تشنج ہاضم۔کاسر ریاح۔مفرح معزق OLEUM CARDAMOMI

مقدار: ایک سے ۳ بوند

قشر اصل الرمان (پوست انار)

فارسی۔پوست انار GRANATI CORTEX

انگریزی۔پومے گرے نیٹ روٹ بارک POMEGANATE ROOT BARK

صفات: یہ انار کے مشہور درخت کی چھال ہے جس کی بیرونی گھر دری اور خاکی اندرونی صاف اور زرد ہوتی ہے ذائقہ کسیلا قدرے تلخ۔

افعال: قابض: رادع۔قاتل حب القرع

افعال مخصوصہ: لثہ وسان۔حبس خون رفع شبو دہن

مضر: نفاخ

مصلح: مصطگی رومی

بدل: دانہ انار

مقدار خوراک: ایک سے ڈیڑھ گرام

مرکبات

مطبوخ قشر اصل الرمان DECOCTION OF POMEGRANATE BARK

صفات: انار کی جڑ کی چھال چار گرام لے کر ۱۲۵ ملی لٹر میں جوش دیں۔ نصف صبح خلوئے معدہ پلائیں اور تین گھنٹہ اور دوسری اور آخری خوراک کھانے کے دو گھنٹہ بعد روغن بیدانجیر کے ساتھ۔

افعال: قاتل حب القرع

جوہر دمان PELLETIERNE TANNATE یہ ہلکے بھورے رنگ کا سفوف ہے

افعال: قاتل حب القرح

مقدار: ۲ سے ۸ گرین اس میں سے نہار ۶ گرین دوا کھلا کر اوپر سے دو گھنٹہ بعد روغن بیدانجیر دیں۔

قدر حمیا

فارسی۔ آلو بالو ورجینی۔

لاطینی: پرونائی ورجینی اینی کارٹکس PRUNIVIRINIANAE CORTEX

انگریزی: ورجینی برون بارک VIRGINIAN PRUNE BARK

صفات: چند ٹکڑے چھال صاف سرخی مائل جس پر آڑے پن میں داغ ہوتے ہیں ذائقہ کسیلا ذرا تلخ بو کڑوے بادام کی مانند

افعال: معطر۔ مسکن۔ مقوی معد WILD CHERRY BARK

مرکبات: سیرپ آف ورجی نین پرون SYRUP OF VIRGINIAN PRUNE

مقدار: ۳۰ سے ۱۲۰ بوند

ٹنکچر آف ورجین پرون. TINCTURE OF VIRINIAN PRUNE

مقدار: نصف سے ایک ڈرام

قرطم

بنگالی، کسم پھول

فارسی، گل صحر

انگریزی: WILD SAFFRON-SAP FLOWER

ماہیت: یہ ایک بستانی کے بیج ہیں صنوبری شکل مائل یہ چوڑائی پوست اور مغز سفید رنگ سفید یا سیاہی مائل پرانے ہونے پر پوست مائل برسیاہی مغز پیدا کرتا ہے دوگز لمبی خاردار پتے کنگرے دار بلند پتے شاخوں پر جمے ہوتے ہیں ساق اور شاخوں کا رنگ سبز اور بعد پکنے پرسفید ہوجاتا ہے۔ پھول کے نیچے ایک خلاف ہوتا ہے جس میں سات آٹھ کسی قدر چپٹے چوگوشہ بیج ہوتے ہیں یہی تخم قرطم ہیں۔

مزاج: خشک

افعال وخواص: قلیل القدر، مسہل، مخرج بلغم رقیقا وراخلاط، متحرقہ، مدر بول حیض، منفعث بلغم

استعال وافعال مخصوصہ: تخم رفع استسقا، تحلیل ریاح، مدرحب قرطم، سر رفع امراض سوداد یہ صدر تصفیہ صدر الضاج مواد

امراض مخصوصہ: تقویت باہ تولید منی۔ منقت حصات اور ادار بول

مضر: معدہ۔

مصلح: انیسون

بدل: اسپند، اوخر مشک

مقدار: چارگرام

قنب ہندی

عربی قنب ہندی، سنسکرت بھنگا، فارسی کنب مہندی، ہندی بھنگ

بنگالی سدی، سندھی سینی

مقام پیدائش: ہندو پاک خصوصاً۔ درخت کا نام بنات بھنگ ہے پھول رال دار شاخوں کو خشک کر کے استعمال کرتے ہیں۔

ماہیت: اس دوا کی سبز سیاہی مائل چپٹی گدیاں یا دبے ٹکڑے ہوتے ہیں جس میں درخت کی بالائی شاخیں پھول پتیوں اور پھول کے جو کہ رال کے ذریعے باہم چسپاں ہوئے ملتے ہیں بالائی پتے سادہ اور مترادف ہوتے ہیں۔

کیمیاوی صفات: اس میں رال کی قسیم کا جزو موثر ہوتا ہے جسے جوہر قنب کہتے۔ روغن فرازی۔ یہ ایک الکلائیڈ جو موثر و معروف نہیں ہے۔

مزاج: برگ مرکب القوئ تیسرے سرد خشک بمعہ خفیفہ، برددت کثیفہ بیج گرم خشک تیسرے درجے میں پوست سرد خشک ریشہ سرد خشک۔

افعال: مورث ہذیان مسکن الم منوم۔

افعال خصوصہ: خفیف مقدار مشتہی بطور منوم اس کا استعمال اب ممنوع ہے بردمائیڈ کے ساتھ دیتے ہیں بطور مسکن دافع تشنج وقولنج کبدی یا

صفرادی اور درد گردہ تشنج مثانہ اور لغوظ سوزاک میں نافع ہے۔ جدید علاج میں بطور ٹنکچر یا ایسٹریکٹ دیتے ہیں۔ مقدار خوراک ایکسٹرملک ۱/۴ سے اگرین تک ٹنکچر چند قطرے مصری یا شکر ڈال کر دیتے ہیں۔

مشہور مرکب حب حمل: برگ قنب ۳۰ گرام، جائفل ۱۵ گرام چھالیہ ۱۵ گرام عنبر ۲ گرام، زعفران ۵ گرام گھی ۳ گرام گڑ ۸۰ گرام ورق چاندی حسب ضرورت حبوب تیار کریں مقدار بعد از پاکی میں صبح وشام ایک گولی تین دن تین ماہ اسی طرح استعمال کریں۔ جن مستورات کے حیض باقاعدہ آتا ہو کوئی اندرونی خرابی کے بغیر اولاد نہ ہوتی ہو اس کے استعمال سے وہ خرابی دور ہو کر استقرار حمل ہوتا ہے۔

کائفل

بنگالی۔ کٹ پھل، کاٹے شل

فارسی، دار شیشعان

عربی، عود البرق

انگریزی: AROMATIC BARK-BOX MYRTLE

لاطینی: MYRICA SAPIDA MYRICA NAGI

صفت وماہیت: یہ ہمیشہ تازہ رہنے والا پہاڑی درخت ہے جو ۲۰ فٹ تک لمبا ہوتا ہے اس میں پتوں کا گچھا آخر میں لگا ہوتا ہے پتے لمبائی میں تین سے پانچ انچ تک زیریں طرف اس کی رنگت زرد ہوتی ہے پھل اس کا جائفل کی طرح گول اور لمبوترا ہوتا ہے۔ پھل کے اوپر کا چھلکا جاوتری کی طرح اور لکڑی کا رنگ سیاہی مائل سرخ چھال خاکستری رنگ اور پھل کا مغز سرخ ہوتا ہے۔ چھال کا ذائقہ تیز تلخ خوشبودار اور پختہ پھل کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: قابض۔ محلل۔ مسکن

افعال مخصوصہ واستعمال: امراض صدر وریہ رافع سال یعنی بلغمی منع انصاب نوازل امراض مخصوصہ تقویت اعصاب تجفیف رطوبات، رفع سیلان منی ومذی۔

مضر: جگر۔ طحال

مصلح: مصطگی رومی

بدل: اسارون۔ زراوند۔

مقدار: ۲ سے ۵ گرام۔

کٹکی

بنگالی۔کٹوردہینی کٹکی۔

عربی۔خریف ہندی۔خالق الذائب۔

انگریزی: PICRORRHIZE KARRON

لاطینی: PICRORRHIZE KARROQ

صفت وماہیت: مشہور دوا ہے جس کو دھونتری کی گرست بھی کہتے ہیں اس کے پودے پر تھوڑے سے روئیں ہوتے ہیں جڑ پتلی اور جوڑ دار ہوتی کٹکی اس پودے کی لکڑی ہے جو پتلی تیرہ سفیدی مائل گوہدار اور اس میں باریک ریشے ایسے ہوئے جیسے تازہ تلخ ہوتا ہے پتے ارنڈ کے پتوں کی طرح اور پھول نیلا گچھوں میں لگتا ہے کٹکی سیاہ زردودو کی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مقوی معدہ۔کاسر ریاح۔دافع بخار۔حاداکال۔

افعال واستعمال خصوصی: دافع امراض بلغمی ویرقان اسود قاتل کرم شکم ریہ۔سانس کی تنگی کو دور کرتی ہے۔

مضر: مخرش

مصلح: روغن بادام

بدل: پھکر مول

مقدار خوراک: ایک گرام

کاسنی

انگریزی: ENDIVE

لاطینی: CICHORUM ENDIVIA

صفت وماہیت: ایک مشہور دوا ہے جو بوئی جاتی ہے بستانی وخودرو صحرائی بھی ہوتی ہے بستانی کی دو اقسام ہیں۔

(۱) پتے کاہو کے پتوں کے قریب لمبے اور چوڑے اور کھردرے اور مزے میں تھوڑے سے کڑوے ہوتے ہیں پھول بڑا رنگ لاجوری

(۲) پتے اور پھول چھوٹے چھوٹے اور رنگ پھول کا ویسا ہی اور مزہ بہت تلخ دہ ہے جو تر و تازہ شیریں بامزہ ہو۔ پتوں کو دھونا نہیں چاہیے،

قوت دوا بالائی سطح ہوتی ہے تخم سبز خاکستری ہوتا ہے جڑ غباری ہوتی ہے۔

مزاج: سرد وتر

افعال: مفتح مدر بول، مصفی خون

افعال واستعمال خصوصی: آب برگ سبز مروق، معدہ، تسکین عطش تقویت معدہ تحلیل تفتیح اسہال اخراج صفرااعانت اسہال۔

پوست بیج کاسنی

مزاج: گرم خشک

افعال خصوصی: معدہ رفع استسقاء تفتیح سدد تحلیل حمی رفع حمی بلغمی وصفرادی، تخم سرد خشک مائل بخرات معدہ

افعال مخصوصہ: رفع استسقاو یرقان اوراد تفتیح۔

مضر: تخم معتشی مضر طحال۔

مصلح: سکنجبیں بزوری: بیج کاسنی کا بیج بادیان آب کاسنی آب برگ خطمی تازہ وخبازی تازہ بیج کاسنی کا عرق کاسنی۔

مقدار: آب ۶۰ ملی لٹر۔ تخم کاسنی تین یا پانچ گرام۔

کالی زیری

بنگالی: سومراج بن جیرے

فارسی: زیرہ دشتی زیرہ صحرائی

انگریزی: BLUE FLEABANE

لاطینی: VERNONIA ANTHEL ANTHELMINTICA

صفت وماہیت: یہ ایک بیج ہے سیاہ رنگ زیرہ سیاہ سے دوگنا لمبا اور تخم کاسنی کے برابر موٹا بہت تلخ اور تیز بو پودا دو گز تک لمبا اور پتے لمبے اور نوک دار پھول بھی کاسنی کے پھول کی مانند ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: قاتل دیدان۔ محلل اورام۔ مسکن الم۔

استعمال وافعال خصوصی: امراض معدہ۔ جگر تحلیل ورم۔ تسکین اوجاع باردہ۔ اخراج کرم ومواد بلغمی

مضر: جملہ اعضائے باطنہ۔

مصلح: کتیر اروغن گل

بدل: بعض افعال میں سیاہ زیرہ

مقدار خوراک: ۱تا۲ گرام۔

کمیلہ

بنگالی۔ کمیلہ گڑی

فارسی۔ کنبیلا۔ عربی قنبیل

انگریزی: KAMALA

لاطینی: MULLUTUS PHYLIPPLE NESIS

صفت وماہیت: اینٹ کی رنگت کا سرخ دانہ سفوف ہے بلا بو سفوف ایک درخت سے حاصل ہوتا ہے۔

شراب کے ہمراہ جوش دینے سے بڑا حصہ حل ہو کر سرخ رنگ کا محلول بنتا ہے ایتھر میں حل ہو جاتا ہے درخت بیس تیس فٹ تک اونچا، تنے کی گولائی تین چار فٹ تک ہوتی ہے شاخیں جڑ سے نکلتی ہیں چھال ۴٫۳ انچ موٹی ہوتی ہے اس پر سفید اور پیلے پھول لگتے ہیں۔

پیدائش: اس کا درخت کشمیر، یوپی، بنگال، میانمار، دکھن سری لنکا میں ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: قاتل دیدان مجفف مانع تعفن

افعال واستعمال: امراض مقعد قتل دیدان اندمال قروع جلد خارش تر وخشک وسفید وقروح سمیا خارجاً۔

مضر: معدہ وامعاء

مصلح: کتیر اصطگی رومی

بدل: ترش باؤبڑنگ سکنجبین

مقدار: ایک گرام

کیلشیم کے مرکبات

صفت وماہیت: کیلشیم ایک دھات ہے جس کو ۱۸۰۷ء میں مسٹر ڈی ایک کیمیادان نے دریافت کیا۔ یہ مختلف مرکبات کی صورت میں دستیاب ہوتی ہے کوڑی صدف گھونگھا بھی اسی کے مرکبات ہیں حیوانات کی ہڈیوں میں بھی یہ نمک موجود ہے۔ کیلشیم ایک زرد رنگ کی دھات ہے زنگت سونے سے کسی قدر مشابہ اور سخت مرطوب ہوا سے مکدر ہو جاتی ہے پانی کے اجزا کو متفرق کر دیتی۔ پانی ملا ہوا تیزاب شورہ اس کو جلد تحلیل کر دیتا ہے۔

افعال: رطوبت کو خشک کرتا۔ ترشی کا دافع اور خفیف قابض۔

مقدار: دس سے ساٹھ گرین۔

مرکبات

کیلشیم ہائڈریس CALCIUM HYDRAS

کیلشیم ہائیڈراکسائیڈ CALCIUM HYDROXIDE

سلیکڈ لائم SLAKED LINE

صفات: سفید رنگ کا نہایت کھاری سفوف کیلشیم اکسائیڈ کو پانی میں بجھانے سے تیار ہوتا ہے

انحلال: ایک حصہ ۹۰۰ حصہ پانی میں شکر ملا دی جائے تو ایک اور ساٹھ کی نسبت سے حل ہوتا ہے۔

CALCIUM PHOSPHATE

افعال: ضدالحموضہ، مسکن۔ مضعف قابض خفیف دافع تعفن یہ بسلکٹ ایسڈ زنک کلورائیڈ اور بعض معدنی تیزابات کا فاد ہے۔

نقیضات: نباتی تیزاب معدنی تیزاب کھاری نمکیات۔ معدنی نمکیات ٹارٹا اے ٹک لائکوار کیلشیم ہائیڈرو اکسائڈ لائم وائر۔ صاف بے رنگ ذائقہ کھاری یہ ہوا ہے کاربن ڈائی آکسائیڈ جزب کر لیتا ہے اس کی سطح پر کیلشیم کاربونیٹ کی جھلی بن جاتی ہے

خوراک: یہ ایک چار اونس۔ ایک سال کے بچے کے ۱/۲ سے ایک ڈرام۔

فوائد: بچوں کے دودھ ہضم نہ ہونے، دانتوں کے نکلتے وقت اسہال آنے کے لئے دودھ میں ملا کر دیتے ہیں دودھ پھٹنے کو روکتا خون کو گاڑھا کرتا ہے۔

کیرن آئل: روغن السی اور چونے کا پانی دو دو انس ملا کر خوب ہلائیں جلے ہوئے مقام پر لگائیں۔ کیلشیم لائم واٹر اولیو آئل دو اونس جلے ہوتے مقام پر لگائیں۔

کیلشیم کلورائیڈ CALCIUM CHLORIDE

ماہیت: تیزاب نمک کو چاک سے مشغول کر کے تیار کیا جاتا ہے۔ سفید بے حد نمی جذب کرنے والی مسام دار خشک ڈلیاں ہم وزن پانی میں قابل حل۔

نقیقات: کاربونیٹس فاسفیٹس سلفیٹس اور ٹارٹریٹس۔

افعال: مصفی خون حابس دم۔

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین

ہائیڈرو اور کیلشیم کلورائیڈ

بے رنگ بے حد نمی جذب کرنے والی قلمیں۔ بے ذائقہ خفیف تلخ۔

مقدار استعمال: ۱۰ سے ۳۰ گرین بذریعہ درئیدی انجکشن

افعال وتاثیر: خون کی طاقت انجمادی کو بڑھاتا ہے اس لئے معدہ رحم کو جریان خون کو بند کرنے اور مرض ہموفیلیا میں بھی استعمال کرتے ہیں مگر افادیت شبہ ہے خون میں کیلشیم کی مقدار بڑھانے کے لئے دو پیرا تھانید دیتے ہیں۔ خارجی پر حابس الدم۔

کیلشیم

ماہیت: ایک مرکب یہ تیزاب شیر سفید رنگ کا سفوف بو اور ذائقہ۔ الخلال دس حصہ پانی میں۔

افعال: حابس الدم۔ مصفیٰ خون۔ معدل، مقوی ریکٹس۔

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

کیلشیم سلفائیڈ: Calcium Sulphide

کین ٹس فاسفورس Canton's Phosphorus کلس کیریس۔

تاثیر و استعمال: بھورے رنگ کا سفوف ہے جس میں سے ہائیڈروجن سلفائیڈ کی بو آتی ہے۔

افعال: دافع تعفن۔ مقدار: ۔۴/۱ سے ایک گرین۔

کیلسی نول۔ دوسرا نام کیلشیانی آئیوڈیٹ یہ آئیوڈوفارم کا بدل ہے اور دافع تعفن معدہ وامعاً ہے۔

خوراک: ۳ سے ۴ گرین۔

تاثیر و استعمال: پیپ کی پیدائش کو روکتی ہے۔

کیترا

بنگالی۔ کینلا

فارسی۔ کون۔

عربی۔ صنع القتاد

انگریزی: TRAGACANTHAGUM

لاطینی: TRAGACANTHA

صفت و ماہیت: ایک درخت کا گوند ہے جو نیم شفاف وچپٹی وٹیڑھی شکل کا ہوتا ہے یہ گوند موسم گرما میں ملتا ہے اس کے درخت کو کڑ دکہتے ہیں اس کا تنا جس پر ڈالیاں لگتی ہیں بہت موٹا ہوتا ہے اوپر کی چھال کا رنگ سفید ہوتا ہے اس درخت میں کانٹے نہیں۔ پتے تکونیا پتوں کی ڈنڈی بالشت برابر ہوتی ہے پھول سرخ رنگ کا اور پھول گول بیر کی طرح اور اس پر بھورے رنگ کا رواں ہوتا ہے پھل اندر سے سفید اس میں تین بیج نکلتے ہیں جن پر سرخ وتاریک اور سخت اور نہایت چکنا چھلکا ہوتا ہے۔ مزہ سوندھا۔

مزاج:۔ سرد خشک ۔ بعض کے نزدیک معتدل۔

خواص وفوائد: مغری ملطف ۔ ملین ۔

استعمال وافعال خصوصی:۔ امراض صدر وریہ رفع نفث الدم وسعال یابس نغریہ۔

مضر:۔ امراض اسفل۔

مصلح: انیسون

بدل: تفریہ میں گوند ببول تغلیظ میں مغز کدو۔ مقدار ایک سے تین گرام۔

کرم کلہ

فارسی ۔ کرب ۔ کرم کلہ

عربی ۔ بقلۃ الا البصار

انگریزی

لاطینی

صفت وصفات: بستانی دجنگلی ایک قسم کی ترکاری ہے رنگ سبز ذائقہ قدرے پھیکا ہوتا ہے جڑ میں دو تین انگل کی نازک ساق نکل کر اس کے سرے پر دس پندرہ گھنڈیاں سرخی مائل رنگ کی پیدا ہوتی ہیں ان میں چھوٹی چھوٹی پتیاں لگتی ہیں جسے کرم کلہ کا پھول کہتے ہیں۔ پکانے میں شاخیں اور گھنڈیاں مستعمل ہیں جنگلی قسم تلخ ہوتی ہے جس کو انار دانوں کے ساتھ جوش دیا جائے تو جاتی رہتی ہے۔ بیج فلفل کی طرح اور پتے بستانی سے زیادہ سفید ہوتے ہیں

مزاج: مرکب القوئ

خواص وافعال: مقوی باہ ۔ مدر بول وحیض

استعمال وافعال خصوصی: عام النفع ۔ ادار بول وحیض ۔ تلیین بطن تقویت بصر۔

مضر: مولد سودا

مصلح: گوشت مرغ

بدل: گوکھرو

مقدار: ۳ سے ۷ گرام تک ۔ سبزی حسب ضرورت۔

کاکڑہ سینگی

بنگالی۔کاکڑہ سینگی ۔شرنگی

انگریزی: RHUS SUCCEEDANEA GALLS PISTACIA

لاطینی: ASCLEPIAS GEMINATA RHUS KAKRA SINGI

صفت وماہیت: ایک درخت کا پھل ہے مزہ کڑوا بہت بکسا اور بکری کے سینگ سے مشابہ اور سخت ہے اس کے اندر سفید سا جالا ہوتا ہے جسے دور کر کے استعمال کرنا چاہیے۔درخت ۴۰ فٹ تک اونچا ہوتا ہے تنے کی گولائی آٹھ نوفٹ یا زیادہ پتے چار پانچ جوڑے رنگ سرخ سیاہی مائل۔

مقام پیدائش: دریائے سندھ اد کاؤں ندی کے پاس مشرقی پنجاب سرحد۔

مزاج: گرم خشک

افعال: منفعث بلغم مقوی معدہ، محلل ریاح

استعال وافعال خصوصی: امراض صدر ردیہ رفع سعال بلغمی ضیق النفس بلغمی ودجع الصدر۔

مضر: امراض جگرم

مصلح: صمغ عربی۔کتیرا

بدل: بعض افعال میں ملٹھی ۔**مقدار:** ایک گرام۔

کونین

کونین سلفیٹ QUININE SULPHATE. ذائقہ سخت کڑوا بو کچھ نہیں۔

صفات: سنکونا کی چھال کا جوہر ریشم کی مانند ملائم اور باریک سفوف ذائقہ سخت کڑوا بو کچھ نہیں۔ ایک حصہ ۲۵ حصہ کھولتے پانی میں حل ہو جاتا ہے اگر پانی میں اس کے ایک حصہ ۸۰۰ حصہ پانی میں م ترشی ملے پانی میں حل ہو جاتا ہے ایک حصہ ۲۵ حصہ کھولتے پانی میں حل ہو جاتا ہے اگر پانی میں اس کے ایک حصہ میں سیچورٹیڈ سولوشن کے چند قطرے تیار کر کے سلفورنسا ایسنڈ ڈائکیوٹ ملایا جائے تو تیز نیلی جھلک ظاہر ہو جاتی ہے۔

سچورٹیڈ سولوشن کے چند قطرے تیار کر کے سلفورنسا ایسڈ ڈائکیوٹ ملایا جائے تو تیز نیلی جھلک ظاہر ہو جاتی ہے۔ جس میں ٹے ٹین کا جزو ہوتا ہے

نقیضات: الکلیز اور اس کے کاربونیٹ تمام قابض انفیوژن جس میں ٹے ٹین کا جزو ہوتا ہے

مزاج: حار یابس:

افعال: دافع بخار۔مقوی معدہ ومقوی عامہ محرک اعصاب، مقوی ومحرک۔

مضر: یبوست پیدا کرتی ہے۔

مصلح: دودھ

بدل: بعض کے نزدیک پتی ایک روئیدگی اور جل نیم اس کا بدل ہے صحیح بدل معلوم نہیں۔

مقدار: ایک سے ۱۰ گرین

مرکبات: کونین ہائیڈروکلورائیڈ QUININE HYDROCHLORIDE

ایک سے ۱۰ گرین انجکشن بھی ۵ سے ۱۰ گرین تک دیا جاتا ہے۔

کونین دوا ایتھل کاربونیٹ QUININE WITH ETHYLE CARBONATE

یوکونین (EUQININE)

کونی نی ایسٹ ایتھلس کاربوناس QUININE ET AETHYLIS CARBONAS

صفات: ہلکا پھلکا سفوف ذائقہ قدرے تلخ ۱۰ اسے کونین شیریں کہتے ہیں

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرین۔

کونی نی آرسیناس Quinine Arsenas مقدار: ۱/۸ سے ۱/۲ گرین۔

پلازموکونین Plasmo Quinine زرد رنگ کا دانہ دار سفوف خوراک ۱/۲ گرین۔ دافع ملیریا

کوکنار

دودھ، خشخاش

فارسی، پوست خشخاش

عربی، قشر خشخاش۔

انگریزی WHITE

صفت وماہیت: خشخاش کے درخت کے پھل میں جو خاردار اور آسانی سے ٹوٹ جانے والے ہیں رنگ سفید زردی مائل ہلکے اور کھوکھلے ہوتے ہیں۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مسکن اوجاع، مخدر منوم قابض

استعمال وافعال خصوصی: گوش روع، تحلیل تخرید خارجا صدر دریہ

مضر: ریہ

مصلح: نبات سفید شہد خالص۔

بدل: باقلائے خشک۔

مقدار: ایک تا تین گرام۔

کنچھال

بنگالی۔ رکت کانچنا، کانچن

انگریزی: B.VARIEGATE

لاطینی: BOUHINIA PURPURIA

صفت وماہیت: اس کا درخت توت کے برابر ہوتا ہے پتے گول اور نوک کی طرف دو برابر حصوں میں جڑے ہوتے ہیں۔ اس کے پتوں پر باریک رواں ہوتا ہے نچلا حصہ صاف ہوتا ہے اس کی پھلی ایک بالشت لمبی اور چپٹی ہوتی ہے پھول سرخ بینگنی اور پیلا ہوتا ہے پھول خوش ذائقہ اور پھلیاں تلخ ہوتی ہیں۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: قابض حابس الد، مصفیٔ خون۔

افعال واستعمال خصوصی: عام النفع لثہ ولسان نفع عام تقویت معدہ وامعاء حبس امعاء حبس اسہال رحم احتراق خون، چھال لثہ ولسان رفع شوروہن۔ جلد اندمال قروح رحم اندمال حب قبض احتراق خون فساد خون وصفرا۔

مضر: نفاخ دیر ہضم

مصلح: اباذیر زیرہ

بدل: بعض افعال میں باقلائے خشک۔

مقدار: حسب ضرورت۔

کیوڑہ

بنگالی۔ کیتلی۔ گیسا گاچھ

فارسی۔ کدر

عربی۔ کاوی

انگریزی: FRAGRANT SCREWPINE

لاطینی: PANDANUS

صفت و ماہیت: اس کا درخت چار گز یا اس سے زیادہ بلند ہوتا ہے اس کے پتے جوار کے پتوں کے مشابہ سہ پہلوں اور یہ پہلو کانٹے دار ہوتا ہے دور سے کھجور کے پیڑ کی طرح معلوم ہوتا ہے اُن کی برابر موٹا اور سیدھا دراز ہوتا ہے۔

پتوں کا رنگ سبز اور پھول بلند ہوتا ہے۔ پتا سیوتی کے پتے سے چھوٹا اور اس کسی قدر چوڑا ہوتا ہے پیڑ اا لگ الگ کھجور کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں کیوڑے کی ساق پر پتے اس کی ڈالیوں کی طرح لگے ہوتے ہیں ہر پتے کے کناروں پر آری کے سے دندانوں کی طرح باریک اور سخت اور تیز کانٹوں کی اول سے آخر تک دونوں طرف قطار ہوتی ہے اور پتا پتا سہ پہلو ہوتا ہے ۴ برس بعد اس کے پودے میں پھول آتا ہے پھول کا رنگ سفید وضع کے بھٹے کی سی ہوتی ہے بھٹے کے اوپر کے پتے تہ بتہ ہوتے ہیں یہ پتا لمبا بہ پہلو اور پتلی نوک دار ہوتا ہے جڑ کی طرف چوڑا ہوتا ہے اور پتا پتلا ہوتا جاتا ہے اس کے پھول میں دور سے زیادہ خوشبو آتی ہے۔

مزاج: گرم خشک م

افعال: مفرح۔ مقوی قلب

استعمال وافعال خصوصی: امراض سر گل لثہ ولسان تسکن تجویف تقویت قوت ذائقہ قلب تقویت وتفریح قلب عرق قلب مثل گل حمی جدری عصبہ وحصبہ وتفریح قلب گردامراض مخصوصہ لذت جماع عطر سر رفع دردسر دوخفقان تقویت تفریح

مضر: محرک نزلہ

مصلح: عرق بید مشک

بدل: سفید وسرخ

عرق کیوڑہ: اس میں عرق بید مشک کی سی خوشبو آتی ہے تازہ کسی قدر تیز اور حدت دار

مزاج: گرم خشک بعض قلب دماغ وحواس واعضاء

افعال: مفرح مقوی قلب دماغ دل وحواس واعضاء۔

مضر: محرک نزلہ

مصلح: نبات

بدل: عرق کنگی

مقدار: ۵ تا ۷ ملی لیٹر۔

کرنجوہ

بنگالی ماٹا کرنچہ کانٹا کرنچہ

فارسی

عربی۔حجرالولادت

انگریزی: BONDUC NUT

لاطینی: CESALPINIA BONDOCELLA DELBERGIA ARBOREA

صفت وماہیت: یہ ایک خاردار بیل کے پھل کا نام ہے اس میں کچھ مڑے ہوئے کانٹے لگے ہوتے ہیں اس کی شاخ کے ایک سینک پر چھ سے دس تک چھوٹے پتے لگتے ہیں پھلیاں دو تین انچ لمبی اور ایک یا ڈیڑھ انچ چوڑی ہوتی ہیں۔ یہ پھلی میں دو یا تین بیج ہوتے ہیں پھلیوں کے چھلکے پر سخت اور سیدھے اور تیز بہت سے کانٹے لگتے ہیں، بیج گول اور بندوق کی گولی کے برابر اوپر سے خاکی نیلاہٹ لئے ہوئے اور چمکتے ہیں مغز اندر سے سفید مزے میں تلخ ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: بھارت اور پاکستان میں عام خصوصاً بنگال و میانمار میں زیادہ ہوتی ہے۔

مزاج: پتے درجہ اول میں سرد خشک۔ بعض گرم خشک۔ مغز گرم خشک۔

خواص وافعال: محلل ورم۔ دافع حمیٰ نوبتی کاسر ریاح۔ مجفف۔ ناشف۔ حابس قاتل کرم شکم۔

استعمال وافعال خصوصی: امراض مقعدہ گردہ ومثانہ، مغز مقعد کسر ریاح حبس دم تجفیف تحلیل۔ انیثن حمیٰ گردہ مثانہ اور تحفیف نشف رطوبات اندمال قروح تحلیل ورم دریاح انیثن دفع قیل الماءحمیٰ منع نو بہ حمیٰ بلغمی۔

مضر: امزجہ حارہ

مصلح: مرچ سیاہ اور دار فلفل، شہد

بدل: فادانیا

مقدار خوراک: ایک گرام جڑ چھلکا کا نصف سے اگرام۔

کشمش

فارسی۔کشمش

عربی۔قشمش

انگریزی: RAISING

لاطینی: RACEMUS

صفات وماہیت: سبز رنگ ذائقہ شیریں موٹی بڑے بڑے دانہ کے ایک مشہور پھل ہیں تازی بہتر ہوتی ہے منقیٰ کی قسم سے ہے مگر اس سے بہت چھوٹی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: منقیٰ قوت مسہلہ رکھتا ہے، مقوی دل ودماغ وجگر

افعال واستعمال خصوصی: امراض سر، مقوی دل دماغ وجگر

مضر: محرک خون مورث حمیٰ

مصلح: بادیان

بدل: مویز منقیٰ بقدر مناسب

مقدار: چھ سے نو گرام

کنیر

بنگالی۔ کروی، کرابی۔

فارسی۔ خرزیرہ۔

عربی۔ سم الحمار دفلی۔

انگریزی: OLEANDER

لاطینی: NIRIUM ODORUM

صفت وماہیت: یہ ایک ایسا پودا ہے جس پر ہمیشہ پھول لگے ہوتے ہیں اس کے درخت آٹھ نو فٹ تک اونچے ہوجاتے ہیں شاخیں اکثر جڑ سے پھوٹا کرتی ہیں ان کی ڈالیوں کے دونوں طرف نو انچ تک لمبے نوک دار ایک انچ چوڑے اوپر سے صاف اور نیچے سے کھردرے پتے لگتے ہیں جو دبیز ہوتے ہیں اور ان پر باریک رگیں نمایاں ہوتی ہیں پھولوں گچھوں کا رنگ سفید یا لا ہوتا ہے چھ سے نو انچ تک لمبی پھلی جو سخت ہوتی ہے اور اس میں اون کی طرح کوئی چیز بھری ہوتی ہے جڑ لمبی پتلی اور کھاری اور اکثر سفید مائل یہ سرخی سی ہوتی ہے پوست زرد موٹی۔ ذائقہ تلخ وتیز ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: محلل مجفف جالی۔ مقوی باہ۔

استعمال وافعال خصوصی: بیج اندمال قروح تقویت اعصاب و باہ امساک ۔ خارجاً وگاہے داخلاً مع ادویہ مغلظہ ۔

مضر: قریب بسم ۔

مصلح: شہد خالص شیر گاؤ ۔

بدل: مویزج اکلیل الملک ۔ بابونہ میتھی ۔

مقدار خوراک: ایک سے ڈیڑھ گرام تک ۔

کافور

فارسی ۔ کافور

اردو ۔ کافور

انگریزی: کیمفر CAMPHORCO

تاثیر وصفات: چوکور بڑی بڑی ڈالیاں بے رنگ سوزنی قلمیں بو تیز ذائقہ بھی تلخ وتند و کافوری منہ ٹھنڈا ہوک جاتا ہے دیا سلائی سے جل اٹھتا ہے معمولی حرارت پر بخارات کی صورت میں اڑ جاتا ہے

انحلال: ایک حصہ ۷۰۰ حصہ پانی میں ایک حصہ ایک حصہ الکحل اور ۴ حصہ روغن زیتون میں

مزاج: سرد خشک بعض اطبا حار یابس قرار دیتے ہیں

افعال وخواص: محرک معدہ دافع تشنج کاسر ریاح معرق، مخدر، منفث مسکن، دافع تعفن، مدر لعاب محرک قلب مفرح، مبرد ۔

استعمال وافعال خصوصی: امراض چشم بینی رفع بخر الانف تبرید، حبس دم روع تحلیل عطوساً ۔ قلب تفریح وتقویت جلد تحلیل ورم حار اندرمال زتنقیہ قروح خارجاً جمی رفع حمیات حارہ ودقیہ (کاجل) چشم رفع آشوب حار ودیگر امراض حارہ ۔

مضر: باہ مولد حصاۃ

مصلح: مشک عنبر، جند بید ستر

بدل: ذو چند طباشیر، ہموزن صندل سفید وکہربا

مقدار خوراک: ۲ سے ۵ گرین

مرکبات: ٹنکچر TUNCTURE

افعال: منفث بلغم مسکن معرق ۔ محرک

مقدار: ۳۰ سے ۶۰ بوند

LINIMENT OF CAMPHOR

افعال: دافع اوجاع۔

CAMPHOR MONOBROMATA

افعال: منوم، دافع تشنج دافع ہذیان قمری

مقدار: ۲ سے ۸ گرین

ہائیوڈرمک انجکشن آف HYPODERMIC INJECTION OF CAMPHOR

کافور ایک حصہ آلوائیل مطر ۵ حصہ حل کرلیں۔

مقدار: ۱۰ سے ۳۰ بوند۔

افعال: مصفی حرارت عزیزی محرک قلب و معرق

کنوچہ

فارسی، مرو

عربی، بزرالمرو

انگریزی: S. SPINOSA

صفت و ماہیت: چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں جن کا رنگ سرخی مائل اور موٹے ہوتے ہیں تکونے شکل کے تازہ بہتر ہیں۔

مزاج: گرم و خشک

خواص و فوائد: منضج اورام، مضری، مسکن، مقوی معدہ امعاء کاسر ریاح۔

افعال و استعمال خصوصی: امراض و امعاء رفع حمیات حارہ و یرقان ودق۔

مضر: تلی

مصلح: گلقند

بدل: تخم ریحان برائے تفتیح تخم کتان

مقدار خوراک: ۷ سے ۱۰ گرام۔ دوسری ادویہ کے ساتھ ۴ گرام۔

کلتھی

بنگالی۔ کلٹی کلد مے

عربی۔حب القف کاسرالجر

فارسی۔سنگ شکن، ماش ہندیDOLICHOS UNIFLORUS

انگریزی: HORSE GRAM

صفات وشناخت: ایک غلہ کا دانہ ہے شیریں بعض دانے تلخ بھی ہوتے ہیں گولائی لئے ہوئے دانہ مسور کے برابر ہوتا ہے وید کہتے ہیں ہضم کے وقت تلخ ہے جنگلی وبستانی دوطرح کا ہوتا ہے رنگ چمکدار اور سیاہ نیلاہٹ لئے ہوتا ہے۔مغز،سفید ذائقہ شیریں۔

کیمیاوی تجزیہ: سوا کلوگرام کلتھی میں سے چھ سوگرام میدہ اور ۲۵ ملی لٹر تیل نکلتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مفتت حصات و مدر بول وحیض

افعال خصوصی: گردہ مخرج حصات، مدر بول، دافع بواسیر

مضر: پھیپھڑا

مصلح: شہد خالص، تخم شلم زب برگ قرب

بدل: اکثر افعال میں حجر البود۔

مقدار: ۳ یا ۴ گرام

کریازوٹ

انگریزی: CREOSOTE

لاطینی: CREOSOTUM

ماہیت: بے رنگ یا ہلکا زردی مائل سیال ہے بو خاص قسم کی تیز۔چھنے سے منہ میں جلن محسوس ہوتی ہے مساوی مقدار سپرٹ کلوروفارم یا الکحل ملا دینے سے پانی میں حل ہو جاتا ہے اس کے دو بڑے اجزا گوانے کول اور کریوسول میں بیچ وکریازوٹ میں ۵۰ فیصد گوانے کول پایا جاتا ہے سے مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں رکھنا چاہئے۔

تاثیرواستعمال: دافع بدبو وتعفن ہے بوسیدہ دانت میں لگانے سے درد پیدا کرتا ہے مگر اسے احتیاط لگانا چاہئے کم مقدار میں دینے سے قابض ہے اور متلی و قے کا دافع پیپ وخون دار پاخانے کو بند کرتا ہے سل کے جراثیم کا قاتل ہے بلغم متعفن کو کم کرتا۔ابلتے پانی میں ڈال کر سونگھنے سے کھانسی وسل کو فائدہ دیتا ہے

مضر: خراش پیدا کرتا ہے

مصلح: گلیسرین

مقدار خوراک: ۲ سے ۱۰ منم بقدر ضرورت

گوائے کول لیکوڈ بے رنگ سیال ذائقہ سیال مثل کریازوٹ الکحل گلیسرین اور تیلوں میں قابل حل گہرے رنگ کی بند شیشی میں رکھیں۔

خوراک: ۶ سے ۱۰ منم

گوائے کول رب سفید بے بو ذائقہ سفوف ۹۰ فی گوائے کول ہوتا ہے پانی میں نا قابل حل

خوراک: ۵ سے ۱۰ گرین

تھی اوکول دوسرا نام

ہلکی سفید چمک دار قلمیں ذائقہ خوشگوار پانی میں قابل حل خوراک ۸ تا ۳۰ گرین۔

کنول گٹہ

بنگالی: پدما بیجی پدم بچی

انگریزی: LOTUS SEED LOTUS ROOT-LOUSCHORD

لاطینی: EURYALE FEROX

صفات وماہیت: کنول کا بیج یا پھل ہے کنول کی پتیاں جھاڑنے پر فوارے کے شکل کا کوزہ ظاہر ہوتا ہے نصف کرہ میں اس کے اندر کئی خانے ہوتے ہیں ہر خانے میں دانہ جو گول طولانی بغیر نوک کے ہوتا ہے اس پر دو غلاف ہوتے ہیں ایک سبز اور موٹا اور دوسرا سفید اور نازک مغز کی دونوں پھانک کی مثل ہوتی ہیں اور یہ سینگ (مغز) سفید اور کچھ شیریں ہوتی ہے وہ ہینگ جو نازک ہو، مزہ دار ہوتی ہے۔ سینگ کے اندر ایک زبان سا پردہ سا پردہ سا ہوتا ہے اس کا مزہ تلخ خشک ہونے پر غلاف سیاہ اور سخت ہو جاتا ہے اور مشکل سے ٹوٹتا ہے

مزاج: مغز خام سرد و تر مغز پختہ سرد و خشک زبان سرد و تر م

افعال وفوائد: قاطع صفرا فساد خون کا دافع، قابض عسیر الہضم مسکن عطش اطفال دافع حمی

افعال واستعمال مخصوصہ: حمیٰ دافع حمیات حارہ و یرقان دوق

مضر: شہد خالص

بدل: شربت آلو یا آملہ م

کشنیز (CORIANDER)

فارسی

اردو۔ دھنیا

انگریزی: CORIANDER FRUIT

لاطینی: CORIANDER FRUCTUS

صفات: گول گول دانے جن کے اوپر کی جانب ٹوپی دار دانے ہوتے ہیں قطر ۶/۱ حصہ ایک انچ کا رنگ زرد بھوراپن لئے ہوئے یا سبز اور سخت ہوتا ہے سطح پر بہت باریک رگیں ذائقہ خوشگوار اور خوشبودار اور کچلنے سے خوشبو نکلتی ہے اس کے چھلکے کی خوشبو اندر مغز کی خوشبو سے زیادہ ہوتی ہے اور تیزی بھی زیادہ بہتر کشنیز وہ ہے جس کا دانہ بڑا اور خوشبو تیز ہو پتے
باریک زردی مائل و کچھ گول ہوتے ہیں پھول سفید اور ننھا سا چھتری دار ہوتا ہے خوشبو آتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص فوائد: معطر۔ مفرح۔ مانع تبخیر۔ رادع۔ مقوی معدہ و دل و دماغ۔ دافع خفقان۔

افعال مخصوصہ: امراض سر۔ خشک سر۔ تربد تنویم تسکین درد منع تبخیر، حلق قطع سیلان خون معدہ منع تبخیر تقویت معدہ، حبس اسہال اخراج کرم حمیٰ تسکین حدت صفراو خون۔ رفع حمیٰ جدری دفع۔ برگ سبز لثہ ولسان تسکین و دفع حار دفع چبور صفرادیہ وقلاع حار مضمضہ کے طور حمیٰ رفع حمیٰ جدری و حصبہ و حمیات صفرادیہ۔

مضر: مورث نسیان مضر باہ۔

مصلح: شکنجبین و شہد خالص۔

بدل: تخم کاہو۔ تخم خشخاش۔

OIL OF CORIANDER

افعال: کاسر ریاح مقوی معدہ۔

مقدار: ایک سے تین بوند۔

کہربا

فارسی: کہربا۔ شمعی۔

عربی: مصباح الروم۔ صنع البحر صنع الحور۔

انگریزی: Ambetum Resin - Amber Sucomum.

لاطینی: Oriental Anime

صفت وماہیت: ایک سخت چمکدار شے ہے جس میں نہ بو ہے نہ مزہ رنگ نہ روپ، سرخ اور شفاف ہوتا ہے ذائقہ پھیکا اور خوشبودار بہتر وہ ہے جو سخت شفاف اور براق طلائی رنگ ہو اور ہاتھ سے ملیں اور گرم ہو جائے تو لیموں کے رس کی سی خوشبو آئے اور گھاس کے تنکے ریشم اور روئی کو اٹھائے اس میں تنکے اور گھاس اپنی طرف جذب کرنے کی خاصیت ہوتی ہے۔

مزاج: حار یابس۔معتدل۔

افعال خواص: مفرح ومقوی قلب۔حابس الدم مانع اسقاط حمل رادع مفرح۔

افعال واستعمال خصوصی: امراض صدرویہ۔ردع مواد حبس خون امعاء رفع سج حبس خون۔

مضر: مصدع۔آواز کو نقصان پہنچاتا ہے۔

مصلح: سر اور درد سر کے لئے بنفشہ آواز کے لئے بہی دانہ۔

بدل: سندروس اور دگنی گل رامنی دو تہائی سلیخہ۔

مقدار: ۲ گرام۔

کٹائی خورد

بنگالی: کنٹ کاری۔

عربی: شوک العقرب خرلحم۔

انگریزی: Guilandina

لاطینی: Fibriefuge Plant

صفت وماہیت: خاردار بوٹی ہے جس کا پتا زمین پر بچھا ہوتا ہے پتے بہت چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں اور سارے درخت میں کانٹے بھرے ہوتے ہیں ڈالیں کثرت سے آتی ہیں۔پھل سپاری کے برابر ہرا سفید اور اودے رنگ کا ہوتا ہے۔پک کر زرد ہوتا ہے پھول اودے رنگ کے ہوتے ہیں ذائقہ شور وتیز ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مصفیٰ خون۔منفث ومخرج بلغم۔

استعمال وافعال: سفید دافع بلغم وامراض صدر ریخ۔مفتت حصاۃ مدر بول۔

مضر: نکرب۔
مصلح: سکنجبین۔
بدل: اونٹ کٹارا۔
مقدار: سفوف ایک سے ۲ گرام جوشاندہ پانچ ملی لٹر۔ دار فلفل کے ساتھ پیسکر شہد ملانے سے کھانسی رفع ہو جاتی ہے۔

کرچی

کرچی کا چھال۔
کوٹا جا۔
کونی سائی بارک۔ Conessi Bark
کرچی بارک KURCHI BARK

درخت: یہ ہندوستانی نبات ہے اس کا جوشاندہ جوشاندہ بطور دوا استعمال کرتے ہیں اس کا پوست پیچش میں مفید ہے اس لئے اسے HOLARRHENA- ANTIDYSENTERICA بھی کہتے ہیں نقوع کرچی INFUSION,KURCHI کرچی کی چھال کو صاف کر کے دس گنے پانی میں بھگویا جاتا ہے لیکن پانی کھولتا ہوا ہونا چاہئے۔
مقدار: ۲ سے ۴ گرام

خلاصہ کرچی سیال LIAUID EXTRACT OF KURCHI
خلاصہ کراچھال: یہ مساوی الوزن الکحل میں بھگونے سے بنتا ہے
خوراک: ایک سے دو ڈرام دن میں دو تین بار
افعال: ہر قسم کی پیچش میں مفید ہے
کرچی بین: KRUCHIBUIN کراچی ایکیٹریکٹ کیساتھ بسمتھ اور آٹو ڈائیڈ مرکب ہوتے ہیں مقدار: ایک سے ۳ گرین ۶۰ سے ۲۵۰ ملی لٹر ۱۵ دنوں تک استعمال رکھے ہوئے بطور دافع پیچش۔
کرچی سین KURCHICINE تحت الجلد پچکاری کے ذریعے شدید پیچش میں مستعمل ہے
مقدار: انجکشن ۳۰ سے ۶۰ ملی گرام
افعال: دافع پیچش، دوران حمل بھی بے خطر استعمال ہو سکتی ہے

کنگنی

فارسی، ارزن عربی، دخن

صفات وشناخت: ایک قسم کے غلے کا دانہ ہے باریک اور گول فصل حریف میں پیدا ہوتا ہے اور بھوسی اندر دانہ زرد رنگ کا نکلتا ہے بھوسی کا رنگ سفیدی مائل اور متانت نازک ہوتی ہے دانے سے جلد ہی جدا ہو جاتی ہے سوا کلو گرام کنگنی میں ۹۰۰ ملی لٹر میدہ اور اکثر ۴۰ گرام تیل نکلتا ہے۔

مزاج: سرد وخشک بعض کے نزدیک گرم خشک

افعال: حابس شکم قابض مدر

افعال واستعمال خصوصی: ر یہ ملین صدر معدہ، حابس شکم وقابض مولد منی۔

مضر: سدہ پیدا کرتی ہے

مصلح: دودھ شکر گھی اور شہد بعض نے مصطگی بھی لکھا ہے

بدل: نامعلوم

مقدار: حسب ضرورت

کت

فارسی، کات

اردو، کتھ

انگریزی۔کیٹی کیو

لاطینی، کیٹی کیو

بنگالی۔کھیر

سندھی، کتھو

صفات: درخت کھر کے پر سے حاصل ہوتا ہے طول وعرض ایک انچ کے قریب ہوتا ہے، چپٹے پرت یا معکب ٹکڑے رنگ باہر سے بھورا اندر سے سرخی مائل متخلل کیسلا قدرے تلخ بعد میں شیریں۔ متعدد اقسام پر مشتمل ہے

انحلال: کھولتے ہوئے پانی میں مساوی اور دو گنے سرد پانی میں حل ہو جاتا ہے

مزاج: سرد خشک

مقام پیدائش: سنگاپور، ہندوستان

افعال: قابض حابس الدم۔مجفف، رادع

افعال خصوصی: امراض لثہ و دندان رحم۔رفع قلاع تجفیف قروح حبس خون، تقویت دندان

مضر: مضعف باہ۔مولد حصات

مصلح:

مقدار خوراک: ۲ گرام۔

مرکبات: سفوف کات۔کمپاؤنڈ کیٹی کیو پاؤڈر COMPOUND CATECHU POWER

۲۵ گرام دم الاخوین ۱۲ گرام، دارچینی ۶ گرام جائفل ۶ گرام افیون ۳ گرام سفوف بنا کر بطور حابس دم و حابس اسہال ۶۲۵ ملی گرام سے ۲ گرام تک استعمال کریں TINCTURE OF CATECHU

افعال: حابس الدم۔حابس الاسہال۔قابض مجفف

مقدار: ۳۰ سے ۶۰ بوند

کرفس

بنگالی اجمود۔

سندھی دل جان

فارسی کرفس

عربی۔بزرالکرنس۔فطراسالیون

انگریزی: PASLY

لاطینی: APIUM INVOLERATUM

صفت و ماہیت: انیسون کے مشابہ ایک باریک بیج ہیں۔رنگت زرد سبز مائل اور ذائقہ تیز چرپرا اور قدرے خوشبودار ہوتا ہے یہ پودا پاک و ہند میں بکثرت ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: کاسر ریاح۔مشتہی۔منقت حصات۔معترق مدر بول و حیض

استعمال و افعال خصوصی: بیج سر رفع جملہ امراض باردہ۔معدہ تزید اشتہا تحلیل تفیخ کسر ریاح۔تخم مثل بیج اور ادرار بول

مضر: مرضعہ۔ مصروح حاملہ

مصلح: انیسون مصطگی

بدل: کرفس

مقدار خوراک: ۳تا۵ گرام

کاک جنگھا

بنگالی۔ کانڈا۔ گڈ۔ کاؤلی

فارسی۔ پائے زاغان تخم

عربی۔ اجل الغراب ضرر الیشاطین۔ رجل الطائر

لاطینی: LEEHIRTA

صفت وماہیت: اس کا پودا ایک گز بلند ہوتا ہے شاخیں باریک شش پہلو گرہ دار ہوتی ہیں پتے روئین دار اور کھردرے ہوتے ہیں پھول چھوٹا نیلگوں ہوتا ہے اس میں ایک چھوٹی سی پھلی لگتی ہے جو سونف کے دانے کے برابر ہوتی ہے اس کے اندر دو چھوٹے تخم نکلتے ہیں جو تخم کاک جنگھا سے مشابہ ہوتے ہیں اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: جالی، کاسر ریاح، مصفیٔ خون بدل: کندش

مقدار: ۵ سے ۷ گرام

COCAINE کوکین COCAINA

ایک جوہر موثر (الکلائیڈ) ہے جو ایریتھروکسی لم کا کے پتوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۱۸۸۴ء میں اور اولاً اعمال جراحی میں استعمال کی گئی۔ بے رنگ قلمیں بے بو ذائقہ تلخ چرپراسن کرنے والا۔ پانی اور گلیسرین میں حل نہیں ہوتی لیکن ۲۴ گنا روغن زیتون اور ۱۲ گنا لیکوڈ پیرافین میں ۶ حصہ ایتھر میں حل ہو جاتی ہے

مزاج: بارد یابس

افعال استعمال خصوصی: ناک کان، مجری بول مقعد خصوصاً آنکھ کے اعمال برحیہ کے لئے مستعمل ہے

مضر: ہاضمہ کیلئے۔

بدل: بوروکین۔ نوروکین

کوکین ہائیڈروکلورائیڈ COCAINEN HYRROCHLORIDE بے رنگ شفاف قلمیں بے بو ذائقہ کڑوا سن کرنے والا پانی گلیسرین اور الکحل میں قابل حل

مقدار خوراک: ۸/۱ سے ۴/۱ گرین۔

ڈسکس آف کوکین DISCS OF COCAINE اس کا ہر ٹکیہ میں ۵۰/۱ گرین کوکین ہوتی ہے جو رفع درد کے لئے آنکھ میں ڈالا کرتے ہیں۔

سپازی ٹوریا کوکین دیر یارحم کی خراش درد کو رفع کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے اوکونم کوکین مقامی تخدیر پیدا کرنے والی دوا ہے جو ثریانوں کی باریک شاخوں کو سکیڑنے کا اثر بھی رکھتی ہے ۵ فیصدی کے لوشن کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے اعمال جرحیہ بلا احساس دور کئے جاتے ہیں۔

۲۰ منم میں ایک منم اور بنالیں بڑھا دیں تو طاقت بڑھ جاتی ہے ۱۰۰ فیصدی کوکین لوشن کا پھاہا تر کرکے دانت بلا درد اکھاڑ جاسکتا ہے لیکن آج کل نووکین یا وائس سلیوشن استعمال کیا جاتا ہے بواسیر میں اس کے شیاف سے آرام ہوتا ہے اس کے مرکبات مختلف ناموں سے بازار ئیں ملتے۔

کباب چینی (CUBABAE)

فارسی۔ کباب چینی کبابہ

اردو۔ سردچینی پیشل چینی

انگریزی: CUBABAE

لاطینی: CUBABAE

صفت وماہیت: ایک بیل ہے جس کے کچے پھولوں کو کباب چینی کہتے ہیں اس کے پتے ریحان کے پتوں سے پتلے ہوتے ہیں۔ پھول سفید زردی مائل اور سخت زمینوں میں پیدا ہوتا ہے پھل گول اور قد ایک انچ کا چھٹا سیاہ رنگ کا بھورا خاکی مائل جھریدار ہوتا ہے اور پیچھے چھوٹا تنکا لگا رہتا ہے ذائقہ گرم خوشگوار اور کسی قدر تلخ بو تیز۔ آج کل ایلوپیتھی میں کباب چینی سے اڑنے والا تیل نکالتے ہیں جو بے رنگ یا ہلک سبز زردی مائل ہوتا ہے جس کی بو اور ذائقہ کباب چینی سا ہوتا ہے وسطی جاوا میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: ملطف ریاح۔ مفتح سدد۔ حابس ودافع خفقان۔ مدر بول، ملذذ۔ دافع قلاع۔

استعمال وافعال مخصوصہ: لثہ ولسان تلطیف جلد تسکین درد رفع قلاع بارد۔ معدہ تقویت معدہ احشاء

مضر: مثانہ

مصلح: مصطگی صندل

بدل: دارچینی الائچی۔اسارون۔درد حلق کے لئے عاقر قرحا جگر کے لئے ہیں

مقدار خوراک: سفوف ۲ سے ۵ گرام روغن ۲ سے ۵ بوند

مرکبات: تعفن کبابہ۔ ٹنکچر آف کیوبیبز TINCTURE OF CUBEBS

مقدار: ۱/۲ سے ایک ڈرام

افعال: کاسر الریاح مدر بول

روغن کباب چینی OIL OF CUBEBS

افعال: مدر بول۔دافع تعفن آلات بول و تنفس دافع سوزاک

مقدار: ۵ سے ۳۰ بوند۔سوزاک میں روغن صندل کے ساتھ ملا کر دینے سوزش خفیف کو تسکین دیتی ہے مگر اب یہ علاج کم اور متروک ہو گیا

گندھک (SULPHUR)

فارسی۔گوگرد

اردو۔گندھک

بنگالی۔گندروگ

انگریزی: SULPHUR

صفات: زرد رنگ کا بھاری معدنی منفرد عنصر ہے ذائقہ پھیکا کر کرا بو مخصوص قسم کی آگ سے جلدی جل جاتا ہے قوت تین برس تک رہتی ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: قاتل جراثیم۔ملین مجفف محلل۔معدل جاذب رطوبات۔

افعال مخصوصہ: ذرور دافع سموم۔جروح والقروح۔دافع یرقان۔جلد و داد۔

مضر: معدہ

مصلح: دودھ۔نبفشہ

بدل: مختلف اقسام ایک دوسرے کی

گوگود مقعد۔سلفر ہیٹم SULPHUR SUBLIMAATUM

فلاورز آف سلفر FLOWERS OF SULPHUR

صفات: زرد سبز مائل نیلگوئی لئے ہوئے کرکرا سفوف جس میں بو اور ذائقہ نہیں ہوتا۔

انحلال: کاربن بائی سلفائیڈ میں

افعال: ملین قاتل جراثیم دافع مجفف۔ محلل۔ معدل۔

مقدار: ایک گرام سے ۴ گرام۔

گندھک آملہ سار

فارسی۔ آملہ سار

اردو۔ اولہ سار

انگریزی: PARCIPTATED SULPHUR

ملک آف سلفر MILK OF SULPHUR.

صفات: بھورے رنگ کا زردی مائل سفوف جس میں کرکراہٹ نہیں ہوتی۔

افعال: قاتل جراثیم۔ معدل۔ ملین

استعمال وافعال خصوصی: معدہ و جگر۔ کسر ریاح۔ [illegible] رطوبات تحلیل ورم۔

مضر: امزجہ حارہ دماغ

مقدار: ۲۰ سے ۶۰ گرین۔ مشہور مرکبات مرہم۔ قرص۔ معجون لعقو وسفوف گوگرد (سلفر) ہیں

CONFICTIO SULPHRIS CHSEA PENSIONER
SULPHUR LOZENGES SULPHUR OINTMENT.
JEPHOSON,S POWDER PASTILLUS SULPHURIS.

کاکنج

فارسی۔ عروس بس پردہ

انگریزی PUNEEERIA COAGULAUS

صفات وشناخت: ایک نبات ہے جس کا پیڑ ہاتھ بھر سے لے کر چھ یا آٹھ فٹ تک اونچا ہوتا ہے اس کی شاخیں نازک اور جڑ خشک ہوتی ہے پتے ڈنٹھل دار تین تین شاخوں والے نوکدار نرم چکنے جس کی رنگت ہلکی سبز ہوتی ہے پھول خوب صورت بنفشی رنگ ثمر چھوٹے دانہ کو

کے برابر جو پہلے سبز پھر زردی مائل بہ تیرگی اور اس کے بعد سرخ شفاف ہو جاتے ہیں اور پتوں کے گر جانے کے بعد خوشوں کی شکل میں نکلتے ہیں۔صرف ثمر مستعمل ہیں۔کاکنج کا پیڑ تین قسم بستانی ،جنگلی اور کوہستان کا ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ:اس میں دو جوہر ہوتے ہیں ایک قلمی الکلائیڈ جو پانی میں حل نہیں ہوتا۔دوسرے ڈ سکے ماربن جوگلوکو کا سائیڈ ہوتا ہے۔

مزاج:سرد وخشک

خواص وفوائد:دافع یرقان ،مدر بول ومسکن

استعمال وخواص:امراض گردہ ومثانہ۔حب اور ادرار بول۔رفع قروح۔گروہ ومثانہ وقضب وجملہ امراض حارہ۔

مضر:موجب استرخاو اعضاء

مصلح:گلقند آفتابی۔

بدل:اجوائن خراسانی:مکو،کھیرا کے بیج۔مغز چلغوزہ۔

مقدار خوراک:۷سے۷اگرام

کلونجی (BLOCK CUMIN)

بنگالی مگریلا۔سندھی کلوڑی۔سنسکرت کنچی۔

عربی۔حبتہ السود۔

فارسی۔شونیز۔

انگریزی: BLACk CUMIN

لاطینی: NIGELIA SATIVA

صفات وشناخت:ایک گھاس کا بیج ہے سونف کے پیڑ کے مشابہ جس کی شاخیں بالشت برابر یا اس سے بھی بڑی اور پتلی ہوتی ہیں پتے صعتر کے پتوں کی طرح بلکہ ان سے بھی پتلے اور چوٹی خشخاش کے پتوں جیسی اور کچھ ان سے چھوٹے ہوتے ہیں پھول زرد سفیدی مائل اور بعض میں نیلے پن کی بھی جھلک ہوتی ہے بیج غلاف میں ہوتا ہے رنگ سیاہ تکونا شکل بو تیز اندر کا گودا سفید ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو تازہ وزنی موٹا تیز اور چرپرا ہو۔

مدت استعمال:قوت سات برس تک رہتی ہے۔

مقام پیدائش:پاکستان میں عام پایا جاتا ہے

مزاج:گرم خشک

خواص وفوائد: مجلی یابس منضج ،معدل النوام مدر بول وحیض لبن ۔مخرج کرم محلل ورم خارجاً۔مفتت حصارۃ کاسر ریاح مقوی معدہ۔

افعال واستعمال مخصوصہ: امراض رحم ۔مدر بول وحیض ۔مخرج حیض ۔جگر ومرارہ دافع یرقان ۔مقعد۔رفع بواسیر ویدک میں ہاضم وکاسر ریاح اور بخار ودست کی دافع بتایا گیا ہے۔

مضر: گردہ واعضائے بول۔ریہ مصدع

مصلح: کتیر ا۔بنسلوچن۔کاسنی۔تخم خیار۔

بدل: زیتون کا گوند۔تخم رشادسرچندانیسون نصف وزن سوئے کے بیج

مقدار: ۳ گرام۔

روغن کانجی: دو قسم کا ہوتا ہے کالے رنگ کا اڑنے والا دوسرا سفید۔

افعال وخواص: مقوی باہ ومشتہی ۔مقوی اعصاب۔دافع نسیان

کندر

بنگالی۔کندر۔کندروکھوٹی۔

فارسی۔کندر

عربی۔کندرلیان تبسیح۔

لاطینی: OLBANUM

ایک خاردار درخت کا گوند ہے جو دوتین گز اونچا ہوتا ہے قرطم کے پتوں کی طرح لیکن ان سے ذرا چھوٹے چھوٹے ہیں مزہ خفیف تلخ خوشبودار بہتر تازہ اور جو اوپر سے سفید اور زرد ہو۔جتنا پرانا ہو سرخ ہو جاتا ہے آگ میں جلد منتقل ہو جاتا ہے۔

مقام پیدائش: یمن۔عمان۔بھارت کے صوبہ دکن۔قوت تیس برس تک قائم رہتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص وفوائد: متقی روح۔نفسانی وحیوانی محل ریاح۔حابس دم،سیلان رحم دافع نسیان قابض۔قاتل کرم۔جالی۔مفتح مقوی باہ۔مفرح۔مدر حیض ومسقط جنس۔

افعال مخصوصہ: امراض گردہ ومثانہ تجفیف قروح قبض دافع ذیابیطس ومقوی باہ۔

مضر: محرق خون وبلغم۔

مصلح: شکر سفید۔

بدل: مصطگی۔

کمرکس

فارسی۔ صمغ پلاس

عربی۔ صمغ پلاس۔

انگریزی: BENGAL KINO

صفت وماہیت: تراوش شکر۔دھات کا گوند ہے رنگت سرخ وسفید وسیاہی مائل ہوتی ہے یہ گوند چکنا درخت میں سے نکلتا ہے۔تنے میں شگاف دے کر جوس نکل جم جاتی ہے اس منجمد شدہ رطوبت کو کمرکس کہتے ہیں اس کے بیج پلاس پاپڑہ اور پھول گل نیسو کہلاتے ہیں ذائقہ کسیلا۔

مزاج: سرد خشک۔

خواص وافعال: مسکن ہلین حابس نافع جریان وسیلان۔دافع سرعت مغلظ۔

افعال مخصوصہ: امراض طحال۔

مصلح: عناب ولایتی

بدل: موچرس۔

مقدار: ا تا ۳ گرام۔

گل گاؤزبان

عربی۔ وردلسان الثور

انگریزی: ECHIUM FLOWER

صفات وماہیت: سیاہ اور لاجوری رنگ گل انار سے چھوٹا اور لمبا ہوتا ہے گاؤزبان کے سب سے سب زیادہ لطیف حصہ ہے اور نبات گاؤ زبان سے حاصل کیا جاتا ہے۔خراسان وگیلان میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم تر

خوص فوائد: مفرح مقوی ارداح واعضائے رئیسہ وحواس مخرج اخلاط ملطف۔

استعمال وافعال خصوصی: قلب تقویت وتفریح تقویت اعضائے رئیسہ وحرارت عزیزی تفریح قلب

معنر: طحال

مصلح: صندل سفید۔

بدل: برگ گاؤزبان اور ابریشم

مقدار خوراک: ڈیڑھ گرام سے ۴ گرام۔

برگ گاؤزن: یہ سبز زردی مائل سفید نقطہ دار و بیرا اور کھر درے گاؤزن کے پتے اور ڈندیاں ہیں ی۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ملطف مضرح۔

افعال خصوصی: صدرور یہ رفع ضیق النفس میسی وخوشونتہ صدر دفع اکثر امراض سوودر یہ الفاح قلب تفرتح تقویت **حرارت عزیزیہ**۔ امعاء رفع زحیر سری از لاق تغزیہ امعاء۔ حمیٰ رفع حمیات نزلاویہ تفرتح تقویت۔ برگ سوختہ مزاج سرد خشک۔ لثہ ولسان قبض رفع قلاع ذرددرد سفوفاً

مضر: طحال

مصلح: ابریشم، بالچھڑ۔

بدل: برگ کا بدل گل گاؤزبان۔

مقدار ڈیڑھ سے پانچ گرام۔

گلو

بنگالی۔ گلانچا۔ گلنچ

انگریزی: IVCREEPER TINOSPORA CORDIFOLIA

لاطینی: MANISPERMUM GLAPRUM

صفت وماہیت: ایک مشہور بیل دار درخت ہے جس کی بیل درختوں پر چڑھتی اور بہت لمبی ہوتی ہے مزہ کڑواہوتا ہے پتے پان سے مشابہ ہوتے ہیں پرانی گلو میں اور پھل بھی آتا ہے پھول پیلے رنگ کے ہوتے ہیں پرانی ہونے پر ڈنڈی پر ایک سا سفید رنگ پتے کا کاغذ کی طرح چھلکا جا بجا الگ دکھائی دیتا ہے جس کے اندر ہرے رنگ کی ڈنڈی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص او افعال: مسکن دافع حمیات۔ مصفی خون۔ مدر بول، مغلظ منی۔

استعمال وافعال خصوصی: رفع حمیّات بلغمیہ مرکبہ ومنزمنہ ودق۔ ست معتدل۔ رفع حمیات مزمنہ۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: دانہ الائچی طباشیر۔

بدل: ست جوشاندہ کا بدل ہے۔

مقدار خوراک: ۴ سے ۹ گرام وید ۶ گرام استعمال کرتے ہیں۔

گوند کیکر

بنگالی۔ بابوری گن۔

عربی۔ صمغ عربی۔

انگریزی: GUM ACCACIA- GUM ARABIC

لاطینی: GUM ACACIAE

صفت و ماہیت: یہ سفید یا زردی مائل سفید نیم شفاف نرم ببول کے درخت کا گوند ہے۔

مزاج: معتدل۔

افعال: مسکن، مجفف، مغری۔ قابض۔

استعمال و افعال خصوصی: صدر دریہ۔ رفع مواد۔ اخراج بلغم۔ حبس دم تلین صدر امراض مخصوصہ رفع جریان سوزاک واستر خا

مضر: معدہ امعاء

مصلح: کتیرا۔ فلفل سیاہ۔

بدل: کتیرا۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ گرام

گھونگچی

بنگالی۔ کونچ۔

فارسی، عین الدیک

انگریزی: DEAD TREE

لاطینی: JAQUITY

صفت و ماہیت: ایک بیلدار درخت کے بیج ہیں جو آس پاس کے درختوں پر پھیل جاتا ہے پتے املی کے پتوں کی طرح اور ان سے بڑے

ہوتے ہیں مزہ ان پتوں کا میٹھا ہوتا ہے اس بیل میں پھلیاں لگتی ہیں جو باقلے کی پھل کی طرح ہوتی ہیں اور پکنے کے بعد پھٹ جاتی ہیں ان پھلیوں سے بیضوی شکل کے براق نکلتے ہیں یہی گھونگھی کہلاتے ہیں یہ دانے مڑے چھوٹے بیضوی اور چکنے ہوتے ہیں اسے سنار یا پنساری بطور وزن استعمال کرتے ہیں پتے سبز اور بیجوں کا رنگ شوخ وسرخ سفید ایک سرے پر سیاہ نشان ہوتا ہے ذائقہ قدرے شیریں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی اعصاب وباہ۔ مغلظ ومولد منی محافظ قوت۔

استعمال وافعال خصوصی: سفید تولید منی محرک باہ۔ سرخ تحلیل رطوبات جذب وتقویت باہ تسخین جارجأ۔

مضر: مصدع مضر امزجبہ جارہ۔

مصلح: کشنیز۔ شیر گاؤ۔

بدل: ملٹھی

مقدار خوراک: سفوف ۳۰ ملی گرام سے ۷۰ ملی گرام تک۔

گوکھرو

بنگالی۔ گوکھری۔

فارسی۔ خارسک اخراس العجوز۔ ظضرۃ العجوز

انگریزی: SEED OF SMALL CATROPS

لاطینی: TRIBULIS TERRESRIS

صفت وماہیت: ایک بیلدار بوٹی کا خاردار پھل ہے اس کے تین کنارے ہوتے ہیں پتے چنے کے پتوں سے مشابہ سفیدی مائل لمبے قدرے گول اور کنگرے دار ہوتے ہیں کچا پھل سبز رنگ اور پک جانے پر پیلا ہو جاتا ہے اور خشک ہو کر مٹیالہ ہو جاتا ہے پھول زرد اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے خورد اور کلاں دو قسم پر مشتمل ہے اور جنگلی وبستانی دونوں مقام پر پایا جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔ مرکب القوئ

افعال: مدر حیض وبول۔ مفتت حصات۔

مقام پیدائش: ہندو پاک کے اکثر مقامات خصوصاً ریگستانی علاقے۔

افعال وخواص مخصوصہ: خورد گردہ ومثانہ مفتت حصاۃ تفتیح ادرار بول رحم تحلیل روع اور امراض مخصوصہ تقویت باہ رفع سوزاک۔ کلاں۔ گردہ مشابہ جلد اررد ع مواد رحم مثل خورد۔

مضر: سر

مصلح: روغن کنجد شیر گاؤ۔

کیمیاوی تجزیہ: پھلوں میں ایک جذب پایا جاتا ہے جس میں الکلائیڈ کی خصوصیات ہوتی ہیں علاوہ ازیں پھلوں میں مادہ اور رال بھی ہوتا
معدنی اجزا کی بھی بڑی مقدار پائی جاتی ہے مختلف کشتہ جات میں استعمال ہوتا ہے۔

بدل: تخم خیارین

مقدار خوراک: ۵ تا ۷ گرام۔

گل ارمنی

عربی۔ طین ارمنی۔

انگریزی: BOLUS ARMENIA

لاطینی: BOLOS

صفت وماہیت: ایک خوشبودار مٹی ہے اس کا رنگ سرخ و تیرہ جگر کا سا ہوتا ہے نرم اور کچھ چرب ہوتی ہے اس میں تھوڑا سا چیپ بھی ہوتا ہے
جس سے زبان کو چپکتی ہے بہتر وہ ہے جو صاف خالص نہرے رنگ کی ہو اور زبان کو چپکے۔

مزاج: سرد خشک

خواص وفوائد: قابض۔ حابس۔ مندمل زخم۔ مقوی قلب۔ محلل۔ مجفف۔

استعمال وافعال خصوصی: بنی رفع سمیت اورام حبس چشم تسکین درداندمال قروح تحلیل۔ حلق حبس دم تحلیل روع صدرردیہ۔ رفع سمیت اہل
قطع ترف الدم۔ روع۔ ثدیریں۔ تحلیل اورام حارہ ضحاد اجلدرفع جذام ردع تحلیل جارجاً۔

مضر: طحال

مصلح: مصطگی گلاب خالص۔

بدل: گرد ملتانی

مقدار خوراک: ۳ گرام تک

گندنا

فارسی۔ گندنا۔ کالوح۔

عربی۔ کراث

انگریزی: LECKONION

لاطینی: ALLIUM PORUM

صفت وماہیت: پیاز کے پودوں کی طرح اس کی لمبی لمبی اور گول شاخیں ہوتی ہیں اسے لئے اسے پہاڑی کہتے ہیں پتے پیاز کی طرح تیز دبودار ہوتے ہیں شاخ کے سرے پر بیج اور پھول لگتے ہیں۔ بیج اور پھول بھی پیاز کی طرح ہوتے ہیں رنگ سبز پھول سرخ وسفید ہوتا ہے ذائقہ تلخ۔ جنگلی وبستانی دونوں طرح ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

خواص وفوائد: مسکن جالی۔ مقوی باہ۔ محلل۔ مدر بول وحیض

افعال خصوصی: امراض مقعد تخم تحلیل ریاح اخراج تنقیہ رطوبات۔ رفع بواسیر

مضر: ریہ مثانہ

مصلح: شہد خالص

بدل: پیاز مقدار ۳ گرام تک۔

گڑمار

بنگالی۔ میر اسنگی

لاطینی: GYMNEMA SYLVESTRIS

صفت وماہیت: اس کا پودا جنگلی گولر تھوہر اور خاردار درختوں پر پھیلتا ہے شاخیں کثرت سے ہوتی ہیں پتے دبیر وچپٹے پہلو کے مشابہ ہوتے ہیں اس میں چار انگشت کے برابر پھلیاں لگتی ہیں جن میں کپاس مثل سفید ریشہ سا بھرا ہوتا ہے اس میں پھول نہیں آتا۔ اس میں تھوڑی سی تلخی ہے لکڑی پتوں سے قوی ہوتی ہے اور مدت قوت کئی سال تک قائم رہتی ہے اس کے پتوں کو چبا کر گڑیا کوئی اور شیرینی کھائیں تو مزہ محسوس ہوگا۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: دافع زہر قاطع سمیات ومنشیات قاطع شکر بول۔

افعال واستعمال خصوصی: ذیابیطس شکری۔

مصلح: اس کا تیل ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام۔

گل سرخ (ROSE)

بنگالی۔گولاپ

فارسی۔گل سرخ

عربی۔وردا حمر

انگریزی: ROSE

صفت وماہیت: مشہور درخت کا پھول ہے خوشبودار اور سرخ مزہ میں تلخی تیزی اور قبض اور تھوڑی سی شرینی ہوتی ہے خشک ہونے پر تلخی کم ہو جاتی ہے خشک نہیں اس کے پیٹر کے پھول کے موسم سے قبل تراش دیتے ہیں۔لبستانی وجنگلی دونوں طرح کا ہوتا ہے۔

مزاج: مرکب القوئ

افعال: مقوی معدہ وامعاء ملین، مسکن۔

کیمیاوری تجزیہ: اس میں ایک روغن دوسرا ٹینک ایسڈ وگے لک ایسڈ یہ اجزا ہوتے ہیں۔

افعال واستعمال خصوصی: گل سرخ مد ئین تحلیل اورام حارہ ضماداً ونطولاً قلب اخراج موادتقویت وتفریح معدہ جبس روع، تحلیل قبض اسہال اخراج بلغم رقیق گلاب خالص سرتر طیب تسکین تضریح تقویت دماغ رفع دردسر قلب وروح تحلیل تفریح وتقویت معدہ جگر۔اخراج فضول تسکین عطش کسر ریاح امعا رفع مفص وقرا قر تحلیل کسر ریاح حمیٰ عشبہ ودیگر حمیات یوم۔اسہال اخراج بلغ، رقیق، روغن گل سر ردع تحلیل تقویت خارجاً گوش تسکین دردردع تحلیل خارجاً امعاء تحلیل ردع تجفیف جبس اسہال مراری جلد اند مال قروح رفع قبض اسہال اخراج افلاط۔عطر۔قلب۔تفریح تقویت۔گل قند معدہ تحلیل تلین تقویت معدہ حمیٰ تلین، طبع تسکین حرارت وعطش منع صعود وانجرہ اسہال اخراج اخلاط نرم۔

مضر: محرک نزلہ بضر باہ

مصلح: انیسون مرز بخوش۔روغن بادام بنات سفید۔

بدل: بنفشہ چوتھائی حصہ مرز بخوش

مقدار خوراک: ۷ سے ۱۴ گرام تک۔

گل ملتانی

فارسی۔گل ملتانی

عربی۔طین

انگریزی: MULTAN CLAY

صفات وماہیت: یہ زردی مائل سفید ایک پرت دار مٹی ہے جو سر دھونے پر کام آتی ہے۔

مزاج: سرد خشک.

افعال: مسکن حابس الدم۔

استعمال ونفع خصوصی: دافع درد ریہ۔

مضر: امعاء پھیپھڑا۔

مصلح: یحییٰ سرطان۔

بدل: نامعلوم

مقدار خوراک: ۳ گرام سے ۱۲ گرام تک بقدر حاجت۔

گل ٹیسو

فارسی۔گل پلہ۔

صفت وماہیت: ڈھاک کے درخت کے پھول میں کئی رنگ کے ہوتے ہیں بعض زردی بہ سفیدی بعض نیلے بعض خالص سفید ہوتے ہیں وضع شیر کے ناخن کی سی۔مزہ قدرے تلخ۔یہ درخت جنگل میں ہوتا ہے پھول جب کھلتا ہے تو بہت رونق ہو جاتی ہے اور اس قدر پھولوں کے گچھے لگتے ہیں کہ یہ ایک شاخ گدستہ معلوم ہوتی ہے۔

مزاج: سرد وخشک۔

افعال: مسکن۔محلل۔مدر بول وطمث قابض۔

استعمال خصوصی: امراض انیثین گل قبض وتحلیل ورم خارجاً۔

مضر: قابض

مصلح: نمک پودینہ

بدل: گل بابونہ

مقدار خوراک: سات گرام

گل داؤدی

فارسی۔گل داؤدی

عربی۔باسوم

انگریزی: CHRYSANTHEMUM

صفت وماہیت: رائی کے پتوں کے مشابہ پھول ہے جس میں سے برنجاسف کی سی خوشبو آتی ہے نسرین کی طرح ہوتا ہے درخت کی بلند ایک گز تک ہوتی ہے درخت متعدداقسام زرد۔سفید بہ مائل یہ کبود ہوتی ہے ذائقہ تیر و تیز بودار ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: منقت حصاۃ۔مدر بول وحیض۔محلل ریاح۔

نفع خاص: قلب۔مفرح قلب معدہ محلل خون۔

مضر: گرم مزاجوں کو۔

مصلح: معلوم نہیں ہوسکا۔

بدل: اکثر افعال میں برنجاسف۔

مقدار خوراک: ۵تا۷ گرام۔

گئو لوچن

بنگالی۔گائے ردن۔گوروچنا

فارسی: گائے روہن۔سنگ گاؤ۔

عربی: حجر البقر۔

انگریزی GALLS TONE OF A COW

لاطینی BROSTOROUS PIGMINTUM YELLOW

صفت وماہیت: ایک پتھری ہے جو گائے کے پتہ میں سے نکلتی ہے انڈے کی زردی کے برابر بعض گول بعض چپٹی بعض لمبی اور بعض تکونیا ہوتی ہے۔نکالنے پر انڈے کی زردی کی طرح نرم پیاز کے چھلکوں کی طرح پرت دار ہوتی ہے بعد میں جم کر ان بجھے چونے کی طرح سخت ہو جاتی ہے رنگ سیاہ بعض پر زرد اور بعض پر سیاہ نقطے اور ذائقہ تلخ و پھیکا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مسکن۔ مدر بول وحیض، محلل۔

استعمال افعال خصوصی: چشم مقوی بصر، محلل ورم عام مسخن بدن ہے

مضر: گرم مزاجوں کو۔

مصلح: کتیرا اور سرد اشیاء۔

بدل: اس کا کتب مقیدہ میں موجود نہیں ی۔

مقدار: ۱۰۰ سے ۲۰۰ ملی گرام۔

گل گڑہل

بنگالی۔ جوا پھولیر گاچھ

عربی۔ انفرا۔

انگریزی: SHOEFLOWER PLANT- CHINA ROSE

لاطینی: HYBISCUSSYRICUS AGATI GLANDIFILORA

صفت وماہیت: ایک درخت کا پھول ہے جو انار کے درخت کے برابر خوب جھاڑی دار ہوتا ہے پتے شہتوت کے پتوں کی طرح اور پھول انار کے پھولوں کی طرح مگر اس سے بڑا اور بھاری ہوتا ہے پھول کی پتیاں انار کی پتوں سے چوڑی اور موٹی ہوتی ہیں پھول بعض سرخ بعض سفید ہوتے ہیں اور جڑ بھی پھول کی رنگت کی ہوتی ہے۔ بعض پھولوں کی رنگت جوگیا بھی دیکھی گئی ہے سرخی پھول مستعمل ہے جڑ سوکھ جاتی ہے تو اس میں سے شراب کی سی بو آتی ہے۔

مزاج: سرد وتر

افعال: مسکن مفرح۔ مسکن عطش۔ مقوی قلب۔

استعمال نفع خصوصی: امراض قلب رفع حفقان وتفریح قلب

مضر: امزجہ باردہ۔

مصلح: نہایت سفید۔ فلفل سیاہ۔

بدل: بعض افعال میں گل چاندنی۔ کیوڑہ۔ گاجر۔

مقدار: ۱۲ گرام اور اس سے زائد۔ شربت ۲۵ ملی لٹر۔ شربت گریل عام طور پر رفع حفقان وتفریح وتقویت قلب میں دیا جائے۔

گلیسرین

کلیسرین GLYCRINE

گلیرنیم GLYCERINUM

صفات: میٹھا سفید شفاف غلیظ سیال جو چربی اور نیلوں کو کاسٹک الکلیز کی مدد سے پھاڑ کر حاصل کی جاتی ہے جب کھار کو روغن یا چربی سے ملا کر صابن تیار کیا جاتا ہے تو اس عمل سے گلیسرین بھی حاصل ہو جاتی ہے جسے علیحٰدہ کر لیتے ہیں پانی اور الکحل میں حل ہو جاتی ہے۔

مزاج: گرم و تر۔

افعال: ملین ملطف۔ محلل۔

مقدار خوراک: ایک سے دو فلوئڈ ڈرام۔

مرکبات: سپارٹری گلیسرین

طاقت ۷۰۰ گلیسرین رفع قبض کے لئے مستعمل ہے۔

بورو گلیسرین۔ بیلاڈونا گلیرین۔ گلیسرین آف بوریکس آف بوریکس گلیسرین آف سٹارچ اس کے مرکبات ہیں جو منہ آنا ورم۔ گلے اور جلد وغیرہ کے لئے مستعمل ہیں۔ شیاف حقنہ کیلئے ویدمیں رکھ کر استعمال کرتے ہیں اور بذریعہ پچکاری بھی دی جاتی ہے پھٹے ہوئے ہونٹوں، خشک جلد کے استعمال کے علاوہ ملین و بدذائقہ مسکچروں کے لئے دیتے ہیں۔

گل نیلوفر

فارسی۔ گل نیلوفر۔

عربی۔ کرنب الماء حب العروس ودرد نیلوفر

لاطینی: NYMPHOEA LOTUS

انگریزی: WATER LILY

صفت وماہیت: یہ ایک نبات کے پھول ہیں جس کی رنگت زیادہ تر سفید تیز نیلی ارغوانی رنگ کی ہوتی ہے اس کا پودا پانی میں ہوتا ہے مطلق نیلوفر سے نیلی قسم مراد ہے اور سفید جس پر اوپر پانچ پتیاں سبز اندر تمام پتیاں بہت سفید اور صاف ہوں۔ سب قسموں سے بہتر ہے پھول رات کو کھلتا اور دن کو بند ہو جاتا پتوں کے جھڑ جانے پر گول پھل ظاہر ہوتا ہے۔ پھل کے اندر بیج ہوتے ہیں جن کا رنگ سیاہ ہوتا ہے گول اور چھوٹے ہوتے ہیں جڑ کھردری اور گاجر کی طرح اوپر کا پوست سیاہ اندر رنگ ہلدی کی طرح زرد ہوتا ہے۔

مزاج: سرد و تر۔

افعال: مسکن۔ مفرح۔ منوم۔ منضیج صفرا۔

افعال واستعمال خصوصی: گل تسکین حرارت تقویت دماغ رفع امراض گرم۔ جبس نوازل قلب تقویت رفع خفقان حارحمی رفع حمیات حار۔
بترید وترطیب بدل۔ تکسین عطش۔ آب شاخ تازہ۔ حمی رفع رفع حمی دوق دیگر حمیات حارہ، عرق، قلب رفع حفظان واکز امراض گرم حمی
جدری خصیہ وحمیات اویراغشیہ تسکین۔

مضر: باہ مثانہ۔

مصلح: شہد خالص۔

بدل: جڑ کا بیج تفاخ۔

مقدار خوراک: سیال ۳ ملی لٹر۔ جڑ ۲ گرام۔

گیرو

بنگالی۔ کری مائی۔

فارسی۔ طین۔ احمر۔ طین مغرہ۔

انگریزی: RED OCHRE OCHRE RED LUMBER STONE

لاطینی: RED CHALK

صفت و ماہیت: یہ سرخ سیاہی مائل اور سوندھی ایک قسم کی سخت مٹی ہے مزہ پھیکا ہے دو قسم کی ہوتی ہے سرخ تیرہ اور خالص اسے سون گیر داور سونا گیرو کہتے ہیں (۲) کم رنگ سرخ اور غیر صاف اسے سگنا گیرو بولتے ہیں عمدہ وہ ہے جو صاف اور پانی میں ڈالنے سے پھول جائے۔

مقام پیدائش: زیادہ تر بھارت کی ریاست گوالیار کے علاقے میں پائی جاتی ہے۔

خواص وافعال خصوصی: مسکن حابس الدم۔ رادع۔

استعمال وافعال خصوصی: چشم۔ نافع ورم و درد حابس الدم عمومی۔ حابس طمث۔ امعاء۔ قاتل کرم۔

مضر: تلی وامعاء۔

مصلح: شہد و دیگر شیرینی۔

بدل: شادنج اور گل ارمنی۔ چہارم کتیرا۔

مقدار خوراک: ۷ گرام بلکہ ۹ گرام تک۔

گلوکوز

سکرالعنب

فارسی۔شکرانگوری۔

انگریزی: GRAPE SUGAR.

ڈیکسٹروز DEXTROSE

لاطینی: گلوکوز.GULCOSE

اردو۔انگور کی شکر۔

صفات: یہ ایک شکر ہے جس کا رنگ سفید ذائقہ شیریں اور سفید زردی مائل سفوف یا سفید غلیظ شیرہ ہے جو انگور اور کئی ایک دیگر میووں نیز خون میں اور مرض ذیابیطس شکری کے بول میں پائی جاتی ہے اسے شکرانگوری بھی کہتے ہیں پانی میں آسانی سے حل ہو جاتی ہے۔

مزاج: حار یابس۔

افعال منافع: معتدی مولد حرارت ملطف مضاد الحوضتہ۔

افعال خاص: ہر شکری مادے کی کمی میں مفید ہے۔ضعف ونقاہت میں بذریعہ تلقیح ۱۵% فی صد انجکشن ۷۰۰ سی سی کا بذریعہ وریدی تلقیح دیا جاتا ہے جگر کے افعال کی درستی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: بقدر ضرورت۔

لعل (RUBY)

فارسی۔لعل بدخشان

عربی۔لعل۔

انگریزی RUBY

صفت وماہیت: مشہور عام قیمتی پتھر ہے یاقوت کی قسم کا مگر اس سے نرم اور گول اور بڑا ہوتا ہے رنگ سرخ چمک دار ذائقہ پھیکا۔

مزاج: معتدل

افعال: مفرح۔مقوی قلب۔مقوی بصر۔

استعمال افعال خصوصی: قلب مفرح۔مقوی چشم مقوی بصر۔

مضر: بلاضرر

مصلح: کیوڑہ گلاب کا عرق۔

بدل: یاقوت زمانی۔

مقدار: ۱۰۰ ملی گرام زیادہ سے زیادہ۔

لوبان (BENZOIN)

عربی: حصی اللبان

فارسی۔ حسن لبہ۔

اردو۔ لوہان

لاطینی: BENZONINUM

انگریزی: بینزوئن BENZOIN

گم بینجمن GUM BENJAMIN

صفت و ماہیت: درخت پچاک کی خوشبودار رال ہے درخت مذکور کی چھال میں شگاف دینے سے ایک سیال حاصل ہوتا ہے جسے ہوا میں خشک کر لیتے ہیں اس کی شکل پرمثل دانوں کی شکل میں بھوری سرخی یا زرد اندر سے مثل دودھ آسانی سے ٹوٹنے والے ڈبے میں جو حرارت سے نرم ہو جائے ذائقہ کچھ نہیں۔ حرارت دینے سے نرم ہو جاتا ہے اور بخارات نکلتے ہیں۔

جلنے پر خوشبو دیتا ہے اس لئے برائے دفع بدبو بھی جلاتے ہیں بوخوشگوار شراب مقطر میں حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: منفث بلغم۔ مدر بول۔ دافع تعفن۔ محرک جگر دافع بخار۔

استعمال افعال خصوصی:۔ معدہ وجگر ست تنقیہ واخراج فضول۔ کسر ریاح تحلیل۔

مضر:۔ امزجہ حارہ۔

مصلح:۔ روغن بنفشہ۔ کاہو۔ خشخاش۔

بدل:۔ مصطگی۔

مقدار خوراک: ۲۵۰ ملی گرام سے ۷۵۰ ملی گرام۔ ست لوبان ۶۰ ملی گرام سے ۱۲۰ گرام۔

مرکبات: کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوئن۔ Tincture of Benzoin Co.

مقدار: نصف سے ایک ڈرام۔

Acidum Benzoicum

Benżoic Acid بیزوک ایسڈ۔

صفات: ہلکی بے رنگ سوزنی قلمیں بوخفیف لوبانی۔

انحلال: ایک حصہ ۳۹۰ حصہ سرد پانی اور ایک حصہ ۱۲ حصہ کھولتے ہوئے پانی میں ہو جاتا ہے۔ اگر پانی میں تھوڑا سا بوریکس یا سوڈیم فاسفیٹ ملا ہوتو آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

افعال: دافع عفونت۔ منفث بلغم۔ مدر بول محرک جگر۔

Ammonium Benzoate

صفات: ۔بے رنگ طبق دار قلمیں جوہر لوبانی ایک حصہ چھ حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

Sodium Benzoate

صفات: ۔سفید رنگ بے بو قلمی سفوف ذائقہ نمکین قدرے شیریں۔ ایک حصہ تین حصہ پانی میں قابل حل۔

افعال: ۔مدر بول۔ دافع عفونت۔

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

لاجورد

فارسی۔لاجورد Lapis

عربی: Lazule

انگریزی:

صفت وماہیت: مشہور پتھر ہے۔ بہتر وہ ہے سخت صاف اور پتلا و براق ہو اس پر طلائی نقطے ہوں۔ اس کی نیلاہٹ میں سرخی و سبزی کی جھلک ہو اور اس کی رگوں میں مٹی نہ ہو۔ اس کی پہچان کے متعدد طریق ہیں جس میں سے دو ایک یہ ہیں۔ (۱) تھوڑا سا پیس کر دھو تر پر ملیں اگر کپڑا رنگین ہو جائے تو مصنوعی ہے (۲) تانبے کے پتر پر یا دھکتے ہوئے کوئلے پر رکھ دیں۔ اگر تھوڑی دیر میں حل ہو جائے یا سیاہ ہو جائے تو مصنوعی ہے۔ اس کے اجزائے ترکیبی میں پارہ اور گندھک شامل ہے۔ اور کاشغر میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: غیر مغسول گرم خشک بعض نے سرد خشک بھی کہا ہے۔

افعال:۔ جالی مفرح۔ مقوی قلب۔ مدر حیض۔ مصفی۔

افعال واستعمال خصوصی: احتراق خون۔ اسہال۔ احتراق۔ دفع امراض سوداویہ اخراج سوداویہ وتنقیہ بدن ازفضول۔ اسہال۔ اخراج سدد اور دیگر اخلاط غلیضہ سفوفاً وحبوباً۔

مضر:۔ معدہ۔ مکرب ومغشی

مصلح:۔ مصطگی۔ کتیرا۔

بدل:۔ حجر ارمنی۔ لذاق الذہب۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ گرام۔

لفاح

ہبروج۔

فارسی:۔ مردم گیاہ۔

اردو:۔ لچھنا لچھنی۔

سندھی: اکوہی۔

انگریزی: Balladonna

لاطینی: Belladonna

صفات:۔ پتے دھتورے یا اجوائن کے پتوں کے مشابہ شاخ پر ترتیب دار ایک کے نیچے ایک لگے رہتے ہیں اوپر کے پتے ایک دوسرے کے متقابل طول ۳ سے ۸ انچ شکل بیضوی کنارے سالم اور صاف اوپر کیطرف نوک نکلی ہوئی۔ نیچے کی طرف چھوٹا سا ڈنٹھل۔

امتیاز:۔ دھتورہ کے پتیاں زیادہ جھریدار اور اجوائن خراسانی کے پتوں پر روان ہوتا ہے۔

کیمیاوی صفات وغیرہ: اس میں اصل جوہر ہائیوسائے مس ۵ء سے ۹ء فیصدی ہے جو کہ ایڑ دمیں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

مزاج:۔ سرد خشک۔

افعال خصوصی:۔ امراض چشم رفع آشوب چشم۔ تخدیر و۔ تسکین درد۔

مضر:۔ سمی اثرات رکھتا ہے۔

مصلح:۔ روغن بادام۔ روغنِ بنفشہ۔

مرکبات

مقدار:۵ سے ۳۰ بوند۔

جوہر لفاح۔ایٹروپین سلفیٹ Atropine Sulphate بے رنگ قلمیں بے بوذائقہ تلخ۔

مقدار:۲۴۰/۱ سے ۶۰/۱۔۴/۱ گرام ۴/۱ ملی گرام سے ایک ملی گرام۔تقیفات کاسٹک ایکلز پارے کے مرکبات۔

افعال:۔آنکھ کی پتلی کو پھیلاتا ہے۔

لائکوار اکسٹریکٹ آف بلاڈونا Liquid Extract of Belladona

مقدار:نصف تا ا بوند۔۱۰۰/۱ گرین کے تیار ایمپول یا ٹکیہ۔تحت الجلد استعمال کرتے ہیں۔

لودھ پٹھانی

بنگالی۔لودہرا۔گجراتی لودھ۔تیلگولڈ دکا۔

انگریزی: Lodh Tree

لاطینی: Simplo Co So Rasumosa

مقام پیدائش: بنگال آسام کے جنگلات اور سکم نیپال۔

صفت وماہیت: یہ ایک درخت کا پوست ہے اس درخت کا پھول مہوے کے پھول کی مانند ہوتا ہے۔یہ گجراتی وکوہستانی دوقسم کا ہوتا ہے لودھ گجراتی اندروباہر سے سرخی مائل یہ سفیدی وصاف ہوتا ہے یہی لودھ پٹھانی کہلاتا ہے۔کوہستانی قسم کے باہر سے سبزی مائل واندر سے سرخ ہوتا ہے لودھ پٹھانی کا پھول سفید وذائقہ قدرے تلخ ہوتا ہے درخت کی اونچائی بیس فٹ تک ہوتی ہے چھال کھردری اور بہت چھید والی اور سفید رنگ کی ہوتی ہے پتے ۳ سے ۶ انچ لمبے انڈے کی وضع کے اور کنگورے دار ہوتے ہیں اور خوشبودار پیلے پھول لگتے ہیں پھل آدھ انچ لمبا گول ہوتا ہے گٹھلی سخت خانہ دار جس میں ایک یادو بیج ہوتے ہیں۔

مزاج:۔گرم خشک۔بعض سرد خشک کہتے ہیں۔

افعال:۔مجفف۔حابس الدم۔مسکن رادع جالی۔

افعال واستعمال خصوصی:۔تنقیہ چشم رفع رمد بارده اکثر امراض چشم۔سفوف اذن۔رفع سیلان۔

مضر: امزجۂ حارہ۔

مصلح: آب کاسنی سبز مروق۔

بدل: بعض افعالمیں ہلیلہ زرد۔

مقدار خوراک: ایک تا تین گرام۔

مجیٹھ

بنگالی: منجشتا

فارسی: فوۃ الصبغ

عربی:۔ فوہ عروق احمر

انگریزی: Red Wood India Naddar

لاطینی: Rubia Munjit - Rubia Cardifolia

صفت وماہیت:۔ مجیٹھ سرخ رنگ کی جڑ ہوتی ہے جس کا مزہ شیریں قدرے تلخ ہوتا ہے، پھل اور پتے گول ہوتے ہیں۔ پھل پتوں کے درمیان لگتے ہیں اور پک کر سیاہ پڑ جاتے ہیں ان میں بیج بھی ہوتے ہیں۔ پتوں کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے کانٹے ہوتے ہیں۔

افعال: مدر حیض بول۔

استعمال وافعال خصوصی: جلد سیاہ وسفید۔ معدہ تقویت امعاً، قابض مدر۔

مضر:۔ سرد دیہ۔ درد سر پیدا کرتی ہے۔ مثانہ کو بھی مضر ہے، پیشاب میں خون لاتی ہے۔

مصلح: سر درد، پھیپھڑے۔

بدل: بنفشہ وجگر۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ گرام۔

مازو (OAK GALL)

بنگالی: ماجو۔

فارسی: مازو۔

عربی: عقص۔

انگریزی: Oak Gall

لاطینی: Gall

صفت وماہیت:۔ ایک درخت کے پھل ہیں جو گول چپٹے بیر کے برابر ہوتے ہیں۔ اس کی شاخوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا سوراخ کر کے اپنا انڈا رکھتا ہے۔ اس سوراخ سے رطوبت نکل کر ایک گولی کی شکل میں جم جاتی ہے۔ جس سے گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ جسے مازو کہتے ہیں۔ یہ سخت وزنی اور گول ہوتا ہے۔ اس کا قطر نصف سے تین چوتھائی انچ یا اس سے کچھ زیادہ ہوتا ہے۔ سطح پر ابھار ہوتے ہیں۔ اس کے

مابین سطح بھی صاف ہوتی ہے۔رنگت اوپر سے نیلگوں سبز، اندر زردی مائل یا سفید بھورا پن لیئے۔اندر ایک چھوٹا سا غار ہوتا ہے۔ذائقہ کسیلا اور قدرے تلخ۔اچھا مازو وزنی اور اوپر سے نیلگوں ہوتا ہے۔

مزاج:۔ سرد خشک۔

افعال:۔ قابض۔مجفف۔حابس الدم۔

استعمال وافعال خصوصی:۔امراضہ لثہ ولسان رحم۔تقویت لثہ۔دافع قلاع ورطوبت دہن سنوناً۔

مضر: صدر۔حلق۔

مصلح: صمغ عربی۔

بدل: انار کا چھلکا۔جفت بلوط۔مائیں خورد وکلاں۔ہلیلہ زرد۔

مقدار: ۱تا۲ گرام۔